بسم اللہ الرحمن الرحیم

غیر مقلّدوں کے سوالات اور انکے اعتراضوں کے جوابات کا تحقیقی مجموعہ

ادلۂ کاملہ

تالیف: شیخ الہند مولانا محمود حسن اسیرِ مالٹا نور اللہ مرقدہٗ

تسہیل :- مولانا سعید احمد پالنپوری محدّث دار العلوم دیوبند

ترتیب :- مولانا محمّد امین پالنپوری استاذ دار العلوم دیوبند

مع اضافہ

سراجاً منیرا

غیر مُقلّدین کے اعتراضوں کے جوابات

از :- مولانا شیخ محمد عطاء الرحمٰن صاحبؒ

میر محمد کتب خانہ آرام باغ کراچی

Marfat.com

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

غیر مقلّدوں کے سوالات اور انکے اعتراضوں کے جوابات کا تحقیقی مجموعہ

ادلۂ کاملہ

تالیف: شیخ الہند مولانا محمود حسن اسیرِ مالٹا نور اللہ مرقدہٗ

تسہیل :- مولانا سعید احمد پالنپوری محدّث دار العلوم دیوبند

ترتیب :- مولانا محمّد امین پالنپوری استاذ دار العلوم دیوبند

مع اضافہ

سراجاً منیرا

غیر مُقلّدین کے اعتراضوں کے جوابات

از :- مولانا شیخ محمد عطاء الرحمٰن صاحبؒ

میر محمد، کتب خانہ

آرام باغ، کراچی

Marfat.com

میر محمد کتب خانہ مرکز علم و ادب آرام باغ کراچی

اس کتاب کے بعد دوسری مستند اور نادر کتاب
(سراجًا مُنیرًا) غیر مقلدین کے اعتراضوں
کے جواب میں۔ عمدہ کتابت کے ساتھ۔
(میر محمد کتب خانہ نے شامل کی ہے

Marfat.com

فہرست مضامین

مضمون	صفحہ
عرض ناشر	۹
پیش لفظ	۱۱
ادلۂ کاملہ کی وجہ تصنیف	۱۲
غیر مقلدین کے شائع کردہ اشتہار کا متن	″
ایضاح الادلہ میں ایک آیت کی طباعت میں غلطی پر تنبیہ	۱۸
کتاب کا آغاز	۲۱
① رفع یدین کا مسئلہ	۲۳
مذاہب فقہا	۲۵
اختلاف کی وجہ	۲۷
رفع یدین کی روایت	″
ترک رفع کی روایت	۲۸
روایات کس طرف زیادہ ہیں اور عمل کس پر زیادہ ہے ؟	۲۹
نقطۂ نظر کا اختلاف	۳۰
پہلا نقطۂ نظر	″
دوسرا نقطۂ نظر	″
اختلاف کی دوسری وجہ	۳۱
نسخ کا ایک اور واضح قرینہ	۳۳
دوام رفع کی کوئی دلیل نہیں ہے	۳۴
دفعۂ اول کا آغاز	۳۵

مضمون	صفحہ
رفع یدین کے آخری عمل ہونے کی بھی کوئی دلیل نہیں ہے	۳۵
متبع حدیث کون ہے ؟	″
احادیث میں تعارض نہیں ہے	۳۶
ایک شبہ کا ازالہ	″
② آمین بالجہر کا مسئلہ	۳۷
مذاہب فقہا	۳۹
آمین کے بارے میں روایات	۴۰
سلف کا عمل	۴۳
سِرًّا آمین کہنے کے دلائل	″
آہستہ آمین کہنا اصل ہے اور جہرًا کہنا تعلیم کے لئے تھا	۴۴
ثوری اور شعبہ رحمہما اللہ کی روایتوں میں تطبیق	۴۵
کتاب کا خلاصہ	۴۶
دفعۂ دوم کا آغاز	۴۷
③ نماز میں ہاتھ کہاں باندھے جائیں؟	۴۹
مذاہب فقہاء	۵۱
ہاتھ باندھنے کی روایات	۵۲
محلِ وضع کی روایات	۵۴
سینہ پر ہاتھ باندھنے کی روایات	″
زیرِ ناف ہاتھ باندھنے کی روایات	۵۵

Marfat.com

مضمون	صفحہ
موقوف روایات	۵۵
کتاب کا خلاصہ	״
دفعۂ سوم	۵۷
④ کیا مقتدی پر فاتحہ واجب ہے؟	۵۹
مذاہب فقہا	۶۱
دلائل: جواز کی روایت	۶۴
ممانعت کی روایات	۶۷
جواز اور ممانعت میں تعارض نہیں ہے	״
آیت کریمہ کے ناسخ ہونے کے دلائل	۶۸
تاویلِ باطل	۷۰
آیت میں تخصیص	۷۱
دفعۂ چہارم	״
(۵) تقلید شخصی کا وجوب	۷۳
تقلید کے معنی	۷۵
تقلید شخصی کا مطلب	״
تقلید کے معنی میں غلط فہمی	۷۶
ایک اور غلط فہمی	״
دفعۂ خامس	۷۸
ڈھول کے اندر پول	۷۹
تقلید فطری چیز ہے	״
پہلی دلیل	۸۰
دوسری دلیل	۸۱
تیسری دلیل	״
چوتھی دلیل	۸۲

مضمون	صفحہ
تقلید شخصی وغیر شخصی	۸۲
تقلید شخصی کی تاریخ	۸۳
تقلید شخصی کا وجوب اجماعِ امت سے ہے	۸۵
کچھ اور لوگوں کا اختلاف	״
فرقۂ اہلِ حدیث کی حقیقت	۸۶
کیا اہلِ حدیث غیر مقلد ہیں؟	۸۷
⑥ ظہر کا آخر وقت اور عصر کا اول وقت (مثل اور مثلین کی بحث)	۸۹
مذاہب فقہاء	۹۱
روایات	۹۲
پہلی روایت اور اس کا مفاد	۹۳
دوسری روایت اور اس کا مفاد	۹۴
تیسری روایت اور اس کا مفاد	۹۵
چوتھی روایت اور اس کا مفاد	״
پانچویں روایت اور اس کا مفاد	۹۶
چھٹی روایت اور اس کا مفاد	״
امام اعظم کی مختلف روایات کے سلسلہ میں احناف کے مختلف نقطہائے نظر	۹۷
پہلا نقطۂ نظر	۹۸
دوسرا نقطۂ نظر	״
تیسرا نقطۂ نظر	۹۹
جمہور کے پاس بھی کوئی قطعی دلیل نہیں ہے	۱۰۰
دفعۂ سادس	۱۰۱
⑦ تساویٔ ایمان کا مسئلہ	۱۰۵

مضمون	صفحہ
امام اعظم سے مروی دو قول	۱۰۷
ایمان کی تعریف میں اختلاف	//
لفظی نزاع کی تعریف	۱۰۸
ایمان کے دو معنی	//
ایمان کی پہلی تعریف	۱۰۹
ایمان کے بسیط ہونے کے دلائل	۱۱۰
ایمان کی دوسری تعریف	//
ایمان میں کمی بیشی ہوتی ہے یا نہیں؟	//
احناف بلا وجہ مطعون کئے گئے	۱۱۱
اختلاف کا راز کھلتا ہے	۱۱۴
تزایدِ ایمان والی نصوص کا مطلب	۱۱۵
دفعۂ سابع کا خلاصہ	۱۱۸
⑧ قضائے قاضی کا ظاہراً و باطناً نافذ ہونا	۱۲۱
ظاہراً و باطناً کا مطلب	۱۲۳
عقود و فسوخ کی تعریف	//
واسطہ اور اس کی قسمیں	۱۲۴
مسئلہ کا آغاز	//
جمہور کی نقلی دلیل	۱۲۶
جمہور کی عقلی دلیل	۱۲۷
امام اعظم کے نقلی دلائل	۱۲۸
امام اعظم کی عقلی دلیل	۱۳۰
دلیل عقلی کی تفصیل	//
جمہور کی نقلی دلیل کے جوابات	۱۳۱
جمہور کی عقلی دلیل کا جواب	۱۳۲
کتاب کی شرح کا آغاز	//

مضمون	صفحہ
دفعۂ ثامن کا آغاز	۱۳۳
مقدمات خمسہ	۱۳۴
① ملکیت کی علت، قبضۂ تامہ ہے	//
بیع و شراء وغیرہ اسباب ملک ہیں	//
قبضہ کے علت ملک ہونے کی دلیل	۱۳۵
ایک شبہ اور اس کا جواب	//
دوسرا شبہ اور اس کا جواب	//
② مرد عورتوں کے مالک ہو سکتے ہیں	۱۳۸
③ نکاح کی حقیقت بیع ہے	۱۳۹
④ نکاح میں کس چیز کی بیع ہوتی ہے؟	۱۴۰
روح بدن پر قابض ہے	//
حیوانات سے انتفاع جائز ہونے کی وجہ	//
انسان کا بدن مال ہے	۱۴۱
انسان اپنے بدن کا مالک ہے	//
عورت اپنے بدن کو بیچ نہیں سکتی	۱۴۲
پہلی دلیل	//
دوسری دلیل	//
تیسری دلیل	۱۴۳
عورت صرف اپنے منافع توالد بیچ سکتی ہے	//
عورت اپنا نفع توالد کیوں بیچ سکتی ہے؟	//
نفع توالد کی بیع میں کوئی توہین نہیں ہے	۱۴۴
نفع توالد کی بیع میں کوئی فساد لازم نہیں آتا	//
⑤ نکاح کیوں ضروری ہے؟	۱۴۷
عورت کی دو حیثیتیں	۱۴۸
عورت کا بدن اسی کا مملوک ہے	//

Marfat.com

مضمون	صفحہ
ایک شبہ اور اس کا جواب	۱۴۸
مرد عورتوں کا مالک ہو سکتا ہے مگر اس کا برعکس نہیں ہو سکتا	״
عورتیں اپنا جسم ہبہ نہیں کر سکتیں	۱۵۰
حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کیلئے ہبہ جائز تھا	۱۵۱
حضور صلی اللہ علیہ وسلم تمام کائنات کے مالک ہیں	״
ایمان نہ ہونے کی صورت میں ملکیت کیلئے صرف قبضہ کافی ہے	۱۵۲
کفار چوپایوں کی طرح کیوں ہیں ؟	۱۵۳
نکاح کے [illegible] ہونے پر ایک اعتراض	۱۵۵
جواب	۱۵۶
شوہر اگر بیوی کو فروخت کرے تو بیع باطل ہے (پہلی دلیل)	۱۵۸
قبضہ کے عقب ملک ہونے پر پہلا اعتراض	۱۶۰
جواب	״
دوسرا اعتراض	۱۶۱
جواب	״
شوہر اگر بیوی کو فروخت کرے تو بیع باطل ہے (دوسری دلیل)	۱۶۲
حرمتِ متعہ کی وجہ	۱۶۳
قاضی کے فیصلہ سے بھی منکوحہ عورت کا کوئی مالک نہیں ہو سکتا	۱۶۴
انتقالِ ملک کے اسباب منکوحہ کے حق میں بیکار کیوں نہیں ؟	۱۶۵
غیر منکوحہ عورت اور دیگر اموال کے بارے میں امام صاحب کا مذہب	۱۶۷
قاضی نائبِ خدا ہے	۱۶۸
قاضی و حاکم کی خلافت خداوندی پر ایک شبہ اور اس کا جواب	۱۶۹
قاضی رعیت کا ولی ہے	۱۷۰
ظالم قاضی نہ خدا کا نائب ہے، نہ رعیت کا ولی	۱۷۱
لاعلمی معقول عذر ہے	״
قضائے قاضی کے ظاہراً و باطناً نافذ ہونے کی وجہ	۱۷۲
تحصیلِ ملک کے لئے غلط طریقہ اختیار کرنا گناہ کبیرہ ہے	۱۷۳
طریقہ کی خرابی ملک تک نہیں پہنچتی	۱۷۴
قطعۃ من النار نص صریح نہیں ہے	״
ہمیں چوگان، ہمیں میدان !	۱۷۵
① محارم سے نکاح حدِ زنا میں شبہ پیدا کرتا ہے	۱۷۷
محارم کے معنیٰ	۱۷۹
زنا کے معنیٰ	״
حد کے معنیٰ	۱۸۰
حد اور تعزیر میں فرق	״
حدِ زنا	״
مسئلہ کا آغاز	״
جمہور کی دلیل	۱۸۱
امام ابوحنیفہ رح کے نقلی دلائل	״
پہلی روایت	״
دوسری روایت	״
تیسری روایت	۱۸۲

مضمون	صفحہ
چوتھی روایت	۱۸۲
شبہ کی تعریف اور اس کی قسمیں	۱۸۳
(۱) شبہ فی المحل اور اس کا حکم	″
(۲) شبہ فی الفعل اور اس کا حکم	″
(۳) شبہ فی العقد اور اس کا حکم	۱۸۴
مفتیٰ بہ قول	۱۸۵
صاحبِ ہدایہ کی جامع اور محققانہ بحث	۱۸۶
جمہور کی دلیل پر نظر	۱۸۷
امام صاحب کی عقلی دلیل	۱۸۸
امام صاحب کی دوسری دلیل	۱۸۹
افعالِ حسیہ اور افعالِ شرعیہ کی تعریف	″
نہی اور نفی میں فرق	۱۹۰
افعال شرعیہ کی نہی میں شرعی قدرت ضروری ہے	″
دفعۂ تاسع کا آغاز	″
نکاح محارم بھی حقیقی نکاح ہے	۱۹۱
نکاح کرکے محارم سے صحبت کرنا بھی حرمت میں زنا سے بڑھا ہوا ہے	۱۹۳
تہمت کا انجام برا ہوتا ہے	۱۹۵
⑩ پانی کی پاکی ناپاکی کا مسئلہ	۱۹۷
مذاہب فقہاء	۱۹۹
روایات	۲۰۱
مستدلاتِ فقہاء	۲۰۲

مضمون	صفحہ
الماء طہور سے عدمِ تحدید پر استدلال درست نہیں	۲۰۵
دفعۂ عاشر کا آغاز	۲۰۶
قلتین والی حدیث سے بھی تحدید پر استدلال درست نہیں	۲۰۷
حدیث لایبولن واجب العمل ہے	۲۰۹
احناف کا اصل مذہب اور اس کی دلیل	۲۱۰
قلیل وکثیر پانی کے احکام مختلف ہیں	″
قلیل وکثیر کا فیصلہ رائے مبتلیٰ بہ پر چھوڑ دیا گیا ہے	۲۱۱
دہ در دہ کوئی اصل مذہب نہیں	۲۱۲
ادلۂ کاملہ تمام شد	۲۱۴
جواب ترکی بہ ترکی	۲۱۵
غیر مقلدین کا سب سے بڑا المیہ ظاہر پرستی اور خود رائی ہے	″
غیر مقلدین سے گیارہ سوالات	″
التماس ویادداشت	۲۱۷
کیا غیر مقلد کو لامذہب کہنا بے جا ہے؟	۲۲۳
ضمیمہ	۲۲۴
چونی بھی کہے، مجھے گھی سے کھاؤ	۲۲۶
اظہار	۲۲۷
سوالاتِ مشتہرہ کا ایک اور اجمالی جواب	″
اس کتاب کے بعد دوسری مستند اور نادر کتاب (سِرَاجًا مُنِیرًا) غیر مقلدین کے اعتراضوں کے جواب میں۔ عمدہ کتابت کے ساتھ (میر محمد کتب خانہ) نے شامل کی ہے۔	۲۲۹

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

عرضِ ناشر

الحمد للہ رب العٰلمین والصلوٰۃ والسلام علیٰ رسولہ محمد وآلہ وصحبہ اجمعین! امابعد،

شیخ الہندؒ (ولادت ۱۲۶۸ھ/۱۸۵۱ء وفات ۱۳۳۹ھ/۱۹۲۰ء) دارالعلوم دیوبند کے اس فرزندِ اولین کا لقب ہے جس کے ذریعہ پہلے پہل مادرِ علمی کی آغوشِ تربیت آباد ہوئی۔ پروردگارِ عالم نے اُن کے یُمن و سعادت کو اس طرح ظاہر فرمایا کہ جب سے انھوں نے صحنِ مدرسہ میں کتابِ زندگی کے اوراق کھولے اسی وقت سے یہاں علم وحکمت کے قافلہ نے سامان اتارا، پھر تادم واپسیں گلستانِ قاسمی کی بہاروں اور مے خانۂ رشیدی کے بادہ خواروں میں اضافہ ہی ہوتا رہا، خیر و برکت کے وہ مناظر دیکھنے میں آئے کہ تاریخ میں ان کی مثال کم ملے گی، اور آج تک انہی اکابر کے انفاسِ قدسیہ کی حرارت اس مرکزِ علم کی ترقی کی ضمانت ہے۔ اللھم زدفزد۔

شیخ الہندؒ نے ۱۲۸۳ھ میں دارالعلوم میں پہلا سبق پڑھا، ملا محمودؒ دیوبندی، قاسم العلوم والخیرات حضرت نانوتویؒ اور استاذ العلماء مولانا یعقوبؒ نانوتوی کے سامنے زانوئے ادب تہہ کر کے ۱۲۸۹ھ میں فارغ ہوئے، اس کے چند ماہ بعد ہی ۱۲۹۰ھ کے پہلے جلسۂ دستار بندی میں دستارِ فضیلت سے نوازے گئے، پھر اسی سال حجۃ الاسلام حضرت نانوتویؒ، قطب العالم حضرت گنگوہیؒ کی معیت میں حج بیت اللہ کے لئے حجاز مقدس کا سفر کیا، اور حضرت نانوتویؒ کی ہدایت کے مطابق حضرت حاجی امداد اللہ صاحبؒ سے بیعت ہوئے اور شیخ عبدالغنی مجددی سے حدیث کی سند حاصل کی، ۱۲۹۱ھ میں مادرِ علمی دارالعلوم دیوبند میں بلا تنخواہ مدرس مقرر ہوئے، اور ۱۳۰۵ھ میں صدر مدرس مقرر فرمائے گئے۔

پھر چشمِ فلک نے دیکھا کہ دارالعلوم کے فرزندِ اولین نے مسندِ تدریس کو اس شان سے آباد کیا کہ علم وحکمت کے سیارے مادرِ علمی کے بام و در کا طواف کرنے لگے ایسے خوش نصیب اساتذہ تاریخ میں کم گذرے ہیں جن کی نظرِ کیمیا اثر سے دو چار طلبہ میں نہیں سینکڑوں طلبہ میں عبقریت کی شان پیدا ہو گئی ہو، جس کے تلامذہ کی صف میں علامۃ الدہر حضرت مولانا انور شاہ کشمیریؒ، حکیم الامت حضرت تھانویؒ، شیخ الاسلام حضرت مولانا حسین احمد مدنیؒ، مفتی اعظم مولانا کفایت اللہ دہلوی، متکلم اسلام

مولانا عبید اللہ سندھی، حضرت مولانا محمد میاں صاحب، مولانا اصغر حسین دیوبندی، شیخ الاسلام حضرت مولانا شبیر احمد عثمانی، فخر المحدثین حضرت مولانا فخر الدین احمد مراد آبادی، حضرت العلامہ مولانا محمد ابراہیم بلیاوی، مفسر قرآن مولانا احمد علی لاہوری وغیرہم (قدس اللہ اسرارہم) جیسے نابغۂ روزگار اور رجالِ علم نظر آئیں تو تاریخ اس کی خاکِ پا کو اکسیر کہنے پر مجبور ہے۔

نیز یہ کہ علوم نبوت کے سمندر میں غوّاصی کی تعلیم دینے والے یہ بزرگ میدانِ سیاست میں قدم رکھتے ہیں تو حکیم اجمل خاں، ڈاکٹر انصاری، کرم چند گاندھی اور خان عبد الغفار جیسے مقتدائے سیاست ان کی پیروی کو اپنی سعادت اور ان کے نقوش قدم کو منزل کا نشان سمجھنے پر مجبور ہوتے ہیں، وہ ریشمی رومال کی تحریک چلاتے ہیں تو تاریخ کے افق سے چند کروٹوں کے بعد آزادی کا آفتاب طلوع ہو جاتا ہے ؎

بر زمینے کہ نشانِ کفِ پائے تو بود ❊ تا ابد سجدہ گہِ اہلِ نظر خواہد بود

دار العلوم کے اسی فرزند ارجمند کے نام نامی پر "شیخ الہند اکیڈمی" قائم کی گئی ہے جس کا کام علمی و تحقیقی کتابوں کی تالیف اور اکابر دار العلوم کے علوم و معارف کی اشاعت ہے، آج شیخ الہند اکیڈمی نے شیخ الہند کی ادلہ کاملہ کی تسہیل کی طباعت کے موقع پر ہم بارگاہ خداوندی میں سجدۂ شکر بجا لاتے ہیں کہ اس نے اس مبارک کام کی توفیق عطا فرمائی، ہم اس کارنامہ کی انجام دہی کے لئے حضرت مولانا سعید احمد صاحب پالنپوری محترم دار العلوم دیوبند اور ان کے برادر خورد جناب مولانا محمد امین صاحب پالن پوری زید مجدہما کے ممنون ہیں، بلکہ یہ کہنا چاہئے کہ ان برادرانِ گرامی قدر نے حضرت شیخ الہند کے گمشدہ علم و معرفت سے نسبت رکھنے والے تمام انسانوں پر احسان کیا ہے۔ وفقہما اللہ لما یحبہ ویرضاہ

کتاب کے بارے میں کچھ عرض کرنے کی ضرورت اس لئے نہیں ہے کہ تسہیل نگار محترم نے پیش لفظ میں اس پر تفصیلی کلام کیا ہے، انشاء اللہ اس کے بعد حضرت مولانا سعید احمد صاحب پالن پوری اور مولانا محمد امین صاحب پالنپوری ہی کی تعلیقات کے ساتھ ایضاح الادلہ نذر قارئین کی جائے گی۔

دعا ہے کہ پروردگار عالم دار العلوم دیوبند کے فیوض و برکات اور اس کی علمی و روحانی خدمات کو محترم اراکین شوریٰ اور حضرت مولانا مرغوب الرحمٰن صاحب دامت معالیہم کی زیر سرپرستی جاری و ساری اور قائم و دائم رکھے، اور خدام مدرسہ کو اخلاص و حسن عمل کی دولت سے سرفراز فرماتا رہے۔ آمین۔

والحمد للہ اولاً وآخراً

ریاست علی بجنوری غفرلہٗ

دار العلوم دیوبند

Marfat.com

پیش لفظ

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ بِنِعْمَتِہٖ تَتِمُّ الصَّالِحَاتُ ، وَصَلَوَاتُ اللّٰہِ وَسَلَامُہٗ عَلٰی اَکْرَمِ الْمَوْجُوْدَاتِ ، وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہِ الَّذِیْنَ بَلَغُوْا اَقْصَی الْغَایَاتِ ، اَمَّا بعد :

تیرہویں صدی ہجری دَم توڑ رہی تھی، دارالعلوم دیوبند کو قائم ہوئے ابھی ایک دَھائی بھی نہیں گذری تھی کہ اکابرِ دارالعلوم کو تین[۳] عظیم فتنوں سے دوچار ہونا پڑا، قیام دارالعلوم کے ساتھ ہی آریہ سماجی فتنہ، شیعیت[۲] کی یلغار، اور ظاہر پرستی[۳] کا غوغا شروع ہوگیا، بانیانِ دارالعلوم اور ان کے ارشد تلامذہ نے ان فتنوں کا مردانہ وار مقابلہ کیا، اور نہ صرف یہ کہ ان کو خاموش کر دیا، بلکہ بلوں میں گھس جانے پر مجبور کر دیا۔

حُجَّۃُ الاسلام، حضرت اقدس مولانا محمد قاسم صاحب نانوتوی قُدِّسَ سِرُّہ (ولادت ۱۲۴۸ھ/۱۸۳۲ء وفات ۱۲۹۷ھ/۱۸۷۹ء) نے آریہ سماج کے بانی پنڈت دیانند سرسوتی کو نہ صرف میدانی مناظروں میں زَک دی، بلکہ علمی سطح پر بھی اس کے تمام دار بیکار کر دئے، قبلہ نُما[۱]، تحفۂ لحمیہ[۲]، واقعۂ میلہ[۳] خداشناسی، مباحث[۴] شاہ جہاں پور، انتصار الاسلام[۵] اور حُجَّۃُ الاسلام[۶]، اسی سلسلہ کی تصنیفات ہیں۔

شیعیت کا فتنہ ماضی بعید سے ہندوستان میں اپنی جڑیں جمائے ہوئے تھا، مغلوں کے آخری دور میں یہ حالت ہوچکی تھی کہ جب سراج الہند حضرت شاہ عبدالعزیز محدّث دہلوی قُدِّسَ سِرُّہ (ولادت ۱۱۵۹ھ/۱۷۴۶ء وفات ۱۲۳۹ھ/۱۸۲۴ء) نے "تحفۂ اثنا عشریہ" شیعوں کے رَدّ میں لکھی، تو وہ اپنا نام ظاہر نہیں فرما سکے، دیباچہ میں اپنا تاریخی نام "غلام حلیم" اور اپنے والد ماجد حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی قدس سرہ کا غیر مشہور نام "قطب الدین" لکھنے پر مجبور ہوئے۔ تحفۂ اثنا عشریہ میں ایک جگہ اپنے والد بزرگوار حضرت شاہ ولی اللہ صاحب کی کتاب ازالۃ الخفا کا ذکر آیا تو یہ تحریر فرما کر اپنے آپ کو چھپایا کہ

"کتاب ازالۃ الخفا تالیف بزرگے است از سُکّانِ شہرِ کہنہ دہلی، کہ فقیر ہم بارہا بزیارتِ شاں مشرف شدہ واستفادہ نمودہ"

ایسے عظیم فتنہ نے قیام دارالعلوم کے ساتھ ہی دوبارہ سر اُبھارا، تو حضرت نانوتوی قدس سرہ

Marfat.com

نے آبِ حیات[1]، ھدیۃ الشیعۃ[2]، اجوبۂ اربعین، الاجوبۃ الکاملہ فی الاسولۃ الخاملہ اور مکاتیب قاسم العلوم کے کئی مکاتیب تحریر فرمائے، قطب الارشاد محی السنہ حضرتِ اقدس مولانا رشید احمد صاحب گنگوہی قدس سرہ (ولادت ۱۲۴۴ھ/۱۸۲۸ء وفات ۱۳۲۳ھ/۱۹۰۵ء) نے ہدایت الشیعہ ارقام فرمائی، اور زُبدۃ المحدثین حضرت اقدس مولانا خلیل احمد صاحب سہارنپوری قدس سرہ (ولادت ۱۲۶۹ھ/۱۸۵۲ء وفات ۱۳۴۶ھ/۱۹۲۷ء) نے ہدایات الشیعہ جیسی ضخیم کتاب تالیف فرمائی اور شیعیت کے بھڑکتے لاوے کو اس طرح بجھا کر رکھ دیا کہ باقی ماندہ چنگاریاں راکھ کے تلے دب کر رہ گئیں۔

اسی طرح ظاہریت کو جب قیامِ دارالعلوم دیوبند سے خطرہ محسوس ہوا، تو اُس نے بھی غوغا مچانا شروع کیا، بانیانِ دارالعلوم نے ان کا بھی تعاقب کیا، حجۃ الاسلام حضرت نانوتویؒ نے مصابیح التراویح، توثیق الکلام فی الانصات خلفَ الامام، الحق الصریح کا ایک مکتوب، اور فیوضِ قاسمیہ کا ایک مکتوب تحریر فرمایا۔ حضرت گنگوہی قدس سرہ نے اَوثق العُریٰ فی تحقیق الجمعۃ فی القُریٰ، القطوف الدانیہ فی کراھیۃ الجماعۃ الثانیۃ، ھدایۃ المعتدی فی قراءۃ المقتدی اور الحق الصریح کا ایک مکتوب ارقام فرمایا، دارالعلوم دیوبند کے فرزندِ اوّل، شیخ الہند، امام حُرّیت، حضرت مولانا محمود حسن دیوبندی قدس سرہ (ولادت ۱۲۶۸ھ/۱۸۵۱ء وفات ۱۳۳۹ھ/۱۹۲۰ء) نے اَحسن القِریٰ فی توضیح اَوثق العُریٰ، ادلۂ کاملہ اور اس کی شرح ایضاح الادلۃ تحریر فرمائی۔

ادلۂ کاملہ

مولانا محمد حسین صاحب بٹالوی، جو وکیل اہلِ حدیث کہلاتے تھے، حضرات ائمہ مجتہدین کے متبعین خصوصًا احناف کی مخالفت میں بہت ہی پرجوش تھے، موصوف اپنے خیال میں احناف کے اکثر و بیشتر مسائل کو محض قیاس آرائی اور مخالف حدیث تصور فرماتے تھے، چنانچہ آپ نے امام ابوحنیفہ رحؒ کے ایسے دس۱۰ مسائل کا انتخاب فرمایا، جو اُن کے زعم میں بالکل بے دلیل، بلکہ خلاف دلیل تھے، اور پنجاب و ہند کے تمام علمائے احناف کو چیلنج کرتے ہوئے ایک اشتہار شائع کیا کہ اگر کوئی صاحب اِن مسائل کے ثبوت میں کوئی حدیث، صحیح، قطعی الدلالۃ پیش کر دیں، تو وہ فی آیت اور فی حدیث دس۱۰ روپے انعام دیں گے۔

موصوف کے اشتہار کا متن یہ تھا:

"میں مولوی عبدالعزیز صاحب، و مولوی محمد صاحب، و مولوی اسماعیل صاحب ساکنان بلیہ والی اور جو اُن کے ساتھ طالب علم ہیں، جیسے میاں غلام محمد صاحب ہوشیارپوری و میاں نظام الدین صاحب، و میاں عبدالرحمٰن صاحب وغیرہ، حملہ حنفیان پنجاب و ہندوستان کو بطور اشتہار وعدہ دیتا ہوں کہ اگر ان لوگوں (میں) سے کوئی صاحب مسائل ذیل میں کوئی آیتِ قرآنی

یا حدیث صحیح، جس کی صحت میں کسی کو کلام نہ ہو، اور وہ اس مسئلہ میں جس کے لئے پیش کی جاوے نصِّ صریح، قطعی الدلالۃ ہو، پیش کریں تو فی آیت اور فی حدیث یعنی ہر آیت و حدیث کے بدلے دس۱۰ روپے بطور انعام کے دوں گا۔

اولاً: رفع یدین نہ کرنا، آں حضرت (صلی اللہ علیہ وسلم) کا بوقت رکوع جانے اور رکوع سے سر اُٹھانے کے۔

ثانیاً: آں حضرت (صلی اللہ علیہ وسلم) کا نماز میں خفیہ آمین کہنا۔

ثالثاً: آں حضرت (صلی اللہ علیہ وسلم) کا نماز میں زیرِ ناف ہاتھ باندھنا۔

رابعاً: آں حضرت (صلی اللہ علیہ وسلم) کا مقتدیوں کو سورہ فاتحہ پڑھنے سے منع کرنا

خامساً: آں حضرت (صلی اللہ علیہ وسلم) یا باری تعالیٰ کا کسی شخص پر کسی امام کی ائمۂ اربعہ (میں) سے تقلید کو واجب کرنا۔

سادساً: ظہر کا وقت دوسرے مثل کے آخر تک رہنا۔

سابعاً: عام مسلمانوں کا ایمان اور پیغمبروں اور جبرئیل (علیہ السلام کے ایمان) کا مساوی ہونا۔

ثامناً: قضاء کا ظاہراً و باطناً نافذ ہونا

تشریح: مثلاً کسی شخص نے ناحق کسی کی جورو کا دعویٰ کیا ہے کہ یہ میری جورو ہے، اور قاضی کے سامنے جھوٹے گواہ پیش کر کے مقدمہ جیت لے، اور وہ عورت اس کو مل جائے، تو وہ عورت بحسبِ ظاہر بھی اس کی بیوی ہے، اور اس سے صحبت کرنا بھی اس کو حلال ہے۔

تاسعاً: جو شخص محرماتِ ابدیہ جیسے ماں، بہن سے نکاح کر کے اس سے صحبت کرے، تو اس پر حدِ شرعی جو قرآن یا حدیث میں وارد ہے، نہ لگانا۔

عشراً: تحدید آبِ کثیر جو وقوع نجاست سے پلید نہ ہو، دَہ در دَہ سے کرنا۔

تنبیہ: ان مسائل کی احادیث کے تلاش کرنے کے واسطے میں ان صاحبوں کو اس قدر مہلت دیتا ہوں جس قدر یہ چاہیں، زیادہ مہلت میں ان کو بھی گنجائش ہے کہ یہ اپنے مذہبی بھائیوں سے بھی

---

[1] اصل اشتہار میں کسی جگہ آں حضرت کے بعد "صلی اللہ علیہ وسلم" نہ صراحۃً ہے، نہ اشارۃً، ہم نے بین القوسین درود کا صیغہ بڑھایا ہے ——— یہ ہے وکیل اہلِ حدیث کے علم و ادب کا حال! ۱۲

[2] یہ ہے حضرتِ مشتہر کا مبلغ علم کہ عاشراً کے بجائے عشراً لکھ دیا ۱۲

Marfat.com

مدلیں۔ المُشتَہر: ابوسعید محمد حسین لاہوری ۱۲۹۰ھ"

مولانا بٹالوی کا یہ چیلنج نہ صرف تمام علمائے احناف کے خلاف تعلّی آمیز اعلانِ جنگ تھا، بلکہ حضرت امام ابوحنیفہؒ کی تجہیل و تضلیل کو بھی متضمن تھا جس سے ناواقف عوام کو یہ تاثر دینا منظور تھا، کہ امام ابوحنیفہؒ کے مسائل ایسے بے دلیل ہیں کہ ملک بھر کے علماءِ احناف مل کر بھی ان پر صحیح دلیل قائم نہیں کر سکتے، اگر وہ ایسا کریں تو مجتہد العصر مولانا محمد حسین بٹالوی کی بارگاہِ عالی مقام سے انعام کے مستحق ہوں گے، ظاہر ہے کہ اس میں حضرت امام الائمہ کی تجہیل بھی ہے، اور تمام علمائے احناف کی تحقیر و تذلیل بھی، اور انگریز کی پالیسی "لڑاؤ اور حکومت کرو" کی تائید و توثیق بھی، کیونکہ اس اشتہار کا لازمی نتیجہ یہ تھا کہ پورے ملک میں اشتعال کی آگ پھیل جاتی، اور گلی گلی میں "حنفی و ہابی جنگ" کا میدانِ کارزار گرم ہو جاتا۔

حضرت مولانا سید اصغر حسین صاحب لکھتے ہیں:

"یہ اشتہار دیوبند بھی پہنچا، یہ سخت حملہ عموماً تمام حنفیوں کو شاق گذر رہا تھا، اور پنجاب کے کسی حنفی عالم نے اپنی وسعت کے موافق کچھ جواب بھی لکھا تھا، حضرت مولانا (شیخ الہند) اور آپ کے محترم استاذ مولانا محمد قاسم صاحبؒ کو یہ ناگوار طرز اور تعلّی نہایت ہی ناپسند آئی، اس صورت میں بالالتزام گویا صاحبِ مذہب امام الائمہ کی توہین نظر آئی، حضرت مولانا نے استاذِ مکرم کی اجازت و اشارہ سے قلم اُٹھایا، اور اختصار کو ملحوظ رکھتے ہوئے ایسا جواب لکھا کہ قلم توڑ دیئے"

(حیات شیخ الہند ص ۲۲۹ مطبوعہ ادارہ اسلامیات لاہور)

شیخ الہندؒ حضرت امام الائمہ امام ابوحنیفہؒ کے مقابلہ میں مولانا محمد حسین بٹالوی کی ناروا تعلّی پر نکیر فرماتے ہوئے اظہار الحق کے دیباچہ میں لکھتے ہیں:

"اس اشتہار کو دیکھ کر نہایت تعجب ہوا کہ مولوی صاحب ممدوح کا اس چھوٹے منہ پر بڑی بات کا ارادہ تھا، تو امام ابوحنیفہؒ ہی پر کیوں قناعت فرمائی، آپ کی بلند پروازی کے لئے ہنوز گنجائش بہت تھی، صحابہ و رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے گذر کر جناب باری تک پہنچنا تھا کام بھی بڑا ہوتا، نام بھی بڑا ہوتا، آپ دس روپے کی طمع دیتے ہیں، ہم آپ سے فقط فہم و فراست و انصاف کے طالب ہیں، ورنہ پھر ہم ہوں گے، اور آپ ہوں گے، ہمارا ہاتھ ہوگا، اور آپ کا دامن ہوگا، روزِ جزا خدا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہوں گے، اور یہ مقدمہ ہوگا۔

جناب من! اب تک ہم بوجہ بے تعصبی خاموش رہے، آپ نے میدان سُنسان پاکر ہاتھ

Marfat.com

پاؤں ہلانے شروع کئے ،اب آپ کی چھیڑ کی نوبت یہاں پک پہنچی کہ اشتہار جاری ہوکر آنے جانے والوں کی معرفت مدرسہ دیوبند میں بھی آنے لگے ،اس فتنہ انگیزی پر کوئی کہاں تک خاموش رہے۔ (اظہار الحق ص۲)

مولانا بٹالوی مرحوم کی یہ اشتہار بازی ، جسے حضرت شیخ الہندؒ بجا طور پر ''فتنہ انگیزی'' فرماتے ہیں، نہ صرف عالمانہ ثقاہت کے خلاف تھی ، بلکہ عام اصول گفتگو سے بھی گری ہوئی تھی ، کیونکہ اصول یہ ہے کہ سب سے پہلے یہ دیکھا جاتا ہے کہ فلاں مسئلہ میں مدعی کون ہے ، اور مدعیٰ علیہ کون ؟ پھر مدعی اور مدعیٰ علیہ کے موقف کی تنقیح کی جاتی ہے ، پھر یہ دیکھا جاتا ہے کہ دعویٰ کس نوعیت کا ہے ، اور اس کے ثبوت میں کیسی دلیل درکار ہے ، پھر مدعی اپنے دعویٰ پر دلیل قائم کرتا ہے ، اور مدعیٰ علیہ کو اس دلیل پر جو اعتراضات ہوں اُن کو اُٹھایا جاتا ہے۔

مگر بٹالوی صاحب نے ان مسائل عشرہ میں نہ اپنا دعویٰ مُنقّح فرمایا ، نہ اس پر کوئی دلیل قائم کی ، نہ فریق مخالف کے موقف کی تنقیح کی ضرورت سمجھی ، نہ یہ دیکھا کہ فلاں مسئلہ میں مدعی کون ، ہے اور مدعیٰ علیہ کون ؟ نہ یہی دیکھا کہ میں ہر مسئلہ میں جس قسم کی دلیل کا مطالبہ کر رہا ہوں ، اصولِ مباحثہ کے لحاظ سے یہ مطالبہ صحیح بھی ہے یا نہیں ؟ ان تمام ابتدائی امور سے صرف نظر کرتے ہوئے موصوف علمائے احناف کو للکارنے ، اور داد و دہش اور تقسیم انعامات کے لئے اپنے خزانوں کے منہ کھولنے پر آمادہ ہوگئے۔

حضرت شیخ الہند ، مولانا بٹالوی مرحوم کے اس بے اصولے پن پر نکیر فرماتے ہوئے ادلۂ کاملہ کے دیباچہ میں لکھتے ہیں۔

''آپ اوروں سے ہر دعوے پر جب نص صریح متفق علیہ کے طالب ہیں ، تو اپنے دعووں کے لئے اگر ایسے دلائل سے بڑھ کر نہیں تو ایسے تو بالضرور ہی آپ نے لگا رکھے ہوں گے ، اس لئے بردے انصاف و قواعدِ مناظرہ اول آپ کو یہ لازم تھا کہ اپنے مطالب کو بطور مشارٌ الیہ ثابت فرماتے ، پھر کہیں کسی اور سے اُلجھنے کو تیار ہوتے ، اور ہم کو بھی اُسی وقت جواب دینا مناسب تھا۔

مگر بوجوہِ چند در چند اس کش مکش میں پھنس کر اپنے اوقات کا خون کرتا ہوں ، پر یہ عرض کئے دیتا ہوں کہ سر دست تو میں روایات کا پتہ بتائے دیتا ہوں ، اگر آپ اپنے مطالب کے لئے نصوص صریحہ لائیں گے ، اور اُن کی صحت و اتفاق ثابت کر دکھلائینگے ، تو پھر ہم بھی انشاءاللہ اس باب میں قلم اُٹھائیں گے ، اور یہ بھی اسی وقت بتلائیں گے کہ کون سے مطالب کو کس درجہ کا ثبوت درکار

Marfat.com

ہے ؟ یعنی تواتر وصحت وحسن وضعف وغیرہ مراتبِ روایات میں سے کون سی بات کس مطلب کے لئے درکار ہے ؟ اس لئے اس بات کو تو ابھی یوں ہی رہنے دیجئے، پَر اپنے اعتراضوں کا جواب سن لیجئے۔ (ص۳)

اس کے بعد ایجاز واختصار کے ساتھ مولانا بٹالوی کے اعتراضات کے ایسے مُسکت جواب دیئے کہ بقول مولانا اصغر حسین صاحب "قلم توڑ دیئے"، ہر مسئلہ میں الزامی جواب کے ضمن میں تحقیقی جواب اس انداز سے دیئے کہ ان کے فہم وادراک کے لئے سلیقہ ولیاقت درکار ہے۔ حضرت مولانا اصغر حسین صاحب لکھتے ہیں:

"ہر اعتراض کا بظاہر ایک الزامی جواب ہے، لیکن حقیقت میں اسی الزام کے ضمن میں ہر جگہ ایک جوابِ تحقیقی بھی موجود ہے، بلکہ بعض جگہ دو دو تحقیقی جواب، اور اسی پر بس نہیں، آخر رسالہ میں معترض کے مسلک پر گیارہ اعتراض ایسے چسپاں کئے کہ مقابل کسی طرح سر نہ اٹھا سکے، یا تو اپنا مسلک چھوڑ کر خِفّت اُٹھائے، یا اعتراضوں کے بارِ گراں میں دبا رہے۔

حضرتِ استاد (مولانا محمد قاسم صاحب نانوتوی نوراللہ مرقدہ) نے نہایت پسند فرما کر طبع کرانے کا ارشاد فرمایا، اور آئندہ تالیف کے لئے ہمت بندھا دی[1]"

(حیات شیخ الہند ص۲۲۹)

اظہار الحق ادلۂ کاملہ، اظہار الحق کے نام سے بھی چھپی تھی۔ دونوں میں معمولی فرق ہے البتہ دو جگہ کافی فرق ہے۔ ہمیں انتہائی تلاش کے باوجود یہ پتہ نہیں چلا کہ پہلے کون چھپی تھی مصباح الادلہ کے مصنف کے سامنے بھی دونوں تھیں۔ البتہ انھوں نے جواب ادلۂ کاملہ کا لکھا ہے اس سے اندازہ ہوتا ہے کہ اصل یہی ہے۔ واللہ اعلم

ایضاح الادلہ ادلۂ کاملہ شائع ہوئی تو حضرت منتظر تھے کہ غیر مقلد حضرات اس کے جواب میں کچھ لب کشائی کرتے ہیں، یا سکوت کرتے ہیں؟ اُدھر غیر مقلدین کے لئے ادلۂ کاملہ کی اشاعت نے "اگر گویم مشکل ورنہ گویم مشکل" کی کیفیت پیدا کر دی تھی، مولانا بٹالوی مرحوم "وکیل اہلِ حدیث" کہلانے کے باوصف، اپنے رسالہ "اشاعت السُّنّۃ" میں اس کی

---

[1] عنوان "ادلۂ کاملہ" سے یہاں تک مسلسل عبارت حضرت مولانا مفتی احمد الرحمٰن صاحب مہتمم جامعۃ العلوم الاسلامیہ بنوری ٹاؤن کراچی کے مضمون "حضرت شیخ الہند کا علمی مقام اور ان کی تصانیف"، مطبوعہ "مقام محمود" (طبع کردہ جمعیۃ العلماءِ ہند) ص۱۲۰ تا ص۱۲۵ سے ماخوذ ہے ۱۲

Marfat.com

جواب دہی کا وعدہ ہی فرماتے رہے، مگر چونکہ "ادلۂ کاملہ" کا جواب لکھنے سے پہلے اس کے مندرجات کو سمجھنے کا دشوار گذار مرحلہ درپیش تھا، جو کسی طرح طے نہیں ہو پاتا تھا، اس لئے مولانا بٹالوی مرحوم کے تمام وعدے معشوقِ بے وفا کے وعدے ثابت ہوئے۔

بالآخر جواب نویسی کے لئے ایک ایسے شخص کا انتخاب ضروری ہوا، جو سخن فہمی اور سخن سنجی میں بَلْ هُمْ اَضَلُّ کے منصب پر فائز ہو، اور ائمہ ھدیٰ اور اکابرِ امت کی شان میں گستاخی و ہرزہ سرائی میں روافض کا استاذ ہو، یہ تھے محمد احسن[1] امروہوی صاحب کی شخصیت، جو غیر مقلدوں کے حلقہ میں "احسن المناظرین والمتکلمین" کے لقب سے سرفراز تھے، چنانچہ موصوف نے "ادلۂ کاملہ" کا جواب "مصباح الادلہ لِدَفعِ الاَدِلَّۃِ الاَذِلَّۃ" کے نام سے تحریر کیا، اور سر برآوردہ اہلِ حدیث حضرات نے اس پر تقریظیں لکھیں۔

"مصباح الادلہ" کی اشاعت کے بعد بھی حضرت شیخ الہند نے جواب میں اس خیال سے توقف فرمایا کہ شاید جناب وکیلِ اہلِ حدیث بھی حسب وعدہ کچھ لکھیں، تو دونوں کو یکجا نمٹا دیا جائے، لیکن کچھ عرصہ بعد مولانا محمد حسین صاحب نے اپنے پرچہ "اشاعت السنۃ" میں یہ اعلان کر کے جواب سے سبک دوشی حاصل کر لی۔

"میں نے کتاب مصباح الادلۃ، مصنفہ مولوی محمد احسن صاحب کو بنما مہا دیکھا، واقعی کتاب لاجواب اور جواب باصواب ہے، اس بارے میں اب کسی کو قلم اُٹھانے کی ضرورت نہیں، جملہ امور کا جواب محقق و مفصل اس میں موجود ہے، اور طالبِ حق کے لئے کافی و وافی ہے، ہمارا ارادہ بھی تحریرِ جواب کا مُصَمَّم تھا، چنانچہ اپنے پرچہ میں ہم وعدہ کر چکے تھے، مگر بعد مطالعہ مصباح الادلۃ معلوم ہوا کہ اب تحریرِ جواب میں وقت صرف کرنا فضول ہے، اس لئے مناسب یہ ہے کہ سب صاحب اس کتاب کی خریداری میں سعیِ بلیغ مبذول فرمائیں، اور اس کے مطالعہ سے مستفیض ہوں۔" (بحوالہ ایضاح الادلۃ ص۲)

اس اعلان کے بعد مزید انتظار فضول تھا، اس لئے حضرت رح نے بنامِ خدا مصباح الادلۃ کے جواب میں قلم اُٹھایا، حضرت تحریر فرماتے ہیں:

---

[1] یہ شخص بعد میں غیر مقلدیت سے ترقی کر کے مرزا غلام احمد قادیانی کے دامِ تزویر میں داخل ہو گیا تھا، اور دولتِ ایمان کھو بیٹھا تھا، نعوذ باللہ من الحَوْرِ بعد الکَوْر (ہم زیادتی کے بعد نقصان سے اللہ تعالیٰ کی پناہ چاہتے ہیں) ۱۲

"اس کو دیکھ کر معلوم ہوا کہ چونکہ مجتہد مولوی محمد حسین صاحب، مصباح کو جواب ثانی فرماتے ہیں، اور اس کی مدح میں رطب اللسان ہیں، تو اب ہرگز تحریرِ جواب ادلۂ کاملہ کی طرف توجہ نہ فرمائیں گے، علاوہ ازیں اور بعض حضرات مجتہدین پنجاب بھی تعریفِ مصباح میں حضرت مُشتَہر کے ہم زبان تھے، سو اب ہم کو مصباح الادلۃ کا جواب لکھنا پڑا۔" (ایضاح الادلہ ص۴)

ایک ضروری تنبیہ

"ایضاح الادلۃ" پہلی مرتبہ ۱۲۹۹ھ میں میرٹھ میں طبع ہوئی تھی، جس کے صفحات ۳۹۶ ہیں، دوسری مرتبہ ۱۳۳۰ھ میں مولانا سید اصغر حسین صاحب کی تصحیح کے ساتھ مطبع قاسمی دیوبند سے شائع ہوئی، جس کے صفحات چار سو ہیں۔ (حال ہی میں فاروقی کتب خانہ "ملتان" سے اس نسخہ کا عکس شائع ہوا ہے) کتب خانہ فخریہ امروہی دروازہ مراد آباد سے بھی یہ کتاب شائع ہوئی، جس پر سنِ طباعت درج نہیں، لیکن اندازہ یہ ہے کہ یہ اڈیشن دیوبندی اڈیشن کے بعد کا ہے، اس کے چار سو بارہ صفحات ہیں، ---ان سب اڈیشنوں میں ایک آیت کریمہ کی طباعت میں افسوس ناک غلطی ہوئی ہے، عبارت یہ ہے:

"یہی وجہ ہے کہ ارشاد ہوا فَاِنْ تَنَازَعْتُمْ فِیْ شَیْءٍ فَرُدُّوْهُ اِلَی اللّٰهِ وَالرَّسُوْلِ وَاِلٰی اُولِی الْاَمْرِ مِنْكُمْ اور ظاہر ہے کہ اولوالامر سے مراد اس آیت میں سوائے انبیاء کرام علیہم السلام اور کوئی ہیں، سو دیکھئے اس آیت سے صاف ظاہر ہے کہ حضرات انبیاء اور جملہ اولی الامر واجب الاتباع ہیں، آپ نے آیت فَرُدُّوْهُ اِلَی اللّٰهِ وَالرَّسُوْلِ اِنْ كُنْتُمْ تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ تو دیکھ لی، اور یہ آپ حضرات کو اب تک معلوم نہ ہوا کہ جس قرآن مجید میں یہ آیت ہے اُسی قرآن میں آیتِ مذکورہ بالا معروضۂ احقر بھی ہے۔ (ص۱۰۳ مطبوعہ مراد آباد)

یہ سبقتِ قلم ہے، جس آیت کا حضرتؒ نے حوالہ دیا ہے، اس سے مراد یہ آیت ہے یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْۤا اَطِیْعُوا اللّٰهَ وَاَطِیْعُوا الرَّسُوْلَ وَاُولِی الْاَمْرِ مِنْكُمْ (النساء، آیت ۵۹) چنانچہ قضاءِ قاضی کی بحث میں حضرت نے اسی مدعا پر دوبارہ اس آیت کریمہ کا حوالہ دیا ہے۔ (دیکھئے طبع دیوبند ص۲۵۶ اور طبع مراد آباد ص۲۶۹) بہرحال یہ سہو کتابت ہے جو نہایت افسوس ناک ہے۔

جانشینِ شیخ الہند، حضرت شیخ الاسلام مولانا سید حسین احمد صاحب مدنی قدس سرہٗ

لہ عنوان ایضاح الادلۃ سے یہاں تک پوری عبارت مقام محمود ص۱۲۵ تا ص۱۲۷ سے ماخوذ ہے ۱۲۔

لہ مقامِ محمود ص۱۳۷ مضمون مفتی احمد الرحمٰن صاحب مدظلہ ۱۲

(ولادت ۱۲۹۶ھ/۱۸۷۹ء وفات ۱۳۷۷ھ/۱۹۵۷ء) سے اس سلسلہ میں دریافت کیا گیا تو حضرت نے تحریر فرمایا کہ:

"ایضاح الادلۃ کی طباعت اول اور ثانی میں تصحیح نہ کرنے کی وجہ سے بے لگام غیر مقلدوں کو اس ہرزہ سرائی کا موقع مل گیا۔۔۔۔۔بہرحال سورتی کے اُس مضمون کا جواب لکھ دیجئے، آیت میں کاتب کی غلطی ظاہر ہے، جو مضمون حضرت رحمۃ اللہ علیہ نے سابق ولاحق میں لکھا ہے، وہ صاف طور سے واضح کر رہا ہے کہ وہ آیت کو غلط طریقہ پر یاد نہیں رکھتے تھے، غور فرمائیے اور استدلال قائم کیجئے[1]!"

الغرض یہ افسوس ناک غلطی ہے اور اس سے زیادہ افسوس کی بات یہ ہے کہ دیوبند سے حضرت مولانا سید اصغر حسین میاں صاحب کی تصحیح کے ساتھ، اور مرادآباد سے فخر المحدثین حضرت مولانا فخر الدین صاحب کے حواشی کے ساتھ یہ کتاب شائع ہوئی، لیکن آیت کی تصحیح کی طرف توجہ نہیں دی گئی، بلکہ حضرت الاستاذ مولانا فخر الدین صاحب قدس سرہ نے ترجمہ بھی جوں کا توں کر دیا، اس لئے دارالعلوم دیوبند کی مؤقر مجلس شوریٰ نے طے کیا کہ ایضاح الادلۃ کو تصحیح کے ساتھ شائع کیا جائے، مگر ہم نے جب اس مقصد سے ایضاح الادلۃ کا مطالعہ کیا تو اندازہ ہوا کہ پہلے ادلۂ کاملہ کی طباعت ضروری ہے، اس کے بغیر ایضاح کا سمجھنا دشوار ہے۔

"ادلۂ کاملہ"، اگرچہ حضرت قدس سرہ کی سب سے پہلی تصنیف ہے، تاہم دیگر تصانیف سے زیادہ پُرمغز، جامع مانع اور مدلل ہے، حضرت مولانا سید اصغر حسین میاں صاحبؒ تحریر فرماتے ہیں کہ:

"ادلۂ کاملہ"، جس کا دوسرا نام اظہار الحق بھی ہے، دو جزء کا ایک مختصر رسالہ، اور سب سے پہلی تصنیف ہے ..... لیکن برخلاف عام مصنفین کے ۔۔۔۔کہ ان کی ابتدائی تصانیف میں وہ بات نہیں ہوتی جو آخری تصانیف میں ہے ۔۔۔۔۔حضرت مولانا کی یہ پہلی کتاب بھی آئندہ تصانیف کی طرح مکمل ہے، بلکہ ان سے بھی زیادہ پُرمضامین اور دقیق ومدلل ہے، اہل علم ہی کچھ داد دے سکتے ہیں، کہ کس طرح بڑے بڑے مضامین کو مختصر عبارات میں ادا فرمایا ہے، اور اسی لئے عوام تو عوام معمولی اہل علم کے فہم سے بھی باہر ہوگئی ہے۔" (حیات شیخ الہند ص۱۷۸ مطبوعہ دارالکتب اصغریہ دیوبند)

---

[1] یہ حضرت مدنی قدس سرہ کے ایک قلمی مکتوب کا اقتباس ہے، یہ مکتوب صاحبزادۂ محترم مولانا سید ارشد مدنی مدظلہ، استاذ حدیث دارالعلوم دیوبند کے پاس محفوظ ہے ۱۲

Marfat.com

الغرض ادلۂ کاملہ کے مضامین کی بلندی، نگارش کی بلاغت، اور عبارت کا اختصار اس بات کا مقتضی تھا کہ اس کی تسہیل کی جائے، تاکہ عام قارئین کے لئے بھی کتاب قابلِ استفادہ ہوجائے، اس لئے تسہیل کے ساتھ کتاب پیش کی جارہی ہے۔

تسہیل کا کام اس طرح کیا گیا ہے کہ پہلے بالکل ابتدا سے زیر بحث مسئلہ سمجھایا گیا ہے پھر حضرت قدس سرہ کی باتوں کو اپنے الفاظ میں پیش کیا گیا ہے، اس کے بعد حضرت قدس سرہ کی عبارت بعینہ رکھی گئی ہے، تاکہ قاری جب بات سمجھ کر حضرت کی عبارت پڑھے، تو اس کا لطف دوبالا ہوجائے، امید ہے کہ اس حقیر محنت کے ذریعہ کتاب سب لوگوں کے استفادہ کے قابل ہوجائے گی ------ اس کے بعد ایضاح الادلۃ اسی طرح تیار کی جائے گی، اور ان شاء اللہ بہت جلد قارئین کرام کی خدمت میں پیش کی جائے گی۔

یہ کتاب میں نے برادر عزیز جناب مولانا محمد امین صاحب پالنپوری سلمہٗ استاذ دارالعلوم دیوبند کے ساتھ مل کر لکھی ہے، بلکہ حقیقت میں انہی کا عزم مصمم اس کتاب کو وجود میں لایا ہے۔ انھوں نے پہلے میری بات قلمبند کی، پھر محنتِ شاقہ اُٹھاکر اس کو مُرتّب کیا، فَجَزَاہُ اللہُ تعالیٰ خیرًا فی الدارین، وصلی اللہ علی النبی الکریم، وعلی آلہ وصحبہ اجمعین

سعید احمد عفا اللہ عنہ پالن پوری
خادم دارالعلوم دیوبند
۱۶ ربیع الاول ۱۴۱۱ھ

اس کتاب کے بعد دوسری مستند اور نادر کتاب
(یسرًا جًا مُنیرًا غیرِ مقلدین کے اعتراضوں
کے جواب میں۔ عمدہ کتابت کے ساتھ۔
(میر محمد کتب خانہ نے شامل کی ہے

Marfat.com

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ رَبِّ الۡعٰلَمِین، وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ علیٰ خَیۡرِ خَلۡقِہٖ سَیِّدِنا محمدٍ خَاتَمِ النَّبِیِّیۡن، وٰاله واَزۡوَاجه وصَحۡبِہٖ اجمعین.

بعد حمد وصلوۃ کے اَحۡقَرُ زَمَنۡ[1]، بندۂ محمود حسن، دیوبندی، حضرت مُشۡتَہِر جناب مولوی محمد حسین صاحب ---- مُشۡتَہِر اشتہار مطبوع "سفیر ہندوستان"[2] امرتسر ---- کی خدمت میں یہ گذارش کرتا ہے کہ اس چھوٹے مُنہ پر بڑی بات کا ارادہ تھا، تو امامِ ابوحنیفہؒ ہی پر کیوں قناعت فرمائی، آپ کی بلند پَروازی کے لئے ہنوز گنجائش بہت تھی، صحابہ ورسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے گذر کر، جناب باری تک پہنچنا تھا، کام بھی بڑا ہوتا، نام بھی بڑا ہوتا! آپ دس روپیہ کی طَمَعۡ دیتے ہیں! ہم آپ سے فقط فہم وفراست وانصاف کے طالب ہیں! ورنہ پھر آپ ہوں گے، اور ہم ہوں گے، ہمارا ہاتھ ہوگا، اور آپ کا دامن ہوگا، روزِ جزا، خدا اور رسولِ خدا ہوں گے، اور یہ مقدمہ پیش ہوگا، زیادہ کیا عرض کیجئے!

جنابِ مَن! اب تک ہم بوجہ بے تعصبی خاموش رہے، آپ نے میدان سُنسان پاکر ہاتھ پاؤں ہلانے شروع کئے، اب آپ کی چھیڑ کی نوبت یہاں تک پہنچی کہ اِشۡتِہار جاری ہونے لگے، اس فتنہ انگیزی پر کوئی کہاں تک چُپ رہے، اس لئے سردست ہم بھی کچھ کچھ عرض کرتے ہیں، اس کے بعد بھی اگر آپ ہاتھ پاؤں ہلائیں گے، تو پھر ہم بھی انشاء اللہ ہاتھ دِکھائیں گے، ورنہ خیر ہم خود اہلِ اسلام کے نزاعِ[3] فیمابین کو پسند نہیں کرتے۔

---

[1] احقرِ زمن یعنی اپنے زمانہ کا معمولی آدمی (یہ غایت تواضع ہے) ۱۲

[2] "سفیرِ ہندوستان" امرتسر میں ایک پریس تھا، جس میں اشتہار طبع کرایا گیا تھا ۱۲ [3] نزاعِ فیمابین یعنی باہمی جھگڑا ۱۲

Marfat.com

آپ اوروں سے ہر دعوے پر حسبِ نصِّ صریح، مُتَّفَقٌ عَلَیْہٖ، کے طالب ہیں تو اپنے دَعْووں کے لئے اگر ایسے دلائل سے بڑھ کر نہیں، تو ایسے تو بالضرور ہی آپ نے لگا رکھے ہوں گے؟ اس لئے بروئے انصاف و قواعدِ مناظرہ اول آپ کو یہ لازم تھا کہ اپنے مطالب کو بطورِ مُشارٌ الیہ[1] ثابت فرماتے، پھر کہیں کسی اور سے اُلجھنے کو تیار ہوتے، اور ہم کو بھی اُسی وقت جواب دینا مناسب تھا۔

مگر بوجوہِ چند در چند اس کش مکش میں پھنس کر اپنے اوقات کا خون کرتا ہوں، پَرْ[2] یہ عرض کئے دیتا ہوں کہ سرِ دست تو میں روایات کا پتہ بتائے دیتا ہوں، اگر آپ اپنے مطالب کے لئے نصوصِ صریحہ لائیں گے، اور اُن کی صحت و اتفاق ثابت کر دکھلائیں گے، تو پھر ہم بھی ان شاء اللہ اس باب میں قلم اُٹھائیں گے، اور یہ بھی اُسی وقت بتلائیں گے کہ کون سے مطالب کو کس درجہ کا ثبوت درکار ہے؟ یعنی تواتر و صحت، و حُسْن و ضُعْف وغیرہ مراتبِ روایات میں سے کون سی بات کس مطلب کے لئے درکار ہے؟ اس لئے اس بات کو تو ابھی یوں ہی رہنے دیجئے، پَرْ اپنے اعتراضوں کا جواب سن لیجئے۔

---

[1] مشارٌ الیہ: جس کی طرف اشارہ کیا گیا ہے یعنی پہلے آپ احادیثِ صحیحہ صریحہ، متفق علیہا سے اپنا مسلک ثابت فرمایئے ۱۲

[2] پَرْ: لیکن ۱۲

Marfat.com

①

رفع یدین کا مسئلہ

مذاہبِ فقہاء ـــــ اختلاف کی وجہ ـــــ رفع اور ترک رفع کی روایات ـــــ نقطہائے نظر کا اختلاف ـــــ نسخ رفع کے دلائل ـــــ دوام رفع کی کوئی دلیل نہیں ہے ـــــ اور رفع یدین کے آخری عمل ہونے کی بھی کوئی دلیل نہیں ہے اور احادیث میں تعارض بھی نہیں ہے ـــــ متبع حدیث کون ہے ؟

Marfat.com

Marfat.com

①
رفعِ یدین کا مسئلہ

نماز کے شروع میں تکبیر تحریمہ کے وقت رفعِ یدین (دونوں ہاتھ اُٹھانا) بالاتفاق سنت ہے، اور رکوع میں جاتے وقت اور رکوع سے اُٹھتے وقت رفع یدین سنت ہے یا نہیں؟ اس میں امت کا اختلاف ہے۔ ائمۂ اربعہ میں سے دو امام ان دو جگہوں میں بھی رفع یدین کو سنت کہتے ہیں، اور دو امام رفعِ یدین نہ کرنے کو سنت کہتے ہیں، مذاہب کی تفصیل درج ذیل ہے۔

حنفیہ کے نزدیک رکوع میں جاتے وقت اور رکوع سے اُٹھتے وقت رفعِ یدین مکروہ یعنی خلافِ اولیٰ ہے، شامی میں ہے کہ

(قولہ اِلَّا فی سَبْعٍ) اَشَارَ اِلٰی اَنَّہٗ لَا یُرْفَعُ عند تکبیرات الانتقالات خلافًا للشّافعی واحمدَ فیُکْرَہُ عندنا، ولا یَفْسُدُ الصلوٰۃُ

(شامی ص۳۷۴ ج۱)

صاحبِ دُرِّ مُختار نے اپنے قول "اِلَّا فی سَبْعٍ" سے اس طرف اشارہ کیا ہے کہ تکبیراتِ انتقالیہ کے وقت ہاتھ نہیں اُٹھائے جائیں گے، اس مسئلہ میں امام شافعیؒ اور امام احمدؒ کا اختلاف ہے، پس ہاتھ اُٹھانا ہمارے نزدیک مکروہ ہے، اور نماز فاسد نہیں ہوتی۔

مالکیہ کے نزدیک بھی رکوع میں جاتے ہوئے اور رکوع سے اُٹھتے ہوئے رفعِ یدین مکروہ ہے، علامہ دَرْدِیرؒ کی شرح صغیر میں ہے کہ

وندُبَ رَفْعُ الیَدَیْنِ مع الامام ای عندہ لاعند رکوع ولا رَفعٍ منہ ولا عند قیامٍ مِن

تکبیر تحریمہ کے وقت رفعِ یدین مستحب ہے، رکوع میں جاتے وقت، رکوع سے اُٹھتے وقت اور دو رکعت

Marfat.com

اثنتین (بلغۃ السالک للصاوی مع الشرح الصغیر ص۱۱۸ ج۱) کے بعد تیسری رکعت کے لئے اُٹھتے وقت مستحب نہیں ہے۔

علامہ عبدالرحمٰن جزیری رح کتاب الفقہ علی المذاہب الاربعہ میں تحریر فرماتے ہیں کہ

المالکیۃ، قالوا: رفع الیدین حذو المنکبین عند تکبیرۃ الاحرام مندوب، وفیما عدا ذلک مکروہ (ص۲۵۰ ج۱)

مالکیہ فرماتے ہیں کہ دونوں ہاتھوں کو دونوں مونڈھوں تک اُٹھانا تکبیر تحریمہ کے وقت مستحب ہے، اور اس کے علاوہ میں مکروہ ہے۔

امام شافعی رح فرماتے ہیں کہ رکوع میں جاتے وقت اور رکوع سے اُٹھتے وقت رفعِ یدین سنت مؤکدہ ہے، کتاب الاُم میں حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کی روایت ذکر کرنے کے بعد امام شافعی رح فرماتے ہیں کہ:

وبھذا نقول فنامر کل مصل إماما، او مأموما، او منفردا، رجلا، او امرأۃ: ان یرفع یدیہ اذا افتتح الصلوٰۃ واذا کبر للرکوع، واذا رفع راسہ من الرکوع (کتاب الاُم ص۱۲۶ ج۱)

یہی ہمارا مذہب ہے، چنانچہ ہم ہر نمازی کو حکم دیتے ہیں ـــــ خواہ امام ہو یا مقتدی، یا منفرد، مرد ہو یا عورت ـــــ کہ وہ اپنے دونوں ہاتھ اُٹھائے جب نماز شروع کرے، جب رکوع کے لئے تکبیر کہے، اور جب اپنا سر رکوع سے اُٹھائے۔

اور امام نووی رح شرح مہذب میں تحریر فرماتے ہیں کہ

واما رفعھما فی تکبیرۃ الرکوع وفی الرفع منہ فمذھبنا انہ سنۃ فیھما. (المجموع ص۳۹۹ ج۳)

اور ہمارا رفع یدین رکوع کی تکبیر کے وقت، اور رکوع سے سر اٹھاتے وقت تو ہمارا مذہب یہ ہے کہ وہ سنت ہے ان دونوں جگہوں میں۔

امام شافعی رح نے صراحت فرمائی ہے کہ مذکورہ بالا تین ۳ جگہوں کے علاوہ نماز میں کسی اور جگہ رفعِ یدین نہیں ہے، چنانچہ وہ تحریر فرماتے ہیں کہ

ولا نامر ان یرفع یدیہ فی شیء من الذکر فی الصلوٰۃ التی لھا رکوع وسجود الا فی ھذہ المواضع الثلث. (کتاب الاُم ص۱۲۶ ج۱)

اور ہم نمازی کو رفعِ یدین کا حکم کسی تکبیر کے وقت نہیں دیتے ہیں ـــــ رکوع سجدہ والی نماز میں ـــــ مگر ان تین جگہوں میں۔

مگر شوافع کے نزدیک مذکورہ بالا تین ۳ جگہوں کے علاوہ ایک اور جگہ بھی رفع یدین مستحب ہے، اور وہ ہے تیسری رکعت کے شروع میں، امام نووی رح شرح مہذب میں لکھتے ہیں کہ

Marfat.com

فحصل من مجموع ماذکرتہ انہ یتعین القول باستحباب رفع الیدین اذا قام من الرکعتین. (المجموع ص۴۴۸ ج۳)

مذکورہ بالا تمام باتوں کا خلاصہ یہ ہے کہ دو۲ رکعت کے بعد جب تیسری رکعت کے لئے کھڑا ہو، اُس وقت رفع یدین کو مستحب ماننا ضروری ہے۔

حنابلہ کا مذہب بھی وہی ہے جو امام شافعی رح کا مذہب ہے، علامہ جزیری رح کتاب الفقہ میں لکھتے ہیں کہ

الحنابلۃ: قالوا: یسن للرجل والمرأۃ رفع الیدین إلی حذو المنکبین عند تکبیرۃ الإحرام، والرکوع، والرفع منہ (ص۲۵۰ ج۱)

حنابلہ کہتے ہیں کہ مرد کے لئے بھی اور عورت کے لئے بھی دونوں مونڈھوں تک ہاتھ اٹھانا مسنون ہے تکبیر تحریمہ کے وقت، رکوع میں جاتے وقت، اور رکوع سے اُٹھتے وقت۔

اختلاف کی وجہ

یہ ہے کہ رفعِ یدین کے سلسلہ میں روایتیں مختلف وارد ہوئی ہیں، اور دورِ اول میں صحابۂ کرام اور تابعینِ عظام رح کا عمل بھی مختلف رہا ہے، اس لئے ہر مجتہد نے غور کیا کہ دونوں میں راجح کیا ہے؟ جس نے جس بات کو راجح سمجھا اُس کو اختیار کیا۔

رفع یدین کی روایت

رفعِ یدین کی روایات مُتعدّد ہیں، مگر قائلینِ رفع کے نزدیک قوی ترین روایت حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کی ہے، جس کے الفاظ بخاری شریف میں یہ ہیں:

قال ابن عمر رضی اللہ عنہما: رأیت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم، اذا قام فی الصلوٰۃ رفع یدیہ حتی تکونا حذو منکبیہ، وکان یفعل ذلک حین یکبر للرکوع، ویفعل ذلک اذا رفع رأسہ من الرکوع، ویقول: سمع اللہ لمن حمدہ، ولا یفعل ذلک فی السجود.

(بخاری شریف ص۱۰۲ باب رفع الیدین)

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ جب آپؐ نماز کے لئے کھڑے ہوتے تو آپؐ نے اپنے دونوں ہاتھ اُٹھائے یہاں تک کہ وہ آپؐ کے دونوں مونڈھوں کے مقابل ہو گئے، اور حضورؐ یہی عمل کرتے تھے جب رکوع کے لئے تکبیر کہتے تھے، اور یہی عمل کرتے تھے جب رکوع سے سر اُٹھاتے تھے اور سَمِعَ اللہُ لِمَنْ حَمِدَہٗ کہتے تھے، اور سجدوں میں یہ عمل نہیں کرتے تھے

یہ حدیث شریف رفع یدین کے سلسلہ میں سب حدیثوں سے زیادہ قوی سمجھی گئی ہے۔

Marfat.com

ترکِ رفع کی روایت

اور رفعِ یدین نہ کرنے کے بارے میں صریح روایات پانچ ہیں، اُن میں سے ایک درج ذیل ہے۔

عن عَلْقَمَةَ قال قال ابنُ مَسعُودٍ رضی اللہ عنہ: اَلَا اُصَلِّی بِکُمْ صلٰوۃَ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم؟ فَصَلّٰی فلم یَرْفَعْ یَدَیْہِ اِلَّا فی اوّلِ مَرَّۃٍ. (ترمذی شریف ص۳۵ ج۱)

حضرت عَلْقَمہؒ کہتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: کیا میں آپ حضرات کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز نہ پڑھاؤں؟ پھر آپؓ نے نماز پڑھی، پس پہلی مرتبہ کے علاوہ رفع یدین نہیں کیا۔

اس حدیث کو امام ترمذیؒ نے حسن کہا ہے، اور ابن حزم ظاہری (غیر مقلد) نے اپنی مشہور کتاب "المحلّٰی" میں صحیح کہا ہے، کچھ حضرات نے اس حدیث پر کلام کیا ہے، مگر علامہ احمد محمد شاکرؒ نے اس کو مسترد کرتے ہوئے فرمایا ہے کہ

وھذا الحدیثُ صحیحٌ صَحَّحَہٗ ابنُ حَزْمٍ وغیرُہٗ من الحُفّاظِ، وما قالوا فی تَعْلِیلِہٖ لیس بعِلَّۃٍ (شرح ترمذی ص۴۱ ج۲)

یہ حدیث صحیح ہے، ابن حزم اور دیگر حفاظ حدیث نے اس کو صحیح کہا ہے، اور لوگوں نے اس کی تعلیل میں جو کچھ کہا ہے وہ علّت (خرابی) نہیں ہے۔

رفعِ یدین کا مسئلہ چونکہ مَعْرَکَۃُ الآراء ہے اس لئے حضرت ابن عمرؓ کی مذکورہ بالا حدیث پر بھی طرح طرح سے کلام کیا گیا ہے[۲]، جس طرح عبداللہ بن مسعودؓ کی مذکورہ بالا حدیث پر کچھ لوگوں نے کلام کیا ہے، مگر ہمارے نزدیک صحیح بات وہ ہے جو علامہ ابنِ ہمامؒ (حنفی) نے ہدایہ کی شرح میں تحریر فرمائی ہے

والقَدْرُ المُتَحَقَّقُ بعد ذٰلک کُلِّہٖ ثبوتُ روایۃِ کُلٍّ من الامْرَیْنِ عنہ صلی اللہ علیہ وسلم: الرَّفْعُ عند الرکوع وعدمُہٗ، فیُحتاج الی الترجیح لقیام التعارض. (فتح القدیر ص۲۷۰ ج۱)

ساری بحث کے بعد تحقیقی بات یہ ہے کہ دونوں روایتیں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہیں یعنی رکوع میں جاتے وقت ہاتھ اُٹھانا، اور نہ اُٹھانا، لہٰذا تعارض کی وجہ سے ترجیح کی ضرورت پیش آئے گی۔

نیز عمل کے اعتبار سے بھی دونوں باتیں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے تواتر کے ساتھ مروی ہیں، امام العصر علامہ محمد انور شاہ کشمیریؒ فرماتے ہیں کہ

تَوَاتَرَ العملُ بھما من عھد الصحابۃ والتابعین

دونوں باتوں پر متواتر عمل رہا ہے صحابہ کرام تابعین

---

[۱] المحلّٰی ص۸۸ ج۴

[۲] تفصیل کے لئے دیکھئے معارف السنن ص۴۷۳ ج۲ اور اختلافِ امت اور صراط مستقیم ص۱۰۲ ج۲

وانّما بقی الاختلاف فی افضل من الامرین. (نیل الفرقدین ص۳)

اور تبع تابعین کے زمانہ سے، اور اختلاف صرف اس بات میں ہے کہ دونوں میں سے افضل کیا ہے؟

روایات کس طرف زیادہ ہیں اور عمل کس پر زیادہ ہے؟

واقعہ یہ ہے کہ رفع یدین کی روایات ترکِ رفع سے زیادہ ہیں، قائلین کہتے ہیں کہ پچاس صحابہ کرام سے رفعِ یدین کی روایات مروی ہیں، مگر یہ بات صحیح نہیں ہے، کیونکہ اس میں اُن صحابہ کو بھی شمار کر لیا گیا ہے جن سے صرف تکبیرِ تحریمہ کے وقت رفع یدین مروی ہے، صحیح تعداد شوکانیؒ کی تصریح کے مطابق بیس[۲] ہے، اور اس میں بھی نقد کی گنجائش ہے، امام العصر علامہ کشمیریؒ کی تحقیق کے مطابق بحث وتمحیص کے بعد پندرہ صحابہ یا اس سے بھی کم رہ جاتے ہیں[۱]۔۔۔۔۔اور ترکِ رفع کی صریح روایات پانچ ہیں۔

مگر عمل کی صورت اس سے مختلف ہے، مدینہ منورہ جو مَہبطِ وحی ہے، اور کوفہ جو عَسَاکر اسلام کی چھاؤنی ہے، اور جس میں پانچ سو[۵] صحابہ کرام کا فرد کش ہونا ثابت ہے ان دو شہروں کے بارے میں موافق ومخالف سب تسلیم کرتے ہیں کہ کوفہ میں تو کوئی بھی رفع یدین نہیں کرتا تھا[۱]، اور مدینہ کی اکثریت رفع یدین نہیں کرتی تھی، چنانچہ امام مالکؒ جو حضرت ابن عمرؓ کی روایت کو سب سے زیادہ اہمیت دیتے ہیں مجبور ہوئے کہ تعاملِ مدینہ کے پیشِ نظر ترکِ رفع کو اختیار کریں، اور

---

[۱] نیل الفرقدین ص۲۲

[۲] مولانا ابو الحسنات عبد الحیی لکھنویؒ نے مُوَطّا محمد کے حاشیہ میں امام محمد بن نصر مَرْوَزِیؒ کا قول نقل کیا ہے کہ

لانعلم مصرًا من الامصار ترکوا باجماعھم رفع الیدین عند الخفض والرفع فی الصلوۃ إلا اھل الکوفۃ (التعلیق الممجد ص۹۱)

ہم کسی شہر کے بارے میں نہیں جانتے کہ وہاں کے تمام باشندوں نے رکوع میں جھکتے وقت اور رکوع سے اُٹھتے وقت رفع یدین کو چھوڑ دیا ہو سوائے کوفہ والوں کے

اس سے معلوم ہوا کہ کوفہ کے علاوہ دیگر شہروں میں کچھ لوگ رفع یدین کرتے تھے، اور کچھ لوگ نہیں کرتے تھے، البتہ کوفہ کے تمام باشندے۔۔۔۔خواہ وہ فقہاء ہوں یا محدثین۔۔۔۔رفع یدین نہیں کرتے تھے، اور کوفہ وہ مقام ہے جہاں پانچ سو صحابہ کرام کا فرد کش ہونا ہر کسی کو تسلیم ہے، اور عجلیؒ کے قول کے مطابق ڈیڑھ ہزار صحابہ کرام کوفہ میں سکونت پذیر تھے، جن میں ستر بدری صحابہ اور تین سو اصحابِ بیعتِ رضوان تھے، یہ سب حضرات صرف تکبیر تحریمہ کے وقت رفع یدین کرتے تھے اس کے بعد نہیں کرتے تھے۔ ۱۲

باقی بلادِ اسلامیہ میں رفع کرنے والے بھی تھے، اور رفع نہ کرنے والے بھی تھے۔[1]

اور یہ صورتِ حال اس لئے تھی کہ جو عمل جس قدر زیادہ رائج ہوتا ہے اس کے بارے میں روایات کم ہو جاتی ہیں، کیونکہ تعامُل خود بہت بڑی دلیل ہے، اس کی موجودگی میں روایات کی چنداں ضرورت باقی نہیں رہتی، اس لئے وہ بات بغیر کسی نیّت و نَقل کے تسلیم کر لینی چاہئے جو علامہ ابنِ ہمام کے حوالہ سے پہلے گذر چکی ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے رفع بھی ثابت ہے اور عدمِ رفع بھی۔

نقطۂ نظر کا اختلاف:- مجتہدین کرام نے جب مختلف روایات میں غور کیا تو دو نقطۂ نظر سامنے آئے۔

پہلا نقطۂ نظر: کچھ حضرات نے یہ سمجھا کہ رفع یدین تکبیرِ فعلی یعنی تعظیمِ عملی ہے، اور نماز کے لئے زینت ہے، امام شافعیؒ سے ایک موقع پر پوچھا گیا کہ رکوع میں جاتے ہوئے رفعِ یدین کرنے کی کیا وجہ ہے؟ تو انھوں نے جواب دیا کہ

مِثلُ معنی رَفعِهما عند الافتتاحِ، تعظیمًا لله، وسُنّةٌ مُتّبَعةٌ، یُرجیٰ فیها ثوابُ الله؛ ومِثلُ رفع الیدین علی الصفا والمَروةِ وغیرهما.

(نیل الفرقدین ص۴)

اس کی وُہی حکمت ہے جو تکبیرِ تحریمہ کے وقت رفعِ یدین کی ہے، یعنی اللہ تعالیٰ کی تعظیم کرنا، اور یہ ایک معمول بہا سنت ہے جس میں ثواب کی امید ہے، اور جیسے صفا، مَروہ پر اور دوسرے موقعوں پر رفع یدین کیا جاتا ہے۔

حضرت سعید بن جُبیرؒ نے رفع یدین کی حکمت بیان فرماتے ہوئے ارشاد فرمایا ہے کہ

اِنّما هو شیءٌ یُزَیِّنُ به الرجلُ صلوٰتَه (نیل ص۵)

رفع یدین کا مقصد صرف یہ ہے کہ اس کے ذریعہ آدمی اپنی نماز کو مُزیّن کرتا ہے۔

جن حضرات کا یہ نقطۂ نظر بنا انھوں نے رفع یدین کی روایات کو ترجیح دی، اور ان کو معمول بہا بنایا۔

دوسرا نقطۂ نظر: یہ ہے کہ رفع یدین کا مقصد تحَرُّم ہے جیسے سلام کے وقت دائیں بائیں منہ پھیرنے کا مقصد تحلُّل ہے، چنانچہ نماز کے شروع میں تحَرُّم قولی یعنی تکبیر تحریمہ اور تحَرُّم فعلی یعنی رفع یدین

---

[1] امام العصر علامہ کشمیریؒ نیل الفرقدین میں تحریر فرماتے ہیں: وقد کان فی سائر البلاد تارکون ف کثیرٌ من التارکین فی المدینةِ فی عهد مالکؒ وعلیه بَنیٰ مُختارَه (ص۲۳) ۱۲

کو جمع کیا گیا ہے، تاکہ قول وعمل میں مطابقت ہوجائے، اس موقع کے علاوہ نماز کے درمیان تکرّم فعلی کے کوئی معنیٰ نہیں ہیں، بلکہ وہ محض ایک حرکت ہے اور حرکت نماز کے مُنافی ہے، مسلم شریف میں ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم مسجد میں تشریف لائے، آپ نے دیکھا کہ لوگ نماز پڑھتے ہیں اور السّلامُ علیکم ورحمۃ اللہ کہتے وقت دونوں جانب ہاتھ سے اشارہ کرتے ہیں، اس پر آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ

عَلَامَ تُؤَمُّوْنَ بِاَيْدِيْكُمْ كَاَنَّهَا اَذْنَابُ خَيْلٍ شُمْسٍ ؟! اِنَّمَا يَكْفِىْ اَحَدَكُمْ اَنْ يَضَعَ يَدَهٗ عَلٰى فَخِذِهٖ، ثُمَّ يُسَلِّمُ عَلٰى اَخِيْهِ: مَنْ عَلٰى يَمِيْنِهٖ وَشِمَالِهٖ

(صحیح مسلم ص ۱۸۱/۱ج)

کیا بات ہے کہ آپ لوگ ہاتھوں سے اس طرح اشارہ کرتے ہیں جیسے کہ دہ بدکے ہوئے گھوڑوں کی دُمیں ہوں؟! آپ لوگوں کے لئے یہ بات کافی ہے کہ ہاتھ رانوں پر رکھے ہوئے دائیں بائیں اپنے بھائیوں کو سلام کریں۔

علاوہ ازیں ترمذی شریف کی روایت میں نماز کی حقیقت یہ بیان کی گئی ہے:

اَلصَّلٰوةُ مَثْنٰى مَثْنٰى تَشَهَّدُ فِىْ كُلِّ رَكْعَتَيْنِ وَتَخَشَّعُ وَتَضَرَّعُ وَتَمَسْكَنُ وَتُقْنِعُ يَدَيْكَ ـــــ يَقُوْلُ تَرْفَعُهُمَا ـــ اِلٰى رَبِّكَ مُسْتَقْبِلًا بِبُطُوْنِهِمَا وَجْهَكَ وَتَقُوْلُ: يَارَبِّ! يَارَبِّ! وَمَنْ لَّمْ يَفْعَلْ ذٰلِكَ فَهُوَ كَذَا وَكَذَا!

(ترمذی ص ۵۱/۱ج)

نماز دو دو، دو دو رکعتیں ہیں یعنی ہر دو رکعت پر قعدہ ہے، اور فروتنی ہے، اور گڑگڑانا ہے، اور مسکین بننا ہے، اور آپ اپنے دونوں ہاتھ اپنے پروردگار کے سامنے اس طرح اُٹھائیں کہ ہتھیلیاں چہرے کی طرف ہوں اور آپ کہیں اے میرے رب! اے میرے رب! اور جس نے ایسا نہیں کیا وہ ایسا اور ایسا ہے (یعنی ناپسندیدہ بندہ ہے اور اس کی نماز ناقص ہے)

اس روایت میں نماز کی جو حقیقت بیان کی گئی ہے وہ اس بات کی مُقتضی ہے کہ نماز میں زیادہ سے زیادہ سکون ہونا چاہئے، اور نماز میں بار بار ہاتھ اٹھانا ظاہر ہے کہ اس مقصد کو فوت کرتا ہے۔ جن حضرات کا یہ نقطۂ نظر بنا انھوں نے ترکِ رفع کی روایات کو ترجیح دی۔

اختلاف کی دوسری وجہ

اختلاف کی ایک وجہ یہ بھی ہے کہ مجتہدین کے درمیان اس بات میں اختلاف ہوا ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا پہلا عمل کون سا تھا اور آخری عمل کون سا؟ یعنی رفع اصل ہے یا ترکِ رفع اصل ہے؟ کچھ حضرات کا خیال یہ ہے کہ پہلے رفع صرف تکبیر تحریمہ کے وقت تھا، پھر تدریجاً دوسری جگہوں میں

Marfat.com

بھی بڑھایا گیا ہے ——— اس کے بالمقابل دوسرا نقطۂ نظر اس سے بالکل مختلف ہے کہ پہلے نماز میں ہر تکبیر کے وقت رفع یدین کیا جاتا تھا، پھر تدریجًا اس کو ختم کیا گیا، اور صرف تکبیر تحریمہ کے وقت باقی رہا، لہٰذا حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا آخری عمل ترکِ رفع ہے۔

یہی دوسرا نقطۂ نظر قرینِ صواب ہے کیونکہ احادیث کا اگر جائزہ لیا جائے تو درج ذیل مواقع میں رفع یدین کا ذکر ملتا ہے۔

① صرف تکبیر تحریمہ کے وقت (کمافی روایۃ ابن مسعودؓ)
② رکوع میں جاتے وقت اور رکوع سے اٹھتے وقت بھی (کمافی روایۃ ابن عمرؓ)
③ سجدہ میں جاتے وقت بھی (نسائی شریف ص۱۶۵ ج۱، حدیث مالک بن حُوَیرِثؓ)
④ دونوں سجدوں کے درمیان بھی (ابوداؤد شریف ص۱۰۸ ج۱، نسائی شریف ص۱۷۲ ج۱ حدیث ابن عباسؓ)
⑤ دوسری رکعت کے شروع میں بھی (ابوداؤد شریف ص۱۰۵ ج۱ حدیث وائل بن حجرؓ)
⑥ تیسری رکعت کے شروع میں بھی (بخاری شریف ص۱۰۲ ج۱ حدیث ابن عمرؓ)
⑦ ہر اونچ نیچ پر (عند کل خفضٍ ورفعٍ، ابن ماجہ ص۶۲ حدیث عُمَیرُ بن حبیبؓ ولفظہ یَرْفَعُ یدیہ مع کل تکبیر)

رفع یدین کے یہ تمام مواقع احادیث کی کتابوں میں مروی ہیں، لیکن امام شافعیؒ اور امام احمدؒ صرف تین موقعوں پر رفع یدین کو سنت سمجھتے ہیں، باقی جگہوں میں منسوخ مانتے ہیں، لہٰذا فی الجملہ نسخ ان حضرات نے بھی تسلیم کر لیا یعنی مذکورہ بالا سات جگہوں میں سے پانچ جگہوں میں قائلین رفع بھی نسخ تسلیم کرتے ہیں، اور ایک جگہ یعنی تکبیر تحریمہ کے بارے میں سب کا اتفاق ہے کہ نسخ نہیں ہوا ہے۔

اب اختلاف صرف یہ ہے کہ دوسری صورت میں یعنی رکوع میں جاتے وقت اور رکوع سے اُٹھتے وقت رفع یدین معمول بہا ہے یا منسوخ؟ دو امام کہتے ہیں کہ ان دو۲ جگہوں میں رفع یدین منسوخ نہیں ہوا ہے بلکہ معمول بہا ہے، اور دو۲ امام فرماتے ہیں کہ ان دو۲ جگہوں میں بھی رفع یدین منسوخ ہو گیا ہے۔

ہم اگر نقطۂ نظر کے اس اختلاف کو سمجھنا چاہیں اور جاننا چاہیں کہ کون سا نقطۂ نظر صحیح ہے؟ تو ہمیں ایک مثال پیشِ نظر رکھنی ہوگی، وہ مثال یہ ہے کہ ایک بڑے محل کے بارے میں ہمارے سامنے مختلف رپورٹیں ہیں کہ اس کے ایک۱ کمرہ میں بجلی ہے، تین۳ کمروں میں بجلی ہے، چار۴ میں، پانچ۵ میں، چھ۶ میں سات۷ میں، اور ہر کمرہ میں بجلی ہے۔ رپورٹوں کے اس اختلاف کو ختم کرنے کی دو۲ ہی صورتیں ہیں اگر صورتحال

Marfat.com

یہ ہے کہ تدریجًا بجلی بڑھائی گئی ہے تو ہمیں آخری رپورٹ لینی ہوگی کہ ہر کمرہ میں بجلی ہے، اور باقی رپورٹوں کے بارے میں ہمیں کہنا ہوگا کہ وہ پہلے زمانہ کی رپورٹیں ہیں جبکہ اُتنے ہی کمروں میں بجلی لگی تھی، اور اگر صورت حال دوسری ہے یعنی تدریجًا بجلی ختم کی گئی ہے تو پھر ہمیں ایک کمرہ والی رپورٹ لینی ہوگی، اور باقی کے بارے میں یہ کہنا ہوگا کہ وہ پہلے زمانہ کی رپورٹیں ہیں جبکہ ان کمروں میں بھی بجلی تھی، مگر وہ بعد میں ختم کر دی گئی۔

مذکورہ بالا مثال کی روشنی میں معقول نقطۂ نظر صرف دو ہی ہو سکتے ہیں، یا تو صرف تکبیر تحریمہ کے وقت رفع یدین مانا جائے، باقی روایتوں کے بارے میں یہ کہا جائے کہ وہ سب روایتیں صحیح ہیں مگر پہلے زمانہ کی ہیں جو بعد میں منسوخ ہو گئی ہیں، یا پھر ہر اونچ نیچ میں رفع یدین مانا جائے، اور باقی روایتوں کے بارے میں یہ کہا جائے کہ وہ پہلے زمانہ کی ہیں جس وقت صرف اُنہی مواقع میں رفع یدین تھا، درمیان کی کوئی روایت لینا کوئی معقول نقطۂ نظر نہیں ہے۔

امام ابو حنیفہؒ اور امام مالکؒ نے یہ سمجھا کہ رفع یدین تدریجًا ختم کیا گیا ہے، اور آخر میں صرف ایک جگہ باقی رہ گیا ہے، اور ان کا یہ سمجھنا بایں وجہ قابلِ قبول ہے کہ دوسرے دو امام بھی فی الجملہ نسخ تسلیم کرتے ہیں۔

اور امام شافعیؒ اور امام احمدؒ کا نقطۂ نظر بایں وجہ قابلِ قبول نہیں ہے کہ وہ ایک طرف نسخ بھی تسلیم کرتے ہیں، اور دوسری طرف آخری روایت بھی نہیں لیتے، بلکہ درمیانی مرحلہ کی ایک روایت لیتے ہیں، اور یہ بات کسی طرح معقول نہیں ہو سکتی۔

نسخ کا ایک اور واضح قرینہ

روایات کا جائزہ لینے سے یہ بات صراحۃً معلوم ہوتی ہے کہ پہلے نماز میں بہت سی چیزیں جائز تھیں جو بعد میں ختم کر دی گئیں، ابو داؤد شریف میں حضرت مُعاذ رضی اللہ عنہ کی روایت ہے جس میں نماز میں تین تغیرات کا ذکر ہے، ان میں سے ایک یہ ہے کہ پہلے مسبوق جب آتا تھا تو کسی نمازی سے پوچھ لیتا تھا کہ کتنی رکعتیں ہوئیں، پھر وہ فوت شدہ رکعتوں کو پڑھ کر نماز میں شریک ہوتا تھا، اسی طرح پہلے نماز میں سلام کا جواب دینا جائز تھا، پھر جب آیت قُوْمُوْا لِلّٰهِ قٰنِتِيْنَ نازل ہوئی تو نماز میں بولنے کی ممانعت کر دی گئی، اسی طرح پہلے دورانِ نماز سلام کا اشارہ سے جواب دینا جائز تھا، مسجد ضرار کے قصے میں جب حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم قُبا کی مسجد میں تشریف لے گئے تھے تو اہلِ قُبا میں سے جو بھی آتا آں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو سلام کرتا تھا، آپ نماز پڑھتے ہوئے اشارہ سے ان کو جواب

Marfat.com

دیتے تھے۔

اسی طرح اوپر مسلم شریف کے حوالہ سے جو روایت ذکر کی گئی ہے اس سے اور دیگر روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ پہلے نماز میں صرف تکبیر کے ساتھ رفع یدین نہیں کیا جاتا تھا، بلکہ سلام کے وقت بھی رفع یدین کیا جاتا تھا، جس پر حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے نکیر فرمائی، اور امت اس پر متفق ہے کہ سلام کے وقت رفع یدین منسوخ ہو گیا ہے۔

مسلم شریف ہی میں اس روایت سے اوپر متصل حضرت جابر بن سَمُرَۃ رضی اللہ عنہ کی ایک اور روایت بھی ہے جس میں حضورؐ نے سلام کے علاوہ اور جگہوں میں رفع یدین کرنے پر بھی نکیر فرمائی ہے، اور نماز میں پُرسکون رہنے کا حکم دیا ہے وہ روایت یہ ہے:

عن جابر بن سَمُرَةَ رض قال: خَرَجَ علينا رسولُ الله صلى الله عليه وسلم فقال: مَالِي أَرَاكُمْ رَافِعِي أَيْدِيكُم كَأَنَّهَا أَذْنَابُ خَيْلٍ شُمْسٍ؟ اُسْكُنُوا فِي الصَّلٰوةِ!

(مسلم شریف باب الامر بالسکون فی الصلوٰۃ الخ ص۱۸۱ ج۱ مصری)

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے پاس تشریف لائے اور ارشاد فرمایا کہ: کیا بات ہے کہ میں آپ لوگوں کو ہاتھ اُٹھاتے ہوئے دیکھتا ہوں بدکے ہوئے گھوڑوں کی دُموں کی طرح؟ نماز میں سکون اختیار کرو۔

یہ روایت سابقہ روایت سے بالکل مختلف ہے، امام نوویؒ رح کا دونوں حدیثوں کو ایک گردانا صحیح نہیں ہے، اس حدیث میں جس رفع یدین کا ذکر ہے وہ سلام کے علاوہ دیگر مواقع میں کیا جانے والا رفع یدین ہے، اسی پر آں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے نکیر فرمائی ہے، اور پُرسکون رہنے کا حکم دیا ہے "نماز میں پرسکون رہو" کا حقیقی مفہوم یہی ہے۔

اور اگر بالفرض دونوں واقعے ایک ہوں تب بھی سلام کے وقت کے رفع یدین پر دیگر مواقع کے رفع یدین کو قیاس کیا جاسکتا ہے، کیونکہ جب سلام کے وقت رفع یدین نماز کے مُنافی ہے اور سکون کو ختم کرنے والا ہے تو دوسرے مواقع میں رفع یدین کا حال بھی یہی ہوگا، لہذا سب کا ایک ہی حکم ہوگا، اس لئے یہ روایت علاوہ دیگر قرائن کے نسخ کی واضح دلیل ہے۔

دوامِ رفع کی کوئی دلیل نہیں ہے

اور رفع یدین کا دوام کسی حدیث سے ثابت نہیں ہے یعنی حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیشہ ہر نماز میں رفع یدین کیا ہو اس کا کوئی ثبوت نہیں ہے، بلکہ بہت ممکن ہے کہ آپ نے آمین بالجہر کی طرح کبھی کبھی رفع یدین کیا ہو، چنانچہ حضرت قدس سرہ نے جواب میں دوامِ رفع

Marfat.com

کی دلیل طلب کی ہے کیونکہ اس کے بغیر مدعیٰ ثابت نہیں ہوسکتا۔

دفعۂ اول: آپ ہم سے رَفعِ یَدَین نہ کرنے کی حدیثِ صحیح مُتَّفَقٌ علیہ مانگتے ہیں جو درباۂ عدمِ رفع، نَصِّ[1] صریح بھی ہو، ہم آپ سے دوامِ رفعِ یَدَین کی نَصِّ صریح مُتَّفَقٌ عَلَیہ، کے طالب ہیں، اگر ہو تو لائیے اور دس[۱۰] کے بدلے بیس[۲۰] لے جائیے ورنہ کچھ تو شرمائیے۔

رفعِ یدین کے آخری عمل ہونے کی بھی کوئی دلیل نہیں ہے

نیز اس بات کی بھی کوئی دلیل نہیں ہے کہ رفعِ یدین آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کا آخری عمل تھا، اور ترکِ رفع پہلا عمل تھا، اگر ایسی کوئی دلیل ہوتی تو یہ کہا جا سکتا تھا کہ پہلے رَفع نہیں تھا، بعد میں بڑھایا گیا، حضرت قدس سرہ نے مقابل سے رفع کے آخری عمل ہونے کی دلیل طلب فرمائی ہے، جسے آج تک کوئی پیش نہیں کرسکا، نہ قیامت تک کوئی پیش کرسکتا ہے۔

ع صلائے عام ہے یارانِ نکتہ داں کے لئے!

اور دلیل میں گنجائش رکھی ہے کہ نَصِّ صریح، حدیث مُتَّفَقٌ عَلَیہ ہونا ہی ضروری نہیں ہے، قابلِ استدلال روایت سے ـــــ اگرچہ وہ حسن لغیرہ کے درجہ کی ہو ـــــ یہ بات ثابت کی جائے۔

اور یہ بھی نہ ہو تو آپ آخری وقت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم ہی میں کسی نَصِّ سے آپؐ کا رفعِ یدین کرنا ثابت کیجئے، اور دس[۱۰] کی جگہ بیس[۲۰] لیجئے، اور نہ ہو سکے تو پھر کسی کے سامنے مُنہ نہ کیجئے! زیادہ وُسعت چاہئے تو ہم صحیح کی بھی قید نہیں لگاتے، چہ جائے کہ مُتَّفَقٌ عَلَیہ ہو۔

مُتَّبعِ حدیث کون ہے؟

جب رفعِ یدین کا نہ دوام ثابت ہے، نہ آخری عمل ہونا ثابت ہے اور نسخِ رَفع کے قرائن موجود ہیں تو بتائیے کہ مَنسوخ حدیثوں پر عمل کرنے والا حدیث کی پیروی کرنے والا کہلائے گا، یا ناسخ اور معمول بہا حدیثوں پر عمل کرنے والا مُتَّبعِ سنتِ نبوی ہوگا؟

اگر اس پر بھی آپ سے کچھ نہ بن آئے تو پھر آپ ہی فرمائیں کہ اب مُتَّبعِ حدیث و سنت کون ہے؟ آپ یا ہم؟

[1] نَصّ: ایسا کلام جس میں تاویل کی گنجائش نہ ہو۔ (مصباح اللغات)

Marfat.com

احادیث میں تعارض نہیں ہے : اور جو لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ رفع کے سلسلہ کی روایات مُتعارِض ہیں، ان کا یہ خیال صحیح نہیں ہے، تعارُض اُس وقت تک رہتا ہے جب تک تقدیم وتاخیر اور ناسخ ومنسوخ ثابت نہ ہوجائیں، اور رفع اور ترکِ رفع کی روایات میں قرائنِ قویہ اور روایاتِ صحیحہ سے تقدیم وتاخیر اور ناسخ و مَنسوخ متعین ہیں، جیسا کہ تفصیل سے عرض کیا جاچکا ہے، لہٰذا جو حضرات روایات کی کثرت کی وجہ سے یا اسانید کی قوت کی وجہ سے رفع کی روایات کو ترجیح دیتے ہیں، وہ محض اپنی رائے کی پیروی کرتے ہیں، مُتَّبِع حدیث اُن کو نہیں کہا جاسکتا، اور جو لوگ ترکِ رفع کی روایات پر عمل کرتے ہیں وہ ناسخ روایتوں پر عمل کرتے ہیں، اور نسخ، روایات وتعامل اور قرائن قویہ سے ثابت ہے، پس یہ رائے کے دخل کے بغیر احادیث پر عمل کرنا ہے جس سے بہتر کوئی صورت نہیں ہوسکتی۔

> درصورتیکہ دوامِ رفع، اور آخر وقت میں رفع کسی حدیث سے ثابت نہ ہوا تو بقاءِ نسخِ رفع سے احادیثِ رفع ساکت ہوں گی، اور اس سبب سے احادیثِ نسخ وترک، رفع کے مُعارِض نہ ہوں گی، جو آپ کو یہ گنجائش ملے کہ احادیثِ رفع کو احادیثِ ترک پر ترجیح دینے کے واسطے آمادہ ہوں۔
>
> مگر اس صورت میں حنفی مُتَّبِعِ حدیث ہوں گے، اور آپ اپنی رائے کے تابع، اور اتنی بات آپ بھی جانتے ہوں گے کہ احادیثِ ترکِ رفع بہرحال آپ کی رائے نارسا اور اجتہاد ناروا سے کہیں بہتر ہیں۔

ایک شبہ کا ازالہ | اگر کسی کو یہ شُبہ ہو کہ ترکِ رفع کے معنی ہیں "عدمِ رفع" (رفع نہ کرنا) اور عدم وجود سے مُقدَّم ہوتا ہے، پس رفع نہ کرنا پہلے ہوگا، اور رفع کرنا بعد کا عمل ہوگا۔

تو اس کا جواب یہ ہے کہ اس بحث میں ترک بمعنی "عدمِ فعل" نہیں ہے، بلکہ یہاں ترک کے معنی یہ ہیں کہ ایک عمل جو پہلے رائج تھا بعد میں موقوف کردیا گیا، پس احادیثِ ترکِ رفع بذاتِ خود نسخ کی سب سے بڑی دلیل ہیں، جس کے بعد کسی اور دلیل کی حاجت ہی نہیں رہتی۔

> مگر یہ یاد رہے کہ "ترک" اُن احادیث میں بمعنی "عدمِ فعل" نہیں، بلکہ موقوفی بعد رواج مراد ہے، جس سے نسخِ رفع عیاں ہے۔

(۲)

آمین بالجہر کا مسئلہ

مذاہب فقہاء ـــــ آمین کے بارے میں روایات ـــــ
سلف صالحین کا عمل ـــــ سرًّا آمین کہنے کے دلائل ـــــ آہستہ
آمین کہنا اصل ہے اور جہرًا کہنا تعلیم کے لئے تھا ـــــ سفیان ثوریؒ
اور شعبہؒ کی روایتوں میں تطبیق

Marfat.com

(۲)

آمین بالجہر کا مسئلہ

جہری نمازوں میں سورۂ فاتحہ کے بعد جہراً یا سراً (زور سے یا آہستہ) آمین کہنے کے بارے میں فقہاء کرام کی رائیں مختلف ہیں، جن کی تفصیل درجِ ذیل ہے۔

احناف کے نزدیک امام و مقتدی سب کے لئے آمین کہنا بھی سنت ہے اور اس کا سِرًّا (آہستہ) کہنا بھی سنت ہے، یعنی یہ دو سنتیں علیحدہ علیحدہ ہیں ایک آمین کہنا اور دوسرے اس کو سِرًّا کہنا، دُرِّ مختار میں ہے:

والثَّنَاءُ، والتَّعَوُّذُ، والتَّسْمِيَةُ، والتَّأْمِيْنُ وكَوْنُهُنَّ سِرًّا

اور (نماز کی سنتیں) ثناء، اَعُوذ باللہ اور بسم اللہ پڑھنا اور آمین کہنا ہیں، اور ان چاروں کا سِرًّا کہنا ہے۔

وكَوْنُهُنَّ سِرًّا پر علامہ شامیؒ نے حاشیہ لکھا ہے کہ

جَعَلَ سِرًّا خبرَ الكونِ المحذوفِ لِيُفيدَ أنَّ الإسرارَ بها سُنَّةٌ أُخْرٰى، فعلٰى هٰذا سُنِّيَّةُ الاتيانِ بها تَحْصُلُ و لو مع الجَهْرِ بها۔

(شامی ص۳۹۱ ج۱ مبحث سنن الصلوٰۃ)

صاحبِ دُرِّ مختار نے سِرًّا کو کَوْن (مصدر کان) محذوف کی خبر بنایا ہے، تاکہ یہ بات معلوم ہو کہ ان چاروں کا آہستہ کہنا دوسری سنت ہے، لہٰذا ان چاروں کو کہنے کی سنت ادا ہو جائے گی اگرچہ جہراً (زور سے) کہے (البتہ سِرًّا کہنے کی سنت ادا نہ ہوگی جو ایک مستقل سنت ہے)

مالکیہ کا مُفتٰی بہ مذہب بھی یہی ہے کہ آہستہ آمین کہنا مستحب ہے، علامہ دَرْدِیرؒ کی شرحِ صغیر میں ہے کہ

نَدُبَ الإسرارُ به ای بالتأمين لِكُلِّ مُصَلٍّ

آہستہ آمین کہنا مستحب ہے ہر اس نمازی کے لئے

Marfat.com

طُلِبَ منه (بُلغَة السالك ص۱۱۹/ج۱) جس سے آمین کہنے کا مطالبہ کیا گیا ہے۔

حنابلہ کے نزدیک امام و مقتدی سب کے لئے جہراً (زور سے) آمین کہنا سنت ہے، ابن قدامہؒ لکھتے ہیں کہ

ویُسَنُّ ان یَجْهَرَ به الامامُ والمأمومُ فیما یُجْهَرُ فیه بالقراءةِ، واِخفاؤُها فیما یُخْفٰی فیه۔

(المُغنی ص۵۲۹/ج۱)

امام و مقتدی کا زور سے آمین کہنا مسنون ہے ان نمازوں میں جن میں زور سے قرأت کی جاتی ہے اور آہستہ آمین کہنا مسنون ہے ان نمازوں میں جن میں آہستہ قرأت کی جاتی ہے۔

امام شافعیؒ کا قولِ قدیم یہ تھا کہ جہری نمازوں میں امام و مقتدی سب کے لئے جہراً آمین کہنا سنت ہے، اور ان کا قولِ جدید یہ ہے کہ صرف امام کے لئے جہراً آمین کہنا سنت ہے، اور مقتدیوں کے لئے سِرّاً آمین کہنا سنت ہے ——— مگر شوافع کے نزدیک مفتی بہ قولِ قدیم ہے، حافظ ابن حجرؒ نے لکھا ہے وعلیہ الفتوٰی، امام رافعیؒ نے بھی اسی کو ترجیح دی ہے، جدید قول پر شوافع نے فتویٰ نہیں دیا ہے۔ (معارف السنن ص۳۹۰/ج۲، شرحِ مُہذّب ص۳۶۸/ج۳)

مذاہب کی مذکورہ بالا تفصیل سے یہ بات واضح ہوتی ہے کہ آمین کے آہستہ یا بلند آواز سے کہنے کے جواز پر سب کا اتفاق ہے، البتہ دو اماموں کے نزدیک آہستہ کہنا بہتر ہے، اور دوسرے دو اماموں کے نزدیک زور سے کہنا بہتر ہے، الغرض اختلاف اولیٰ اور غیر اولیٰ کا ہے، جواز اور عدمِ جواز کا نہیں ہے۔

آمین کے بارے میں روایات

مختلف ہیں، سِرّاً کہنے کی بھی روایات ہیں، اور جہراً کہنے کی بھی ہیں مگر جہراً آمین کہنے کے بارے میں جو روایات صحیح ہیں وہ صریح نہیں ہیں، اور جو صریح ہیں وہ صحیح نہیں ہیں، مثلاً سب سے اعلیٰ درجہ کی روایت یہ ہے کہ

اذا اَمَّنَ الامامُ فَاَمِّنُوا، فانه مَنْ وَافَقَ تَأْمِینُه تَأْمِینَ الملٰئکةِ غُفِرَ له ماتقدَّمَ مِنْ ذَنْبِه (رواه الائمة الستة)

جب امام آمین کہے تو تم بھی آمین کہو، کیونکہ جس کا آمین کہنا فرشتوں کے آمین کہنے کے موافق ہوگا اس کے پچھلے تمام گناہ معاف کر دیئے جائیں گے۔

یہ حدیث صحیح ہے، اور اسی سے امام بخاریؒ نے آمین بالجہر ثابت کیا ہے، مگر یہ حدیث اس سلسلہ میں صریح نہیں ہے، کیونکہ مسلم شریف اور ابوداؤد شریف میں حدیث کے راوی امام ابن شہاب زہریؒ

Marfat.com

کا حدیث کے آخر میں یہ قول ذکر کیا گیا ہے وَکَانَ رَسُولُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم یقولُ: آمین (اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم آمین کہا کرتے تھے) اگر حضورؐ زور سے آمین کہتے تھے تو امام زُہریؒ کو اس تصریح کی ضرورت کیوں پیش آئی؟

علاوہ ازیں صحیحین میں اس حدیث شریف کے یہ الفاظ بھی مروی ہیں۔

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: اذا قال الامامُ: وَلَا الضَّآلِّیْنَ فقولوا: آمین فانہ مَنْ وَافَقَ قولُہ قولَ الملائکۃِ غُفِرَ لہ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جب امام وَلَا الضَّآلِّیْنَ کہے تو تم آمین کہو، اس لئے کہ جس کا قول فرشتوں کے قول کے موافق ہوگا اس کی بخشش کردی جائیگی

(واللفظ للبخاری)

اس حدیث شریف میں مقتدیوں کے آمین کہنے کو امام کے وَلَا الضَّآلِّیْن کہنے پر مُعَلَّق کیا گیا ہے، اور یہ بات اسی صورت میں معقول ہے جب امام آمین سِرًّا (آہستہ) کہے، ورنہ وَلَا الضَّآلِّیْنَ کہنے پر آمین کہنے کو مُعَلَّق کرنا کوئی معنی نہیں رکھتا، اور جب امام کا سِرًّا آمین کہنا ثابت ہوا تو مقتدیوں کو بدرجۂ اولیٰ سِرًّا کہنا چاہئے۔

اور یہ حدیث بھی حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے جیسا کہ پہلے گذری ہوئی حدیث بھی انہی سے مروی ہے اور جب ایک ہی حدیث دو طرح سے مروی ہو، ایک سے سِرًّا آمین کہنے کا اشارہ ملتا ہو، اور دوسری سے جَہْرًا کہنے کا، تو اس کو صریح کیسے کہہ سکتے ہیں؟

اور جو روایات صریح ہیں وہ صحیح نہیں ہیں مثلاً:

① حضرت وائل[1] بن حجرؓ رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ

سمعتُ النبیَّ صلی اللہ علیہ وسلم قرأ غَیْرِ المَغْضُوْبِ عَلَیْھِمْ وَلَا الضَّآلِّیْنَ وقالَ: آمین، ومَدَّ بِھَا صَوْتَہ، وفی روایۃ

میں نے سنا کہ جب حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے غَیْرِ المَغْضُوْبِ عَلَیْھِمْ وَلَا الضَّآلِّیْنَ پڑھا تو آمین کہا، اور آمین کہتے ہوئے اپنی آواز کو کھینچا، اور

---

[1] حضرت وائل بن حجرؓ یمن کے شہزادے تھے، جب پہلی مرتبہ وہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے تھے تو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُن کا پُرتپاک استقبال کیا تھا، بلکہ ان کی آمد سے حضورؐ نے صحابۂ کرام رضؓ کو خوشخبری سنائی تھی، وہ کئی دن حضورؐ کی خدمت میں رہے، اور دینی تعلیم حاصل کرکے وطن واپس لوٹ گئے تھے ۱۲

Marfat.com

ابی داؤد فجهر بآمین، وفی اخریٰ له قال: آمین ورفع بها صوته

دوسری روایت میں ہے کہ زور سے آمین کہی، اور تیسری روایت میں ہے کہ آمین کہتے وقت اپنی آواز بلند کی

یہ سب الفاظ سفیان ثوری رح کی روایت کے ہیں، اور ان کے ساتھی امام شعبہ رح اسی روایت کو درج ذیل الفاظ سے روایت کرتے ہیں کہ

ان النبی صلی الله علیه وسلم قرأ غَيْرِ الْمَغْضُوبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّالِّينَ فقال: آمین، وخفض بها صوته[1]

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے جب غَيْرِ الْمَغْضُوبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّالِّينَ پڑھا تو آمین کہا، اور آمین کہتے وقت اپنی آواز پست کر دی۔

متن کے اس اختلاف کے علاوہ سفیان ثوری اور امام شعبہ کے درمیان اس حدیث کی سند میں بھی اختلاف ہے، جس کی وجہ سے امام بخاری اور امام مسلم نے صحیحین میں اس حدیث کو نہیں لیا ہے، محدثین نے اگرچہ اس بات پر پورا زور صرف کیا ہے کہ حضرت سفیان ثوری رح کی روایت کو ترجیح دیں مگر وہ اپنی کوشش میں کامیاب نہیں ہو سکے ہیں۔ کیونکہ امام شعبہ کی سند پر جو اعتراضات کئے گئے ہیں اس کے معقول جوابات موجود ہیں۔

(۲) دار قطنی میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے کہ جب حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سورۂ فاتحہ پڑھ کر فارغ ہوتے تو آواز بلند کرتے اور آمین کہتے، ——— مگر یہ حدیث بھی صحیح نہیں ہے، اس کی سند میں یحییٰ بن عثمان اور ان کے استاذ اسحاق بن ابراہیم زبیدی متکلم فیہ راوی ہیں۔

(۳) دار قطنی ہی میں اسی مضمون کی دوسری روایت حضرت ابن عمر رض سے مروی ہے، مگر (وہ بھی) صحیح نہیں ہے، اس کی سند میں ایک راوی بحر السقاء ہیں جو ضعیف ہیں۔

(۴) ابن ماجہ میں حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی حدیث ہے، مگر وہ بھی صحیح نہیں ہے، اس کی سند میں ابن ابی لیلیٰ صغیر ہیں جو ضعیف ہیں۔

(۵) ابن ماجہ ہی میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی یہ حدیث ہے کہ

ترك الناس التأمين، وكان رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا قال غَيْرِ الْمَغْضُوبِ

لوگوں نے آمین کہنا چھوڑ دیا حالانکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب وَلَا الضَّالِّينَ کہتے تو آمین کہتے

---

[1] رواه احمد ص ۳۱۶/۴، والطيالسي وابو يعلىٰ الموصلي، والطبراني، والحاكم، كما في نصب الراية ص ۳۶۹/۱

عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّالِّيْنَ قَالَ آمِيْن حَتّٰى يَسْمَعَهَا اَهْلُ الصَّفِّ الاول فَيَرْتَجُّ بِهَا المسجدُ

یہاں تک کہ پہلی صف والے اس کو سن لیتے یہاں تک کہ آمین کہنے کی وجہ سے مسجد گونج جاتی۔

یہ حدیث بھی صحیح نہیں ہے۔ اس حدیث کو حضرت ابوہریرہ رضؓ سے ان کے عم زاد ابو عبداللہ روایت کرتے ہیں، جن کا حال معلوم نہیں ہے، اور ان کے شاگرد بشر بن رافع نہایت ضعیف ہیں، ابن حبّان اُن کے بارے میں لکھتے ہیں یَرْوِی الموضوعاتِ (یہ شخص موضوع روایتیں کرتا ہے۔)

⑥ اُمّ الحُصَین رضؓ فرماتی ہیں کہ انھوں نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے نماز پڑھی جب حضورؐ نے وَلَا الضَّالِّيْنَ کہا تو آمین کہی جس کو انھوں نے سنا دراں حالیکہ وہ عورتوں کی صف میں تھیں[1] ——— یہ روایت بھی صحیح نہیں ہے، اس کی سند میں اسماعیل بن مُسْلِم مکّی ضعیف راوی ہیں[2]۔

الحاصل آمین بالجہر کے سلسلہ میں جتنی صریح روایات ہیں ان میں سے کوئی بھی صحیح نہیں ہے۔

سَلَف کا عمل

رہا سَلَف کا عمل تو امام طبری رح اس کے بارے میں فرماتے ہیں کہ

اِنَّ اکثرَ الصحابۃِ و التابعین رضی اللہ عنہم کانوا یُخْفُوْنَ بِهَا

صحابۂ کرام اور تابعین عظام کی زیادہ تعداد آمین آہستہ کہتی تھی۔

(اعلاء السنن ص۲۲۳ ج۲)

البتہ صغارِ صحابہ کے زمانہ میں خاص طور پر حضرت عبداللہ بن زُبَیر رضی اللہ عنہما نے جہراً آمین کہنے کا رواج ڈالا، ان کا دارالسلطنت مکّہ تھا اس لئے مکّہ مکرمہ میں جہراً آمین کہنا رائج تھا، اسی سے امام شافعیؒ نے ——— جن کی جائے پیدائش مکّہ مکرمہ ہے ——— آمین بالجہر کو اختیار کیا، مگر مدینہ مُنَوَّرہ کی صورتِ حال دوسری تھی، چنانچہ امام مالکؒ نے ——— جن کے یہاں تعاملِ مدینہ کی سب سے زیادہ اہمیت ہے ——— سرّاً آمین کہنے کو اختیار فرمایا۔

سِرّاً آمین کہنے کے دلائل

آہستہ آمین کہنے کی سب سے بڑی دلیل وہ حدیث شریف ہے جو پہلے بخاری شریف اور مسلم شریف کے حوالہ سے درج کی جاچکی ہے، جس میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مقتدیوں کے آمین کہنے کو امام کے وَلَا الضَّالِّيْنَ کہنے پر

---

[1] رواہ ابن راہویہ فی مُسْنَدِہ کما فی نصب الرایہ ص۳۷۱ ج۱

[2] تفصیل کے لئے دیکھئے اعلاء السنن ص۲۲۲ ج۲

Marfat.com

مُعلّق فرمایا ہے، اس روایت کی کوئی تاویل نہیں کی جا سکتی، اور اِذَا اَمَّنَ الْاِمَامُ فَاَمِّنُوْا کی یہ تاویل ہو سکتی ہے کہ جب امام کے آمین کہنے کا وقت آئے تو مقتدی بھی آمین کہیں۔

دوسری دلیل حضرت وائل بن حُجْر رضی اللہ عنہ کی وہ حدیث ہے جس کے راوی امام شعبہ ہیں اور جس کے الفاظ خَفَضَ بِهَا صَوْتَهٗ ہیں۔

تیسری دلیل حضرت سَمُرَۃ رضؓ اور حضرت عِمْران رضؓ کا واقعہ ہے حضرت سَمُرَۃ رضؓ نے فرمایا کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نماز میں تکبیر تحریمہ کے بعد تھوڑی دیر خاموش رہتے تھے، اور وَلَا الضَّالِّيْنَ کے بھی تھوڑی دیر خاموش رہتے تھے، حضرت عِمْران رضؓ نے دوسرے سَکتہ کا انکار فرمایا، بالآخر دونوں حضرات نے حضرت اُبَیّ بن کعب رضی اللہ عنہ کی طرف رجوع کیا، تو حضرت اُبَیّ رضؓ نے فرمایا کہ سَمُرَہ کو صحیح یاد ہے، یعنی حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم وَلَا الضَّالِّيْنَ کے بعد بھی خاموش ہوتے تھے (یہ خاموش ہونا آمین کہنے کے لئے ہوتا تھا)۔

چوتھی دلیل حضرت ابراہیم نَخَعی رحؒ کا ارشاد ہے کہ پانچ چیزیں امام آہستہ کہے گا، ثنا، تعوذ، بسم اللہ، آمین اور تحمید[1]

آہستہ آمین کہنا اصل ہے اور جہراً کہنا برائے تعلیم تھا

اب یہ بات غور طلب ہے کہ مذکورہ بالا دونوں قسم کی روایتوں میں اصل سنت کیا ہے؟ اس کی تعیین میں مجتہدین کے درمیان اختلاف ہوا ہے، حنفیہ اور مالکیہ کی رائے یہ ہے کہ اصل سنت آمین کا سِرًّا کہنا ہے۔ کیونکہ آمین ایک دُعا ہے، اور دعا میں افضل سِرّ ہے، اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جب بھی زور سے آمین کہی ہے تو وہ لوگوں کی تعلیم کے لئے تھی جس طرح سِرّی نمازوں میں گاہے ماہے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ایک دو آیتیں زور سے پڑھ دیتے تھے، تاکہ لوگ یہ جان سکیں کہ حضورؐ فلاں سورت پڑھ رہے ہیں، اسی طرح ایک مرتبہ حضرت عمر رضؓ کے دورِ خلافت میں باہر سے کچھ لوگ دین سیکھنے کے لئے آئے تھے تو حضرت عمر رضؓ نے ان کی تعلیم کے لئے نماز میں ثنا زور سے پڑھی تھی۔

اس دعویٰ کی دلیل یہ ہے کہ حضرت وائل بن حُجْر رضؓ کی مذکورہ بالا حدیث مُحَدِّث ابو بِشْر دُولَابی نے کتاب الاَسماء والکُنیٰ میں ان الفاظ کے ساتھ ذکر کی ہے۔

---

[1] یہ تمام روایات اعلاء السنن جلد دوم صـ۲۱۱ باب ماجاء فی سُنِّیَّۃِ التأمین والاخفاء بِهَا سے لی گئی ہیں۔

Marfat.com

فقال: آمین یَمُدُّ بها صوتَه، ما اُراہ اِلاَّ لِیُعَلِّمَنا [1]

کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے آمین کہی، اور آمین کہتے وقت اپنی آواز کھینچی، جہاں تک میں سمجھتا ہوں حضورؐ کا مقصد ہمیں تعلیم دینا تھا۔

اور طبرانی نے معجم کبیر میں حضرت وائل بن حجرؓ کی روایت اس طرح ذکر کی ہے۔

رأیتُ النبیَّ صلی اللہ علیہ وسلم دَخَلَ فی الصلوٰۃ، فلما فَرَغَ من فاتحۃ الکتاب قال: آمین ثلٰثَ مَرّاتٍ [2]

میں نے دیکھا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز شروع فرمائی، اور جب آپ نے سورۂ فاتحہ ختم کی تو تین بار آمین کہی

حافظ ابن حجر عسقلانی رح جو شافعی ہیں، اور آمین بالجہر کے پُرزور دلیل ہیں وہ اس حدیث کا مطلب یہ بیان کرتے ہیں کہ حضرت وائل رضؓ نے تین نمازوں میں حضورؐ کو زور سے آمین کہتے ہوئے سنا ہے، حدیث کا یہ مطلب نہیں ہے کہ ایک ہی رکعت میں تین بار آمین کہی تھی، حافظ ابن حجر کا یہ قول مواہب کی شرح میں نقل کیا گیا ہے [3]

یہ روایات یہ فیصلہ کرنے کے لئے بہت کافی ہیں کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیشہ جہرًا آمین نہیں کہی ہے، گاہے ماہے لوگوں کی تعلیم کے لئے کہی ہے [4]، اگر جہرًا آمین کہنا حضورؐ کا معمول ہوتا تو حضرت وائل رضؓ کو یہ کہنے کی کوئی ضرورت نہیں تھی کہ ما اُراہ الا لِیُعَلِّمَنا اور قال آمین ثلٰثَ مَرّاتٍ

ثوری اور شعبہ کی روایتوں میں تطبیق

رہا حضرت سفیان ثوری اور امام شعبہ کی روایتوں کا اختلاف تو وہ درحقیقت کوئی اختلاف نہیں ہے بلکہ ایک ہی صورتِ حال کی مختلف تعبیریں ہیں، آواز کھینچنے اور آواز بلند کرنے کا مطلب یہ ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس خاص موقع میں آمین سِرًّا نہیں کہی تھی، بلکہ جہرًا کہی تھی، مگر جس لہجہ میں سورۂ فاتحہ پڑھی تھی اس لہجہ میں آپؐ نے آمین نہیں کہی تھی، بلکہ آمین کہتے وقت آپ نے آواز پست کر دی تھی چنانچہ نسائی شریف کی روایت میں ہے کہ

فَلَمَّا قَرَأَ غَیْرِ المغضوبِ عَلَیْهِمْ

جب حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم وَلَا الضَّالِّیْنَ پر پہنچے تو

---

[1] کتابُ الاَسماء والکنیٰ ص۱۹۷ ج۱ بحوالہ معارف السنن ص۴۰۶ ج۲ ۱۲۔

[2] مجمعُ الزوائد ص۱۱۳ ج۲ باب التأمین، وقال رجالہ ثِقاتٌ ۱۲

[3] شرح المواہب ص۱۱۳ ج۷ بحوالہ معارف السنن ص۴۰۹ ج۲ ۱۲

[4] علامہ ابن قیم حنبلی نے بھی زاد المعاد میں زور سے آمین کہنے کی یہی وجہ بیان کی ہے ص۲۷۵ ج۱ فی بحث قُنوتہ صلی اللہ علیہ وسلم ۱۲

Marfat.com

ولا الضالین قال آمین فسمعتہ وانا خلفہ [1] آمین کہی، جسے میں نے سنا دراں حالیکہ میں حضورؐ کے پیچھے کھڑا تھا

یعنی حضرت وائل بن حجرؓ نہ پہلی صف میں حضورؐ کے بالکل پیچھے کھڑے تھے، جہاں عام طور پر شیخین ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہما کھڑے ہوا کرتے تھے، حضرت وائل رضؓ کو اکرام وتعظیم کے لئے وہاں جگہ دی گئی تھی، وہاں سے انھوں نے حضورؐ کی آمین سنی، کیونکہ اُنہی کو تعلیم دینا مقصود تھا اس لئے حضورؐ نے اتنا جہر فرمایا جتنا ضروری تھا، یہی خفض بھا صوتہ کا مطلب ہے [2]

کتاب کا خلاصہ

اس ضروری تفصیل کے بعد دفعۂ دوم کا خلاصہ ذکر کیا جاتا ہے، حضرت قدس سرہ نے چیلنج دینے والے سے یہ مطالبہ کیا ہے کہ جب اصل اخفار ہے ہر ایک امر زائد ہے تو جو شخص زائد بات کا دعویٰ کرے وہی مُدّعی ہوتا ہے، اس لئے پہلے اس کو اپنا دعویٰ ثابت کرنا چاہئے، یعنی آمین کا جہراً سنت ہونا روایاتِ صحیحہ صریحہ سے ثابت کرنا چاہئے، نیز دو باتوں میں سے کوئی ایک بات ثابت کرنا ضروری ہے، اس کے بغیر مُدّعی کا مُدّعیٰ ثابت نہیں ہو سکتا۔

پہلی بات: مُدّعی یہ ثابت کرے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم دائماً آمین بالجہر کہتے تھے، یعنی معمولِ نبوی زور سے آمین کہنا تھا، یہ بات ثابت کئے بغیر جہر کا اصل سنت ہونا ثابت نہیں ہو سکتا، کیونکہ یہ صرف احتمال ہی نہیں ہے بلکہ روایاتِ صحیحہ سے ثابت ہے کہ جہر برائے تعلیم تھا، لہٰذا دوام ثابت کئے بغیر دعویٰ کیسے ثابت ہو سکتا ہے؟

دوسری بات یا کم از کم یہ ثابت کیا جائے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے زندگی کی بالکل آخری نماز میں آمین جہراً کہی تھی، تاکہ نسخ کا احتمال ختم ہو جائے کیونکہ اگر آخری نماز میں جہراً آمین کہنا ثابت نہ ہو تو یہ کہا جا سکتا ہے کہ مُقدّم عمل آخری عمل سے منسوخ ہو گیا، اس لئے نسخ کا احتمال ختم کرنے کے لئے ضروری ہے کہ بالکل آخری نماز میں جہر ثابت کیا جائے۔

ان دونوں باتوں میں سے کسی ایک کو ثابت کئے بغیر جہر کا نہ تو باقی رہنا ثابت ہوتا ہے، نہ منسوخ ہونا، بلکہ دونوں احتمال برابر رہتے ہیں۔ کیونکہ جہر کی روایات بقاءِ جہر اور نسخِ جہر کے سلسلہ میں خاموش ہیں، اس لئے جہر کی روایات، احادیثِ اخفار کے لئے ناسخ نہیں بن سکتیں، کیونکہ نسخ کے لئے پہلے تعارض ضروری ہے، پھر تقدیم وتاخیر کا ثابت ہونا ضروری ہے، اور جہر کی روایات کا نہ مقدم ہونا

---

[1] نسائی شریف ص۱۴۷ ج۱ باب قول الامام اذ عطس خلف الامام ۱۲

[2] علامہ ابن ہمام نے فتح القدیر میں ثوری اور شعبہ کی روایتوں میں یہی تطبیق دی ہے ص۱۵۷ ج۱ ۱۲۔

Marfat.com

ثابت ہے، نہ مؤخر ہونا، پس وہ اخفاء کی حدیثوں کے لئے ناسخ کیسے ہوسکتی ہیں؟

رہی اخفاء کی حدیثیں تو وہ اصل کے مطابق ہیں، کیونکہ اِخفاء ہی اصل ہے اگر جہر کی روایتیں نہ ہوتیں تو ان پر عمل واجب ہوتا، مگر چونکہ جہر کی بھی روایات ہیں، اس لئے اخفا کی حدیثوں پر اگر عمل واجب نہ ہوگا تو کم از کم اولیٰ اور بہتر تو ضرور ہی ہوگا۔

اور اگر کوئی یہ مُعارَضہ پیش کرے کہ جس طرح جہر کی روایات میں بقاءِ جہر اور نسخِ جہر دونوں احتمال برابر ہیں، اخفاء کی روایات میں بھی یہ دونوں احتمال برابر ہیں، لہٰذا اخفاء کی روایات بھی جہر کے نسخ پر دلالت نہیں کرتیں، کیونکہ اخفاء کا نہ دائمی عمل ہونا ثابت ہے، نہ آخری عمل ہونا ثابت ہے

تو اس کا جواب یہ ہے کہ اخفاء کی روایات جہر کے نسخ پر تو دلالت نہیں کرتیں مگر اخفاء کے اولیٰ ہونے پر ضرور دلالت کرتی ہیں، کیونکہ اخفاء اصل ہے، لہٰذا جب تک اس کے لئے کوئی ناسخ نہ ہو اصل پر ہی عمل کرنا اولیٰ اور بہتر ہوگا ——— مزید یہ کہ آمین مُناجات و دُعا ہے جو بارگاہِ خداوندی میں کی جاتی ہے، اور اللہ تعالیٰ نہ بہرے ہیں، نہ غیر حاضر جیسا کہ بخاری شریف کی حدیث میں فرمایا گیا ہے، اسی لئے دعا آہستہ کرنا افضل ہے، اور آمین بھی دعاء ہے اس لئے اس کا آہستہ کہنا افضل ہوگا، اور جہر صرف جائز ہوگا

اب انصاف سے بتایا جائے کہ جو لوگ اصل پر عمل کریں وہ مُتّبِعِ سنت ہوں گے یا جو لوگ تعلیم کے لئے گاہے ماہے کئے جانے والے جہر پر عمل کریں وہ مُتّبِعِ حدیث ہوں گے؟

دفعۂ دوم: آپ ہم سے اِخفاءِ آمین میں احادیثِ صحیحہ مُتّفَقٌ علیہا کے طالب ہیں جو نصِّ صریح بھی ہوں، ہم آپ سے نصِّ صریح، حدیثِ صحیح، دوامِ جہر کے طالب ہیں، اگر ہوں تو لائیے، اور دس۱۰ کے بدلے بیس۲۰ لے جائیے! ورنہ پھر یہ بات مُنہ پر نہ لائیے۔

اور زیادہ وُسعت کی طلب ہے تو آخری وقتِ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم ہی میں آپؐ سے جہر کا ثبوت دیجئے، اور دس۱۰ کے بدلے بیس۲۰ لیجئے، ورنہ تم ہی فرماؤ مُتّبِعِ حدیث کون رہا، ہم یا تم؟

درصورتیکہ احادیثِ جہر، دوامِ جہر پر دال نہیں، اور آخری وقت میں جہر پر کوئی حدیث دلالت نہیں کرتی تو پھر اصل میں بقاءِ جہر و نسخِ جہر

دونوں احتمال برابر ہوئے، اس لئے احادیثِ جہر، احادیثِ اخفاء و ترکِ جہر کی مُعارِض نہ ہوئیں، بلکہ بقاء و نسخ دونوں سے ساکت نکلیں، پس عمل اُن پر واجب نہیں تو اولیٰ تو ضرور ہی ہوگا، کیونکہ احادیثِ اخفاء، نسخ جہر پر نہیں تو اَوکَونِیَّتِ اخفاء پر تو ضرور ہی دلالت کرتی ہیں۔

خاص کر جب یہ لحاظ کیا جائے کہ اِنَّکُمْ لَا تَدْعُوْنَ اَصَمَّ وَلَا غَائِبًا، اوکما قال وغیرہ نصوص، اخفاءِ دعا کی افضلیت پر دلالت کرتی ہیں، اس وجہ سے حنفی مُتبعِ حدیث ہوں گے، اور آپ تابع رائے نارسا! ع

ببیں تفاوت رہ از کجاست تا بکجا ؟ !

حضرت قدس سرہ نے جس حدیث کی طرف اشارہ فرمایا ہے وہ پوری حدیث یہ ہے حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ سفر کر رہے تھے، جب ہم کسی میدان میں پہنچتے تو لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ اور اَللّٰہُ اَکْبَرُ کہتے اور ہماری آوازیں بلند ہو جاتیں، چنانچہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ

یَاَیُّھَا النَّاسُ ! اِرْبَعُوْا عَلٰی اَنْفُسِکُمْ فَاِنَّکُمْ لَا تَدْعُوْنَ اَصَمَّ وَلَا غَائِبًا، اِنَّہٗ مَعَکُمْ، اِنَّہٗ سَمِیْعٌ قَرِیْبٌ، تَبَارَکَ اسْمُہٗ، وَتَعَالٰی جَدُّہٗ [1]

اے لوگو! اپنے ساتھ نرمی کا برتاؤ کرو، اس لئے کہ تم کسی بہرے اور غیر حاضر کو نہیں پکار رہے ہو، وہ یقیناً تمہارے ساتھ ہیں وہ خوب سننے والے، نزدیک تر ہیں، بڑی برکت والا ہے اُن کا نام، اور برتر ہے ان کا رتبہ

علامہ عینی نے حدیث شریف کا خلاصہ یہ بیان کیا ہے کہ بلند آواز سے ذکر کرنا اور دعا کرنا مکروہ ہے، اور علامہ خطابی فرماتے ہیں کہ

یرید اَمْسِکُوْا عن الجھر وقِفُوْا عنہ

حضورؐ کی مراد یہ ہے کہ جہر سے رُک جاؤ اور ٹھہر جاؤ

حدیث شریف کا یہ مطلب نہیں ہے کہ ہلکے جہر سے ذکر اور دعا کرو، جیسا کہ مصباح الادلہ والے نے بیان کیا ہے۔

---

[1] بخاری کتاب الجہاد، باب مایکرہ من رفع الصوت فی التکبیر عینی جلد ۱۴ صـ ۲۴۴ ورواہ ایضا بقیۃ السّتۃ۔

Marfat.com

۳

نماز میں ہاتھ کہاں باندھے جائیں؟

مذاہب فقہا ـــــ وضع کی روایات ـــــ محلّ وضع کی روایات
سینہ پر ہاتھ باندھنے کی روایات ـــــ زیرِ ناف ہاتھ باندھنے کی روایات
دیگر موقوف روایات

Marfat.com

Marfat.com

(۳)

نماز میں ہاتھ کہاں باندھے جائیں؟

احناف کے نزدیک نماز میں ہاتھ باندھنا ایک سنت ہے، اور مردوں کے لئے ناف کے نیچے باندھنا دوسری سنت ہے، دُرِّ مختار میں ہے

وَوَضْعُ یمینہ علی یسارہ، وکونُہ تحت السُّرَّۃِ للرجال

اور (نماز کی سنت) اپنا دایاں ہاتھ بائیں ہاتھ پر رکھنا ہے اور مردوں کے لئے اس کا ناف کے نیچے ہونا ہے

علامہ شامی "وکونہ" پر لکھتے ہیں کہ

قَدَّرَ الکونَ لما ذکرنا قبلہ (شامی ص ۳۹۱ ج ۱)

صاحب درمختار نے لفظ "کون" اس وجہ سے پوشیدہ مانا ہے جس کا ہم نے پہلے تذکرہ کیا ہے۔

یعنی یہ بتانے کے لئے ہے کہ یہ دو سنتیں علیحدہ علیحدہ ہیں، ایک ہاتھوں کا باندھنا، اور دوسری ناف کے نیچے باندھنا، اور یہ حکم مردوں کے لئے ہے، اور ہاتھ باندھنے کا طریقہ یہ ہے کہ دائیں ہاتھ کی ہتھیلی بائیں ہاتھ کی پشت پر رکھے، اور دائیں ہاتھ کے انگوٹھے اور چھوٹی انگلی کا حلقہ بنا کر بائیں ہاتھ کے پہنچے کو پکڑے، اور باقی تین انگلیاں، کلائی پر پھیلی ہوئی رکھے، اور عورتیں دائیں ہاتھ کی ہتھیلی بائیں ہاتھ کی پشت پر رکھ کر دونوں ہاتھ سینہ پر رکھیں[1]۔

مالکیہ کے نزدیک سینہ پر ہاتھ باندھنا نفل نماز میں جائز ہے، اور فرض نماز میں مکروہ ہے، ان کے نزدیک مستحب یہ ہے کہ دونوں ہاتھ چھوڑ دئے جائیں، علامہ دردیر کی شرح صغیر میں ہے۔

---

[1] شامی ص ۳۵۹ ج ۱ ۱۲

Marfat.com

وندُبَ اِرسالُهما، وجاز القبضُ ای قبضهما علی الصَدر بنَفلٍ، ای فیه وکُرِهَ القبضُ بفرضٍ للاعتماد ای لما فیه من الاعتماد ای کَاَنَّه مُستَنِدٌ (بُلغَة السالك ص۱۱۸ ج۱)

دونوں ہاتھوں کو چھوڑ دینا مستحب ہے، اور دونوں ہاتھ سینہ پر باندھنا نفل نماز میں جائز ہے، اور فرض نماز میں مکروہ ہے، ٹیک لگانے کی وجہ سے یعنی ہاتھ باندھنے میں ٹیک لگانا ہے یعنی گویا وہ کسی چیز سے ٹیک لگنے والا ہے۔

شوافع کے نزدیک ہاتھ باندھنا سنت ہے، اور سینہ کے نیچے ناف کے اوپر ہاتھ باندھنا مستحب ہے، شرح مُہَذَّب میں ہے کہ

ویَجعَلُهما تحت صدره وفوق سُرَّتِه، هذا هو الصحیح المنصوص (المجموع ص۳۱۰ ج۳)

اپنے دونوں ہاتھ سینہ کے نیچے، اور ناف کے اوپر رکھے، مذہب شافعی رحمہ اللہ میں یہی صحیح اور مصرح قول ہے

امام احمد بن حنبل رح سے تین۳ روایتیں مروی ہیں، ناف کے نیچے باندھے، ناف سے اوپر باندھے، اور دونوں جگہ باندھنے کی گنجائش ہے، البتہ متون میں جو قول لیا گیا ہے وہ ناف کے نیچے ہاتھ باندھنے کا ہے، مختصر خرقی میں ہے ویَجعَلُهما تحتَ سُرَّته اور اس کی شرح مُغنی میں تینوں قول ہیں[1]۔

ملحوظہ مذاہب کی مذکورہ بالا تفصیل سے یہ بات واضح ہوتی ہے کہ جن حضرات کے نزدیک ہاتھ باندھنا سنت ہے ان کے درمیان کوئی شدید اختلاف نہیں ہے، کیونکہ احناف کے نزدیک زیرِ ناف ہاتھ اس طرح باندھنا مسنون ہے کہ ناف ہاتھوں کے بالائی حصہ سے لگی ہوئی ہو، اور شوافع کے نزدیک اس طرح ہاتھ باندھنا مسنون ہے کہ ناف ہاتھوں کے زیریں حصہ سے لگی ہوئی ہو اور سینہ پر ہاتھ باندھنے کے استحباب کا ائمہ اربعہ میں سے کوئی بھی قائل نہیں ہے، مالکیہ کے یہاں بھی نفل نماز میں سینہ پر ہاتھ باندھنا صرف جائز ہے، مستحب نہیں ہے۔

ہاتھ باندھنے کی روایات

نماز میں ہاتھ باندھنا سنت ہے، اس سلسلہ میں صحیح روایتیں موجود ہیں، اور ان کی تعداد بیس۲۰ تک پہنچتی ہے جن میں سے دو۲ مُرسَل ہیں، باقی سب مَرفوع ہیں[2]، خود امام مالک علیہ الرحمۃ نے مُوَطَّا میں ہاتھ باندھنے کی روایت ذکر

---

[1] المغنی ص۵۱۴ ج۱ ۱۲

[2] معارف السنن ص۴۳۶ ج۲

کی[1] ہے یہاں بطور مثال[2] تین[3] روایتیں ذکر کی جاتی ہیں۔

پہلی روایت بخاری شریف میں ہے۔

قال سَهْلُ بْنُ سَعْدٍ: كَانَ النَّاسُ يُؤْمَرُوْنَ ان يَضَعَ الرَّجُلُ يَدَهُ اليمنى عَلٰى ذِرَاعِهِ اليُسْرٰى فِى الصلوٰةِ، قال ابوحَازِم: لَا اَعْلَمُهُ اِلَّا يَنْمِى ذٰلِكَ الى النبى صلى الله عليه وسلم[4]۔

حضرت سَہل رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ لوگوں کو حکم دیا جاتا تھا کہ مرد نماز میں اپنا دایاں ہاتھ اپنی بائیں کلائی پر رکھے، حضرت سہل سے روایت کرنے والے حضرت ابوحازم کہتے ہیں کہ میرے علم میں یہی بات ہے کہ حضرت سہل اس بات کو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف منسوب فرماتے تھے۔

ابوحازم کے قول کا مطلب یہ ہے کہ لوگوں کو ہاتھ باندھنے کا حکم حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دیا ہے۔

دوسری روایت: مسلم شریف میں حضرت وائل بن حُجر رضی اللہ عنہ کی لمبی روایت میں ہے کہ

ثم وَضَعَ يَدَهُ اليُمْنٰى على اليُسْرٰى[5]

پھر حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا دایاں ہاتھ بائیں ہاتھ پر رکھا۔

تیسری روایت: حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ایک آدمی کے پاس سے گذرے جو نماز پڑھ رہا تھا، اور اپنا بایاں ہاتھ، دائیں ہاتھ پر رکھے ہوئے تھا، حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے ہاتھ چھڑا کر دایاں ہاتھ بائیں ہاتھ پر رکھا[6]۔

نوٹ: نماز میں ہاتھ چھوڑنے کی کوئی روایت ہمارے علم میں نہیں ہے، مالکیہ نے بھی اس سلسلہ میں کوئی روایت ذکر نہیں کی ہے، بلکہ انھوں نے ارسال کے استحباب کی صرف عقلی دلیل بیان کی ہے کہ ہاتھ باندھنا، ٹیک لگانا ہے، اور ٹیک لگانا نوافل میں تو مطلقاً جائز ہے مگر فرائض میں بے ضرورت مکروہ ہے، اس لئے انھوں نے فرض نماز میں ہاتھ باندھنے کو مکروہ کہا ہے، مگر نصوص کے مقابلہ میں عقلی دلیل نہیں چلتی۔

---

[1] مُوَطَّا مالک ص۵۵ باب وضع الیدین الخ

[2] تفصیل کے لئے دیکھئے زیلعی ص۳۱۳ ج۱، عینی شرح بخاری ص۲۷۸ ج۵ اور اعلاء السنن ص۱۶۳ ج۲ باب وضع الیدین تحت السرۃ الخ

[3] بخاری شریف، باب وضع الیمنی علی الیسری

[4] مسلم شریف ص۱۷۴ ج۱ مصری باب وضع یدہ الیمنی الخ

[5] رواہ احمد والطبرانی فی الاوسط، ورجالہ رجال الصحیح، مجمع الزوائد بحوالہ اعلاء السنن ص۱۶۳ ج۲ ۱۲

Marfat.com

محلِ وضع کی روایات

نماز میں ہاتھ کہاں باندھے جائیں؟ اس سلسلہ میں اوپر تین۳ رائیں ذکر کی گئی ہیں، (۱) سینہ پر (۲) ناف کے نیچے (۳) اور ناف کے اوپر اور سینہ کے نیچے ـــــ یہ تیسری صورت شوافع کا مختار مذہب ہے، مگر اس سلسلہ میں کوئی بھی روایت نہیں ہے، معارف السنن میں ہے:

ومذهب الشافعي واحمد في رواية تحت الصَدْرِ وفوق السُرَّة، ولكن لا دليل في المرفوع ولا في الموقوف لهذا التفصيل (ص۴۴۵ ج۲)

امام شافعی کا مذہب اور امام احمد کی ایک روایت سینہ سے نیچے اور ناف سے اوپر ہاتھ باندھنے کی ہے، مگر اس بات کی نہ تو مرفوع روایات میں کوئی دلیل ہے، نہ موقوف روایات میں (یعنی صحابۂ کرام کے قول وعمل میں)

اس لئے شوافع نے اپنے مسلک پر علی صدرہ کی روایات سے استدلال کیا ہے، امام نووی لکھتے ہیں واحتج اصحابُنا بحديث وائل رض قال صليتُ مع رسول الله صلى الله عليه وسلم فوَضَعَ يَدَه اليمنى عَلٰى يده اليسرى علٰى صدره، رواه ابوبكر بن خُزَيْمَة في صحيحه (المجموع ص۳۱۳ ج۳)

باقی دو۲ صورتوں کے سلسلہ میں روایات موجود ہیں جو درج ذیل ہیں۔

سینہ پر ہاتھ باندھنے کی روایات

تین۳ ہیں، اور تینوں میں کلام ہے۔

(۱) حضرت وائل بن حُجر رض کی روایت ہے جو صحیح ابن خُزَیمہ سے نقل کی جاتی ہے، اس پر کلام یہ ہے کہ ابنِ خُزَیمہ کی صحیح صرف نام کے اعتبار سے صحیح ہے، اس کی ہر روایت کا صحیح ہونا ضروری نہیں، جیسا کہ سخاوی نے فتح المغیث میں اور شیخ ابو غُدّہ نے الاَجْوِبَۃ الفاضلہ ص۱۴۵ میں تفصیل سے بیان کیا ہے۔

علاوہ ازیں حضرت وائل رض کی اصل حدیث مسلم شریف میں ہے، اس میں یہ زیادتی نہیں ہے یہ حدیث اوپر "وضع کی روایات" کے ذیل میں نمبر۲ پر ذکر کی گئی ہے، اور علامہ ابنِ قیّم نے اِعْلَامُ الْمُوَقِّعِیْنَ عَنْ رَبِّ العالمین میں یہ عجیب انکشاف کیا ہے کہ حضرت وائل رض کی روایت میں "علی صدرہ" کا اضافہ صرف مُؤَمّل بن اسماعیل کرتے ہیں جن کو امام بخاری نے مُنکر الحدیث کہا ہے، ان کے علاوہ سفیان ثوری کے دوسرے تمام تلامذہ اس حدیث میں یہ لفظ نہیں بڑھاتے ہیں۔

(۲) حضرت طاؤس کی مُرسَل روایت جو ابو داؤد شریف میں ہے اس کی سند میں سلیمان بن موسیٰ ایک راوی ہیں جن کا حافظہ وفات سے پہلے کمزور ہو گیا تھا جس کی وجہ سے ان کی حدیثیں صحیح نہیں رہی تھیں۔

---

[1] اعلام الموقعین ص۹ ج۳ المثال الثانی والستون ۱۲

(۳) حضرت ہُلب کی حدیث جس کے راوی سِماک بن حرب اولاً تو نرم راوی، ثانیاً ان کے استاذ بھائی امام وکیع اور ابو الاَحْوَص کی روایات میں ''علی صدرہ'' کا اضافہ نہیں ہے، اس لئے سِماک کی روایت شاذ ہے۔

زیرِناف ہاتھ باندھنے کی روایات

بھی تین ہیں۔

(۱) حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی روایت جو مُسندِ احمد، دار قُطنی، سنن بَیہقی اور ابو داؤد شریف کے دو نسخوں میں ہے یعنی صرف ابن داستہ اور ابن الاعرابی کے نسخوں میں ہے، اس کے ایک راوی ابو شَیبہ عبد الرحمٰن بن اسحاق واسطی متروک ہیں، اور دوسرے راوی زیاد بن زید سُوائی مجہول ہیں۔

(۲) حضرت ابو ہریرہ رضؓ کی روایت جو ابو داؤد شریف میں ہے مگر یہ روایت بھی عبد الرحمٰن بن اسحاق واسطی کی ہے جو متروک ہیں۔

(۳) حضرت وائل بن حُجر کی روایت جو مُصَنَّفُ ابن ابی شَیبہ میں ہے اور جس کی سند نہایت اعلیٰ ہے، اس پر یہ اعتراض کیا جاتا ہے کہ مُصَنَّفُ ابن ابی شَیبہ کے عام نسخوں میں اس روایت میں تحتَ السُّرَّۃِ کا لفظ نہیں ہے، مُصَنَّفُ کے جس نسخہ کی استاذ عبد الخالق افغانی نے تحقیق و تصحیح کی ہے، اس کی جلد اول صـ۳۹۱ پر یہ روایت ہے، مگر اس میں بھی تحتَ السُّرَّۃِ کا لفظ نہیں ہے، مگر یہ ایڈیشن اہل حدیث حضرات کا شائع کردہ ہے اس لئے نہیں کہا جا سکتا کہ مُصَنَّف میں سے یہ لفظ کب سے غائب ہو گیا ہے؟ کیونکہ بعض حضرات نے اس لفظ کو مُصَنَّف میں دیکھا ہے، تفصیل کے لئے دیکھئے بذل المجہود صـ۲۳ ج۲

موقوف روایات

البتہ صحابۂ کرام اور تابعین کے ارشادات اس سلسلہ میں صحیح سندوں سے ثابت ہیں، حضرت ابراہیم نخعی رحؒ کا قول، ابو مِجلَزؒ کا قول اور حضرت علی کرم اللہ وجہہ کا ارشاد مُصَنَّف ابن ابی شَیبہ میں صحیح اسانید سے روایت کیا گیا ہے، اور حنفیہ نے انہی موقوف روایات کی وجہ سے تحتَ السُّرَّۃِ ہاتھ باندھنے کو ترجیح دی ہے، صاحبِ دُرِّ مُختار نے بھی دلیل میں کوئی مرفوع حدیث ذکر نہیں کی ہے، بلکہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ کا قول دلیل میں پیش کیا ہے، وہ فرماتے ہیں: وکَونُہ تحتَ السُّرَّۃِ للرِّجالِ لقول علی رضی اللہ عنہ: مِنَ السُّنَّۃِ وَضعُھما تحتَ السُّرَّۃِ (شامی صـ۳۵۱ ج۱) اور قاعدہ یہ ہے کہ جب صحابی مِنَ السُّنَّۃِ فرمائیں تو وہ حدیث حکماً مرفوع ہو جاتی ہے۔

کتاب کا خلاصہ

حضرت قدس سرہ نے اپنے مُناظر سے دو باتوں میں سے کسی ایک بات کا مطالبہ کیا ہے۔

پہلی بات: یا تو وہ احادیث سے توسُّع اور تعمیم ثابت کرے کہ زیرِناف ہاتھ باندھنا بھی جائز ہے،

اور سینہ پر اور سینہ کے نیچے باندھنا بھی جائز ہے۔

دوسری بات: یا وہ زیرناف کے علاوہ کسی اور جگہ ہاتھ باندھنے کا دوام ثابت کرے۔

حضرت قدس سرہ نے یہ مطالبہ فرما کر اپنے مناظر کو اس طرح چت کر دیا ہے کہ وہ سمجھ بھی نہیں سکا کہ کیا ہو گیا؟! وہ بے چارہ زیرناف کے علاوہ کسی اور جگہ دائمًا ہاتھ باندھنا تو کیا ثابت کرتا مصباح الادلۃ میں ایک اور قسم کے تَوَسُّع اور تعمیم کا اقرار کر بیٹھا، اور اسی کو جواب الجواب یعنی ایضاح الادلہ میں حضرت قدس سرہ نے پکڑ لیا چنانچہ حضرت ایضاح الادلہ میں تحریر فرماتے ہیں کہ

"جب آپ تَوَسُّع اور تعمیم کو تسلیم کر چکے، اور زیرناف اور زیر صدر دونوں جگہ ہاتھ باندھنا آپ کے نزدیک صحیح و درست ہوا تو اب ذرا قبلۂ ارشاد، مجتہد العصر محمد حسین صاحب سے پوچھئے کہ انھوں نے ہم سے جو زیرناف ہاتھ باندھنے کا سوال کیا تھا، یہ کیا مُہمَل سوال تھا؟ اگر پوچھنا تھا تو زیرناف ہاتھ باندھنے کی تعیین ہی کو پوچھنا تھا، الغرض حضرتِ سائل نے ہم سے جو سوال کیا تھا اس کا جواب تو آپ ہی نے مکرر سکرر مُسَلَّم کر لیا۔ (ص ۳۱ مطبع ہاشمی میرٹھ)"

اس کے بعد حضرت نے تحریر فرمایا ہے کہ اگر مناظر حضرت طاؤس کی مُرسَل روایت سے استدلال کرے جو سنن ابو داؤد شریف کے صرف ابن الاعرابی کے نسخہ میں ہے، جس میں ثُمَّ یَشُدُّ بِھِمَا عَلٰی صَدْرِہٖ وارد ہوا ہے تو سب سے پہلے مناظر کو اس روایت کی صحت ثابت کرنی ہوگی جسے بالاتفاق تسلیم کیا جائے، حالانکہ یہ بات ثابت نہیں کی جا سکتی، کیونکہ اس کی سند میں سلیمان بن موسیٰ اَشْدَق اُموی ہیں جن کے بارے میں امام بخاری نے فرمایا ہے کہ عِنْدَہٗ مَنَاکِیْرُ اور امام نسائی نے فرمایا ہے کہ لَیْسَ بِالْقَوِی فِی الْحَدِیْث، اور ابنُ المَدِیْنی نے فرمایا ہے کہ کَانَ قَدْ خُلِطَ قَبْلَ مَوْتِہٖ بِیَسِیْرٍ۔

پھر دوسری بات یہ ثابت کرنی ہوگی کہ اس روایت میں اور زیرناف ہاتھ باندھنے کی روایات میں تعارض ہے اس کے بعد ہی ترجیح بروئے کار لائی جا سکتی ہے، مگر آپ جانتے ہیں کہ جب تَوَسُّع اور تعمیم مان لی گئی تو تعارض کہاں رہا؟ اور جب تعارض نہ رہا تو ترجیح کیسی؟

رہی زیرناف ہاتھ باندھنے کی روایات تو وہ اوپر درج کی جا چکی ہیں، اور حضرت قدس سرہ نے بھی ایضاح الادلۃ میں ان کو تفصیل سے بیان کیا ہے، اور عَلْقَمَہ کے سماع کو دلائل ناصِعَہ قویہ سے ثابت کیا ہے اس کو ضرور ملاحظہ فرمائیں۔

Marfat.com

دفعۂ سوم: آپ ہم سے اُن احادیث کے طالب ہیں جو زیرِ ناف ہاتھ باندھنے پر بطور نصِ دلالت کریں، اور پھر صحیح بھی ہوں، اور صحیح بھی کیسی؟ مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ! ہم آپ سے اُن احادیث کے طالب ہیں جن سے تَوَسُّعْ، اور تعمیم نکلتی ہو، یا سوائے زیرِ ناف کے کسی خاص مقام پر دوام ہو، اگر ہوں تو لائیے، اور دس نہیں بیس لے جائیے، ورنہ پھر زبان نہ ہلائیے! بلکہ باز آئیے! اور سمجھ جائیے کہ حنفیوں کی بات بے ٹھکانے نہیں!

اور اگر آپ کو ابو داؤد وغیرہ کے کسی خاص نسخہ پر نظر ہے تو بعد تسلیم صحت و اتفاقِ صحت کے جو آپ کے ہاں عمل کے لئے شرط لگائی گئی ہے اس بات کو اول ثابت فرمائیے کہ وہ نسخہ احادیثِ زیرِ ناف ہاتھ باندھنے کی نسبت کیونکر مُعَارِض ہے، جو متروک ہو جائیں، اور اس بحث میں حنفیہ کے نزدیک بھی روایاتِ صحیحہ مَرْفُوْعَہ و مَوْقُوْفہ موجود ہیں، جس کو شوقِ تفصیل ہو رسالہ ملا ہاشم سندی، و مُلَّا قائم سندی ملاحظہ کرلے۔

Marfat.com

Marfat.com

۴

کیا مقتدی پر فاتحہ واجب ہے؟

مذاہب فقہاء ـــــ جوازِ قرارت کی روایت ـــــ ممانعت کی روایات
جوازِ قرارت اور ممانعت کی روایات میں تعارض نہیں ہے ـــــ آیت کریمہ
واذا قرئ القرآن کے ناسخ ہونے کے دلائل

Marfat.com

Marfat.com

(۴)

کیا مقتدی پر فاتحہ واجب ہے؟

یہ مسئلہ کہ مقتدی فاتحہ پڑھے یا نہ پڑھے؟ سِرّی (خاموش پڑھی جانے والی) اور جہری (بلند آواز سے پڑھی جانے والی) نمازوں کا حکم ایک ہے یا کچھ فرق ہے؟ اس میں مجتہدین کرام کا اختلاف ہے جو درج ذیل ہے۔

احناف کا مسلک امام اعظمؒ، امام ابو یوسفؒ اور امام محمدؒ کے نزدیک ہر صورت میں ـــــ خواہ جہری نماز ہو یا سِرّی، اور مقتدی خواہ امام کی قرارت سن رہا ہو یا نہ سن رہا ہو ـــــ مقتدی کے لئے فاتحہ پڑھنا جائز نہیں ہے، بلکہ مکروہ تحریمی ہے، اور صاحب ہدایہ نے امام محمد کی جو ایک روایت نقل کی ہے کہ سِرّی نماز میں مقتدی کے لئے فاتحہ پڑھنا اچھا ہے اس کو محقق ابن ہمام نے یہ کہہ کر رد کر دیا ہے کہ امام محمدؒ کی کتاب الآثار اور موطا کی عبارتیں اس کے خلاف ہیں، درِ مختار میں ہے

وَالْمُؤْتَمُّ لَا يَقْرَأُ مُطْلَقًا وَلَا الْفَاتِحَةَ فِي السِّرِّيَّةِ اتِّفَاقًا، وَمَا نُسِبَ لِمُحَمَّدٍ ضَعِيفٌ، كَمَا بَسَطَهُ الْكَمَالُ، فَإِنْ قَرَأَ كُرِهَ تَحْرِيمًا وَتَصِحُّ فِي الْأَصَحِّ۔

مقتدی مطلقاً قرارت نہ کرے، اور سِرّی نماز میں بھی بالاتفاق فاتحہ نہ پڑھے، اور جو قول امام محمدؒ کی طرف منسوب کیا گیا ہے وہ ضعیف ہے، جیسا کہ ابن ہمام نے اس کی تفصیل بیان کی ہے، پس اگر مقتدی نے قرارت کی تو وہ مکروہ تحریمی ہے، اور اصح قول کے مطابق نماز درست ہو جائے گی۔

وَفِي دُرَرِ الْبِحَارِ عَنِ الْمَبْسُوطِ خُوَاهَرْ زَادَهْ أَنَّهَا تَفْسُدُ وَيَكُونُ فَاسِقًا

اور دُرَرِ بحار میں خواہر زادہ کی مبسوط سے نقل کیا گیا ہے کہ نماز فاسد ہو جائے گی، اور قرارت کرنے والا مقتدی

Marfat.com

وَهُوَ مَرْوِيٌّ عَنْ عِدَّةٍ مِنَ الصَّحَابَةِ، فَالْمَنْعُ اَحْوَطُ، بَلْ يَسْتَمِعُ اِذَا جَهَرَ وَيُنْصِتُ اِذَا اَسَرَّ لِقَوْلِ اَبِي هُرَيْرَةَ: "كُنَّا نَقْرَأُ خَلْفَ الْاِمَامِ فَنَزَلَ: "وَاِذَا قُرِئَ الْقُرْاٰنُ فَاسْتَمِعُوْا لَهٗ وَاَنْصِتُوْا"

فاسق ہوگا، اور فساد متعدد صحابۂ کرام سے مروی ہے، اس لئے عدم جواز میں زیادہ احتیاط ہے، بلکہ جب امام جہراً قرارت کرے تو مقتدی سُنیں، اور جب امام سِرّاً قرارت کرے تو مقتدی خاموش رہیں، دلیل حضرت ابو ہریرہؓ کا ارشاد ہے کہ ہم امام کے پیچھے قرارت کیا کرتے تھے، پس آیت کریمہ نازل ہوئی کہ "جب قرآن کریم پڑھا جائے تو اس کو سنو، اور خاموش رہو"!

علامہ شامی اپنے حاشیہ میں تحریر فرماتے ہیں کہ

"صاحبِ دُرِّ مختار نے جو "فِي السِّرِّيَّةِ" کہا ہے اس سے یہ بات خود بخود سمجھ میں آجاتی ہے کہ جہری نماز میں بدرجۂ اولیٰ قرارت ممنوع ہوگی، اور بالاتفاق سے مراد ہمارے ائمۂ ثلاثہ کا اتفاق ہے، اور جو قول امام محمدؒ کی طرف منسوب کیا گیا ہے، اس سے مراد احتیاطاً سِرّی نماز میں فاتحہ پڑھنے کا استحباب ہے، اور علامہ ابن ہمامؒ کی تردید کا حاصل یہ ہے کہ امام محمدؒ نے کتاب الآثار میں فرمایا ہے کہ لَا نَرَى الْقِرَاءَةَ خَلْفَ الْاِمَامِ فِي شَيْءٍ مِنَ الصَّلَوَاتِ يُجْهَرُ فِيهَا وَيُسَرُّ (ہم کسی نماز میں امام کے پیچھے قرارت جائز نہیں سمجھتے، خواہ جہری نماز ہو، یا سری نماز) اور یہ کہنا کہ اس میں احتیاط ہے قابل تسلیم نہیں ہے، بلکہ احتیاط قرارت نہ کرنے میں ہے، کیونکہ وہ دو دلیلوں میں سے قوی تر دلیل پر عمل کرنا ہے، نیز قرارت کرنے سے نماز کا فاسد ہونا متعدد صحابۂ کرام سے مروی ہے، پس عدم جواز اقویٰ ہے۔" (شامی صـ ۴۰۲ ج ۱)

امام مالک رحؒ کے نزدیک بھی جہری نماز میں مقتدی کے لئے فاتحہ پڑھنا مکروہ ہے، چاہے وہ امام کی قرارت سن رہا ہو یا نہ سن رہا ہو، اور سِرّی نماز میں فاتحہ پڑھنا مستحب ہے، کتاب الفقہ علی المذاہب الاربعۃ میں ہے۔

المالكية: قالوا: تُكْرَهُ الْقِرَاءَةُ لِلْمَأْمُومِ فِي الصَّلٰوةِ الْجَهْرِيَّةِ وَاِنْ لَمْ يَسْمَعْ اَوْ سَكَتَ الْاِمَامُ. (صـ ۲۵۴ ج ۱)

مالکیہ کہتے ہیں کہ جہری نماز میں مقتدی کے لئے قرارت کرنا مکروہ ہے اگرچہ وہ امام کی قرارت نہ سن رہا ہو، یا امام نے سکتہ کیا ہو۔

علامہ دردیر کی شرح صغیر میں ہے کہ

وَرَابِعُهَا فَاتِحَةٌ لِاِمَامٍ وَفَذٍّ اَيْ مُنْفَرِدٍ

اور نماز کا چوتھا فرض فاتحہ پڑھنا ہے امام اور منفرد کے لئے

لاماموم، لان الامام یحملها عنه (بلغة السالك ص۱۱۳ ج۱)

نہ مقتدی کے لئے اس لئے کہ امام مقتدی کی طرف سے فاتحہ پڑھنے کی ذمہ داری اٹھالیتا ہے۔

وندب قراءة خلف امام يسر فيه اى السرية اى فى الصلوة السرية، واخيرة المغرب، واخيرتى العشاء (بلغة السالك ص۱۱۹ ج۱)

امام کے پیچھے سرًا قرارت کرنا مستحب ہے سری نمازیں اور مغرب کی آخری رکعت میں، اور عشاء کی دونوں آخری رکعتوں میں

اور امام شافعیؒ کا قدیم (پرانا) قول یہ تھا کہ جہری نمازیں مقتدی پر فاتحہ واجب نہیں ہے، لیکن زندگی کے آخری دور میں وفات سے دو سال پہلے جب آپ مصر میں اقامت پذیر ہوئے تو جدید (نیا) قول یہ فرمایا کہ جہری نمازیں بھی مقتدی پر فاتحہ پڑھنا واجب ہے، اور شوافع کے یہاں فتویٰ اسی جدید قول پر ہے، اور سری نمازیں بلا اختلاف اقوال مقتدی پر فاتحہ پڑھنا واجب ہے، مُہذّب میں ہے

وهل تجب على المأموم؟ ينظر فيه: فان كان فى صلوة يسر فيها بالقراءة وجبت عليه، وان كان فى صلوة يجهر فيها ففيه قولان: قال فى الام والبويطى: يجب، وقال فى القديم: لا يقرأ (ملخصًا المجموع ص۳۶۳ ج۳)

کیا مقتدی پر فاتحہ واجب ہے؟ اس سلسلہ میں دیکھا جائے گا اگر وہ سری نماز ہے تو اس پر فاتحہ واجب ہے اور اگر جہری نماز ہے تو اس میں دو قول ہیں امام شافعی نے کتاب الام میں اور بویطی نے فرمایا ہے کہ واجب ہے، اور امام شافعیؒ کا قول قدیم یہ ہے کہ مقتدی قرارت نہ کرے

وقال النووى فى شرحه: قد ذكرنا ان مذهبنا وجوب قراءة الفاتحة على المأموم فى كل الركعات من الصلوة السرية والجهرية، هذا هو الصحيح عندنا. (المجموع ص۳۶۵ ج۳)

اور امام نوویؒ فرماتے ہیں کہ ہم ذکر کر چکے ہیں کہ ہمارا مذہب یہ ہے کہ مقتدی پر فاتحہ پڑھنا واجب ہے سری اور جہری نمازوں کی تمام رکعتوں میں، یہی ہمارے نزدیک صحیح مذہب ہے۔

امام احمد بن حنبلؒ کے نزدیک جہری نمازیں اگر مقتدی امام کی قرارت سن رہا ہو تو فاتحہ پڑھنا جائز نہیں ہے، اور اگر اتنا دور ہو کہ امام کی آواز اس تک نہ پہنچ رہی ہو تو فاتحہ پڑھنا جائز ہے اور جہری نمازیں امام کے سکتوں کے درمیان اور سری نمازیں فاتحہ پڑھنا مستحب ہے، مختصر الخرقی میں ہے۔

والمأموم اذا سمع قراءة الامام لم يقرأ بالحمد ولا بغيرها، والاستحباب ان يقرأ فى سكتات الامام، وفيما لا يجهر فيه،

مقتدی جب امام کی قرارت سن رہا ہو تو نہ سورۂ فاتحہ پڑھے، نہ کوئی اور سورت پڑھے، اور امام کے سکتوں کے درمیان اور سری نمازیں پڑھنا مستحب ہے، پس

فان لم یفعل فصلوته تامۃٌ، لان من کان له امامٌ فقراءۃ الامام له قراءۃٌ (المغنی ص۶۰۳ ج۱) فان لم یسمعه لبعد قرأ (المغنی ص۶۰۶ ج۱)

اگر مقتدی نے فاتحہ نہیں پڑھی تو اس کی نماز تام ہے کیونکہ جس کے لئے امام ہے تو امام کی قرارت اس کے لئے بھی قرارت ہے، اور اگر مقتدی دوری کی وجہ سے قرارت نہ سن رہا ہو تو سورہ فاتحہ پڑھے۔

دلائل مقتدی کی قرارت کے سلسلہ میں سب سے مقدم اور نہایت واضح دلیل اللہ پاک کا یہ ارشاد ہے

وَاِذَا قُرِئَ الْقُرْاٰنُ فَاسْتَمِعُوْا لَهٗ وَاَنْصِتُوْا لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ (الاعراف آیت ۲۰۴)

جب قرآن پڑھا جائے تو تم سب اس کی طرف کان لگایا کرو، اور خاموش رہا کرو، تاکہ تم پر رحم کیا جائے۔

یہ آیت پاک دوٹوک فیصلہ کرتی ہے کہ اگر امام زور سے قرارت کر رہا ہے تو مقتدی کو چاہئے کہ اس کی قرارت سنے، اور اگر امام آہستہ پڑھ رہا ہے تو وہ خاموش رہے۔

روایات اور حدیثیں اس بارے میں دو طرح کی وارد ہوئیں ہیں، ایک وہ ہیں جن سے معلوم ہوتا ہے کہ مقتدی فاتحہ پڑھ سکتا ہے، دوسری وہ ہیں جن سے معلوم ہوتا ہے کہ مقتدی کو فاتحہ نہیں پڑھنی چاہئے۔ بلکہ خاموش رہنا چاہیئے۔

جواز کی روایت حضرت عُبادہ بن الصامت رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک مرتبہ فجر کی نماز پڑھائی، جس میں آپؐ کے لئے قرارت کرنا دشوار ہو گیا، نماز کے بعد آپؐ نے مقتدیوں کی طرف متوجہ ہو کر فرمایا کہ

"میں سمجھتا ہوں کہ آپ لوگ امام کے پیچھے قرارت کرتے ہیں؟!"

صحابہ کرام نے عرض کیا جی ہاں! ہم پڑھتے ہیں، حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ

لَا تَفْعَلُوْا اِلَّا بِاُمِّ الْقُرْاٰنِ فَاِنَّهٗ لَا صَلٰوۃَ لِمَنْ لَمْ یَقْرَأْ بِهَا (ترمذی ص۴۱ ج۱)

ایسا نہ کرو، البتہ سورۃ فاتحہ مستثنیٰ ہے، کیونکہ اسے پڑھے بغیر نماز نہیں ہوتی۔

یہ حدیث اول تو صحیح نہیں ہے، امام ترمذی علیہ الرحمۃ نے اس کو صرف حسن کہا ہے، اور امام ترمذی کا حسن وہ نہیں ہے جس کی تعریف اصول حدیث میں کی گئی ہے، جس کو حسن لذاتہ کہتے ہیں، بلکہ امام ترمذیؒ نے کتاب العلل میں حسن کے معنیٰ یہ بیان کئے ہیں۔

قال ابو عیسیٰ وما ذکرنا فی هذا الکتاب "حدیثٌ حسنٌ"، فانما اردنا حسن اسنادہ عندنا، کل حدیث یروی

امام ترمذی فرماتے ہیں کہ ہم نے اپنی سنن میں جہاں بھی حدیث حسن کہا ہے تو اس سے ہماری مراد صرف اسناد کی عمدگی ہے، اور وہ بھی ہماری

Marfat.com

لایکونُ فی اسنادہ مَنْ یُتَّہَمُ بالکذب، ولایکونُ الحدیثُ شَاذًّا، ویُرْوٰی من غیرِ وَجْہٍ نحوَ ذٰلک فھوعندنا حدیثٌ حَسَنٌ

(ترمذی جلد ثانی کتاب العلل ص۲۴۰)

تحقیق کے مطابق، ہر وہ حدیث جو روایت کی گئی ہو، اور اس کی سند میں کوئی مُتَّہَم بالکذب راوی نہ ہو، اور نہ ہی حدیث شاذ ہو، اور ایک سے زائد سندوں سے مروی ہو تو ایسی حدیث ہمارے نزدیک حدیثِ حَسَنٌ ہے

خلاصہ یہ ہے کہ امام ترمذی کا حَسَنٌ، حَسَنٌ لذاتہٖ سے فروتر ہے، معمولی ضعیف حدیث کو بھی امام ترمذی حَسَنٌ کہتے ہیں۔

ثانیًا اس حدیث سے مقتدی پر فاتحہ کا وجوب ثابت نہیں ہوتا، صرف جواز ثابت ہوتا ہے کیونکہ نہی سے اِستِثنا اِباحت کے لئے ہوتا ہے، وجوب کے لئے نہیں ہوتا، مثلاً کوئی شخص اپنے شاگردوں سے کہے کہ یہاں کوئی نہ بیٹھے. مگر عبّاس مُستَثنیٰ ہے، تو اس سے عباس کے لئے صرف بیٹھنے کا جواز ثابت ہوگا۔

اور حدیث شریف کا آخری ٹکڑا فَاِنَّہٗ لَاصَلٰوۃَ الخ اس حدیث شریف کا جزء نہیں ہے، بلکہ وہ حضرت عُبَادہ رضی اللہ عنہ کی دوسری مستقل حدیث ہے جو نہایت اعلیٰ درجہ کی ہے، اور جسے تمام صحاح ستہ کے مصنفین نے روایت کیا ہے. حضرت عُبَادۃ رض نے اپنی طرف سے اس دوسری حدیث کو اس حدیث کے ساتھ ملایا ہے۔

اور اس کی سب سے بڑی دلیل یہ ہے کہ اگر ایسا نہ مانا جائے تو کلام نبوت کے اول و آخر میں تعارض ہو جائے گا، اِلَّا بِاُمِّ القُرْاٰن سے صرف اباحت ثابت ہوتی ہے اور لاصَلٰوۃَ الخ سے وجوب ثابت ہوتا ہے، اور دونوں میں تعارض ظاہر ہے۔

دوسری دلیل یہ ہے کہ امام ترمذی رح نے اس حدیث کے بعد فرمایا ہے کہ حَدِیثُ عُبادۃَ حدیثٌ حسنٌ، ورَوٰی ھذا الحدیثَ الزُّھْرِیُّ عن محمودِ بنِ الربیعِ عن عُبادۃَ بنِ الصامتِ رضی اللہ عنہ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال: لاصلوٰۃَ لِمَنْ لَمْ یَقْرَأْ بفاتحۃِ الکتاب، وھذا اَصَحُّ یعنی حضرت عُبَادۃ کی اس حدیث سے اَصَحّ وہ حدیث ہے جو لاصَلٰوۃَ لِمَنْ لَمْ یَقْرَأْ بفاتحۃِ الکتاب کے الفاظ سے مروی ہے جو ایک مستقل حدیث ہے، اس حدیث کا جزء نہیں ہے، پس ثابت ہوا کہ فانہ لاصلوٰۃَ الخ کو حضرت عُبادۃ رض نے بطور تعلیل بڑھایا ہے۔

ملحوظہ مذکورہ بالا حدیث کے علاوہ قائلینِ فاتحہ کے پاس اور کوئی دلیل نہیں ہے، اور اس کا حال آپ پڑھ چکے اسی لئے امام بخاری رح اس کو اپنی صحیح میں نہیں لائے ہیں، اور مجبوراً حضرت

Marfat.com

عُبادۃ کی دوسری عام حدیث سے یعنی لَاصَلٰوۃَ لِمَنْ لَمْ یَقْرَأْ بِفَاتِحَۃِ الْکِتَابِ سے وجوبِ فاتحہ پر استدلال کیا ہے، جو بالکل غیر معقول استدلال ہے، کیونکہ وہ حدیث نمازیوں سے متعلق ہی نہیں ہے، بلکہ وہ ایک دوسرے مسئلہ سے متعلق ہے، اور وہ یہ مسئلہ ہے کہ سورۂ فاتحہ کا نماز سے کیا تعلق ہے؟ یعنی نماز میں سورۂ فاتحہ پڑھنا مستحب ہے یا سنّت ہے یا واجب ہے یا کیا ہے؟ چونکہ وہ حدیث نہایت صحیح اور صریح ہے مگر خبرِ واحد ہے اس لئے احناف نے اسی حدیث سے نماز میں فاتحہ کا وجوب ثابت کیا ہے اور آیت پاک فَاقْرَءُوْا مَا تَیَسَّرَ مِنَ الْقُرْاٰنِ سے نفس قرارت کی فرضیت ثابت کی ہے۔

قائلینِ فاتحہ کے پاس چونکہ کوئی صریح اور صحیح روایت نہیں ہے، اس لئے وہ عام طور پر اسی روایت سے استدلال کرتے ہیں، اور کہتے ہیں کہ چونکہ حدیث مُطلَق اور عام ہے اس لئے سب نمازیوں کو حتیٰ کہ مقتدی کو بھی شامل ہوگی، مگر ہم نے عرض کیا کہ یہ روایت نمازیوں سے مُتعلق ہی نہیں ہے، پھر عام وخاص کی بحث کیسی؟

اور یہ بات ہم اپنی طرف سے نہیں کہہ رہے، بلکہ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ نے اس عام حدیث کا یہی مطلب بیان کیا ہے، ان کا ارشاد ترمذی شریف میں مروی ہے کہ

مَنْ صَلّٰی رَکْعَۃً لَمْ یَقْرَأْ فِیْھَا بِاُمِّ الْقُرْاٰنِ فَلَمْ یُصَلِّ اِلَّا اَنْ یَّکُوْنَ وَرَاءَ الْاِمَامِ

(ترمذی ص۴۲ ج۱)

جس شخص نے کوئی ایسی رکعت پڑھی جس میں سورہ فاتحہ نہیں پڑھی تو اس نے نماز نہیں پڑھی، مگر یہ کہ وہ امام کے پیچھے ہو۔

یہ حدیث شریف سند کے اعتبار سے نہایت اعلیٰ درجہ کی ہے، امام ترمذیؒ نے اس کو حَسَنٌ صَحِیْحٌ کہا ہے، اور امام احمد بن حنبلؒ نے حضرت جابر رضی اللہ عنہ کے اس قول کی یہ شرح کی ہے

قال احمد: فھٰذا رجلٌ من اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم تَاَوَّلَ قولَ النبی صلی اللہ علیہ وسلم: "لاصلوٰۃَ لِمَنْ لم یقرأ بفاتحۃ الکتاب": ان ھٰذا اذا کان وحدَہ

(ترمذی شریف ص۴۲ ج۱)

امام احمدؒ نے فرمایا کہ یہ (حضرت جابرؓ) ایک صحابی ہیں، جنھوں نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد لَاصَلٰوۃَ لِمَنْ لَمْ یَقْرَأْ بِفَاتِحَۃِ الْکِتَابِ کا مطلب یہ بیان کیا ہے کہ یہ حدیث اس صورت میں ہے جبکہ نمازی منفرد ہو۔

اور امام بخاریؒ اپنی صحیح میں فرماتے ہیں کہ عام حدیث مقتدی کو بھی شامل ہے، اب بتایا جائے کہ ہم کس کی بات مانیں؟ حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی، یا امام بخاری علیہ الرحمۃ کی؟ ظاہر ہے کہ

Marfat.com

قولِ صحابی کے سامنے کسی اور کی بات ماننے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا، کیونکہ کلامِ نبوت کو اوروں کی بہ نسبت صحابۂ کرام زیادہ بہتر سمجھ سکتے ہیں۔

ممانعت کی روایات

مقتدی کو قرارت کی حاجت نہیں ہے، بلکہ قرارت مکروہ ہے۔

اس سلسلہ میں متعدد روایات مروی ہیں جو درج ذیل ہیں۔

پہلی روایت: پانچ صحابۂ کرام سے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد مروی ہے کہ

مَنْ كَانَ لَهٗ امامٌ فَقِرَاءَةُ الامامِ لَهٗ قِرَاءَةٌ [1]

جو شخص مقتدی بن کر نماز پڑھے تو امام کی قرارت اس کے لئے بھی قرارت ہے۔

اور سورۂ فاتحہ بھی قرارت میں شامل ہے، اس لئے جس طرح امام کی پڑھی ہوئی سورت مقتدی کے حق میں محسوب ہو جاتی ہے فاتحہ بھی محسوب ہوگا۔

دوسری روایت: حضرت ابوہریرۃ رضؓ اور حضرت ابوموسیٰ اشعری رضؓ سے مروی ہے کہ

إِذَا قَرَأَ فَانْصِتُوْا [2]

جب امام قرارت کرے تو تم خاموش رہو

پہلی حدیث سے مقتدی کے لئے فاتحہ کا غیر ضروری ہونا ثابت ہوتا ہے، اور دوسری حدیث سے مقتدی کے لئے قرارت کی ممانعت ثابت ہوتی ہے، پس دونوں حدیثوں کے مجموعہ سے وہی بات ثابت ہوئی جو قرآن پاک کی آیتِ کریمہ وَإِذَا قُرِئَ الْقُرْآنُ سے ثابت ہوئی تھی کہ مقتدی کو امام کی قرارت سننی چاہئے اور خاموش رہنا چاہئے۔

جواز اور ممانعت میں تعارض نہیں ہے

اگر یہ شبہ کیا جائے کہ ایک روایت سے مقتدی کے لئے فاتحہ پڑھنے کا جواز ثابت ہوتا ہے اور دوسری روایت سے ممانعت ثابت ہوتی ہے تو روایات میں تعارض ہوگیا، کیونکہ ممانعت نام ہے عدم جواز کا، اور جواز و عدم جواز میں تعارض ظاہر ہے۔

تو اس کا جواب یہ ہے کہ تعارض و تناقض کے لئے وَحُدَاتِ ثمانیہ شرط ہیں، جن میں سے ایک وحدتِ زمان بھی ہے، یعنی دونوں حکم ایک زمانہ کے ہوں تو تعارض ہوگا، لیکن اگر ایک حکم

---

[1] اس حدیث کی تخریج کے لئے دیکھئے نصب الرایہ ص ۶ تا ۱۲ ج ۲ ۱۲۔

[2] ابوموسیٰ اشعری کی حدیث امام مسلم نے اپنی صحیح میں ص ۱۷۴ ج ۱ باب التشہد میں ذکر کی ہے، اور حضرت ابوہریرۃ رضؓ کی حدیث کی تصحیح فرمائی ہے، امام احمدؒ نے بھی دونوں حدیثوں کو صحیح کہا ہے ۱۲۔

Marfat.com

مُقدّم زمانہ کا ہو، اور دوسرا حکم مؤخّر زمانہ کا ہو، تو پھر تعارض باقی نہیں رہے گا، اور یہاں یہی صورتِ حال ہے، شروع اسلام میں مقتدی فاتحہ اور سورت سب پڑھتے تھے، اوّلاً سورت پڑھنے سے منع کیا گیا، اور فاتحہ کا جواز باقی رکھا گیا، پھر جب آیتِ کریمہ وَاِذَا قُرِئَ الْقُرْاٰنُ نازل ہوئی تو فاتحہ کا جواز بھی ختم کر دیا گیا، اور خاص طور پر جہری نمازوں میں مقتدیوں نے مکمل سکوت اختیار کر لیا لہٰذا جواز کی روایت اور ممانعت کے دلائل میں تعارض ختم ہو گیا۔ اسی لئے حضرت قدس سرہ نے جواب میں آیتِ کریمہ وَاِذَا قُرِئَ الْقُرْاٰنُ الخ کو اپنی دلیل کے طور پر پیش فرمایا ہے۔

آیتِ کریمہ کے ناسخ ہونے کے دلائل

اب رہی یہ بات کہ آیتِ کریمہ ناسخ ہے، اور مقتدی کے لئے فاتحہ پڑھنے کے جواز کی روایات منسوخ ہیں اس کی کیا دلیل ہے؟ تو جاننا چاہئے کہ اس کی تین دلیلیں ہیں:

پہلی دلیل: شانِ نزول کی متعدد روایات ہیں جن میں سے بعض درج ذیل ہیں۔

① حضرت ابن عباس رضؓ فرماتے ہیں کہ

صَلَّی النبی صلی اللہ علیہ وسلم فَقَرَأَ خَلفَہ قومٌ فنزلَتْ وَاِذَا قُرِئَ الْقُرْاٰنُ فَاسْتَمِعُوْا لَہٗ وَاَنْصِتُوْا۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز پڑھی تو چند لوگوں نے آپؐ کے پیچھے قرارت کی پس آیتِ کریمہ وَاِذَا قُرِئَ الْقُرْاٰنُ نازل ہوئی۔

② حضرت محمد بن کعب قُرَظی جو کبار تابعین میں سے ہیں فرماتے ہیں کہ

کانَ رسولُ اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اِذَا قَرَأَ فی الصلوٰۃِ اَجَابَہ مَنْ وَرَاءَہ اذا قال بسم اللہ الرحمٰن الرحیم قالوا مثلَ ما یقول حتّٰی تَنْقَضِیَ فاتحۃُ الکتاب والسورۃ فلَبِثَ ماشاءَ اللہُ ان یَلْبَثَ ثم نزلت ،، وَاِذَا قُرِئَ الْقُرْاٰنُ فَاسْتَمِعُوْا لَہٗ وَاَنْصِتُوْا۔ الایۃ۔ فَقَرَأَ وَاَنْصَتُوْا

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب نماز میں قرآن کریم پڑھتے تھے تو مقتدی اس کا جواب دیتے تھے، جب حضورؐ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کہتے تھے تو مقتدی بھی یہی کہتے تھے، اسی طرح فاتحہ اور سورت کے ختم تک کہتے رہتے تھے، یہ صورتِ حال جہاں تک اللہ نے چاہا چلتی رہی پھر آیتِ کریمہ وَاِذَا قُرِئَ الْقُرْاٰنُ نازل ہوئی تو حضورؐ نے پڑھا، اور لوگ خاموش ہو گئے۔

③ حضرت عبداللہ بن مُغَفَّل رضی اللہ عنہ سے پوچھا گیا کہ اگر کوئی شخص قرآن پڑھے تو اس کا سننا اور خاموش رہنا واجب ہے؟ حضرت عبداللہ رضؓ نے فرمایا: نہیں، پھر فرمایا کہ

اِنَّمَا نَزَلَتْ ھٰذہ الاٰیۃُ وَاِذَا قُرِئَ الْقُرْاٰنُ

آیت کریمہ وَاِذَا قُرِئَ الْقُرْاٰنُ صرف امام کی قرارت

Marfat.com

فَاسْتَمِعُوْا لَهٗ وَاَنْصِتُوْا فِیْ قِرَاءَةِ الامام، اِذا قَرَأَ الامام فَاسْتَمِع لَهٗ وَاَنْصِتْ

کے بارے میں نازل ہوئی ہے، جب امام پڑھے تو آپ اس کو سنیں، اور خاموش رہیں۔

④ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے ایک بار اپنے شاگردوں کو نماز پڑھائی، انھوں نے سنا کہ کچھ لوگ پیچھے قرارت کر رہے ہیں، چنانچہ نماز کے بعد آپ نے فرمایا کہ

اَمَا اَنْ لکم اَنْ تَفْهَمُوْا؟ اَمَا اَنْ لکم اَنْ تَعْقِلُوْا؟ وَاِذَا قُرِئَ الْقُرْاٰنُ فَاسْتَمِعُوْا لَهٗ وَاَنْصِتُوْا کما اَمَرَکُمُ اللّٰهُ۔

کیا تمھارے لئے وقت نہیں آیا کہ سمجھو؟ کیا تمھارے لئے وقت نہیں آیا کہ بوجھو؟ جب قرآن کریم پڑھا جایا کرے تو اُسے سنو اور خاموش رہو، جیسا کہ تم کو اللہ تعالیٰ نے حکم دیا ہے۔

⑤ ابو العالیہ فرماتے ہیں کہ جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم صحابۂ کرام کو نماز پڑھاتے تھے تو حضورؐ بھی پڑھتے تھے، اور حضورؐ کے پیچھے صحابۂ کرام بھی پڑھتے تھے، پس آیتِ کریمہ وَاِذَا قُرِئَ الْقُرْاٰنُ نازل ہوئی تو لوگ خاموش ہو گئے اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پڑھتے رہے۔[1]

دوسری دلیل: یہ ہے کہ جو حضرات مقتدی کے لئے سورۂ فاتحہ کا پڑھنا واجب یا مستحب کہتے ہیں مثلاً محدثینِ عظام، حنابلہ اور شوافع وہ حضرات بھی آیتِ پاک کی تعمیل کی فکر سے غافل نہیں ہیں، چنانچہ محدثین اور حنابلہ تو اس کے لئے یہ تجویز فرماتے ہیں کہ مقتدی امام کے سکتات میں پڑھے اور حضرات شوافع کی تجویز یہ ہے کہ فاتحہ سے فارغ ہو کر امام خاموش ہو جائے، تاکہ تمام مقتدی فاتحہ پڑھ سکیں۔

ظاہر ہے کہ یہ دونوں تجویزیں بدرجۂ مجبوری ہیں، احادیث میں کہیں اس کا تذکرہ نہیں ہے، مرفوع احادیث میں سکتۂ طویلہ صرف ایک ثابت ہے، اور وہ ہے تکبیر تحریمہ کے بعد قرارت شروع کرنے سے پہلے ثنا پڑھنے کے لئے، اور فاتحہ کے بعد سکتہ اور سورت کے بعد سکتہ کی روایات مُضْطَرِب ہیں[2]

بہر حال ان حضرات کی یہ تجویزیں آیتِ پاک کی تعمیل کی فکر میں نہیں ہیں تو اور کیا ہے؟ پس ثابت ہوا کہ آیتِ پاک مؤخر ہے، کیونکہ اس کی تعمیل کے لئے قائلینِ فاتحہ بھی فکر مند ہیں۔

تیسری دلیل: تقریباً نوے[90] فی صد امت کا اتفاق ہے کہ مقتدی پر فاتحہ پڑھنا فرض نہیں ہے، یہ

---

[1] یہ سب روایتیں سیوطیؒ کی تفسیر الدر المنثور جلد ۳ صـ ۱۵۵ سے لی گئی ہیں، اور یہ روایات بطورِ مثال ذکر کی گئی ہیں، ان کے علاوہ اور متعدد روایات الدر المنثور میں ذکر کی گئی ہیں۔ ۱۲

[2] دیکھئے بذل المجہود صـ ۳۵ ج ۲ ۱۲

Marfat.com

اتفاق بھی بلاوجہ نہیں ہوسکتا، اس اتفاق واجماع کی بنیاد بھی آیتِ کریمہ کا ناسخ ہونا ہے، جمِ غفیر کے اجماع کے سلسلہ میں درج ذیل روایات ملاحظہ فرمائیں.

① امام شعبی رح فرماتے ہیں کہ میری ستر بدری صحابۂ کرام سے ملاقات ہوئی ہے، جو سب کے سب مقتدی کو امام کے پیچھے پڑھنے سے منع کرتے تھے۔ (روح المعانی ص ۱۵۲ ج ۱)

② امام احمد بن حنبل رح فرماتے ہیں کہ

ماسَمِعْنَا اَحَدًا من اهل الاسلام يقول إنّ الامامَ إذا جَهَرَ بالقراءةِ لا تُجْزِئُ صلوٰةُ من خلفَه اذا لم يَقْرَأْ، وقال: هٰذا النبي صلى الله عليه وسلم واصحابُه والتابعون، وهٰذا مالك في اهل الحجاز، وهذا الثوري في اهل العراق، وهذا الاوزاعي في اهل الشام، وهذا الليثُ في اهل مِصْرٍ كما قالوا لرجل صلّى وقَرَأَ امامُه، ولم يقرأ هو: صلوتُه باطلةٌ (المغنی ص ۶۰۲ ج ۱)

ہم نے کسی مسلمان سے نہیں سنا کہ جب امام جہری قرارت کرے تو اس مقتدی کی نماز نہیں ہوتی جو قرارت نہ کرے، اور امام احمد نے یہ بھی فرمایا کہ یہ ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم، اور آپؐ کے صحابہ اور تابعین، اور یہ امام مالک ہیں حجاز میں، اور سفیان ثوری ہیں عراق میں اور یہ امام اوزاعی ہیں شام میں، اور لیث بن سعد ہیں مصر میں، ان میں سے کسی نے نہیں کہا اس شخص کے بارے میں جس نے نماز پڑھی اور اس کے امام نے قرارت کی اور خود اس نے قرارت نہیں کی کہ اس کی نماز باطل ہے

دیکھئے! ہم نے تو نوّے فی صد ہی کہا تھا، امام احمد بن حنبل تو سو فی صد کہہ رہے ہیں، اور اس صراحت کے ساتھ کہہ رہے ہیں کہ "ہم نے کسی بھی مسلمان سے نہیں سنا"، پس سوچیں وہ لوگ جو مقتدی پر فاتحہ فرض قرار دیتے ہیں کہ ان کا شمار کس خانہ میں ہے؟!

③ امام نخعی علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں کہ

اَوَّلُ مَا اَحْدَثُوْا القراءةَ خلفَ الامامِ، وكانوا لا يَقْرَءُوْنَ (الدر المنثور ص ۱۵۶ ج ۳)

سب سے پہلی بات جو لوگوں نے نئی پیدا کی وہ امام کے پیچھے پڑھنا ہے، اور سلف صالحین نہیں پڑھا کرتے تھے

تاویلِ باطل

اگر قائلینِ فاتحہ یہ کہیں کہ آیتِ کریمہ جمعہ کے خطبہ کے بارے میں نازل ہوئی ہے، یعنی جب خطبہ میں قرآن کریم پڑھا جائے تو ضروری ہے کہ لوگ خاموش رہیں، اور سنیں ——— یا وہ یہ کہیں کہ آیتِ کریمہ کلام فی الصلوٰۃ کے بارے میں نازل ہوئی ہے یعنی پہلے نماز میں بولنا جائز تھا، اس آیت کے نزول کے بعد بولنے کی ممانعت ہوگئی، تو یہ دونوں تاویلیں باطل ہیں، اور اس سلسلہ میں جو روایات ہیں وہ آیتِ کریمہ کا حقیقی شانِ نزول نہیں ہیں،

بلکہ وہ صرف یہ بتانے کے لئے ہیں کہ خطبۂ جمعہ میں بھی قرآن کریم سننے کا یہی حکم ہے، اسی طرح امام کے پیچھے باتیں کرنے کا بھی یہی حکم ہے، کیونکہ صحابۂ کرام امکانی مَصادِق کے لئے بھی نَزَلَتْ فی کذا استعمال کرتے تھے جیسا کہ حضرت شاہ ولی اللہ صاحب دہلویؒ نے الفوز الکبیر میں اس کی تصریح کی ہے، نیز روایات میں اس کی صراحت موجود ہے کہ کلام فی الصلوٰۃ، آیتِ کریمہ قُوْمُوْا لِلّٰہِ قٰنِتِیْنَ سے منسوخ ہوا ہے۔

آیت میں تخصیص

اور اگر قائلینِ فاتحہ یہ کہیں کہ آیت کریمہ ''قرارت'' کے بارے میں نازل ہوئی ہے یعنی جب امام سورت پڑھے تو مقتدیوں کے لئے ضروری ہے کہ وہ سنیں اور خاموش رہیں، آیتِ کریمہ فاتحہ کو شامل نہیں ہے ——— تو اس کا جواب یہ ہے کہ یہ تخصیص بلا دلیل ہے، اگر آپ کی یہ تخصیص مان لی جائے جو بلا دلیل ہے تو پھر ہم نے حدیث کا جو مطلب بیان کیا ہے، اور حضرت جابر رضی اللہ عنہ کے حوالہ سے بیان کیا ہے کہ حدیث لَاصَلٰوۃَ لِمَنْ لَمْ یَقْرَأْ بِفَاتِحَۃِ الْکِتَابِ مقتدی کو شامل نہیں ہے، وہ کیوں قابل قبول نہ ہوگا؟!

دفعۂ چہارم: آپ ہم سے اُن احادیث کے طالب ہیں جن سے خاص مقتدیوں کو ممانعتِ قرارت ثابت ہو ——— ہم آپ سے اُس حدیث کے طالب ہیں جس سے مقتدیوں کو اَمرِ وجوبِ قرارت بطور نَصّ نکلتا ہو، اور پھر وہ حدیث صحیح بھی ہو، اور صحیح بھی کیسی؟ مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ بھی ہو، اگر ہو تو لائیے اور دس نہیں بیس[۲] لے جائیے ——— پر حدیثِ عُبادہ رضؓ جو ترمذی میں مَرقوم ہے اُس کی طرف توجہ نہ فرمائیے، اول تو وہ صحیح نہیں، اور کسی نے صحیح بھی کہہ دیا، تو اس سے اتفاق ثابت نہیں ہو سکتا، جو آپ کی شرائطِ مقبولہ میں سے ہے۔

علاوہ بریں آپ حدیث مانگتے ہیں، ہم اول تو قرآن کی آیت عرض کرتے ہیں وَاِذَا قُرِئَ الْقُرْاٰنُ فَاسْتَمِعُوْا لَہٗ وَاَنْصِتُوْا، اور پھر یہ عرض کرتے ہیں کہ یہ دلیل وہ ہے جس کو حضرت ابوہریرۃ رضی اللہ عنہ اور حضرت امام شافعیؒ بھی مان گئے ہیں، جو تمام جہان میں ایجابِ قرارت علی المقتدی میں ممتاز ہیں، یہی وجہ ہے کہ ایک[۱] صاحب تو تتبُّعِ سکتاتِ امام کی تکلیف دیتے ہیں،

---

[۱] ایک صاحب یعنی حضرت ابوہریرۃ رضی اللہ عنہ سکتاتِ امام کی ٹوہ میں رہنے کی تکلیف دیتے ہیں ——— مگر حضرت ابوہریرۃ رضؓ کا یہ قول ہمیں نہیں ملا، البتہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی اس سلسلہ میں ایک مرفوع حدیث مستدرک حاکم ص۲۳۸ ج۱ وسنن دارقطنی ص۲۱۷ ج۱ میں ہے، مگر اس کے ایک راوی محمد بن عبداللہ لیثی ہیں، (بقیہ صـ۲ پر)

Marfat.com

اور ایک صاحب فاتحہ اور سورت کے درمیان سکتۂ طویلہ نکالتے ہیں، اگر مخالفتِ آیت کا کھٹکا نہ تھا تو پھر مَاخَذ[1] وجوبِ قرارتِ فاتحہ علی المقتدی تو خود ہی مطلق اور عام تھا، اس تجویزِ غیر ضروری کی ضرورت کیا تھی؟

اب آپ کی خدمت میں یہ گذارش ہے کہ یا تو آپ کسی حدیثِ صحیح، متفق علیٰ صحتہٖ[2] سے چھوڑ، ضعیف ہی سے سکتہ طویلہ درمیان فاتحہ و سورت کے، یا مطلقاً ہر رکعت میں ثابت فرمائیں، اور دس[10] نہیں بیس[20] لے جائیں، یا تتبعِ سکتاتِ امام ہی کسی روایتِ مرفوع سے ثابت فرمائیں، صحیح نہ ہو ضعیف ہی روایت سہی، پر اتنا تو ہو کہ اجتہادِ صحابی کا احتمال نہ رہے[3]، پھر ہم سے دس[10] نہیں بیس[20] لیجئے، ورنہ پھر عدمِ تعمیلِ آیت کی فکر کیجئے۔

اور یہ بھی سمجھ لیجئے کہ اول تو حدیثِ غیر متواتر وجوبِ عمل میں ہم سنگِ قرآن نہیں ہو سکتی، اور بالفرض بفرضِ محال ہوئی بھی تو اگر آپ متبعِ حدیث ہوں گے، تو ہم متبعِ قرآن ہوں گے ع ببیں تفاوتِ رہ از کجاست تا بکجا؟!

اس کے بعد اگر آپ آیت میں کچھ تخصیص کریں گے، تو ہم حدیث میں تاویل کریں گے، اور بروقتِ موازنہ آپ کو ان شاء اللہ معلوم ہو جائے گا کہ کس کی بات غالب ہے؟ باقی رہی اور احادیث اور سوائے ان کے اور دلائل اور اتفاقِ جمِ غفیر ان کو ابھی ہم بھی پیش نہیں کرتے، یار باقی صحبت باقی!

(حاشیہ بقیہ صـ۷۱ کا) جن کو امام بخاری نے منکر الحدیث اور امام نسائی نے متروک قرار دیا ہے۔ علاوہ ازیں لیثی اس حدیث کو عمرو بن شعیب عن ابیہ عن جدہ کی سند سے بھی روایت کرتے ہیں کما فی سنن الدار قطنی صـ۳۲۱ ج۱ فہذا اختلاف فی اسنادہ (فتح الملہم صـ۲۷ ج۲)

[1] مَاخَذ یعنی دلیل اور مراد حضرت عُبادہ رض کی حدیث ہے یعنی لَاتَفْعَلُوْا اِلَّا بِاُمِّ الْقُرْاٰنِ عام ہے، سکتاتِ امام یا فاتحہ کے بعد سکتۂ طویلہ میں پڑھنے کی تخصیص نہیں ہے ۱۲۔

[2] یہاں ادلۂ کاملہ اور اظہار الحق دونوں میں علیٰ صحتہا ہے، مگر اس کا مرجع چونکہ حدیث صحیح ہے اس لئے ہم نے علیٰ صحتہٖ لکھا ہے، اور عبارت کا مطلب یہ ہے کہ ایسی حدیث جس کی صحت پر سب کو اتفاق ہو چھوڑیئے کسی ضعیف حدیث ہی سے سکتۂ طویلہ ثابت کیجئے۔ ۱۲

[3] یہ حضرت ابوہریرۃ رضی اللہ عنہ کی تجویز کی طرف اشارہ ہے، جس کے بارے میں ہم نے لکھا ہے کہ وہ روایت ہمیں نہیں ملی۔

⑤

تقلیدِ شخصی کا وجوب

تقلید کے معنی ـــــ تقلید شخصی کا مطلب ـــــ غلط فہمیوں کا ازالہ۔ ڈھول کے اندر پول ـــــ تقلید فطری چیز ہے ـــــ تقلید شخصی و غیر شخصی ـــــ تقلید شخصی کی تاریخ ـــــ تقلید شخصی کا وجوب اجماعِ امت سے ہے ـــــ فرقۂ اہلِ حدیث کی حقیقت ـــــ کیا اہلِ حدیث غیر مقلد ہیں؟

Marfat.com

Marfat.com

۵

تقلیدِ شخصی کا وجوب

تقلید کے معنیٰ میں ایک غلط فہمی پائی جاتی ہے، اس لئے پہلے اس کے صحیح معنیٰ سمجھ لینے چاہئیے

تقلید کے معنیٰ

تَقلِید بابِ تَفعِیل کا مصدر ہے جس کے معنی ہیں: ہار پہنانا، اور اس کا مادہ ہے قِلَادَة۔ قِلَادَة جب انسان کے گلے میں ہو تو مالا، اور ہار کہلاتا ہے، اور حیوان کے گلے میں ہو تو پٹہ کہا جاتا ہے، قَلَّدَهُ القِلَادَةَ کے معنیٰ ہیں ہار پہنانا اور قَلَّدَ البَعِیرَ کے معنیٰ ہیں اونٹ کی گردن میں پٹہ ڈالنا، ——— اور اس بحث میں تقلید کے معنی ہیں: کسی مجتہد کو اپنی عقیدت مندی کا ہار پہنانا، یعنی اس کا مُعتَقِد ہونا، اس کو اپنا بڑا ماننا اور اس کی پیروی کرنا۔

تقلید شخصی کا مطلب

شخص کے معنیٰ ہیں: آدمی، اور اس میں یار نسبت کی ہے اس لئے شخصی کے معنیٰ ہیں مُعَیَّن آدمی ——— اور تقلید شخصی کے معنیٰ ہیں ائمۂ مجتہدین میں سے کسی مُعَیَّن امام کی پیروی کرنا، اس کا نیاز مند بننا، اور اس کو اپنی عقیدت مندی کا ہار پہنانا، اور دین کی تَبیِین و تشریح میں اس پر پورا اعتماد کرنا۔

حضرت قُدِّسَ سِرُّہ نے ایضاح الادلۃ میں یہ بحث بہت تفصیل سے لکھی ہے، اس کا خلاصہ یہ ہے کہ

"بنائے تقلید فقط اس امر پر ہے کہ جس فن میں کوئی کسی کی تقلید کرے، مُقَلِّد کے ذمہ یہ ضروری ہے کہ اس شخص کو اپنے حوصلہ کے موافق بالاجمال قابلِ تقلید سمجھتا ہو، اور فنِ مذکور میں اس کی رائے اور فہم کا مُعتَقِد ہو، اور بالاجمال یہ بات بھی جانتا ہو کہ وہ شخص حتی الوسع اس بات کی کوشش کرتا ہے کہ جو کہے مطابقِ قواعدِ فن کہے ——— علومِ سابقہ سے لے کر علومِ

عالیہ تک تقلید کا مدار اسی پر ہے، حتیٰ کہ تقلیدِ انبیاء بھی اسی امر پر موقوف ہے،، (ص۱۳۸ ملخصًا)

تقلید کے معنیٰ میں غلط فہمی

عام طور پر تَقْلِیْد کے معنیٰ سمجھے جاتے ہیں: اپنی گردن میں پٹہ ڈالنا، یعنی اپنی نکیل دوسرے کے ہاتھ میں دے دینا، اور وہ جہاں بھی لے جائے اندھا ہو کر اس کے پیچھے چل دینا۔ عام محاورہ ہے: ،،تقلید کا قِلَادَہ گردن میں ڈالنا،، اور ،، اندھی تقلید کرنا،، یہ دونوں محاورے اسی عام غلط فہمی پر مبنی ہیں، عربی زبان کا جو لوگ علم رکھتے ہیں وہ خوب اچھی طرح جانتے ہیں کہ تقلید کے یہ معنیٰ غلط ہیں، کیونکہ تقلید میں قِلَادہ اپنی گردن میں نہیں ڈالا جاتا بلکہ دوسرے کی گردن میں ڈالا جاتا ہے، اور وہ بھی اپنی خوشی و اختیار سے، اور اسی سے قَلَّدَہُ الْعَمَلَ (اس کو کام سونپا) اور تَقْلِیْدُ الْقَاضِی (جج بنانا) مستعمل ہے۔

اگر تقلید کے معنیٰ اپنی گردن میں پٹہ ڈالنا ہوں گے تو مُقَلِّدْ (ہار پہنانے والا) اور مُقَلَّدْ (ہار پہننے والا) دونوں ایک ہو جائیں گے حالانکہ ایک ہی ذات فاعل اور مفعول دونوں نہیں ہو سکتی، تَقْلِیْد کے صحیح معنیٰ ہیں دوسرے کی گردن میں ہار ڈالنا، اس صورت میں لوگ مُقَلِّدْ (ہار پہنانے والے) اور امام مُقَلَّد (ہار پہننے والا) ہوگا۔

تقلید کے معنیٰ میں پائی جانے والی یہ غلط فہمی اگر دور کر لی جائے، اور تقلید کے صحیح معنی سمجھ لئے جائیں تو امید ہے کہ تقلید شخصی کے بارے میں پیدا ہونے والے بہت سے اشکالات خود بخود ختم ہو جائیں گے۔

ایک اور غلط فہمی

اسی طرح احکام دینیہ اور مسائل شرعیہ کے بارے میں ایک غلط فہمی یہ بھی پائی جاتی ہے کہ ہر حکم اور ہر مسئلہ کے لئے قرآن و حدیث سے صریح دلیل طلب کی جاتی ہے، عام طور پر دارالافتا سے مسائل دریافت کرنے والے سوال کے آخر میں لکھتے ہیں ،، قرآن و حدیث سے جواب دیں،، اور ان کی مراد یہ ہوتی ہے کہ کوئی صریح آیت یا حدیث پیش کریں حالانکہ یہ بات ممکن ہی نہیں ہے، ہر مسئلہ کا قرآن و حدیث میں صراحۃً مذکور ہونا ضروری نہیں ہے، بہت سے مسائل نصوص کے اِشاروں سے یا دلالت سے یا اقتضاء سے نکالے جاتے ہیں، کچھ مسائل اجماعِ امت سے بھی ثابت ہوتے ہیں، نیز اجتہاد و قیاس ایک مستقل اصل ہے، جس سے مسائل مُسْتَنْبَط کئے جاتے ہیں، پھر یہ بات کیسے ممکن ہے کہ ہر مسئلہ میں صریح نص پیش کی جائے؟!

زیرِ بحث مسئلہ میں بھی غیر مُقَلِّد علامہ محمد حسین صاحب بٹالوی نے تقلیدِ شخصی کے بارے میں قرآن کریم یا حدیث شریف سے صریح نص طلب کی ہے، یعنی قرآن کریم کی کوئی ایسی آیت، یا کوئی

Marfat.com

ایسی حدیث شریف ان کو دکھائی جائے جس میں یہ لکھا ہو کہ تمام مسلمانوں پر امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ یا امام شافعی رحمہ اللہ کی یا کسی اور امام کی تقلید واجب ہے ——— انھوں نے یہ چیلنج اس اعتماد پر دیا تھا کہ ہندوستان کے احناف ایسی نص کہاں سے دکھائیں گے، حالانکہ یہ سوال خود اس غلط فہمی پر مبنی ہے کہ ہر مسئلہ کے لئے نص صریح اور حدیث صحیح ضروری ہے، اس لئے حضرت قُدِّسَ سِرُّہٗ نے اپنے جواب میں سب سے پہلے اُن سے دو مسئلوں کی ——— جو تمام مسلمانوں کے درمیان مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ ہیں، بلکہ اسلام کا مَبْنیٰ ہیں، اور مسلمانوں کے نزدیک اَجلیٰ بدیہیات میں سے ہیں ——— نصِ صریح طلب کی ہے کہ پہلے آپ یہ دو مسئلے نص صریح سے ثابت کیجئے پھر احناف سے دلیل طلب کیجئے۔ پہلا مسئلہ ہے قرآن شریف کی پیروی کا واجب ہونا، اور دوسرا مسئلہ ہے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی پیروی کا واجب ہونا۔

مگر ساتھ ہی یہ بھی ارشاد فرمایا ہے کہ پہلا مسئلہ قرآنِ پاک سے ثابت نہ کریں، ورنہ تَوَقُّفُ الشَّیْءِ عَلٰی نَفْسِہٖ[1] لازم آئے گا، اور حدیث سے بھی ثابت نہ کریں کیونکہ حدیثوں کا واجب الاتباع ہونا قرآن کریم کے واجب الاتباع ہونے پر موقوف ہے، اسی طرح دوسرا مسئلہ بھی حدیثوں سے ثابت نہ کریں ورنہ تَوَقُّفُ الشَّیْءِ عَلٰی نَفْسِہٖ لازم آئے گا، اور قرآن سے بھی ثابت نہ کریں، کیونکہ قرآن کا واجب الاتباع ہونا خبرِ رسول کے واجب الاتباع ہونے پر موقوف ہے۔

خلاصہ یہ کہ اگر قرآن کا واجب الاتباع ہونا، خبرِ رسول کے واجب الاتباع ہونے پر موقوف ہے اور خبرِ رسول کا واجب الاتباع ہونا قرآن کے واجب الاتباع ہونے پر موقوف ہے تو دَوْر[2] لازم آئے گا، اور اگر دونوں کی پیروی کا واجب ہونا کسی تیسری دلیل پر موقوف ہے تو سوال ہوگا کہ اس تیسری دلیل کا واجب الاتباع ہونا کہاں سے ثابت ہے؟، اگر قرآن و حدیث پر اس کا ثبوت موقوف ہے تو دور لازم آئے گا، اور اگر کسی چوتھی چیز پر موقوف ہے تو پھر اس چوتھی چیز کے بارے میں یہی سوگا، اور نتیجہ میں یا تو دَوْر لازم آئے گا، یا تَسَلْسُل[3] اور یہ دونوں چیزیں باطل ہیں، پس بٹالوی صاحب کو وجوب ثابت کرنے

---

[1] یعنی کسی چیز کا ثبوت خود اسی پر موقوف ہو ۱۲

[2] دَور، توقف الشیٔ علی نفسہ کا دوسرا نام ہے ۱۲

[3] تسلسل نام ہے توقف الشیٔ علی غیرہ الی غیر النہایہ کا، یعنی ایک چیز کا ثبوت دوسری چیز پر موقوف ہو، اور دوسری کا تیسری پر، اور تیسری کا چوتھی پر، اسی طرح غیر متناہی حد تک توقف کا سلسلہ چلتا رہے ۱۲

والی دلیل کے نص میں منحصر ہونے کے دعوی سے دست بردار ہونا پڑے گا، اور وہ مجبور ہوں گے کہ ان دونوں چیزوں کی پیروی کا واجب ہونا، قرآن وحدیث کے علاوہ کسی اور دلیل سے ثابت کریں اس صورت میں ہم بھی تقلیدِ شخصی کا وجوب اسی دلیل سے ثابت کریں گے، جس سے وہ قرآن وحدیث کا واجب الاتباع ہونا ثابت کریں گے۔

وہ دلیل جس سے بٹالوی صاحب قرآن ورسول کا واجب الاتباع ہونا ثابت کریں گے، وہ کوئی نص تو ہو نہیں سکتی، کیونکہ نص یعنی دلیل نقلی قرآن وحدیث میں منحصر ہے، ——— ہاں اگر کوئی شخص اپنے آپ کو مَہبطِ وحی قرار دے، اور خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد اپنے آپ کو نبی و رسول بتلائے، اور یہ دعویٰ کرے کہ مجھ پر بذریعہ وحی نص نازل ہوئی ہے کہ قرآن کی اور رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اتباع واجب ہے، تو یہ اور بات ہے، مگر کسی مسلمان سے اس کی کیسے توقع کی جاسکتی ہے؟! ——— پس لامحالہ بٹالوی صاحب مجبور ہوں گے کہ کتاب اللہ اور رسول اللہ کی پیروی کا واجب ہونا یا تو اجماع امت سے ثابت کریں یا دلیل عقلی سے، کیونکہ یہ دونوں چیزیں بھی حجتِ شرعیہ ہیں اس صورت میں حضرت قدس سرہ بھی تقلیدِ شخصی کا وجوب اُنہی دلیلوں سے ثابت کر دکھائیں گے۔

دفعۂ خامس: آپ ہم سے وجوبِ تقلید کی دلیل کے طالب ہیں ——— ہم آپ سے وجوبِ اتباعِ محمدی صلی اللہ علیہ وسلم، و وجوبِ اتباعِ قرآنی کی سند[1] کے طالب ہیں، اگر ایک ان میں سے دوسرے کے لئے وجوبِ اتباع کی سند ہے تو پھر اس کے وجوبِ اتباع کی کیا سند؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا واجب الاتباع ہونا اگر قرآن شریف سے ثابت ہوتا ہے، تو قرآن شریف کا واجبُ الاتباع ہونا کہاں سے ثابت ہوا؟ اور قرآن شریف کا واجب الاتباع ہونا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد سے ثابت ہوا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا واجب الاتباع ہونا کہاں سے ثابت ہوا؟ بجز اس کے کہ آپ اپنے آپ کو یا اپنے اَقْران[2]

---

[1] سَنَدُ: دلیل [2] اَقْران: قَرِیْن کی جمع ہے: ہم عصر لوگ، مُعاصرین، اَمْثال، مِثْل کی جمع ہے: مانند، ہم صورت، مَہْبِط: اُترنے کی جگہ

Marfat.com

وامثال کو مَہبطِ وحیِ آسمانی قرار دیں، اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خاتمیت کو رَلا مِلا[1] دیں اور کوئی تدبیر نہیں! مگر ہر چہ[2] بادا باد آپ ایسی ہی سند غیر معتبر لائیں، اور دنبہ نہیں بیس[2] لے جائیں! ورنہ پھر ہماری طرف سے یہ گذارش ہے کہ آپ جس مَوطن[3] سے سندِ وجوبِ اتباعِ نبوی وقرآنی نکال کر لائیں گے، اسی مَوطن سے ہم سندِ وجوبِ اتباعِ امام نکال کر دکھائیں گے۔

ڈھول کے اندر پول

غیر مُقلِّد علامہ محمد حسین صاحب بٹالوی مجتہدِ عصر ہونے کے دعویدار تھے، مگر وہ اور ان کی جماعت کے سارے مجتہدین مل کر بھی حضرت قُدِّسَ سِرُّہٗ کی اتنی صاف اور واضح عبارت کا مطلب نہ سمجھ سکے، اور جواب میں یہ کہا کہ

"سائل باوجودے کہ اہلِ اسلام میں سے ہے، پھر ہم سے وجوبِ اتباعِ کتاب وسنت کی دلیل ——— خلافِ ادبِ مناظرہ ——— کیوں طلب کرتا ہے؟ کہ در صورتِ تسلیم اسلام کے، سائل کے نزدیک بھی واجب الاتباع ہونا کتاب وسنت کا مُسلَّم ہی ہوگا؟ ورنہ دعوئے اسلام محض کذب ہو جائے گا" (مصباح الادلۃ صـ۳۲)

اور بے سمجھے مصباح الادلۃ میں ایران تُران کی باتیں لکھیں، جس کا حضرت قُدِّس سرہ نے ایضاح الادلۃ میں بھرپور نوٹس لیا ہے، شائقین حضرات اس کا ضرور مطالعہ کریں، ہم تو یہاں نفسِ مسئلہ کے بارے میں عام قارئین کی دلچسپی کے لئے کچھ گذارشات پیش کرتے ہیں۔

تقلید فطری چیز ہے : تقلید یعنی ماہرینِ فن کی پیروی کرنا ایک فطری چیز ہے، اس کے بغیر

---

[1] یعنی حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو خَاتَمُ النَّبِیِّیْن بھی مانیں، اور ساتھ ہی اپنے پاس وحیِ الٰہی آنے کا دعوی بھی کریں، جیسا کہ قادیانی لَعین نے کیا تھا۔

[2] یعنی کچھ ہی کیوں نہ ہو، جو ہو سو ہو، یہ فارسی محاورہ ہے، اور عبارت کا مطلب یہ ہے کہ ہماری طرف سے آپ کو آزادی ہے آپ جیسی چاہیں ویسی دلیل لائیں چاہے غیر معتبر ہی کیوں نہ ہو مگر لائیں تو سہی! ہم بھی دیکھتے ہیں کہ آپ نص یعنی دلیل نقلی کہاں سے لاتے ہیں؟! [3] مَوطِن کے اصلی معنی ہیں وطن اور میدانِ جنگ، اور حضرت کی مراد مَوطِن سے قرآن وحدیث کے علاوہ دوسری دو حجتیں یعنی اجماعِ امت اور قیاس ہیں ۱۲۰

Marfat.com

زندگی کی گاڑی دو قدم نہیں چل سکتی، نیز تقلید صرف احکام و مسائل ہی میں نہیں کی جاتی، بلکہ زندگی کے ہر شعبہ میں تقلید ناگزیر ہے، کھیتی باڑی کرنے والے اپنے بڑوں کی پیروی کرتے ہیں، صنعت و حرفت والے ماہرین کے نقشِ قدم پر چلتے ہیں، علم و فن کے دل دادہ اکابر کے علوم و معارف کو مشعلِ راہ بناتے ہیں، بچے ماں، باپ کی محاکات کرتے ہیں، اور صرف انسانوں تک ہی یہ بات محدود نہیں ہے بلکہ حیوانات میں بھی اس کا مشاہدہ کیا جاسکتا ہے۔

خود غیر مقلدین حضرات احکامِ شریعت میں نفسِ تقلید کو نہ صرف جائز بلکہ ضروری قرار دیتے ہیں، نیز حدیث شریف پر عمل کرنے کے لئے بھی بہت سے امور حدیث سے متعلق ایسے ہیں جن میں اقوالِ سلف کی تقلید ضروری ہے۔

الغرض جب نفسِ تقلید کا جواز بلکہ وجوب ایک فطری امر ہے، اور موافق و مخالف سب اس کے قائل ہیں تو دلائل کی چنداں ضرورت نہیں ہے، تاہم طمانیتِ قلب کے لئے ذیل میں قرآن و حدیث سے چند دلائل ذکر کئے جاتے ہیں۔

پہلی دلیل : اللہ پاک کا ارشاد ہے

يَاأَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا أَطِيعُوا اللَّهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ وَأُولِي الْأَمْرِ مِنْكُمْ

(النساء آیت ۵۹)

اے ایمان والو! تم اللہ کا کہنا مانو، اور رسول کا کہنا مانو، اور تم میں جو لوگ معاملہ کا اختیار رکھنے والے ہیں ان کا بھی کہنا مانو۔

اس آیتِ کریمہ میں اللہ تعالیٰ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے علاوہ "اُولُوالامر" کی پیروی کا بھی حکم دیا گیا ہے، لہٰذا اس آیتِ کریمہ سے صراحۃً اللہ، رسول کے علاوہ کی بھی اطاعت و تقلید ثابت ہوتی ہے۔

رہی یہ بات کہ "اُولُوالامر" کون ہیں؟ تو یہ بحث بہت طویل ہے، خلاصہ اس کا یہ ہے کہ دورِ اوّل میں اس کا مصداق وہ اہلِ حکومت تھے، جو یا تو خود احکامِ شریعت کے ماہر تھے، یا وہ اپنے ساتھ ایسے علماء کو رکھتے تھے جو بوقت ضرورت ان کو احکامِ شریعت بتاتے تھے، اور وہ اُمراء لوگوں کو حکم دیتے دیتے تھے، مگر آہستہ آہستہ ایک طرف حُکّام جہالت کا شکار ہوتے گئے اور دوسری طرف حکومت منہاجِ نبوت پر باقی نہ رہی اور اُمراء خود رائی سے کام لینے لگے، تو علماء اُمراء سے دور ہوتے گئے، اور صورتِ حال یہ ہوگئی کہ اُمراء نے صرف انتظام سنبھال لیا، اور علماء کرام نے امت کی دینی رہنمائی کا فریضہ انجام دیا، آج تک یہی صورت حال برقرار ہے، لہٰذا اس صورت حال میں "اُولُوالامر"

Marfat.com

کا مِصداق علماء کرام تو ہیں ہی رہے محکّام تو اگر اُن کے فرامین شریعت کے مطابق ہیں تو وہ بھی آیتِ کریمہ کا مصداق ہیں ورنہ نہیں، ارشادِ نبوی ہے۔

لَاطَاعَةَ لِمَخْلُوْقٍ فِیْ مَعْصِیَةِ الْخَالِقِ — اللہ تعالیٰ کی نافرمانی میں کسی مخلوق کی اطاعت جائز نہیں ہے۔

دوسری دلیل: اللہ پاک کا ارشاد ہے۔

فَسْئَلُوْا اَهْلَ الذِّكْرِ اِنْ كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ (الانبیاء آیت ۷ والنحل آیت ۴۳) — سو اگر تم نہ جانتے ہو تو جاننے والوں سے پوچھ لو۔

یہ آیتِ کریمہ اگرچہ خاص سِیَاق وسَباق میں نازل ہوئی ہے، مگر چونکہ الفاظ عام ہیں اس لئے الفاظ کے عموم کا اعتبار ہوگا، اصولِ فقہ کا ضابطہ ہے کہ

اَلْعِبْرَةُ لِعُمُوْمِ اللَّفْظِ لَا لِخُصُوْصِ الْوَارِدِ — نَصّ کے الفاظ کی عمومیت کا اعتبار ہے شانِ نزول اور سیاق کی خصوصیت کا اعتبار نہیں ہے۔

علاوہ ازیں ایک مرفوع حدیث سے جو حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے اور تفسیر دُرِّ مَنْثُور میں اس آیت کے ذیل میں درج کی گئی ہے، یہ بات صاف طور پر سمجھ میں آتی ہے کہ آیتِ کریمہ عام ہے، وہ حدیث یہ ہے

"حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ دینی بات جاننے والے کے لئے مناسب نہیں ہے کہ وہ جانتے ہوئے خاموش رہے، اور نہ جاننے والے کے لئے مناسب نہیں ہے کہ نہ جاننے کے باوجود خاموش رہے، جبکہ اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتے ہیں فَسْئَلُوْا اَهْلَ الذِّكْرِ اِنْ كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ، پس مومن کے لئے مناسب یہ ہے کہ وہ یہ بات جان لے کہ اس کا عمل شریعت کے مطابق ہے، یا شریعت کے خلاف؟"

اور اس کے جاننے کی صورت یہی ہے کہ جاننے والوں سے پوچھا جائے اور وہ جو بتائیں اُسے قبول کیا جائے، اسی کا نام اطاعت وتقلید ہے۔

تیسری دلیل: حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ

عَلَيْكُمْ بِسُنَّتِيْ وَسُنَّةِ الْخُلَفَاءِ الرَّاشِدِيْنَ الْمَهْدِيِّيْنَ تَمَسَّكُوْا بِهَا، وَعَضُّوْا عَلَيْهَا بِالنَّوَاجِذِ (رواہ احمد وابوداؤد، والترمذی وابن ماجۃ مشکوٰۃ ص ۳۰) — لازم پکڑو تم میری سنت، اور میرے راہ یاب ہدایت یافتہ خلفاء کی سنت، تھام لو تم اس کو، اور ڈاڑھوں سے مضبوط پکڑو تم اس کو

اس حدیث شریف میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سوا خلفاء راشدین کی سنت کی پیروی کا

حکم دیا گیا ہے، پس اس سے نفس تقلید کا مامور بہ ہونا ثابت ہوتا ہے۔

چوتھی دلیل: حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم (جہاد کے لئے) ایک سفر میں نکلے، ہم میں سے ایک آدمی کے سر میں پتھر لگا، جس سے اس کا سر زخمی ہو گیا، پھر اسے احتلام ہوا تو اس نے اپنے ساتھیوں سے مسئلہ پوچھا کہ کیا میرے لئے تیمم کرنے کی اجازت ہے؟ لوگوں نے جواب دیا کہ جب آپ کے پاس پانی ہے تو آپ کے لئے تیمم کرنے کی اجازت نہیں ہے، انھوں نے غسل کیا، اور اسی سے اُن کی وفات ہو گئی، جب ہم لوٹ کر حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں آئے تو کسی نے یہ بات حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو بتادی، حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ

قَتَلُوْهُ، قَتَلَهُمُ اللّٰهُ، اَلَا سَاَلُوْا اِذْ لَمْ يَعْلَمُوْا. فَاِنَّمَا شِفَاءُ الْعِيِّ السُّؤَالُ

ان لوگوں نے اس شخص کو مار ڈالا! مار ڈالیں اللہ تعالیٰ ان کو! کیوں نہ پوچھا انھوں نے جب کہ وہ نہیں جانتے تھے؟ درماندہ کی شفاء تو پوچھنا ہے!

(ابوداود شریف کتاب الطہارۃ ص ۴۹ ج ۱)

علماء سے مسائل پوچھنا، پھر اس کی پیروی کرنا ہی تقلید ہے، یہ سب دلائل نفسِ تقلید کے وجوب کے ہیں، اور بطور نمونہ ذکر کئے گئے ہیں، کیونکہ نفسِ تقلید کے وجوب کا کوئی منکر نہیں ہے، غیر مقلدین بھی اس کو مانتے ہیں۔

تقلید شخصی و غیر شخصی

نفس تقلید جس کی فرضیت و وجوب پر سب کا اتفاق ہے اس کی دو قسمیں ہیں ایک تقلید شخصی اور دوسری تقلید غیر شخصی۔ تقلید شخصی یہ ہے کہ تمام مسائل میں کسی معین امام کی پیروی کی جائے، اور تقلید غیر شخصی یہ ہے کہ جس مسئلہ میں جس کی چاہے تقلید کرے۔

خیر القرون میں چونکہ نفس پرستی کا غلبہ نہیں تھا اس لئے تقلید کی دونوں قسموں میں اختیار تھا کہ جس پر چاہے عمل کرے، مگر خیر القرون کے بعد جب نفس پرستی کا غلبہ ہوا تو تقلید غیر شخصی کو مُضِر اور تقلید شخصی کو ضروری سمجھا گیا، حضرت قدس سرہ ایضاح الادلہ میں تحریر فرماتے ہیں کہ

"ہمارا دعویٰ یہ ہے کہ اس زمانہ میں عوام کو ——— یعنی جو لوگ حسبِ اصطلاح و تعریف علماء و فقہاء، نہ مجتہدین میں شمار کئے جاتے ہیں، نہ مُرَدِّدِین میں داخل ہو سکتے ہیں علی الخصوص جبکہ وہ کسی مذہب کے پابند بھی ہو چکے ہوں ——— تقلید شخصی ضروری ہے ائمہ مجتہدین میں سے جس کی چاہے ایک کی تقلید کریں، گو قابلِ تقلید و اتباع اور بھی سمجھے

Marfat.com

جاتے ہیں، ہاں بوقت ضرورت کسی مسئلہ خاص میں اور ائمہ کی تقلید بھی مُباح ہے کما ھو مَبسُوط فی کُتُب الفقہ، مگر یہ تقلیدِ شخصی کے منافی نہیں۔

اور یہ تقلید ممنوع ہے کہ اس زمانہ میں ہر ایک عام وخاص کو اباحتِ مُطلَقہ ومُطلَق العنانی دی جائے کہ ہر مسئلہ میں جب چاہے جس کی چاہے تقلید کر لیا کرے۔

(ایضاح الادلہ ص۱۱۷ مطبوعہ فخریہ مراد آباد)

تقلیدِ شخصی کی تاریخ

دورِ اول میں یعنی دو سو سال تک تقلیدِ شخصی کا رواج کم تھا، اور تقلیدِ غیر شخصی کا رواج عام تھا، ہر شخص پیش آمدہ مسئلہ کسی بھی عالم سے پوچھ لیتا تھا، اور وہ جو حکم شرعی بتاتا اس پر عمل کرتا تھا، مگر دوسری صدی میں امتِ مسلمہ میں دو مکتبِ فکر وجود میں آئے، ایک محدثین فقہاء کا اور دوسرا فقہاء محدثین کا۔

محدثین فقہاء سے مراد وہ حضرات ہیں جن کا اصل کام حدیثیں روایت کرنا تھا، مگر وہ مجتہد بھی تھے، اس لئے روایتِ حدیث کے ساتھ مسائل بھی بیان کرتے تھے اور لوگ بطورِ استفادہ یا بطور ضرورت ان سے مسائل پوچھتے تھے، اور وہ جوابات دیتے تھے، مُوَطّا امام مالک اس کی بہترین مثال ہے۔

اور فقہاء محدثین سے مراد وہ حضرات ہیں جن کا اصل کام مسائل فقہیہ میں غور کرنا تھا، اور جوں جوں مسائل مُنقّح ہوتے جاتے تھے وہ حضرات ان کو مُدَوّن کر لیا کرتے تھے، یہ حضرات حدیث شریف کی روایت بہت کم کرتے تھے۔

محدثین فقہاء کے سَرخیل حضرت امام مالکؒ ہیں، اور فقہاءِ محدثین کے امامِ اعظم حضرت امام ابو حنیفہؒ ہیں، پھر یہ سلسلہ چلتا رہا، اور ان کے تلامذہ کا دور آیا، اور آہستہ آہستہ مسلمان دو حصّوں میں بٹتے چلے گئے، اور الگ الگ مکتب فکر کی پیروی کرنے لگے۔

امام ابو حنیفہؒ پر اللہ تعالیٰ کا خاص فضل یہ ہوا کہ ان کے تلامذہ غیر معمولی صلاحیتوں کے مالک ہونے کے باوجود اصول وفروع میں اپنے امام سے بہت زیادہ دور نہیں ہوئے، مگر امام مالکؒ کے ساتھ دوسری صورت پیش آئی، ان کے خاص شاگرد حضرت امام شافعیؒ علیہ الرحمۃ ان سے علم حاصل کرنے کے بعد عراق تشریف لے گئے اور امام ابو حنیفہ کے تلامذہ سے بھی علم حاصل کیا، اور دو مَشرَبوں سے استفادہ کرنے کا نتیجہ یہ نکلا کہ وہ اپنے استاد امام مالکؒ سے اصول میں بھی علیٰحدہ ہو گئے، اور فروع میں بھی مختلف ہو گئے اور ان کا ایک الگ حلقہ بن گیا۔

Marfat.com

پھر امام شافعیؒ کے خاص شاگرد امام احمد بن حنبل رح نے مسئلہ خَلقِ قرآن میں غیر معمولی قربانی دی تو ایک جماعت ان کی بھی عقیدت مند ہو گئی، انہی چاروں اماموں کے علوم ان کے تلامذہ نے محفوظ کئے۔

ان چار حضرات کے علاوہ اور بھی متعدد مجتہد پیدا ہوئے، مگر ان کو اچھے شاگرد نہیں ملے جو ان کے علوم کو محفوظ کرتے، پھر تیسری اور چوتھی صدی میں مجتہدین کی بھرمار ہوئی، اور بہت کم احکام ایسے باقی رہ گئے جن کے جواز و عدم جواز یا کراہت و استحباب وغیرہ میں اختلاف نہ ہوا ہو۔

ادھر ابنارِ زمانہ میں ہَوا و ہَوس کا غلبہ عام ہونے لگا، وہ رخصتوں کو تلاش کرنے لگے، اور جس مجتہد کا قول اپنی خواہش کے موافق ملا اس کو اختیار کر لیا، یہاں تک کہ یہ اندیشہ پیدا ہونے لگا کہ کہیں دینِ متین خواہشات کا مجموعہ نہ بن جائے، اور مسلمان دین کا اتباع کرنے کے بجائے دین کو اپنی خواہشات کے تابع نہ بنالیں اس لئے چوتھی صدی کے اکابر نے اس صورتِ حال پر ٹھنڈے دل سے غور کیا، ان کی سمجھ میں یہی ایک صورت آئی کہ اب تقلیدِ غیر شخصی سے لوگوں کو منع کیا جائے، اور سمجھایا جائے کہ وہ مُعَیَّن مجتہد کی تقلید کریں تاکہ لوگ تقلیدِ غیر شخصی کی آڑ میں نفس کے بندے نہ بن جائیں اور بے صلاحیت مجتہدین کی پیداوار بھی بند ہو۔

رہا یہ سوال کہ تقلید کے لئے کن شخصیتوں کا انتخاب کیا جائے تو یہ بات بالکل ظاہر تھی کہ دورِ صحابہ کے بعد تابعین کے طبقہ میں سے ایسی شخصیتوں کا انتخاب کیا جانا چاہئے جن کے علوم محفوظ ہوں، کیونکہ حُجّتِ شرعیہ تین[۳] ہیں، قرآن کریم، سنتِ نبوی اور صحابہ کرام کا اجماعی[۱] عمل، اس لئے تابعین میں سے ایسی شخصیتوں کا انتخاب مناسب معلوم ہوا جنھوں نے تینوں مصادر کو سامنے رکھ کر احکام شرعِ مُدَوَّن کئے ہوں، تابعین میں ایسی شخصیت صرف امام ابوحنیفہ رح کی تھی مگر تمام مسلمانوں کا ان پر مُتَّفِق ہونا مشکل تھا، کیونکہ امت کا ایک بڑا حصہ محدثین فقہاء کی پیروی کرتا تھا، اس لئے تبع تابعین میں سے امام مالک علیہ الرحمۃ کا انتخاب کیا گیا، مگر امام مالک رح پر بھی اس مکتبِ فکر کو مُتَّفِق کرنا ممکن نہیں تھا، ایک بڑی تعداد امام شافعی رح کی پیروی کرتی تھی، اور ایک جماعت حضرت امام احمد بن حنبل رح کی پیروی کرتی تھی، اس لئے ان دونوں حضرات کا بھی انتخاب کیا گیا

---

[۱] صحابۂ کرام کا اجماع، اجماعِ امت کا اعلیٰ فرد ہے، اور قیاس بھی حجت شرعیہ ہے، مگر وہ کوئی مستقل حجت نہیں ہے، بلکہ انہی حُجَجِ ثلثہ کے تابع ہے ۱۲

Marfat.com

اور اس طرح چار شخصیتیں متعین کی گئیں جن کے اپنے اپنے حلقہائے اثر بھی تھے، اور جن کے مستنبطات مُدَوَّن و مُرَتَّب بھی ہو چکے تھے، چنانچہ چوتھی صدی میں پوری امّتِ مسلمہ نے ان چار ائمہ کی تقلید شخصی پر اجماع کر لیا، اور ان کے علاوہ کی تقلید کو ناجائز قرار دیا[1]۔

تقلید شخصی کا وجوب اجماعِ امّت سے ہے

گذارشاتِ بالا سے یہ بات واضح ہوئی کہ تقلید شخصی کا وجوب اجماعِ امّت سے ثابت ہے، اور اجماعِ امّت اصولِ شریعت میں تیسری اصل ہے، اس سے ثابت ہونے والا حکم بھی قطعی ہوتا ہے۔ شیخ عبدالحق مُحَدِّث دہلوی رح شرح سفرُ السعادہ میں لکھتے ہیں:

"لیکن قرار دادِ علماء، و مصلحت دیدِ ایشاں، در آخر زماں، تعیین و تخصیصِ مذہب است، و ضبط و ربطِ کارِ دین و دنیا ہم دریں صورت بود (بحوالہ ایضاح الادلہ ص۱۱۸)

لیکن علماء کی تجویز اور ان کی مصلحت بینی، آخر زمانہ میں، مذہب کی تعیین و تخصیص ہے، اور دین و دنیا کے کاموں کا ربط و ضبط بھی اسی صورت میں تھا۔

حضرت شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلوی قدس سرہ اپنی کتاب "انصاف" میں تحریر فرماتے ہیں کہ

وبعد المأتین ظهر فیهم التمذهب للمجتهدین بأعیانهم، وقلّ من کان لا یعتمد علیٰ مذهبِ مجتهدٍ بعینه وکان هذا هو الواجب فی ذلك الزمان[2]ه

دو[2] صدیوں کے بعد لوگوں میں معین مجتہد کی تقلید کا رجحان پیدا ہوا، اور بہت کم لوگ رہ گئے جو کسی معین مجتہد کے مذہب پر اعتماد نہ کرتے ہوں اور یہی چیز اس زمانہ میں واجب تھی۔

یعنی دورِ نبوت سے دور ہو جانے کی وجہ سے امت میں جو اختلافات پیدا ہو گئے تھے اور ناقص استعداد رکھنے والے مجتہدوں کی جو بھرمار ہو گئی تھی، اور ہر شخص اپنی رائے پر رکھنے لگا تھا اس کا علاج سوائے تقلید شخصی کے اور کچھ نہیں رہ گیا تھا۔

کچھ لوگوں کا اختلاف: اسی زمانہ میں، بلکہ اس سے بھی پہلے، بدقسمتی سے امت میں

---

[1] متقدمین مجتہدین کی تقلید بایں وجہ ممنوع قرار دی گئی کہ ان کے علوم مدون نہیں ہوتے تھے۔ اور نئے مجتہدین کی تقلید اس لئے ناجائز قرار دی گئی کہ وہ نام نہاد مجتہد تھے ۱۲

[2] انصاف فی بیان سبب الاختلاف بحوالہ ایضاح الادلہ ص۱۱۹ ۱۲

Marfat.com

ایک ایسا گروہ پیدا ہوگیا تھا جو صرف قرآن کو حُجّت مانتا تھا، سنّتِ نبوی اور احادیث شریفہ کو وہ حجّت نہیں مانتا تھا، یہ فرقہ "اہلِ قرآن" کہلاتا ہے، اور آج بھی دنیا کے کسی گوشہ میں اس کا وجود ہے، مگر ان کا اختلاف اجماع امت میں خَلَلُ نہیں ڈال سکتا کیونکہ گمراہ فرقوں کا اختلاف اجماع کو متأثر نہیں کرتا۔

اسی طرح دوسری صدی ہی میں ایک اور فرقہ بھی وجود میں آگیا تھا جو قرآن کریم کے علاوہ احادیثِ شریفہ کو تو حُجّت مانتا تھا، مگر اس سے نیچے صحابۂ کرام رضہ کے اجماعی عمل اور قیاس کو حُجّتِ شرعیہ نہیں مانتا تھا، یہ لوگ شروع میں تو "اَصْحابِ ظواہر" اور "ظاہری" کہلاتے رہے پھر رفتہ رفتہ انھوں نے اپنے آپ کو "اہلِ حدیث"[1] کہنا شروع کر دیا، یعنی جو قرآنِ کریم کے علاوہ حدیثوں کو تو حجّت مانتے ہیں، مگر اس کے نیچے اجماعِ صحابہ اور قیاس کو حجت نہیں مانتے، یہ فرقہ آج بھی موجود ہے، اور وقتاً فوقتاً اُن مسائل میں شور و شَغَبْ کرتا رہتا ہے جو صحابۂ کرام کے دور میں اجماع سے طے ہوئے ہیں۔ جیسے تراویح کا بیس۲۰ رکعت ہونا، یہ گروہ اس کو تحقیر کے طور پر سنتِ عُمری کہتا ہے، اور جو ان میں گستاخ ہیں وہ "بدعت عمری" کہتے ہیں، اسی طرح حضرت عثمانِ غنی رضہ کے زمانہ میں جمعہ کے لئے جو اذان بڑھائی گئی تھی اس کا یہ لوگ "سنت عثمانی" کہہ کر مذاق اڑاتے ہیں۔

ان دونوں گروہوں کے بالمقابل ننانوے فی صد امت قرآن کریم کو بھی حجت مانتی ہے،

---

[1] قرونِ اولیٰ میں اہلُ الحدیث محدثین کو کہا جاتا تھا خواہ وہ مجتہد ہوں یا غیر مجتہد مگر محدثین فقہاء کے مکتبِ فکر کی تقلید کرتے ہوں، سلف کے اقوال میں اور حدیث شریف کی کتابوں میں جہاں بھی اَصْحَابُ الحدیث، یا اہلُ الحدیث کا لفظ آیا ہے، اس سے یہی حضرات مراد ہیں، فرقۂ اہلِ حدیث مراد نہیں ہے، حضرت شاہ ولی اللہ قدس سرہ نے حجۃ اللہ البالغہ جلد اول میں جو باب قائم کیا ہے۔ بابُ الفَرْقِ بین اہل الحدیث واصحاب الرأی، اس میں بھی اہلُ الحدیث سے مراد محدثین ہیں، چنانچہ حضرت قدس سرہ نے باب کا آغاز ان الفاظ سے کیا ہے اعلم انہ کان من العلماء فی عصر سعید بن المُسَیِّب وابراہیم والزہری، وفی عصر مالکٍ وسفیان، وبعد ذٰلک قومٌ یکرہون الخوض بالرأی، ویہابون الفُتیا والاستنباط الّا لضرورۃ لایجدون منہا بُدًّا، وکان اکبر ہمہم روایۃ حدیث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم (ص ۱۴۷ ج ۱)
اس عبارت سے واضح ہے کہ حضرت شاہ ولی اللہ صاحب کے کلام میں اہلُ الحدیث سے مراد محدثین ہیں، معروف فرقہ مراد نہیں ہے ۱۲

Marfat.com

سنت نبوی کو بھی حجت مانتی ہے، اور صحابہ کرام کے اجماعی عمل کو بھی حجت مانتی ہے، یہ حضرات اَھْلُ السُّنَّۃِ والجماعۃ کہلاتے ہیں، سنت والے یعنی سنت نبوی کو حجت ماننے والے اس جز کے ذریعہ فرقہ اہل قرآن سے امتیاز ہوتا ہے، اور جماعت والے یعنی جماعتِ صحابہ کے اجماع کو حجت ماننے والے. اس جز کے ذریعہ فرقۂ اہلِ حدیث سے امتیاز ہوتا ہے. یہی جماعت حدیث شریف کی رو سے فرقۂ ناجیہ ہے، مشکوۃ شریف میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ

"ضرور میری امت اُن احوال سے دوچار ہوگی جن سے بنی اسرائیل دوچار ہوئے ہیں، بالکل ان کے ہُو بہُو، یہاں تک کہ ان میں سے کسی نے اپنی ماں کے ساتھ علانیہ بدکاری کی ہوگی تو میری امت میں بھی کچھ لوگ یہ حرکت کریں گے، اور بنی اسرائیل بہتّر فرقوں میں بٹ گئے ہیں، اور میری امت تہتّر فرقوں میں بٹ جائے گی، جو سب کے سب جہنم میں جائیں گے سوائے ایک جماعت کے، صحابہ کرام رضؓ نے پوچھا یا رسول اللہ! وہ ایک جماعت کون سی ہوگی؟ حضورؐ نے ارشاد فرمایا کہ

مَا اَنَا عَلَیْہِ وَاَصْحَابِی (مشکوۃ ص۳۰) — وہ وہ جماعت ہوگی جو میرے اور میرے صحابہ کے طریقہ پر ہوگی

اس حدیث شریف سے اور اس کے علاوہ اور متعدد حدیثوں سے ثابت ہوتا ہے کہ صحابۂ کرام کے طریقہ کی پیروی بھی دین کا ایک جز ہے اور نجات کے لئے ضروری ہے. اسی لئے اہلِ سنت والجماعت نے تقلید شخصی کے لئے وہ ائمہ منتخب کئے ہیں جو دورِ صحابہ کے بعد ہوئے ہیں. جنھوں نے احکام شرع کی ترتیب وتدوین میں عمل صحابہ کا بھی لحاظ کیا ہے۔

الغرض فرقۂ اہلِ حدیث صرف "اہل السنہ" ہے۔ "والجماعۃ" میں داخل نہیں ہے اس لئے اس کا اختلاف بھی اجماع امت میں خلل انداز نہیں ہوسکتا۔

کیا اہلِ حدیث غیر مقلد ہیں؟

اور فرقہ اہل حدیث کو جو غیر مقلد کہا جاتا ہے وہ اس اعتبار سے ہے کہ وہ ائمہ اربعہ کی تقلید نہیں کرتا، ورنہ حقیقت میں وہ بھی مُقلِد ہیں، کیونکہ غیر مقلدیت خود ایک مُکتَسَب فکر ہے، چنانچہ جو بھی اہل حدیث ہے وہ اپنا مسئلہ اہل حدیث عالم ہی سے پوچھتا ہے، جس طرح ایک حنفی اپنا مسئلہ کسی حنفی عالم ہی سے پوچھتا ہے پس یہ تقلید شخصی نہیں تو اور کیا ہے؟ اگر اہلِ حدیث حقیقی معنی میں غیر مُقلد ہوتے تو اپنے پیش آمدہ مسائل صرف اپنے علما سے نہ پوچھتے، بلکہ ہر عالم سے پوچھتے خواہ وہ حنفی ہو یا شافعی

Marfat.com

یا اہل حدیث، مگر سب جانتے ہیں کہ وہ اپنے ہی علماء سے مسائل پوچھتے ہیں پس معلوم ہوا کہ وہ بھی دوسروں کی طرح مقلد ہیں۔

رہا یہ سوال کہ جب وہ بھی مقلد ہیں تو پھر ائمہ اربعہ کی تقلید کیوں نہیں کرتے؟ تو اس کا جواب یہ ہے کہ وہ ائمہ اربعہ کی تقلید اس لئے نہیں کرتے کہ ائمہ اربعہ صحابۂ کرام کے اجماع کو حجت مانتے ہیں، اور اہلِ حدیث اس کو حجت نہیں مانتے، مگر وہ مسلمانوں سے یہ بات صاف نہیں کہہ سکتے ورنہ امت ان پر نفرین کرنے لگے، بلکہ ہوسکتا ہے کہ ان کی اکثریت جماعتِ اہلِ حدیث سے الگ ہوجائے، اس لئے وہ لوگوں کو یہ کہہ کر ورغلاتے ہیں کہ یہ چار امام چار بُت ہیں ان کی تقلید شرک ہے ان کو چھوڑ دو، اور ہماری تقلید کرو۔ اللہ تعالیٰ تمام مسلمانوں کو ان کی فریب دہی سے محفوظ رکھے اور اپنی مرضیات پر چلنے کی توفیق عطا فرمائے۔ (آمین)

Marfat.com

⑥
ظہر کا آخر وقت اور عصر کا اول وقت
(مثل اور مثلین کی بحث)

مذاہب فقہاء ـــــ روایات اور ان کا مفاد ـــــ امام اعظم رحمہ اللہ کی مختلف روایات کے سلسلہ میں احناف کے مختلف نقطہائے نظر ـــــ جمہور کے پاس بھی کوئی قطعی دلیل نہیں ہے ـــــ احتیاط امام اعظم رحمہ اللہ کے قول میں ہے۔

Marfat.com

Marfat.com

(۶)

ظہر کا آخر وقت اور عصر کا اول وقت

(مِثل اور مِثلَین کی بحث)

ظہر کا اول وقت بالاتفاق زَوال سے شروع ہوتا ہے، اور اِستِوارِ شمس کے وقت ہر چیز کا جو سایہ ہوتا ہے وہ فَیءِ زوال (اصلی سایہ) کہلاتا ہے، اس کے پہچاننے کا طریقہ یہ ہے کہ ہموار زمین میں کوئی سیدھی لکڑی یا کیل گاڑ دی جائے، زوال سے پہلے اس کا جو سایہ ہوگا وہ تدریجًا گھٹتا رہے گا، پھر یا تو بالکل ختم ہو جائے گا، یا کچھ باقی رہے گا، اور گھٹنا بند ہو جائے گا یہی باقی ماندہ سایہ فَیءِ زوال (اصلی سایہ) ہے، پھر وہ دوسری جانب بڑھنا شروع ہوگا، جوں ہی بڑھنا شروع ہو سمجھ لینا چاہئے کہ زوالِ شمس ہو گیا، اور ظہر کا وقت شروع ہو گیا۔

اور ظہر کا وقت کب تک باقی رہتا ہے اور عصر کا وقت کب سے شروع ہوتا ہے اس میں اختلاف ہے، ائمۂ ثلثہ یعنی امام مالک رح، امام شافعی رح اور امام احمد رح اور صاحِبَین یعنی امام ابو یوسف رح اور امام محمد رح کے نزدیک ظہر کا وقت اُس وقت ختم ہوتا ہے، جب ہر چیز کا سایہ فَیءِ زوال کو مِنہا کرنے کے بعد اُس چیز کے بقدر ہو جائے ——— اصطلاح میں اس کو ایک مِثل (مانند) کہتے ہیں ——— اور اس کے بعد فورًا عصر کا وقت شروع ہوتا ہے دونوں وقتوں کے درمیان

لہ خطِّ استواء سے قُرب و بُعد کی وجہ سے فَیءِ زوال مختلف ہوتا ہے ۱۲

Marfat.com

مشہور قول کے مطابق نہ تو کوئی حدِ فاصل ہے نہ وقت مشترک۔

اور امام اعظم سے اس سلسلہ میں چار روایتیں منقول ہیں۔

(۱) ظاہرِ روایت میں ظہر کا وقت دو مثل پر ختم ہوتا ہے، اور اس کے بعد فوراً عصر کا وقت شروع ہوتا ہے، یہی مُفتیٰ بہ قول ہے، علامہ کاسانی رح نے بَدَائِعُ الصَّنَائِع[1] میں لکھا ہے کہ یہ قول ظاہر روایت میں صراحۃً مذکور نہیں ہے، امام محمد رح نے صرف یہ لکھا ہے کہ امام ابوحنیفہ رح کے نزدیک عصر کا وقت دو مثل کے بعد (یعنی تیسرے مثل سے) شروع ہوتا ہے، ظہر کا وقت کب ختم ہوتا ہے اس کی تصریح امام محمد رح نے نہیں کی ہے۔

(۲) امام اعظم کا دوسرا قول وہی ہے جو ائمۂ ثلثہ اور صاحبین کا ہے، امام طحاوی رح نے اسی کو اختیار کیا ہے، اور صاحبِ دُرِّ مختار نے لکھا ہے کہ آج کل لوگوں کا عمل اسی پر ہے اور اسی پر فتویٰ دیا جاتا ہے، اور سید احمد دُحلان شافعی رح نے خِزَانَۃُ الْمُفْتِیْن اور فتاویٰ ظَہِیْرِیَّہ سے امام صاحب کا اس قول کی طرف رجوع نقل کیا[2] ہے، مگر ہماری کتابوں میں یہ رجوع ذکر نہیں کیا گیا ہے، بلکہ اس قول کو حَسَن بن زیاد لُؤلُؤی کی روایت قرار دیا گیا ہے، اور سَرَخْسِی رح نے مبسوط میں اس کو بروایت امام محمد رح ذکر کیا ہے، اور صاحبِ دُرِّ مختار نے جو اس قول کو مُفتیٰ بہ کہا ہے اس کو علامہ شامی نے رد کیا ہے۔

(۳) امام اعظم سے تیسری روایت یہ ہے کہ مثلِ ثانی مُہْمَل وقت ہے یعنی ظہر کا وقت ایک مثل پر ختم ہو جاتا ہے، اور عصر کا وقت دو مثل کے بعد شروع ہوتا ہے اور دوسرا مثل نہ ظہر کا وقت ہے نہ عصر کا، یہ اسد بن عَمْرو کی روایت ہے امام اعظم رحمہ اللہ سے۔

(۴) اور چوتھا قول عمدۃ القاری شرح بخاری میں یہ ذکر کیا گیا ہے کہ ظہر کا وقت دو مثل سے کچھ پہلے ختم ہو جاتا ہے، اور عصر کا وقت دو مثل کے بعد شروع ہوتا ہے، امام کَرْخی رح نے اس قول کی تصحیح کی ہے[3]

روایات ظہر کے آخر وقت اور عصر کے اول وقت کے سلسلہ میں روایات مختلف وارد ہوئی ہیں، تفصیل درج ذیل ہے۔

پہلی روایت: امامتِ جبرئیل والی حدیث ہے جس میں حضرت جبرئیل ؑ نے پہلے دن ظہر کی

---

[1] بدائع ص ۱۲۲ ج ۱ ۱۲

[2] و [3] فیض الباری ص ۹۵ ج ۲ ۱۲

نماز زوال ہوئے ہی پڑھائی تھی، اور عصر کی نماز ایک مثل پر پڑھائی تھی، اور دوسرے دن ظہر کی نماز ایک مثل پر پڑھائی تھی یعنی ٹھیک اسی وقت جس وقت پہلے دن عصر کی نماز پڑھائی تھی، (لوقتِ العصر بالاَمس) اور عصر کی نماز ڈیڑھ مثل پر پڑھائی تھی لہ

روایت کا مفاد

اس روایت سے معلوم ہوتا ہے کہ ایک مثل تک ظہر کا وقت ہے، اور دوسرے مثل سے عصر کا وقت شروع ہوتا ہے، اور دونوں وقتوں کے درمیان نہ تو کوئی مُہمَل وقت ہے، نہ مشترک، اس روایت کو ائمۂ ثلٰثہ اور صاحبَین نے لیا ہے، البتہ امام مالک علیہ الرحمۃ مثلِ اول کے آخر میں مقیم کے لئے چار رکعت کے بقدر، اور مسافر کے لئے ڈیڑھ رکعت کے بقدر مشترک وقت مانتے ہیں، یعنی اس میں ظہر کی نماز بھی پڑھی جا سکتی ہے، اور عصر کی نماز بھی، کیونکہ حضرت جبرئیل علیہ السلام نے پہلے دن جس وقت عصر کی نماز پڑھائی تھی ٹھیک اسی وقت میں دوسرے دن ظہر کی نماز پڑھائی تھی، علامہ دَردِیر کی شرح صغیر میں ہے

واشتركتِ الظهرُ والعصرُ في آخر القامَةِ بقدر اربع ركعاتٍ، فيكونُ آخرَ وقت الظهر، واولَ وقت العصر۔

(بلغة السالك ص۸۳ ج۱)

ظہر اور عصر شریک ہیں مثل اول کے آخر میں چار رکعت کے بقدر (شرح صاوی میں ہے کہ یہ حالت حضر میں ہے، اور حالت سفر میں دو رکعت کے بقدر ہے) لہٰذا مثل اول کا آخر ظہر کا آخری وقت اور عصر کا اول (ابتدائی) وقت ہے۔

مگر ابن حَبیب مالکی اشتراک کے قائل نہیں ہیں، اور ابنُ العربی مالکی تو فرماتے ہیں کہ

تالله مابَينَهما اشتراك، ولقد زَلَّتْ فيه اقدامُ العلماء

(حواله سابق)

خدا کی قسم! دونوں وقتوں کے درمیان مشترک وقت نہیں ہے، اور واقعہ یہ ہے کہ اس مسئلہ میں علماء (مالکیہ) کے پیر پھسل گئے ہیں۔

لہ یہ روایت متعدد صحابہ کرام رضہ سے مروی ہے، ابو داؤد، ترمذی میں حضرت ابن عباس رضہ سے جو روایت مروی ہے اس میں لوقت العصر بالاَمس کا لفظ ہے، یہ روایت ترمذی و نسائی میں حضرت جابر رضہ سے بھی مروی ہے، اور ابنِ راہَوَیہ نے اپنی مُسنَد میں حضرت ابو مسعود رضہ سے بھی روایت کی ہے، نیز یہ روایت صحیحین میں بھی ہے، مگر مجمل ہے، یعنی اوقاتِ صلوٰۃ کی اس میں تفصیل نہیں ہے، نیز اس روایت کو بزّار رحمہ اللہ نے بھی اپنی مُسند میں حضرت ابو ہریرہؓ سے اور عبد الرزاق نے اپنے مُصنَّف میں حضرت عمرو بن حزم سے روایت کیا ہے۔ (کما فی نصب الرایۃ ص۲۲۱-۲۲۰ ج۱)

Marfat.com

اور جمہور لِوَقْتِ العصر بالاَمْسِ کی تاویل یہ کرتے ہیں کہ یہ بات راوی نے تقارُبِ زمانین کی وجہ سے کہی ہے، ورنہ حقیقت میں پہلے دن جس وقت عصر کی نماز شروع کی تھی، دوسرے دن اس سے ذرا پہلے ظہر کی نماز پوری کر دی تھی، دونوں دن دونوں نمازیں ایک ہی وقت میں نہیں پڑھی تھیں، کیونکہ آیتِ کریمہ اِنَّ الصَّلٰوۃَ کَانَتْ عَلَی الْمُؤْمِنِیْنَ کِتٰبًا مَّوْقُوْتًا (یقیناً نماز مسلمانوں پر فرض ہے اور وقت کے ساتھ محدود ہے) سے یہ بات واضح ہے کہ ہر نماز کا وقت الگ الگ ہے، اشتراک نہیں ہے۔

دوسری روایت: یہ ہے کہ ایک شخص نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے نماز کے اوقات دریافت کئے، آپؐ نے اس شخص کو ٹھہرایا، اور دو دن نمازیں پڑھا کر عملی طور پر اوقاتِ نماز کی تعلیم دی، اس روایت میں ہے کہ پہلے دن حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ظہر کی نماز زوال ہوتے ہی پڑھائی، اور عصر کی نماز اس وقت پڑھائی جب سورج سفید اور بلند تھا، اور دوسرے دن ظہر کی نماز بہت زیادہ ٹھنڈی کر کے پڑھائی، اور عصر کی نماز اس وقت پڑھائی جب سورج آخر وقت میں پہنچ گیا تھا[1]

یہ روایت مسلم شریف میں حضرت بُرَیْدَۃ رضؓ سے مروی ہے، اور مسلم شریف ہی میں حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضؓ سے یہ روایت بھی مروی ہے کہ ظہر کا وقت شروع ہوتا ہے جب سورج ڈھل جائے اور آدمی کا سایہ اس کے برابر ہو جائے، پھر ظہر کا وقت باقی رہتا ہے عصر کا وقت آنے تک، اور عصر کا وقت باقی رہتا ہے سورج کے زرد ہونے تک[2]

روایت کا مفاد

اس روایت سے اوقاتِ صلوٰۃ کی کوئی واضح حد بندی نہیں ہوتی، البتہ اس میں یہ جملہ ہے کہ دوسرے دن حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ظہر کی نماز بہت زیادہ ٹھنڈی کر کے پڑھائی، اس سے کچھ ایسا سمجھ میں آتا ہے کہ شاید مثلِ ثانی میں پڑھائی ہو، کیونکہ مشاہدہ یہ ہے کہ مثلِ اول کے ختم تک موسم ٹھنڈا نہیں ہوتا، علاوہ ازیں اس حدیث کے جو الفاظ حضرت عبداللہ بن عمرو رضؓ سے مروی ہیں کہ ,, ظہر کا وقت شروع ہوتا ہے جب سورج ڈھل جائے، اور آدمی کا سایہ اس کے برابر ہو جائے ،، اس سے تو یہ بات صاف سمجھ میں آتی ہے کہ مثلِ ثانی بھی ظہر کا وقت ہے۔

---

[1] و [2] مسلم شریف ص ۲۲۳ ح ۱۲

تیسری روایت: حضرت عمر رضؓ کا گشتی فرمان ہے جو آپ نے اپنے گورنروں کے نام جاری کیا تھا، اس میں آپ نے لکھا تھا کہ ظہر کی نماز پڑھو جب سایہ ایک ہاتھ ہو جائے، یہاں تک کہ وہ سایہ ایک مثل ہو جائے، اور عصر کی نماز پڑھو درآں حالیکہ سورج بلند، چمکدار اور صاف ہو، اور عصر کے بعد غروب آفتاب سے پہلے سوار دو یا تین فرسخ کا سفر کر سکے [1]

روایت کا مفاد یہ روایت بھی اس باب میں صریح نہیں ہے، کہ ظہر کا وقت ایک مثل پر ختم ہو جاتا ہے، بظاہر روایت سے یہ سمجھ میں آتا ہے کہ یہ مستحب اوقات کا بیان ہے، کیونکہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ظہر کی نماز پڑھنے کا حکم اس وقت دیا ہے جبکہ سایہ ایک ہاتھ ہو جائے، حالانکہ ظہر کا وقت زوال ہی سے شروع ہو جاتا ہے، نیز عصر جس وقت میں پڑھنے کا حکم دیا ہے وہ اس بات کا واضح قرینہ ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اپنے اس فرمان کے ذریعہ لوگوں کو مستحب اوقات کی تعلیم دی ہے، حقیقی اوقات نہیں بتائے۔

چوتھی روایت: حضرت ابو ہریرۃ رضؓ کی ہے کہ ایک شخص نے آپؓ سے نماز کے اوقات پوچھے تو حضرت ابو ہریرۃ رضی اللہ عنہ نے فرمایا۔

أَنَا أُخْبِرُكَ! صَلِّ الظهرَ اذا كان ظِلُّكَ مِثْلَكَ، والعصرَ اذا كان ظِلُّكَ مِثْلَيْكَ الخ [2]

سن میں تجھے بتاتا ہوں! ظہر کی نماز پڑھ جب تیرا سایہ تیرے برابر ہو جائے، اور عصر کی نماز پڑھ جب تیرا سایہ تیرے دو مثل ہو جائے۔

روایت کا مفاد یہ روایت صریح ہے کہ ظہر کا وقت ایک مثل کے بعد بھی باقی رہتا ہے، کیونکہ جب ظہر کو ایک مثل پر پڑھنے کا حکم دیا، اور عصر کو دو مثل پر تو اب مثل ثانی عصر کا وقت تو ہو ہی نہیں ہو سکتا، لامحالہ ظہر ہی کا وقت ہوگا ——— یہ اگرچہ حضرت ابو ہریرۃ رضؓ کا ارشاد ہے، مگر چونکہ مقادیر مدرک بالعقل نہیں ہیں اس لئے اس کو لامحالہ حکماً مرفوع ماننا ہوگا۔

---

[1] مؤطا مالک ص ۳ ۱۲

[2] یہ روایت مؤطا مالک ص ۳ اور مؤطا محمد ص ۴۲ میں ہے، یہ دونوں کتابیں درحقیقت ایک ہی ہیں، یحییٰ بن یحییٰ مصمودی کی روایت مؤطا مالک کے نام سے مشہور ہے، اور امام محمد بن حسن شیبانی کی روایت مؤطا محمد کے نام سے مشہور ہے ۱۲

Marfat.com

پانچویں روایت: حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ کی ہے، جو صحیحین میں ہے، وہ فرماتے ہیں کہ ہم ایک سفر میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھے، جب ظہر کا وقت ہوا تو مؤذن نے اذان دینے کا ارادہ کیا، حضورؐ نے ارشاد فرمایا: ''ابھی وقت کو ٹھنڈا ہونے دو''۔ کچھ دیر بعد پھر مؤذن نے اذان دینے کا ارادہ کیا، تو حضورؐ نے پھر ارشاد فرمایا کہ: ''ابھی وقت کو ٹھنڈا ہونے دو''۔ حَتّٰی رَأَیْنَا فَیْءَ التَّلُوْلِ (یہاں تک کہ ہم نے ٹیلوں کا سایہ دیکھ لیا) پھر حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ گرمی کی شدت جہنم کے پھیلاؤ سے ہے، لہٰذا جب گرمی سخت ہو تو ظہر کی نماز ٹھنڈی کر کے پڑھا کرو،

اس حدیث کو امام بخاری رح نے کتاب الاذان میں بھی ذکر کیا ہے، وہاں یہ الفاظ ہیں کہ حَتّٰی سَاوَی الظِّلُّ التَّلُوْلَ (یہاں تک کہ سایہ طول میں ٹیلوں کے برابر ہو گیا)

روایت کا مفاد اس روایت سے یہ امر واضح ہوتا ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سفر میں ظہر کی نماز بالیقین مثلِ ثانی میں بلکہ مثلِ ثانی کے بھی آخر میں پڑھی ہے، کیونکہ ٹیلوں کے سایہ کا ظاہر ہونا، بلکہ ٹیلوں کے سایہ کا طول میں ٹیلوں کے برابر ہونا مثلِ اول میں ممکن ہی نہیں ہے، جس کو تردد ہو وہ مشاہدہ کر کے اپنا شک دور کر سکتا ہے۔

چھٹی روایت: بخاری شریف کی ہے، جو مشکوٰۃ شریف کے بالکل آخری باب، باب ثوابِ ھٰذہ الامۃ کے بالکل شروع میں ہے، جس میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی امت کی مدتِ عمر اور یہود و نصاریٰ کی مدتِ عمر مثال سے سمجھائی ہے کہ

''ایک شخص نے صبح سے دوپہر تک ایک ایک قیراط طے کر کے مزدور رکھے، اور دوپہر میں ان کو ان کی اجرت دے کر رخصت کر دیا، پھر دوپہر سے عصر تک کے لئے ایک ایک قیراط طے کر کے دوسرے مزدور رکھے، عصر کے وقت ان کو بھی ان کی اُجرت دے کر رخصت کر دیا، پھر عصر سے غروبِ آفتاب تک کے لئے اور مزدور رکھے، اور ان کی اُجرت دو دو قیراط طے کی، جب انھوں نے کام پورا کیا تو اُن کو اُن کی ڈبل اُجرت دی گئی ——— یہ مثال بیان کر کے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ تم لوگ وہ مزدور ہو جنھوں نے عصر سے مغرب تک کام کیا ہے، لہٰذا تمھیں ڈبل مزدوری ملے گی، اس پر یہود و نصاریٰ ناراض ہو گئے، اور انھوں نے کہا کہ: کام ہم نے زیادہ کیا اور مزدوری ہمیں کم ملی، اللہ تعالیٰ نے اُن سے پوچھا کہ کیا میں نے تمھارا کچھ حق مارا ہے؟ انھوں نے جواب دیا:

نہیں، اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا: تو میں اپنی مہربانی جس پر چاہوں کروں!"

روایت کا مفاد اس روایت کے اشارہ سے بھی یہ بات سمجھ میں آتی ہے کہ ظہر کا وقت دو مثل تک رہتا ہے، کیونکہ اس روایت کا حاصل یہ ہے کہ امتِ محمدیہ علیٰ صاحبہا الصلوٰۃ والسلام کی مدتِ عمل کم ہے، اور یہود و نصاریٰ کی مدتِ عمل زیادہ ہے، یہود کی مدتِ عمل کا زیادہ ہونا تو بدیہی ہے، کیونکہ وہ صبح سے دوپہر تک ہے، اسی طرح نصاریٰ کی مدتِ عمل امتِ محمدیہ کی مدتِ عمل سے بدیہی طور پر زیادہ اسی وقت ہو سکتی ہے جب عصر کا وقت مثلِ ثالث سے شروع ہو، اور مثلِ ثانی کے ختم تک ظہر کا وقت رہے، اگر ظہر کا وقت مثلِ اول کے ختم تک مانا جائے تو نصاریٰ اور امتِ محمدیہ دونوں کی مدتِ عمل میں کوئی واضح تفاوت نہیں رہتا۔ یہ بات ایک مثال سے سمجھئے، شہر سہارنپور کے یکم اگست کے اوقات حسبِ ذیل ہیں۔

نصف النہار	مثلِ ثانی کی ابتدار	مثلِ ثالث کی ابتدار	غروب آفتاب
منٹ ، گھنٹہ	منٹ ، گھنٹہ	منٹ ، گھنٹہ	منٹ ، گھنٹہ
۲۵ - ۱۲	۲ - ۴	۱۲ - ۵	۱۲ - ۷

اوپر دیئے ہوئے اوقات کے اعتبار سے زوال سے مثلِ اول کے ختم تک ۳ گھنٹے اور ۳۵ منٹ کا وقت ہے اور مثلِ ثانی کی ابتدار سے غروب آفتاب تک تین گھنٹے دس منٹ کا وقت ہے، دونوں میں صرف ۲۵ منٹ کا تفاوت ہے اور یہ کوئی واضح تفاوت نہیں ہے، یہ تفاوت آج گھڑیوں کے دور میں تو محسوس کیا جا سکتا ہے، مگر قدیم زمانہ میں عام لوگوں کے لئے اس کا احساس مشکل تھا۔

اور زوال سے مثلِ ثانی کے ختم تک ۴ گھنٹے، ۴ منٹ کا وقت ہے، اور مثلِ ثالث کی ابتدار سے غروبِ آفتاب تک صرف دو گھنٹے کا وقت ہے، لہٰذا تفاوت ڈیڑھ گھنٹے، ۴ منٹ کا ہوگا، اور یہ ایسا واضح تفاوت ہے کہ اُسے ہر شخص بخوبی پہچان سکتا ہے، اور اسی صورت میں تمثیلِ نبوی واضح طور پر سمجھی جا سکتی ہے، الغرض یہ روایت اگر عقلِ سلیم ہو تو اس بات کی صاف دلیل ہے کہ ظہر کا وقت مثلِ ثانی کے ختم تک رہتا ہے۔

امام اعظم کی مختلف روایات کے سلسلہ میں احناف کے مختلف نقطۂ نظر

بحث کے شروع میں امام اعظمؒ کی چار روایتیں بیان کی گئی ہیں ① ظہر کا وقت مثلِ ثانی کے ختم تک رہتا ہے، اور عصر کا وقت مثلِ ثالث

Marfat.com

کی ابتدار سے شروع ہوتا ہے ——— یہ ظاہر روایت ہے۔ ② ظہر کا وقت مثلِ اوّل کے ختم تک رہتا ہے، اور عصر کا وقت مثلِ ثانی کی ابتدار سے شروع ہوتا ہے ——— یہی جمہور کا بھی مذہب ہے۔ ③ مثلِ ثانی پورا مُہمَل وقت ہے۔ ④ مثلِ ثانی کے آخر میں تھوڑا وقت مُہمَل ہے۔ ——— امام اعظمؒ کی ان مختلف روایتوں کے سلسلہ میں احناف کے تین نقطۂ نظر ہیں:

پہلا نقطۂ نظر: یہ ہے کہ یہ تمام روایات باہم متعارض ہیں، لہٰذا غور کر کے آخری روایت متعین کی جائے، اور مقدّم روایات کو منسوخ قرار دیا جائے، صاحبِ خزانۃ المفتین اور صاحبِ فتاویٰ ظہیریۃ نے یہی صورت اختیار کی ہے، چنانچہ انھوں نے دوسرے قول کی طرف امام صاحب کا رجوع کرنا نقل کیا ہے، اور اس کو آخری قول قرار دیا ہے ——— مگر کُتُبِ مذہب میں یہ رجوع معروف نہیں ہے، اس لئے عام طور پر یہ نقطۂ نظر تسلیم نہیں کیا جاتا۔

دوسرا نقطۂ نظر: یہ ہے کہ موافقتِ جمہور یا قوتِ دلیل کی بناء پر کسی ایک قول کو ترجیح دی جائے، چنانچہ امام طحاویؒ اور صاحبِ دُرِّ مختار نے موافقتِ جمہور کے پیشِ نظر دوسرے قول کو ترجیح دی ہے، اور یہ فرمایا ہے کہ اسی پر لوگوں کا عمل ہے، اور اسی پر فتویٰ دیا جاتا ہے ——— اور شارحِ مُنیۃ علامہ ابراہیم حلبیؒ، اور علامہ ابن عابدین شامیؒ، اور مفتیانِ دارالعلوم دیوبند نے قوتِ دلیل کی بناء پر پہلے قول کو ترجیح دی ہے جو ظاہر روایت ہے، علامہ شامیؒ صاحبِ دُرِّ مختار پر رد کرتے ہوئے تحریر فرماتے ہیں کہ

> ”صاحبِ درمختار نے جو فرمایا ہے کہ ”امام اعظم کی دوسری روایت اَظْہَر ہے، حدیثِ جبرئیل کی وجہ سے اور حدیث جبرئیل اس مسئلہ میں نصّ ہے“، یہ فرمانا صحیح نہیں ہے، کیونکہ امام اعظمؒ کے قول کے کافی دلائل موجود ہیں، اور امام اعظم کی دلیل کی کمزوری ظاہر نہیں ہوئی ہے، بلکہ امام صاحب کے دلائل قوی ہیں جیسا کہ مطولات اور شرح مُنیہ کے مطالعہ سے یہ بات معلوم کی جاسکتی ہے، اور علامہ ابن نُجَیم مصری نے البحر الرائق میں یہ قاعدہ بیان کیا ہے کہ امام صاحب کا قول چھوڑ کر صاحبین کا قول، یا ان میں سے کسی ایک کا قول کسی ضرورت ہی کی وجہ سے اختیار کیا جاسکتا ہے، مثلاً امام صاحب کی دلیل کمزور ہو، یا تعامُل امام صاحب کے قول کے خلاف ہو، جیسے مزارعت کا مسئلہ، محض مشائخ کے یہ کہہ دینے سے کہ فتویٰ صاحبین کے قول پر ہے، امام صاحب کا قول نہیں چھوڑا جاسکتا“ (شامی ص۲۶۴ ج۱)

Marfat.com

تیسرا نقطۂ نظر: یہ ہے کہ امام صاحب کے اقوال میں تطبیق دی جائے، اور یوں کہا جائے کہ ظہر کا وقت ایک مثل تک تو بالیقین رہتا ہے، اور مثلِ ثانی کے ختم تک رہنے کا احتمال ہے، اور عصر کا وقت مثلِ ثالث سے بالیقین شروع ہوتا ہے، مگر مثلِ ثانی سے شروع ہونے کا احتمال ہے، لہٰذا احتیاط اس میں ہے کہ ایک مثل ختم ہونے سے پہلے ظہر کی نماز پڑھ لی جائے، اور عصر کی نماز مثلِ ثانی کے ختم ہونے کے بعد ہی پڑھی جائے، اور اگر کسی وجہ سے ظہر کی نماز مثلِ اول میں نہ پڑھ سکے تو پھر مثلِ ثانی میں پڑھ لے، اس سے تاخیر نہ کرے، اور اس کو ادا کہا جائے گا، قضا نہیں کہا جائے گا، اسی طرح اگر کسی مجبوری میں ـــــ جیسا کہ حاجیوں کو حرمین شریفین میں یہ مجبوری پیش آتی ہے۔ ـــــ کوئی شخص مثلِ ثانی میں عصر کی نماز پڑھ لے تو اس کو بھی صحیح کہا جائے گا یعنی ذمہ فارغ ہو جائے گا مگر ظہر اور عصر دونوں کو مثلِ ثانی میں پڑھنا شریعت کے منشاء کے خلاف ہے، شریعت کا منشا یہ ہے کہ دونوں نمازوں کے درمیان فصل ہونا چاہئے، اور یہ فصل عام حالات میں کم از کم ایک مثل کے بقدر ہونا چاہئے، اور مخصوص حالات میں اس سے کم بھی ہو سکتا ہے۔ ـــــ اور وقتِ مُہمَل سے امام صاحب کی مراد یہی عملی اِہمال ہے یعنی دونوں نمازوں کے درمیان فصل کرنا۔

حضرت قدس سرہ کا نقطۂ نظر غالباً یہی ہے، چنانچہ ایضاح الادلہ میں حضرت ارشاد فرماتے ہیں کہ

> "وقت مابین المثلین (یعنی مثلِ ثانی) کو بوجہ تعارضِ روایات نہ بالیقین وقتِ ظہر میں داخل کر سکتے ہیں، نہ وقتِ عصر میں ـــــ یا یوں کہئے کہ ایک وجہ سے ظہر میں داخل ہے، تو دوسرے طور سے عصر میں، تو اب بوجہ احتیاط حضرت امام صاحب نے ظاہر الروایات میں وقت مذکور (مثل ثانی) وقت ظہر میں شامل کر دیا، تاکہ کوئی صلوٰۃ عصر وقتِ مذکور (مثل ثانی) میں ادا کر کے ادائے صلوۃ قبل الوقت کے احتمال میں نہ پڑ جائے، اور وقتِ یقینی کو ترک کر کے وقتِ محتمل میں صلوٰۃِ عصر کو ادا نہ کرے۔

رہی صلوٰۃِ ظہر، اُس کا وقتِ یقینی گو ایک مثل تک ہے، لیکن اگر کسی ضرورت یا غفلت کی وجہ سے کسی کو صلوٰۃِ مذکور (ظہر کی نماز) وقتِ یقینی میں ادا کرنے کا اتفاق نہ ہوا، تو اب یہی چاہیے کہ مابین المثلین (مثل ثانی) ہی میں اُس کو ادا کر لے، کیونکہ یہ وقت گو وقتِ محتمل ہے، تاہم اور اوقات سے تو عمدہ ہے، یہاں احتمالِ ادا تو ہے، اور اوقات میں تو یہ بھی نہیں، بلکہ بالیقین قضاءِ محض ہے۔

بالجملہ مطلب ظاہر الروایت یہ ہے کہ وقت مابین المثلین کا بوجہ معروضہ (مذکورہ

Marfat.com

وجہ کی بناء پر) وقتِ ظہر میں شمار کرنا مناسب ہے، کیونکہ وقتِ عصر میں داخل کرنے سے ادائے صلوٰۃ قبل الوقت کا احتمال باقی ہے۔ ——— یہ مطلب نہیں کہ وقتِ مذکور (مثلِ ثانی) بالیقین وقتِ ظہر میں داخل ہے، اور جیسا بقاءِ ظہر مثلِ تلک یقینی ہے بعینہٖ ایسا ہی مثلین تلک وقتِ ظہر باقی رہتا ہے، بلکہ وقتِ ظہر یقینی تو مثلِ تلک ہے، اور ابتداءِ عصر بالیقین مثلین سے ہوتا ہے، اور درمیان کا وقت بوجہ روایاتِ مختلفہ دونوں امر کا محتمل ہے،، (ص ۱۵۵ تا ص ۱۵۶ فخریہ)

حضرت قدس سرہٗ نے یہ نقطۂ نظر دو وجہ سے اپنایا ہے، ایک اس وجہ سے کہ مثلین تک وقتِ ظہر کے باقی رہنے کی کوئی صریح روایت نہیں ہے، اس لئے احتمال ہے کہ مثلِ ثانی عصر کا وقت ہو، اور دوسری وجہ یہ ہے کہ امامتِ جبرئیل والی حدیث کی تاریخ معلوم ہے، وہ اس وقت کی روایت ہے جب پانچ نمازیں فرض ہوئی تھیں، یعنی اسلام کے بالکل دورِ اول کی روایت ہے، اور باقی تمام روایتیں مابعد کی ہیں، اس لئے احتمال ہے کہ مثل اور مثلین کے معاملہ میں نسخ ہوا ہو، یعنی عصر کا وقت گھٹا کر مثلین سے کر دیا گیا ہو، اور ظہر کا وقت بڑھا کر مثلین تک کر دیا ہو، لہٰذا مثلِ ثانی میں شک پیدا ہو گیا کہ وہ عصر کا وقت رہا یا نہیں؟ اس لئے احتیاط کا تقاضا یہ ہے کہ عصر کی نماز مثلِ ثانی کے بعد پڑھی جائے، تاکہ بالیقین ذمہ فارغ ہو جائے، اگر مثلِ ثانی میں عصر کی نماز پڑھی جائیگی تو آخری تین روایتوں کی بناء پر کھٹکا رہے گا کہ شاید نماز وقت سے پہلے پڑھی گئی ہو، اور ذمہ فارغ نہ ہوا ہو۔

رہا ظہر کا معاملہ تو اگر وہ مثلِ اول میں ادا کی گئی ہے تب تو وہ بالیقین ادا ہو گی، اور اگر مثلِ ثانی میں پڑھی گئی ہے تب بھی ذمہ فارغ ہو جائے گا، کیونکہ امامتِ جبرئیل والی حدیث کے پیشِ نظر اگر ظہر کی نماز ادا نہ ہو گی تو قضا ہو جائے گی، اور قضا سے بھی ذمہ فارغ ہو جاتا ہے۔

الغرض جمہور نے جو مؤقف اختیار کیا ہے وہ اولاً تو مبنی بر احتیاط نہیں، اور ثانیاً ان کے مذہب کے مطابق آخری تین روایتوں کو ترک کرنا لازم آتا ہے اور امام اعظمؒ نے ایسا طریقہ اختیار فرمایا ہے کہ اس میں احتیاط بھی ہے، اور تمام روایتوں پر عمل بھی ہو جاتا ہے۔ فجزاہ اللہ تعالیٰ خیراً و اثابہ بما ھو اھلہ (آمین)

جمہور کے پاس بھی کوئی قطعی دلیل نہیں ہے

جمہور کا مستدل یعنی امامتِ جبرئیل والی حدیث قطعی دلیل نہیں ہے، کیونکہ

Marfat.com

اس میں نسخ کا احتمال ہے، اور یہ احتمال بے دلیل نہیں ہے، بلکہ آخری تین روایتوں کی بنا پر یہ احتمال پیدا ہوا ہے، دلیل کے قطعی ہونے کے لئے ضروری ہے کہ کوئی ایسی نص پیش کی جائے جس سے دا حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا مثلِ ثانی میں عصر پڑھنا ثابت ہوتا ہو، یا کم از کم ایسی تصریح پیش کی جائے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا آخری عمل مثلِ ثانی میں عصر پڑھنے کا تھا، اور ایسی تصریحات جمہور کے پاس نہیں ہیں ——— اب حضرت قدس سرہ کے ارشادات پڑھئے:

دفعۂ سادس: ظہر کے وقت میں اور عصر کے وقت میں صاحبین کا تو وہی مذہب ہے، جو اور اماموں کا ہے، اور امام اعظم رح سے بھی ایک روایت یہی ہے، اور اسی پر حرمین شریفین زادھما اللہ شرفاً وغیرہ میں عمل ہے ——— مگر ظاہر الروایت میں امام صاحب سے یہ روایت ہے کہ ظہر مثلین پر ختم ہوتا ہے، اور عصر مثلین سے شروع ہوتا ہے، خیر ہم کو بوجہ بے تعصبی کسی بات پر اڑ[1] نہیں، مگر جب آپ بے وجہ لڑنے کو تیار ہیں تو بے جواب دیئے رہا بھی نہیں جاتا۔

سنئے! موطا امام مالک رح میں بروایت امام محمد رح اور بروایت یحییٰ ابن یحییٰ رح حضرت ابوہریرۃ رضی اللہ عنہ سے ایک روایت ہے جس میں لفظ صَلِّ الظُّهْرَ إِذَا كَانَ ظِلُّكَ مِثْلَكَ، وَالْعَصْرَ إِذَا كَانَ ظِلُّكَ مِثْلَيْكَ موجود ہے ——— یہ روایت ہر چند موقوف ہے، لیکن بات ایسی ہے جس میں رائے صحابی کو مداخلت ممکن نہیں، اس لئے خواہ[2] مخواہ بالمعنیٰ[3] مرفوع کہنا پڑے گا۔

اور چونکہ[4] اس باب میں جہاں مثل اور مثلین آتا ہے، وہاں علاوہ

---

[1] اڑ، ضد، ہٹ [2] خواہ مخواہ: ناچار، خواہی نہ خواہی [3] بالمعنیٰ: یعنی حکماً۔ [4] یہ ایک تاویل باطل کا جواب ہے کہ حضرت ابوہریرۃ رضی اللہ عنہ نے اپنے کلام میں فیٔ زوال کا استثنا نہیں فرمایا ہے، اس لئے ان کے قول کا مطلب یہ ہوگا کہ جب ہر چیز کا سایہ مع فیٔ زوال ایک مثل ہو جائے تو ظہر پڑھو، لہٰذا ظہر کا ایک مثل سے پہلے پڑھنا ثابت ہوا، اور حنفیہ کا استدلال باطل ہوا ——— حضرت قدس سرہ نے اس تاویلِ باطل کا جواب یہ دیا ہے کہ چونکہ اس باب کی جملہ روایات میں جہاں مثل اور مثلین کے الفاظ آئے ہیں وہاں فیٔ زوال کے علاوہ مثل اور مثلین مراد ہیں اس لئے حضرت ابوہریرۃ رضی اللہ عنہ کے ارشاد میں بھی یہی معنیٰ مراد لینے ہوں گے اس کے برخلاف مراد لینا سخت ناانصافی ہوگی ۱۲

Marfat.com

فیٔ الزوال مثل اور مثلین لیا جاتا ہے، تو یہاں بھی یہی کرنا پڑے گا ورنہ سخت ناانصافی ہے ـــــ اس صورت میں آپ ہی فرمائیں کہ ظہر کی نماز حسب ارشادِ حدیث، بعد مثل واقع ہوگی، یا قبلِ مثل؟

مگر جب وقتِ ظہر بعد المثل باقی ہے، تو لاجرم شروع عصر بعد المثلین ہوگا، کیا عجب ہے کہ اوقات میں آخر کار تغیر و تبدل واقع ہوا ہو، ظہر کا وقت مثل سے منسوخ ہو کر مثلین تک پہنچ گیا ہو، اور یہ زیادتی عصر میں باعثِ نقصان ہوئی ہو، اس لئے مقتضائے احتیاط (و) تقویٰ تو یہ ہے کہ تا مقدور ظہر مثل سے پہلے پہلے پڑھ لی جاوے، اور اگر اتفاقاً بشریت سے قبلِ مثل اتفاق نہ ہوا ہو، تو پھر مثلین ہی سے پہلے پڑھ لے، اور عصر ہمیشہ بعدِ مثلین پڑھا کرے، ـــــ اور بظاہر منشأ ظاہر الروایت یہی ہے۔

اور غور کیجئے تو یہ بات دور از عقل نہیں، کیونکہ احادیثِ اوقات محکم نہیں، جس میں احتمالِ نسخ نہ ہو، پھر اس پر روایت مشارٌ الیہا موجود، جو نسخ کی جانب مشیر ہے، تعارض ہوتا تو ہم انھیں احادیث کو ترجیح دیتے جن سے مثل کو حدِ فاصل بین الوقتین بنایا ہے۔

مگر جب تک اختلافِ وقت ممکن ہو تو دعوئے تعارض کیونکر ثابت ہو سکتا ہے؟ اس لئے یہ عرض ہے کہ جب ترجیحِ احادیث مشارٌ الیہ کی

۱؎ یعنی حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کے ارشاد کے موافق جب ایک مثل ہو جانے کے بعد ظہر کی نماز پڑھی جائے گی تو الخ
۲؎ لاجرم: یقیناً ۳؎ یعنی ظہر کا وقت دو مثل تک بڑھانے کی وجہ سے عصر کا وقت گھٹ گیا ہو۔
۴؎ تا مقدور: حتی الامکان ۵؎ اتفاق نہ ہوا ہو، یعنی نہ پڑھ سکا ہو۔ ۶؎ روایت مشارٌ الیہا یعنی حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی مذکورہ بالا روایت ۷؎ یعنی امامت جبرئیل والی حدیث کو لیا جاتا۔
۸؎ یعنی جب روایات مختلف اوقات پر محمول ہو سکتی ہیں، کیونکہ ہمیں تاریخ معلوم ہے کہ امامت جبرئیل والی حدیث دورِ اول کی ہے، اور باقی روایات مابعد زمانہ کی ہیں، تو تعارض کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا، کیونکہ تعارض کیلئے وحدتِ زمان بھی شرط ہے۔ ۹؎ یعنی جب امامتِ جبرئیل والی حدیث کو ترجیح دینے کی کوئی صورت نہیں ہے، کیونکہ وہ مقدم زمانہ کی ہے، تو پھر ان احادیث یعنی حدیث ۴، ۵، و ۶ پر عمل کرنے سے کیوں انکار کیا جاتا ہے؟

Marfat.com

کوئی صورت نہیں، تو پھر اِن احادیث پر عمل کرنے سے کیا انکار ہے؟ کیا آپ کی رائے سے بھی یہ حدیثیں گئی گذریں (ہیں)؟ اتباعِ سنت و احتیاط دونوں حاصل، اُن کو یک لخت[1] چھوڑ دیجئے، تو پھر عدمِ ادائے فرائض کا کھٹکا سر پر۔

ہاں اگر آپ کے پاس کوئی ایسی حدیث صحیح ہو، جو دربارۂ دوامِ ادارِ صلوٰۃِ عصر قبل المثلین نصِ صریح ہو، یا فقط آخری وقت ہی میں ادارِ صلوٰۃِ عصر قبل المثلین پر نصِ صریح ہو، اور پھر صحت میں مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ بھی ہو، تو لائیے اور دس نہیں بیس لے جائیے، پر اتنا یاد رکھئے کہ نص و غیر نص کا سمجھنا ہر کسی کا کام نہیں، سوچ سمجھ کر کام کیجئے گا، ورنہ ایسا نہ ہو

ع میں الزام اُن کو دیتا تھا قصور اپنا نکل آیا

---

[1] یک لخت: بالکل یعنی کسی درجہ میں بھی ان کا لحاظ نہ کیا جائے ۱۲

Marfat.com

۷

تساویٔ ایمان کا مسئلہ

امام اعظم رحمہ اللہ کے اقوال ـــــ ایمان کی تعریف میں اختلاف
ـــــ لفظی نزاع کی حقیقت ـــــ ایمان کے دو معنیٰ ـــــ
ایمان کے بسیط ہونے کے دلائل ـــــ احناف بلاوجہ مطعون
کئے گئے ـــــ اختلاف کا راز کھلتا ہے ـــــ تزایدِ
ایمان والی نصوص کا مطلب

Marfat.com

(۷)

تساویٔ ایمان کا مسئلہ

امام اعظم رحمہ اللہ سے دو باتیں مروی ہیں: ایک اِیْمَانِیْ کَاِیْمَانِ جِبْرَئِیْلَ (میرا ایمان حضرت جبرئیل علیہ السلام کے ایمان جیسا ہے) اور دوسری اِیْمَانُ اَھْلِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَاِیْمَانُ الْاَوَّلِیْنَ وَالْاٰخِرِیْنَ وَالْاَنْبِیَاءِ وَاحِدٌ (آسمان وزمین والوں کا ایمان، اور اگلوں پچھلوں کا ایمان اور انبیاء کا ایمان ایک ہے)۔

امام اعظم رحمہ اللہ کے ان ارشادات کا مطلب نہ معلوم نادانوں نے سمجھا نہیں، یا داستان کو آشفتہ تر[2] بنانے کے لئے غلط معنی پہنا کر وہ طوفانِ بے تمیزی بپا کیا کہ خدا کی پناہ! بعض لوگوں نے تو امام صاحب پر "مُرجِئہ" ہونے کا الزام بھی دھر دیا!! ——— لیکن جب ان ارشادات کا صحیح مطلب لوگوں کے سامنے آیا تو انصاف پسند لوگ تو خاموش ہو گئے، مگر بد باطن آج تک ان ارشادات کو غلط انداز میں پیش کر کے اپنے دل کے پھپھولے پھوڑتے رہتے ہیں۔

چنانچہ اہلِ حدیث حضرات کے بہت بڑے عالم مولوی محمد حسین بٹالوی صاحب نے ہندوستان کے تمام حنفیوں کو جو چیلنج دیا تھا، اور اشتہار کے ذریعہ جو دس سوالات کئے تھے اُن میں یہ مسئلہ بھی شامل تھا ——— یہ مسئلہ تساوی ایمان کے نام سے پہچانا جاتا ہے، اور اس کا مدار ایمان کی تعریف پر ہے، اس لئے ضروری ہے کہ پہلے ایمان کی حقیقت سمجھ لی جائے۔

ایمان کی تعریف میں اختلاف

ایمان کی تعریف میں اسلامی فرقوں کے درمیان کافی

---

[1] مناقب کردری ص ۱۴۱ ج ۱ ۱۲ [2] آشفتہ تر، نہایت پراگندہ ۱۲

Marfat.com

اختلاف پایا جاتا ہے، خود اہلِ حق کے درمیان بھی اختلاف ہے، محدثین ایمان کی کچھ تعریف کرتے ہیں، اور احناف کچھ اور تعریف کرتے ہیں، مگر جب ایک دوسرے کا نقطۂ نظر سمجھنے کی کوشش کی گئی تو معلوم ہوا کہ اہلِ حق کے درمیان محض لفظی نزاع (جھگڑا) ہے، حقیقی نزاع صرف باطل فرقوں کے ساتھ ہے۔

لفظی نزاع لفظی نزاع کئی طرح کا ہوتا ہے، مثلاً دو مختلف باتوں کا محکوم علیہ[1] علیحدہ علیحدہ ہو، جیسے زید کے دو لڑکے ہوں، ایک بڑا عالم اور دوسرا بڑا جاہل، پس اگر کوئی شخص کہے کہ زید کا لڑکا بڑا عالم ہے، اور دوسرا شخص اس کی تردید کرے کہ نہیں، وہ تو بالکل جاہل ہے، اور دونوں کے پیشِ نظر زید کے الگ الگ لڑکے ہوں، تو یہ لفظی نزاع کہلائے گا، کیونکہ جب حقیقتِ حال کھلے گی کہ زید کے دو لڑکے ہیں، ایک عالم، اور ایک جاہل تو جھگڑا ختم ہو جائے گا۔

یا مثلاً ایک لفظ کے دو معنیٰ ہوں، کسی کے پیشِ نظر ان میں سے ایک معنیٰ ہوں، اور دوسرے کے پیشِ نظر دوسرے معنیٰ ہوں، اور وہ آپس میں بحث و مباحثہ کریں تو یہ محض لفظی نزاع ہے، جب حقیقتِ حال سامنے آئے گی کہ اس لفظ کے دو معنیٰ ہیں تو جھگڑا ختم ہو جائے گا۔

یا ایک چیز کی دو قسمیں ہوں، کچھ حضرات کے پیشِ نظر ایک قسم ہو، اور دوسرے لوگوں کے پیشِ نظر دوسری قسم ہو، اور آپس میں اختلاف کریں تو یہ بھی لفظی نزاع ہے۔

ایمان کے دو معنیٰ ایمان کے دو معنیٰ ہیں، یا یوں کہئے کہ ایمان کی دو قسمیں ہیں، ایک نفسِ ایمان، اور دوسری ایمان کامل، جیسے انسان دو طرح کے ہوتے ہیں، ایک محض انسان، اور دوسرا کامل انسان، محض انسان تو وہ ہے جس پر حیوان ناطق صادق آتا ہو، چاہے اس کے دونوں ہاتھ نہ ہوں، دونوں پیر نہ ہوں، نہایت بدصورت ہو، اور اول نمبر کا بے وقوف ہو، پھر بھی وہ انسان ہے، اور کامل انسان وہ ہے جو تامُّ الخلقت ہو، فہم و فراست میں یگانۂ روزگار ہو، حسن و جمال میں یوسفِ زمانہ ہو، طاقت و قوت میں رستم دوراں ہو، اور نظافت و طہارت میں فرشتہ صفت ہو تو یہ بھی انسان ہے، مگر کامل انسان ہے۔

اسی طرح سمجھنا چاہئے کہ ایمان بھی دو طرح کا ہے، ایک نفسِ ایمان جس پر نجاتِ اُخروی کا مدار ہے، اور دوسرا کامل ایمان، جو نجاتِ اُولیٰ کا ضامن ہے ——— لہٰذا بعض حضرات

---

[1] محکوم علیہ: وہ چیز جس پر حکم لگایا جاتا ہے ۱۲

Marfat.com

نے تو نفسِ ایمان کی تعریف، کی، اور دوسرے لوگوں نے ایمانِ کامل کی تعریف کی، جس کی وجہ سے ایمان کی تعریفیں مختلف ہو گئیں، مگر جب حقیقتِ حال واضح ہوئی کہ دونوں تعریفوں کا مُعَرَّف[1] علیحدہ علیحدہ ہے، تو انصاف پسند لوگوں نے تسلیم کر لیا کہ یہ نزاع محض لفظی نزاع ہے۔

ایمان کی پہلی تعریف

ماتُرِیدِیہ اور جمہورِ محققین صرف تصدیقِ قلبی (دل سے ماننے) کو "ایمان" کہتے ہیں، اور اقرارِ لسانی (زبانی اقرار) کو احکامِ دنیویہ جاری کرنے کے لئے شرط قرار دیتے ہیں ——— اور سَرَخْسِی، بَزْدَوِی اور بعض دیگر احناف کے نزدیک "ایمان" تصدیقِ قلبی اور اقرارِ لسانی کے مجموعہ کا نام ہے، پھر ان حضرات میں اختلاف ہے کہ اِقْرار ایمان کا اصلی رکن ہے یا زائد؟ امام اعظم علیہ الرحمۃ نے الفقہ الاکبر میں فرمایا ہے کہ اَلْاِیْمَانُ: هُوَ الْاِقْرَارُ وَالتَّصْدِیْقُ لیکن امام اعظم نے یہ صراحت نہیں فرمائی کہ اقرار ایمان کا حقیقی جزء ہے، یا اضافی؟ محققین کا خیال یہ ہے کہ اضافی جزء ہے، دنیا میں کسی کو مسلمان قرار دینے کے لئے اقرار شرط ہے، ورنہ ایمان بسیط ہے، اس کا کوئی جزء نہیں ہے، لہٰذا ماتُرِیدِیہ کی تعریف اور دیگر احناف کی تعریف میں کوئی حقیقی اختلاف نہیں ہے۔

اس کی مزید تشریح یہ ہے کہ مؤمن ہونے کے لئے جن چیزوں پر ایمان لانا ضروری ہے، ان تمام چیزوں کو دل سے مان لینے کا نام "ایمان" ہے، حدیث جبرئیل میں جو مشکوۃ شریف کے بالکل شروع میں آئی ہے، حضرت جبرئیل علیہ السلام نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا تھا کہ ایمان کیا ہے؟ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ

اَنْ تُؤْمِنَ بِاللّٰهِ وَمَلٰٓئِكَتِهٖ وَكُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ، وَتُؤْمِنَ بِالْقَدْرِ خَيْرِهٖ وَشَرِّهٖ

ایمان یہ ہے کہ آپ اللہ تعالیٰ کو مانیں، اس کے فرشتوں کو، اس کی کتابوں کو، اس کے رسولوں کو، اور دن کے آخری دن کو مانیں، اور بھلی بُری تقدیر کو مانیں۔

حضرت جبرئیل علیہ السلام نے جوابِ نبوی کی تائید فرماتے ہوئے صَدَقْتَ کہا، اس جوابِ نبوی اور جبرئیل کی تائید سے یہ بات واضح ہوئی کہ ایمان صرف تصدیقِ قلبی کا نام ہے، کیونکہ اس حدیث میں ایمان کا صلہ بآء آیا ہے، اور اس صورت میں ایمان کے معنی تصدیق یعنی یقین کرنے کے ہوتے ہیں ——— اور یہ چھ چیزیں جن کے ماننے کو ایمان قرار دیا گیا ہے مُؤْمَنْ بِہٖ اور مُصَدَّقْ بِہٖ

---

[1] مُعَرَّفْ: وہ چیز جس کی تعریف کی گئی ہے ۱۲

Marfat.com

(وہ چیزیں جن پر ایمان لانا اور جن کو دل سے ماننا ضروری ہے) کہلاتی ہیں اس کی اور زیادہ مختصر تعبیر اَلْاِیْمَانُ بِمَاجَاءَ بِہِ الرَّسُوْلُ صلی اللہ علیہ وسلم ہے یعنی اللہ کے رسول کی لائی ہوئی تمام تعلیمات کو سچے دل سے مان لینے ہی کا نام ایمان ہے۔

الغرض مؤمن ہونے کے لئے ضروری ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی تمام تعلیمات کو سچے دل سے مانے، اگر ان میں سے کسی بھی ایک چیز کو دل سے نہیں مانے گا تو وہ مؤمن نہیں ہوگا، بلکہ کافر ہوگا، اسی طرح اگر کوئی شخص ایمان لانے کے بعد مؤمن بہ میں سے کسی بھی ایک چیز کا دل سے انکار کردے تو مؤمن نہیں رہے گا، کافر ہوجائے گا۔

ایمان کے بسیط ہونے کے دلائل

مُفَسِّرِ قرآن قاضی بیضاوی علیہ الرحمۃ نے اپنی تفسیر میں سورۂ بقرۃ کے شروع میں ایمان کے بسیط ہونے پر کئی دلیلیں قائم کی ہیں، جن میں سے دو یہ ہیں۔

پہلی دلیل یہ ہے کہ متعدد آیتوں میں دل کو ایمان کا محل قرار دیا گیا ہے، مثلاً اُولٰئِکَ کَتَبَ فِیْ قُلُوْبِھِمُ الْاِیْمَانَ (ان لوگوں کے دلوں میں اللہ تعالیٰ نے ایمان ثابت فرمادیا ہے) اور یہ بات ظاہر ہے کہ دل میں صرف تصدیق پائی جاتی ہے، لہٰذا اسی کا نام ایمان ہے۔

دوسری دلیل یہ ہے کہ بعض آیتوں میں ایمان کی دل کی طرف اسناد کی گئی ہے، یعنی ایمان کو دل کا فعل بتایا گیا ہے، مثلاً قَالُوْا اٰمَنَّا بِاَفْوَاھِھِمْ وَلَمْ تُؤْمِنْ قُلُوْبُھُمْ (وہ اپنے منہ سے کہتے ہیں کہ ہم ایمان لائے، اور ان کے دل یقین نہیں لائے ہیں) اس قسم کی آیات سے بھی یہ بات واضح ہوتی ہے کہ ایمان دل کا فعل ہے، اور دل کا فعل تصدیق ہے، پس وہی ایمان ہے۔

ایمان کی دوسری تعریف

اس کے بالمقابل جمہورِ محدثین، اشاعرہ، معتزلہ اور خوارج کے نزدیک ''ایمان'' تصدیقِ قلبی، اقرارِ لسانی اور عملِ بدنی کے مجموعہ کا نام ہے، ان حضرات نے بھی اپنے مؤقف کو قرآن وحدیث سے مُدَلَّل کرنے کے لئے ایڑی چوٹی کا زور لگایا ہے، جس کی تفصیل بڑی کتابوں میں ہے۔

ایمان میں کمی بیشی ہوتی ہے یا نہیں؟

ان حضرات نے جب اعمال کو ایمان کا جزء بنایا تو قدرتی طور پر یہ سوال پیدا ہوا کہ ایمان گھٹتا بڑھتا ہے یا نہیں؟ اور تمام مومنین کا ایمان یکساں ہے یا متفاوت؟

احناف کے نزدیک چونکہ اعمال، ایمان کا جزء نہیں ہیں اس لئے انھوں نے اس کا انکار کیا

Marfat.com

ور یہ کہا کہ اِیْمَانِیْ کَاِیْمَانِ جِبْرَئِیْلَ اور اَلْمُؤْمِنُوْنَ مُسْتَوُوْنَ فِی الْاِیْمَانِ یعنی ایمان میں کمی وزیادتی نہیں ہوتی، اور تمام مومنین، یہاں تک کہ ایک انسان اور بڑے سے بڑے فرشتہ کا ایمان یکساں ہے، کیونکہ اعمال ایمان کا جزء نہیں ہیں، اور نفس تصدیق میں کمی وبیشی ممکن نہیں ہے، کیونکہ تصدیق مقولۂ کَیْف سے ہے، مقولۂ کَمْ سے نہیں ہے یعنی تصدیق ایک کیفیت قلبی کا نام ہے، اور کیفیت میں شدت وضعف تو ہو سکتا ہے، مگر کمی زیادتی نہیں ہو سکتی، کیونکہ کمی زیادتی کمیات کی خاصیت ہے، کیفیت میں کمی بیشی نہیں ہوتی۔

الغرض کمی زیادتی کے دو معنی ہیں، ایک حقیقی، اور دوسرے مجازی، حقیقی معنی یہ ہیں کہ دو چیزوں کا کمیت ومقدار میں متفاوت ہونا، اور مجازی معنیٰ ہیں دو چیزوں کا کیفیت میں یعنی شدت وضعف کے اعتبار سے متفاوت ہونا ——— حقیقی معنیٰ کے اعتبار سے ایمان میں کمی وبیشی نہیں ہو سکتی، اور مجازی معنی کے اعتبار سے ایمان کا کم وبیش ہونا ایسا بدیہی ہے کہ کوئی عقل منداس کا انکار نہیں کر سکتا۔

اب رہا یہ سوال کہ جب ایمان مقولۂ کَیْف سے ہے، اور اس میں کمی زیادتی نہیں ہو سکتی تو پھر مساوات کیسے ہوگی؟ کیونکہ مساوات انہی چیزوں میں ہو سکتی ہے، جن میں کمی بیشی کا امکان ہو، اور ایمان میں کمی بیشی کا امکان نہیں ہے، اس لئے مساوات بھی نہیں ہو سکتی، لہذا احناف کا یہ کہنا کہ تمام مؤمنین ایمان میں مُساوی اور یکساں ہیں کیونکر صحیح ہو سکتا ہے؟

تو اس کا جواب یہ ہے کہ ایمان میں اگرچہ بالذات مساوات نہیں ہو سکتی، مگر محلِ ایمان یعنی مُؤمَن بہ کے اعتبار سے برابری ہو سکتی ہے، اور احناف نے مُؤمَن بہ کے اعتبار سے مساوات کو ثابت کیا ہے، حضرت قدس سرہ ایضاح الادلۃ میں تحریر فرماتے ہیں کہ:

"حضرت امام صاحب جو جملہ مؤمنین کو مُساوی فی الایمان فرماتے ہیں، تو اس کا مطلب یہ نہیں کہ یہ مساوات باعتبار ذات ایمان ہے، بلکہ بوجہ تساوی مُؤمَن بہ، ایمان کو مُساوی کہتے ہیں، اور ایمان میں جو کہ مقولۂ کیف سے ہے اگر کمی وبیشی اور مساوات ممنوع تھی تو بالذات ممنوع تھی، کما ھو ظاہر، بواسطۂ امور آخر کون ممنوع کہتا ہے؟

(صـ ۱۷۷ مطبع قاسمی دیوبند)

احناف بلاوجہ مطعون کئے گئے

امام اعظم حضرت ابو حنیفہ علیہ الرحمۃ اور احناف اپنے اس قول کی وجہ سے کہ اِیْمَانِیْ کَاِیْمَانِ

Marfat.com

جبرئیلؑ اور اَلْمُؤْمِنُوْنَ مُسْتَوُوْنَ فِی الْاِیْمَانِ، بہت زیادہ مَطْعُوْن کئے گئے، اور اُن پر یہ الزام لگایا گیا کہ یہ حضرات عمل کو کوئی اہمیت نہیں دیتے، جیسے مُرجِئہ کہتے ہیں کہ اعمالِ صالحہ تو آخرت میں مفید ہوں گے، مگر اعمالِ سَیِّئہ کا انسان کو کوئی ضرر نہیں پہنچے گا، بلکہ مؤمن کی تمام سَیِّئات (بُرائیاں) معاف کردی جائیں گی، اور بعض حضرات نے تو کھل کر امام اعظم رح اور احناف کو مُرجِئہ قرار دے دیا، فالی اللہ المُشتکیٰ! حالانکہ احناف کی درجِ ذیل تصریحات موجود تھیں:

(۱) الفقہ الاکبر میں خود امام اعظم رح نے تحریر فرمایا ہے کہ

وَلَانَقُوْلُ: اِنَّ حَسَنَاتِنَا مَقْبُوْلَةٌ وَسَيِّئَاتِنَا مَغْفُوْرَةٌ كَقَوْلِ الْمُرْجِئَةِ

اور ہم یہ نہیں کہتے کہ ہماری نیکیاں تو مقبول ہیں، اور ہماری بُرائیاں معاف ہیں، جیسے مُرجِئہ کہتے ہیں.

اس کے بعد امام صاحب نے مزید وضاحت کرتے ہوئے فرمایا ہے کہ

"بلکہ ہم یہ کہتے ہیں کہ جو شخص کوئی نیکی کرے گا اس کی سب شرطیں ملحوظ رکھتے ہوئے، اور وہ نیکی اُن عیوب سے خالی ہو جو نیکی کو برباد کرنے والے ہیں، پھر وہ شخص اپنی نیکی کو کفر و ارتداد کے ذریعہ، اور اخلاقِ سیئہ کے ذریعہ برباد نہ کرے، یہاں تک کہ دنیا سے بحالتِ ایمان گذر جائے، تو یقیناً اللہ تعالیٰ اس نیکی کو ضائع نہیں فرمائیں گے، بلکہ اس کی وہ نیکی قبول فرمائیں گے، اور اس کو اس پر ثواب عطا فرمائیں گے، اور جو بُرائیاں شرک و کفر سے نیچے درجہ کی ہیں، اور جن سے بُرائیاں کرنے والے نے توبہ نہیں کی ہے، یہاں تک کہ وہ دنیا سے بحالتِ ایمان گذر گیا، تو اس کا معاملہ اللہ کی مشیت میں ہے، اگر اللہ تعالیٰ چاہیں گے تو دوزخ کی سزا دیں گے، اور اگر چاہیں گے تو اس سے درگذر فرمائیں گے، اور اس کو دوزخ کی سزا بالکل نہیں دیں گے۔"

(۲) الفقہ الاکبر میں دوسری جگہ ہے کہ:

اِیْمَانُ اَهْلِ السَّمَاءِ وَالْاَرْضِ لَا يَزِيْدُ وَلَا يَنْقُصُ مِنْ جِهَةِ الْمُؤْمَنِ بِهٖ وَيَزِيْدُ وَيَنْقُصُ مِنْ جِهَةِ الْيَقِيْنِ وَالتَّصْدِيْقِ، وَالْمُؤْمِنُوْنَ مُسْتَوُوْنَ فِی الْاِیْمَانِ

آسمان والوں اور زمین والوں کا ایمان مُؤمَنٌ بِہٖ (جن چیزوں پر ایمان لانا ضروری ہے) کے اعتبار سے نہ بڑھتا ہے، نہ گھٹتا ہے، اور تصدیق و یقین کے اعتبار سے بڑھتا اور گھٹتا ہے[1]، اور تمام مومنین یکساں ہیں ایمان

---

[1] اس جملہ کا مطلب یہ ہے کہ تصدیق و یقین میں شدت و ضعف کے اعتبار سے کمی بیشی ہوتی ہے۔

Marfat.com

والتوحِید، مُتَفَاضِلُوْنَ فِی الْاَعمالِ. وتوحید میں، اور کم وبیش ہیں اعمال میں۔

اس عبارت سے معلوم ہوا کہ ایمان کا کم وبیش نہ ہونا اور تمام مومنین کے ایمان کا یکساں ہونا صرف مُؤمَنُ بہٖ کے اعتبار سے ہے، کیونکہ جن چیزوں پر ایمان لانا ضروری ہے، وہ محدود ومتعین ہیں، ان میں کمی وبیشی نہیں ہوتی ہے، اور وہ ہیں بِجَمِیْعُ مَاجَاءَ بِہِ الرَّسُوْلُ صلی اللہ علیہ وسلم مگر دو اعتبار سے ایمان میں کمی وبیشی ہوتی ہے۔

(الف) مُؤمَنُ بہٖ کی تصدیق ویقین کے اعتبار سے، کیوں کہ یقین، یقین سب برابر نہیں ہوتے، ایک ماوشما کا یقین ہے، ایک اولیاء کرام کا یقین ہے، ایک انبیاءِ عظام کا یقین ہے، ایک عام فرشتوں کا یقین ہے، اور ایک اللہ کے مقرب فرشتوں کا یقین ہے، ان سب یقینوں کو مُساوی اور یکساں کوئی پاگل بھی نہیں کہہ سکتا۔

(ب) اعمال کے اعتبار سے مومنین کے درجات کی کمی بیشی بھی ایک مُسَلَّمہ حقیقت ہے، ایک انبیاء کرام کا عمل ہے، دوسرا امتی کا عمل ہے، پھر امتیوں کے اعمال میں بھی تفاوت ہے، لہٰذا اعمال کے اعتبار سے بھی مساوات کا دعویٰ کوئی بے عقل ہی کر سکتا ہے۔

③ شرحِ فقہ اکبر میں ہے کہ:

رُوِیَ عن ابی حنیفۃ رہ انہ قال: اِیْمَانِی کایمانِ جبرئیل علیہ السلام، ولا اقولُ: مثلَ ایمان جبرئیلَ ع، لان المِثْلِیَّۃَ تَقْتَضِی المساواتِ فی کل الصفاتِ، والتَشْبِیْہُ لایَقْتَضِیْہ، بل یَکْفِی لِاِطْلاقہ المساواتُ فی بعضہ، فلا احدٌ یُسَوِّیْ بین ایمانِ اٰحادِ الناس وایمانِ الملائکۃ والانبیاءِ علیہم السلام من کل وجہٍ (بحوالہ ایضاح الادلہ ص۱۷۷)

امام ابوحنیفہ سے روایت کیا گیا ہے کہ آپ نے فرمایا: میرا ایمان جبرئیل ؑ کے ایمان کے مشابہ ہے میں یہ نہیں کہتا کہ میرا ایمان جبرئیل علیہ السلام کے ایمان کے مانند ہے، کیونکہ مِثْلِیَّتْ (مانند ہونا) کے معنی تو یہ ہیں کہ تمام صفات میں برابری ہو، اور مشابہت کے لئے یہ ضروری نہیں، بلکہ بعض اوصاف میں برابری کی بناء پر مُشابہ کہا جا سکتا ہے، بھلا ایسا کون ہو سکتا ہے جو ہر اعتبار سے افرادِ امت، ملائکہ اور انبیاء علیہم السلام کے ایمان کو برابر کہتا ہو؟!

امام صاحب کی اس وضاحت سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ کے قول سے بعض لوگوں کو غلط فہمی ہو گئی تھی، جس کی وضاحت امام صاحب نے ضروری سمجھی، مگر پھر بھی لوگ نہیں سمجھے، اور وہ برابر امام صاحب کے قول کے غلط معنی بیان کر کے امام صاحب کو بدنام کرتے رہے، اس لئے آپ کے تلمیذ رشید حضرت امام محمد رح نے ارشاد فرمایا کہ میں ایمانِی کایمانِ جبرئیل کہنا ناپسند کرتا ہوں

Marfat.com

بلکہ اس کی جگہ اٰمَنْتُ بِمَا اٰمَنَ بِهٖ جِبْرَئِیْلُ علیہ السلام کہنا پسند کرتا ہوں ——— امام محمدؒ کا یہ ارشاد لوگوں کو غلط فہمی سے بچانے کے لئے تھا، ورنہ حقیقت میں امام اعظمؒ کے قول کا مطلب بھی وہی ہے جو امام محمدؒ کے تلقین کئے ہوئے نئے جملہ کا مطلب ہے۔

اختلاف کا راز کھلتا ہے

لیکن جب یہ مسئلہ لوگوں کے سامنے آیا کہ مرتکب کبیرہ (کبیرہ گناہ کرنے والا) مؤمن ہے یا نہیں؟ تو معتزلہ اور خوارج نے یہ مؤقف اختیار کیا کہ وہ ایمان سے خارج ہوگیا، کیونکہ ایمان تین۳ اجزاء سے مرکب ہے، اور مرکب کا کوئی بھی جزء فوت ہوجائے تو مرکب باقی نہیں رہتا، لہذا جب عملِ صالح باقی نہیں رہا، بلکہ اس نے کبیرہ گناہ کا ارتکاب کیا، تو وہ ایمان سے خارج ہوگیا، ——— پھر کیا ہوا؟ کافر ہوا یا نہیں؟ اس میں معتزلہ اور خوارج کے درمیان اختلاف ہوگیا۔ خوارج کے نزدیک وہ کافر ہوگیا، اور معتزلہ کے نزدیک وہ کافر نہیں ہوا، بلکہ وہ بیچ کا ہیجولیہ ہوگیا۔ (وھی منزلة بین المنزلتین)

اور احناف نے مرتکبِ کبیرہ کو مؤمن قرار دیا۔ امام اعظم علیہ الرحمۃ نے الفقہ الاکبر میں تحریر فرمایا ہے کہ:

وَلَانُكَفِّرُ مُسلمًا بِذَنْبٍ من الذُّنوبِ، وان كانتْ كبيرةً، اذا لَمْ يَسْتَحِلَّهَا وَلَانُزِيْلُ عنه اسمَ الايمان، ونُسَمِّيْهِ مؤمنًا حقيقةً، ويجوز ان يكونَ مؤمنًا فاسقًا غير كافرٍ.

اور ہم کسی مسلمان کو کسی بھی گناہ کی وجہ سے کافر نہیں قرار دیتے، چاہے وہ گناہ کبیرہ ہو، جب گناہ کرنے والا اس کو حلال نہ سمجھتا ہو، اور ہم اس سے ایمان کا اطلاق ختم نہیں کرتے، بلکہ ہم اس کو حقیقۃً مومن کہتے ہیں، ہاں، وہ مؤمن فاسق ہو سکتا ہے، مگر کافر نہیں ہو سکتا۔

اسی طرح محدثین نے بھی مرتکب کبیرہ کو مؤمن قرار دیا، اور ایمان سے خارج نہیں کیا، اور جب ان سے پوچھا گیا کہ مرتکبِ کبیرہ مؤمن کیسے ہو سکتا ہے؟، ایمان تو مرکب ہے یعنی اعمال ایمان کا جزء ہیں لہذا عمل کے فوت ہونے پر ایمان فوت ہوجانا چاہئے؟ تو انھوں نے جواب دیا کہ اعمال ایمان کا اصلی جزء نہیں ہیں، بلکہ تکمیلی اور تزئینی جزء ہیں، اس لئے اس کے نہ رہنے سے ایمان فوت نہ ہوگا۔

الغرض اس موقع پر محدثین نے معتزلہ اور خوارج کا ساتھ چھوڑ دیا، اور احناف کے ساتھ ہوگئے، اور واضح ہوگیا کہ محدثین نے اعمال کو جس ایمان کا جزء بنایا تھا، وہ ایمان کامل تھا، اور

Marfat.com

احناف و محدثین کا وہ اختلاف جس نے لاکھوں صفحات سیاہ کروائے تھے وہ محض غلط فہمی کا نتیجہ تھا، اور تمام انصاف پسند لوگوں نے جان لیا کہ احناف نے ایمان کی جو تعریف کی تھی، اور اعمال کو جس کا جزء نہیں بنایا تھا وہ نفس ایمان تھا اور محدثین نے ایمان کی جو تعریف کی تھی اور اعمال کو جس ایمان کا جزء بنایا تھا وہ ایمان کامل تھا۔

الغرض جب حقیقتِ حال لوگوں کے سامنے آئی تو معلوم ہوا کہ اہلِ حق کے درمیان حقیقی نزاع نہیں ہے صرف لفظی نزاع ہے، چنانچہ ملا علی قاری رح لکھتے ہیں وَلِذَا ذَهَبَ الامامُ الرازی وکثیرٌ من المتکلمین اَنَّ هٰذا الخلافَ لَفظیٌ[1]، اور اسی طرح کی تصریح حضرت شاہ ولی اللہ قدس سرہ نے بھی فرمائی ہے، نیز نواب صدیق حسن خاں صاحب بھوپالی (غیر مقلد) نے بھی بُغیَۃُ الرائد فی شرح العقائد میں لکھا ہے کہ ونزدِ اہلِ تحقیق این نزاع لفظی است[2]

امام نووی علیہ الرحمۃ بھی یہی تحریر فرماتے ہیں قال المحققون من اَصحابنا المتکلمین: نفس التصدیق لایزید ولاینقص، والایمان الشرعی یزید وینقص بزیادۃ ثمراتہ، وھی الاعمال، ونقصانھا، قالوا: وفی ھذا توفیقٌ بین ظواھر النصوص التی جاءَتْ بالزیادۃ، واَقاویلِ السلف، وبین اصل وَضعِہ فی اللغۃ، وما علیہ المتکلمون

(ایضاح الادلۃ ص۱ مطبوعہ فخریہ مراد آباد)

ترجمہ: ہمارے اصحاب میں سے محققین متکلمین نے فرمایا ہے کہ خود تصدیق نہ بڑھتی ہے نہ گھٹتی ہے، اور ایمانِ شرعی (ایمانِ کامل) بڑھتا گھٹتا ہے اس کے ثمرات کے بڑھنے سے ——— اور وہ ثمرات اعمال ہیں ——— اور ثمرات کے گھٹنے سے، ان حضرات نے فرمایا کہ اس طرح اُن نصوص کے ظاہری معنیٰ کے درمیان جن میں زیادتی کا تذکرہ آیا ہے، اور سلف کے اقوال کے درمیان، اور لفظ ایمان کے لغوی معنی کے درمیان، اور متکلمین کا جو مسلک ہے اس کے درمیان توفیق و تطبیق ہو جاتی ہے۔

تزایدِ ایمان والی نصوص کا مطلب

اب رہا یہ سوال کہ قرآن پاک کی بعض آیتوں سے ایمان میں زیادتی ثابت ہوتی ہے جیسے اللہ پاک کا ارشاد ہے:

---

[1] و [2] ایضاح الادلۃ ص۱۶۴ مطبوعہ فخریہ مراد آباد

Marfat.com

وَاِذَا مَا اُنْزِلَتْ سُوْرَةٌ فَمِنْهُمْ مَّنْ يَّقُوْلُ اَيُّكُمْ زَادَتْهُ هٰذِهٖٓ اِيْمَانًا فَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا فَزَادَتْهُمْ اِيْمَانًا وَّهُمْ يَسْتَبْشِرُوْنَ

(التوبۃ آیت ۱۲۴)

اور جب بھی کوئی (نئی) سورت نازل ہوتی ہے، تو بعض منافقین (غریب مسلمانوں سے تمسخر کرتے ہوئے) کہتے ہیں کہ (بتاؤ) اس سورت نے تم میں سے کس کے ایمان میں ترقی دی؟ سو (سنو) جو لوگ ایماندار ہیں اس سورت نے اُن کے ایمان میں (تو) ترقی دی ہے، اور وہ خوش ہو رہے ہیں۔

تو اس کا جواب یہ ہے کہ اس آیت میں یہ بات صراحۃً موجود ہے کہ ایمان کی یہ زیادتی تزایدِ احکام واَخبار کی وجہ سے تھی، یعنی جب جب اللہ تعالیٰ کا نیا کلام نازل ہوتا تھا، اور نئے احکام آتے تھے تو مُؤمَنْ بہٖ میں اضافہ ہوتا تھا، جس سے مومنین کے ایمان میں بھی اضافہ ہوتا تھا، اور ان کی ایمانی کیفیت یعنی خوشی بڑھ جاتی تھی، اور مُؤمَنْ بہٖ میں یہ اضافہ نزولِ وحی کے زمانہ میں ہوتا تھا، اب وحی مکمل ہو چکی ہے، اس لئے مُؤمَنْ بہٖ میں اضافہ کی کوئی صورت نہیں ہے۔

اس کی مزید تشریح یہ ہے کہ اسلام کے دورِ اول میں جتنا قرآن پاک نازل ہوا تھا، بس اتنے پر ایمان لانا ضروری تھا، جو احکام نازل ہو چکے تھے اُن پر ایمان لانا مکمل ایمان تھا، پھر جوں جوں نئی وحی آتی اور نئے احکام اترتے تو اُن نئے احکام پر ایمان لانا بھی ضروری ہوتا تھا، اس طرح ان حضرات کا ایمان بڑھتا رہتا تھا، مگر وہ زیادتی نفس ایمان میں نہیں ہوتی تھی، بلکہ مُؤمَنْ بہٖ میں ہوتی تھی یعنی ان چیزوں میں ہوتی تھی جن پر ایمان لانا ضروری ہے، مُؤمَنْ بہٖ کی اس زیادتی کو ایمان کی زیادتی سے تعبیر کیا گیا ہے ——— پھر جب نبوت کا دور ختم ہو گیا، اور وحی کی تکمیل ہو گئی، تو اب مُؤمَنْ بہٖ محدود و متعین ہو گیا کہ اتنی چیزوں کو ماننا ایمان کے لئے ضروری ہے اور سب لوگوں کے لئے اُن باتوں پر ایمان لانا ضروری ہو گیا، اب ان میں نہ زیادتی ہو سکتی ہے نہ کمی، لہٰذا مُؤمَنْ بہٖ کے اعتبار سے ایمان میں زیادتی اور کمی کا سوال ختم ہو گیا۔

ہاں، تصدیق کے مُکمِّلات یعنی اعمال کے اعتبار سے ایمان میں کمی بیشی ہوتی ہے، اسی طرح تصدیق کی کیفیت یعنی شدت وضعف کے اعتبار سے بھی ایمان میں کمی بیشی مُسَلَّم ہے، مگر کمیت یعنی مقدار کے اعتبار سے ایمان میں کمی بیشی نہیں ہو سکتی، کیونکہ ایمان چاہے کتنا ہی قوی ہو اس میں کوئی جزء بڑھتا نہیں ہے، حضرت قدس سرہٗ ایضاح الادلۃ میں تحریر فرماتے ہیں کہ:

"یہ امر محقق ہو چکا ہے کہ حقیقتِ ایمان عند المحققین فقط تصدیق قلبی ہے، اور یہ امر

Marfat.com

بھی سب کے نزدیک عقلاً ونقلاً بدیہی ہے کہ اس تصدیق سے مراد تصدیق جمیع ماجاء بہ الرسول ہے، سو اب ظاہر ہے جس زمانہ میں جمیع ماجاء بہ الرسول دو۲ امر تھے، تو اُن کی تصدیق کا نام ایمان تھا، اور جب پانچ چار ہو گئے تو اُن کی تصدیق کا نام ایمان ہوا، علی ہذا القیاس وقتاً فوقتاً جوں جوں تزایدِ احکام بوجہ نزول ہوتا گیا احاطۂ تصدیق میں بھی وسعت وزیادتی ہوتی گئی۔

غایۃ ماتی الباب یہ تزایدِ تصدیق باعتبار ذات تصدیق نہ سہی، باعتبار تعلق سہی، مگر اس زیادتی کو زیادتِ تصدیق وزیادتِ ایمان کہنا کسی طرح خلافِ عقل نہیں ہو سکتا، ظاہر ہے کہ جس قدر مُصَدَّق بہ یعنی مَاجَاءَ بِہ الرسول میں زیادتی ہوتی جائے گی، اِسی قدر تصدیق میں باعتبارِ تعلق زیادتی ماننی پڑے گی، اور ہم جمیع اوصاف میں بداہۃً مشاہدہ کرتے ہیں کہ تکثرِ تعلقات کی وجہ سے اصلی وصف پر اطلاقِ زیادت برابر سب اہلِ عقل کرتے ہیں۔ دیکھئے! اگر زید کسی سائل کو دینار عطا کرے، اور عمرو درہم، تو یہ کہنا صحیح ہے کہ زید نے عمرو سے زیادہ سخاوت کی، یا مثلاً کسی کی زیرِ حکومت دس شخص یا ایک شہر ہو، اور دوسرے شخص کی زیرِ حکومت بیس آدمی یا چند شہر ہوں، تو کہہ سکتے ہیں کہ اس کی حکومت بہ نسبت اس کی حکومت کے زائد ہے، یا کسی کو کسی علم کے سو مسئلے معلوم ہوں، اور کسی دوسرے شخص کو ہزار مسئلے اس علم کے معلوم ہوں، تو اِس کے علم کو اُس کے علم سے بے شک زائد کہہ سکتے ہیں۔

اب دیکھئے! امثلۂ مذکورہ میں ایک کی سخاوت وحکومت وعلم کو دوسرے شخص کی سخاوت یا حکومت یا علم سے زائد کہنے کے یہ معنی نہیں ہیں کہ حقیقۃً علم وغیرہ میں جو کہ منجملۂ

لہ یہاں سے حضرت قدس سرہ ایک سوال کا جواب دے رہے ہیں کہ مُؤمَن بہ کی زیادتی کی وجہ سے نفس ایمان میں تو زیادتی نہیں ہوتی، پھر آیت کریمہ میں مُؤمَن بہ کی زیادتی کو ایمان کی زیادتی کیوں قرار دیا گیا ہے، حضرت کے جواب کا خُلاصہ یہ ہے کہ ایمان کا تعلق چونکہ مُؤمَن بِہ سے ہے، اس لئے تعلق کی زیادتی کو نفس ایمان کی زیادتی قرار دیا گیا ہے: کیونکہ ہم دیکھتے ہیں کہ اہلِ عقل تمام اوصاف میں تعلقات کی زیادتی کی وجہ سے اصل وصف پر بھی زیادتی کا اطلاق کرتے ہیں، چاہے حقیقت میں اصل وصف میں زیادتی نہ ہوئی ہو، اسی طرح آیتِ کریمہ میں بھی تعلق کی زیادتی کی وجہ سے نفس ایمان پر زیادتی کا اطلاق کیا گیا ہے ۱۲

Marfat.com

کیفیات واوصاف ہیں کوئی جزر گھٹ بڑھ گیا ہے، بلکہ محض تزاید متعلقات کی وجہ سے اوصافِ مذکورہ کو زائد کہتے ہیں، تو جیسے امثلۂ مذکورہ میں بوجہ تزایدِ معلوم ومحکوم وغیرہ جو علم وحکومت کو زائد کہہ دیا ہے، بعینہ اسی طرح نصوصِ معلومہ میں بوجہ تزایدِ مُؤمَنْ بہ ایمان کو زائد فرمادیا ہے (ایضاح الادلۃ ص۱۷۲ وص۱۷۳)

دفعۂ سابع کا خلاصہ

حضرت قدس سرہ کے ارشادات کا خلاصہ یہ ہے کہ اگر تمام مؤمنین کے ایمان کے مُساوی اور یکساں ہونے کا مطلب کوئی یہ سمجھتا ہے کہ کیفیت میں یعنی قوی اور ضعیف ہونے میں تمام مومنین کا ایمان برابر ہے، تو یہ احناف کی رائے نہیں ہے، اور اگر کوئی احناف کے سر یہ الزام لگاتا ہے تو دلیل پیش کرے، ورنہ ایسی بے بنیاد تہمت سے باز آئے۔

امام اعظم علیہ الرحمۃ کے قول کا صحیح مطلب یہ ہے کہ تمام مومنین خواہ وہ انبیاء کرام ہوں یا فرشتے یا عام مسلمان سب کا ایمان مُؤمَن بہ کے اعتبار سے یکساں ہے، اور یہ بات سبھی لوگوں کے نزدیک مُسَلَّم ہے، اور اس کی وجہ یہ ہے کہ ایمان مقولۂ کَیْف سے ہے، مقولۂ کَم سے نہیں ہے، یعنی ایمان ایک کیفیت قلبی کا نام ہے، وہ کوئی مقدار نہیں ہے جس کو بانٹا جاسکے، اور وہ کم وبیش ہو سکے، لہذا نفسِ ایمان کے اعتبار سے ایمان میں کمی بیشی اور مساوات کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔

اور جو آیات زیادتیٔ ایمان پر دلالت کرتی ہیں، ان میں مُؤمَن بہ کی زیادتی کی وجہ سے ایمان کی زیادتی مراد ہے، نفسِ ایمان میں وہاں بھی زیادتی نہیں ہوتی، بلکہ مُؤمَن بہ کے ساتھ تعلق میں زیادتی ہوتی ہے، اب حضرت کے ارشادات پڑھئے:

دفعۂ سابع: تَساوِیٔ ایمان کے اگر یہ معنیٰ ہیں کہ شدت وضعف وقوت میں برابر ہو، تو آپ ہی فرمادیں کہ یہ کون کہتا[1] ہے؟ اور اس کی کیا سند ہے؟ اگر ہو تو لائیے، اور دس نہیں بیس لے جائیے، ورنہ اس تہمتِ بے اصل سے باز آئیے، کچھ تو خدا سے شرمائیے

---

[1] یعنی احناف ایسی تساوی کے قائل کب ہیں؟ ۱۲

Marfat.com

——— اور اگر یہ مطلب ہے کہ جن باتوں پر انبیاء اور ملائک کو[1] ایمان ہے، اُنھیں باتوں پر عوام کو بھی ایمان ہے، اِس باب میں عوام اُنھیں کے قدم بقدم ہیں، تو پھر سوا آپ کے اس کا مُنکر ہی کون ہوگا؟ اگر حنفیوں[2] میں سے اس کا کوئی منکر ہو تو بتلائیے، اور سند دکھلائیے، اور دس[3] نہیں بیس[4] لے جائیے، ورنہ تہمتِ بے جا سے باز آئیے، کچھ تو خدا سے شرمائیے۔

زیادہ کیا عرض کروں، اگر یوں کہوں کہ ایمان مقولۂ[5] کیف سے ہے، اور کَیف قابلِ قسمت و نسبت بذاتِ خود نہیں ہوتا، جو کمی بیشی (اور) مساوات کا امکان ہو، تو آپ بے وجہ آیات و احادیث

---

[1] کو یعنی کا ۱۲

[2] حنفیوں کی تخصیص اس لئے کی گئی ہے کہ لاہوری صاحب نے چیلنج حنفیوں کو دیا تھا۔ ورنہ یہ مسئلہ اجماعی ہے، کسی کا بھی اس میں اختلاف نہیں ہے کہ مؤمن بہ یکساں ہیں۔ جن جن امور پر انبیاء اور ملائکہ کے لئے ایمان ضروری ہے ان ہی سب باتوں پر عام مسلمانوں کے لئے بھی ایمان لانا ضروری ہے۔

[3] حکماء نے کائنات کو دس اجناسِ عالیہ میں تقسیم کیا ہے، جن کو مقولاتِ عشرہ کہا جاتا ہے، ان میں سے ایک مقولۂ کَیف ہے، جس کی تعریف یہ ہے عَرَضٌ لَایَقْتَضِی لِذَاتِہٖ قِسْمَۃً، وَلَانِسْبَۃً (کیف وہ عرض ہے جو اپنی ذات سے نہ بٹوارے کو چاہے، نہ نسبت کو)، "قسمت نہ چاہنے" کی قید سے مقولۂ کَمّ سے احتراز مقصود ہے، کیونکہ کَمّ بالذات تقسیم کو چاہتا ہے، جیسے اَجسام مقولۂ کَمّ سے ہیں، اس لئے اُن کو بانٹا جا سکتا ہے، اور "نسبت نہ چاہنے" کی قید سے دیگر مقولات سے احتراز مقصود ہے، کیونکہ اضافت جیسے اُبُوَّت (باپ ہونا) اَبٌ (باپ) کی طرف نسبت کو چاہتا ہے، مگر مقولۂ کَیف کو سمجھنے کے لئے کسی چیز کی طرف نسبت کرنے کی ضرورت نہیں ہے اور "لذاتہٖ" کی قید اس لئے ہے کہ جو کیفیات اپنے محل کے واسطہ سے قسمت یا نسبت کو چاہتی ہیں وہ تعریف سے خارج نہ ہو جائیں جیسے ایمان بالذات قسمت کو نہیں چاہتا، مگر اپنے محل یعنی مُؤمَن بہ کے اعتبار سے قسمت کو چاہتا ہے، اس لئے تمام مومنین کے ایمان میں مُؤمَن بہ کے اعتبار سے مساوات ہے ۱۲

Marfat.com

مُشبِعہ[1] زیادت کو پیش کرکے اوقات خراب کریں گے، حالانکہ اُن آیات واحادیث میں جہاں زیادتی پر دلالت ہے، وہاں یہ بھی دلالت ہے کہ وہ زیادتی باعتبار تزایدِ احکام واَخبار تھی، جو اُس وقت بوجہ تجدُّدِ نزولِ وحی ہوتی رہتی تھی، اور اب کسی طرح متصوَّر نہیں، باعتبار اصل ایمان نہ تھی ——— یہ میری گذارش اُن صاحبوں کی خدمت میں ہے، جو اس مَشرَب سے بھی واقف[2] ہیں، اور فہم وانصاف بھی رکھتے ہیں، ورنہ اُن صاحبوں کی خدمت کے لئے جیسے اکثر غیر مقلدین ہوتے ہیں، وہ اول ہی مضمون کافی ہے، وہ صاحب اس مضمون کے جواب کی تکلیف نہ اُٹھائیں، مفت حیران ہوں گے، اور کچھ کام نہ چلے گا۔

---

[1] مُشبِعہ: خبر دینے والی، اطلاع دینے والی، ظاہر کرنے والی ۱۲

[2] یعنی جن حضرات میں حقائق فہمی کی صلاحیت ہے اور جو ائمہ مجتہدین کے مسلک سے واقف ہیں، اہل ظواہر کی طرح نصوص کا صرف ظاہری مطلب نہ لیتے ہوں ۱۲

Marfat.com

(۸)

قضائے قاضی کا ظاہراً و باطناً نافذ ہونا

ظاہراً و باطناً کا مطلب ـــــ عقود و فسوخ کی تعریف ـــــ جمہور کی عقلی و نقلی دلیل ـــــ امام اعظم رحمہ اللہ کے عقلی و نقلی دلائل ـــــ جمہور کی دلیل کے جوابات ـــــ مقدمات خمسہ ـــــ (۱) ملکیت کی علت قبضۂ تامہ ہے ـــــ بیع و شراء وغیرہ صرف اسباب ملک ہیں ـــــ (۲) مرد عورتوں کے مالک ہو سکتے ہیں ـــــ (۳) نکاح کی حقیقت بیع ہے ـــــ (۴) نکاح میں کس چیز کی بیع ہوتی ہے؟ ـــــ حیوانات سے انتفاع جائز ہونے کی وجہ ـــــ (۵) نکاح کیوں ضروری ہے؟ ـــــ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بعد از خدا تمام کائنات کے مالک ہیں ـــــ شوہر اگر بیوی کو فروخت کرے تو بیع باطل ہے ـــــ حرمت متعہ کی وجہ ـــــ قاضی کے فیصلہ سے بھی منکوحہ عورت کسی کی ملک نہیں ہو سکتی ـــــ غیر منکوحہ عورت اور دیگر اموال کے بارے میں امام اعظم کا مذہب ـــــ قاضی نائب خدا اور رعیت کا ولی ہے ـــــ ظالم قاضی نہ تو نائب خدا ہے نہ رعیت کا ولی ـــــ قضائے قاضی کے ظاہراً و باطناً نافذ ہونے کی وجہ ـــــ تحصیل ملک کے لئے غلط طریقہ اختیار کرنا گناہ کبیرہ ہے ـــــ مگر طریقہ کی خرابی ملک تک نہیں پہنچتی ـــــ قطعۃ من النار نص صریح نہیں ـــــ ہمیں چوگاں، ہمیں میداں! ـــــ

Marfat.com

۸

قضائے قاضی کا ظاہراً و باطناً نافذ ہونا

پہلے چند ضروری اصطلاحیں سمجھ لینی چاہئیں، تاکہ مسئلہ سمجھنے میں مدد ملے۔

ظاہراً و باطناً کا مطلب

"ظاہراً" فیصلہ نافذ ہونے کا مطلب یہ ہے کہ قاضی اس کو عملی طور پر نافذ کرے گا، مثلاً مُدَّعی کے حق میں ڈگری ہوئی ہے، تو جس چیز کے بارے میں نزاع اور جھگڑا ہے، اس کو مُدَّعیٰ عَلَیہ کے قبضہ سے نکال کر مُدَّعی کے قبضہ میں دے گا، نیز اس سے متعلقہ احکام بھی نافذ کرے گا، جیسے کسی مرد نے کسی عورت سے نکاح کا دعویٰ کیا، اور قاضی نے مرد کے حق میں فیصلہ کیا، تو قاضی وہ عورت مرد کے سپرد کرے گا. اور شوہر کے ذمہ نان ونفقہ اور سُکنیٰ وغیرہ لازم کرے گا، اور اگر کسی جائیداد کے بارے میں جھگڑا ہے تو قاضی مُدَّعیٰ علیہ کا دَخل ختم کر کے مُدَّعی کو اس کا قبضہ دلائے گا۔

اور "باطناً" فیصلہ نافذ ہونے کا مطلب یہ ہے کہ دِیانۃً بھی نافذ ہوگا، مثلاً مثال مذکور میں اس عورت سے مرد کے لئے صحبت کرنا جائز ہوگا، اور عورت کے لئے دیانۃً اس مرد کو اپنے نفس پر قدرت دینا جائز ہوگا، اور اگر کسی جائداد کے بارے میں قاضی نے فیصلہ کیا ہے، تو مُدَّعی اس کا مالک ہو جائے گا، اور اس کا بیچنا، کرایہ پر دینا، ہبہ کرنا وغیرہ تصرفات درست ہوں گے۔

عُقود و فُسوخ کی تعریف

عُقود: عقد کی جمع ہے، فقہاء کی اصطلاح میں "عَقْد" کہتے ہیں ایجاب وقبول کے ذریعہ کوئی معاملہ کرنا، جیسے بیچنا، خریدنا، کرایہ پر دینا، نکاح کرنا وغیرہ۔

اور فُسُوخ: فَسْخ کی جمع ہے، فقہاء کی اصطلاح میں "فَسْخ" کہتے ہیں سابقہ عقد کو ختم

Marfat.com

کرنا بغیر کمی زیادتی کئے ہوئے، جیسے اِقالہ، طلاق وغیرہ

واسطہ اور اس کی قسمیں

ذات کا وصف کے ساتھ اتصاف کبھی بلا واسطہ ہوتا ہے، اور کبھی بالواسطہ، پھر واسطہ تین[۳] طرح کا ہوتا ہے، ایک[۱] واسطہ فی الاثبات، دوسرا[۲] واسطہ فی الثبوت، اور تیسرا[۳] واسطہ فی العروض۔

واسطہ فی الاثبات: حَدِ اوسط کو کہتے ہیں، کیونکہ قیاس میں موضوع کو محمول کے لئے حدِ اوسط کے واسطہ ہی سے ثابت کیا جاتا ہے ——— اس بحث میں واسطہ کی اس قسم کا ذکر نہیں آئیگا۔

واسطہ فی الثبوت: وہ چیز ہے جس کے تَوَسُّط سے کوئی وصف کسی ذات کے لئے ثابت ہو، پھر اس کی دو صورتیں ہیں، ایک یہ ہے کہ واسطہ خود وصف کے ساتھ متصف نہ ہو، صرف موصوف کے اتصاف کے لئے واسطہ ہو، اور دوسری صورت یہ ہے کہ خود واسطہ بھی وصف کے ساتھ متصف ہو، اور موصوف کو بھی متصف کرے، مثلاً رنگ ریز کپڑا رنگتا ہے تو صرف کپڑا رنگ کے ساتھ متصف ہوتا ہے، مگر رنگ ریز متصف نہیں ہوتا، اور چابی کی حرکت ہاتھ کے واسطہ سے ہوتی ہے، اور خود ہاتھ بھی حرکت کے ساتھ متصف ہوتا ہے. ——— واسطہ فی الثبوت کی دونوں صورتوں کے الگ الگ نام نہیں رکھے گئے، بلکہ بالمعنی الاول اور بالمعنی الثانی کہہ کر دونوں صورتوں میں امتیاز کیا جاتا ہے۔

واسطہ فی العروض: وہ چیز ہے جو حقیقۃً وصف کے ساتھ متصف ہوتی ہے، اور اس کے ذریعہ موصوف مجازاً وصف کے ساتھ متصف ہوتا ہے، جیسے ریل گاڑی کا انجن، ڈبوں اور مسافروں کے متحرک ہونے کے لئے واسطہ فی العروض ہے، کیونکہ حقیقۃً متحرک انجن ہے، اور ڈبے اور مسافر مجازاً متحرک ہیں۔

مسئلہ کا آغاز

اگر کسی دعوے دار نے قاضی کے سامنے جھوٹے گواہ پیش کئے، اور قاضی کی تحقیق میں وہ گواہ سچے ثابت ہوئے، کسی بھی طرح قاضی کو ان کے جھوٹے ہونے کا علم نہ ہو سکا، اس لئے قاضی نے مقدمہ کی مُدَّعِی کے حق میں ڈِگری کر دی، تو آیا قاضی کا یہ فیصلہ صرف ظاہراً نافذ ہوگا، یا باطناً بھی؟

عقود و فسوخ کے علاوہ دیگر تمام معاملات میں بالاتفاق قاضی کا فیصلہ صرف ظاہراً نافذ ہوگا، جیسے [illegible] مُرسَلہ کے دعویٰ میں ——— اور عقود و فسوخ میں اختلاف ہے۔

---

[۱] اَملاک: ملک کی جمع ہے، اور مُرسَلہ کے معنی ہیں مطلقہ، چھوڑا ہوا، اور ملکِ مُرسَل کا دعویٰ (باقی ص۱۲۵ پر)

Marfat.com

امام ابو یوسف، امام احمد، امام مالک، امام شافعی اور امام احمد رحمہم اللہ فرماتے ہیں کہ عقود و فسوخ میں بھی قاضی کا فیصلہ صرف ظاہراً نافذ ہوگا، اور امام اعظم حضرت ابو حنیفہ علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں کہ تین شرطوں کے ساتھ یہ فیصلہ ظاہراً بھی نافذ ہوگا، اور باطناً بھی ——— اور وہ تین شرطیں یہ ہیں:

پہلی شرط: یہ ہے کہ جس چیز کے بارے میں قاضی فیصلہ کر رہا ہے اس میں عقد و فسخ قبول کرنے کی صلاحیت ہونی چاہئے مثلاً جو عورت نہ تو کسی کے نکاح میں ہو، نہ عدت میں، ایسی عورت سے اگر کوئی شخص نکاح کا جھوٹا دعویٰ کرے، اور جھوٹے گواہوں کے ذریعہ اپنا دعویٰ ثابت کرے، اور قاضی اس کے حق میں ڈگری کر دے تو یہ فیصلہ ظاہراً بھی نافذ ہوگا، اور باطناً بھی، یعنی قاضی اس عورت کو حکم دے گا کہ وہ اپنا نفس اس مدعی کو سپرد کر دے، اور مدعی کے لئے اس عورت سے فائدہ اٹھانا جائز ہوگا، اور عورت کے لئے دیانۃً اپنے نفس کو سپرد کرنا بھی درست ہوگا، اور باہمی استمتاع حلال ہوگا، کیونکہ اگرچہ حقیقت میں نکاح نہیں ہوا، مگر قاضی کے اس فیصلہ سے نکاح ہو جائے گا، چنانچہ کوئی دوسرا شخص اس عورت سے نکاح نہیں کر سکتا۔

الغرض باطناً قاضی کا فیصلہ نافذ ہونے کے لئے سب سے پہلی شرط یہ ہے کہ محل میں عقد و فسخ کو قبول کرنے کی صلاحیت ہو، اگر محل میں عقد و فسخ قبول کرنے کی صلاحیت نہ ہو تو پھر قاضی کا فیصلہ صرف ظاہراً نافذ ہوگا، باطناً نافذ نہ ہوگا مثلاً جو عورت کسی کے نکاح میں ہے، یا عدت میں ہے، اس کا دوسرے کے ساتھ نکاح نہیں ہو سکتا، کیونکہ اس عورت میں اس حالت میں عقدِ نکاح قبول کرنے کی صلاحیت نہیں ہے، پس ایسی عورت سے اگر کوئی شخص نکاح کا جھوٹا دعویٰ کرے، اور قاضی جھوٹے گواہوں کی وجہ سے مدعی کاذب کے حق میں فیصلہ کر دے تو قاضی کا یہ فیصلہ صرف ظاہراً نافذ ہوگا، باطناً نافذ نہ ہوگا، یعنی قاضی وہ عورت مدعی کاذب کے سپرد تو کر دے گا، مگر اس کے لئے اس عورت سے فائدہ اٹھانا جائز نہ ہوگا، نہ عورت کے لئے دیانۃً

(بقیہ صفحہ ۱۲۴ کا) وہ ہے جس کا کوئی معین سبب ذکر نہ کیا گیا ہو، مثلاً ایک آدمی دعویٰ کرتا ہے کہ یہ گھر، یہ زمین میری ہے، اور اس کا کوئی سبب بیان نہیں کرتا کہ اس نے یہ املاک خریدی ہیں، یا میراث میں ملی ہیں، یا کسی نے ہبہ کی ہیں، اور مدعی نے اپنے دعوی پر جھوٹے گواہ پیش کر کے قاضی سے اپنے حق میں فیصلہ کرالیا، تو قاضی کا یہ فیصلہ صرف ظاہراً نافذ ہوگا، کیونکہ یہ ملکِ مرسل کا دعوی ہے، کسی عقد کا دعویٰ نہیں ہے ۱۲۔

Marfat.com

اپنے نفس کو سپرد کرنا جائز ہوگا، اور باہمی جو بھی استمتاع ہوگا وہ فعل حرام ہوگا۔

دوسری شرط: یہ ہے کہ قاضی کو نہ تو حقیقتِ حال کا علم ہو، نہ گواہوں کے جھوٹے ہونے کا علم ہو، اگر قاضی اپنے طور پر حقیقتِ حال جانتا ہو، یا گواہوں کا جھوٹا ہونا جانتا ہو، تو پھر قاضی کا فیصلہ صرف ظاہراً نافذ ہوگا، باطناً نافذ نہ ہوگا۔

تیسری شرط: یہ ہے کہ قاضی کا فیصلہ شہادت کی بنیاد پر ہو، جھوٹی قسم کی بنیاد پر نہ ہو، مثلاً ایک عورت نے قاضی کے یہاں دعویٰ کیا کہ اس کے شوہر نے اس کو تین طلاقیں دے دی ہیں، اور شوہر نے انکار کیا، عورت کے پاس گواہ نہیں تھے، اس لئے قاضی نے شوہر سے قسم لی، اس نے جھوٹی قسم کھالی، اور قاضی نے طلاق نہ ہونے کا فیصلہ کردیا، اور عورت جانتی ہے کہ واقعۃً شوہر نے اس کو تین طلاقیں دی ہیں، تو قاضی کا یہ فیصلہ باطناً نافذ نہ ہوگا، اور عورت کے لئے اس شوہر کے ساتھ رہنا جائز نہ ہوگا، اور نہ ہی اس عورت کے لئے اس شوہر کی میراث سے حصہ لینا جائز ہوگا، اور نہ شوہر کے لئے اس عورت سے صحبت جائز ہوگی۔

امام ابوحنیفہ علیہ الرحمۃ کا جو مذہب ہے وہی امام احمدؒ کی ایک روایت بھی ہے، اگرچہ وہ روایت حنابلہ کے یہاں مُفتی بِہ نہیں ہے، ابن قدامہ لکھتے ہیں:

وحکی ابو الخطاب عن احمد روایۃً اُخریٰ مثلَ مذھب ابی حنیفۃَ فی ان حکم الحاکم یُزیلُ الفسوخ والعقودَ، والاول ھو المذھب (المغنی ص۹ ج۱۱)

ابوالخطاب نے امام احمدؒ سے ایک اور روایت امام ابوحنیفہؒ کے مذہب کی طرح نقل کی ہے کہ قاضی کا فیصلہ عقد و فسخ کو مُتغیّر کردیتا ہے، اور مذہب یعنی مفتی بہ قول پہلا ہے۔

نیز امام صاحب کا جو مذہب ہے وہی امام ابو یوسف رح کا پہلا قول بھی تھا، صاحبِ ہدایہ فرماتے ہیں وھو قولُ ابی یوسف اَوّلاً (ص۲۹۳ ج۲) اسی طرح بعض حضرات نے بیان فرمایا ہے کہ امام محمد کی رائے بھی وہی ہے جو امام ابوحنیفہ کی ہے، کیونکہ امام محمدؒ نے کتاب الاصل میں حضرت علی کرم اللہ وجہہ کا وہ فیصلہ جو آگے آرہا ہے ذکر کرنے کے بعد فرمایا ہے کہ وَبِہٖ نَاْخُذُ (اور ہم اسی کو لیتے ہیں) اس سے معلوم ہوا کہ امام محمدؒ امام ابوحنیفہ کے ساتھ ہیں، اور صرف امام ابو یوسف رح کا آخری قول ائمۂ ثلثہ کے مذہب کے موافق ہے۔

جمہور کی نقلی دلیل

بخاری شریف میں حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ

Marfat.com

انکم تختصمون الیّ، ولعلّ بعضکم ألحن بحجّته من بعض، فمن قضیتُ له بحق أخیه شیئاً بقوله فانما أقطع له قطعةً من النار، فلا یأخذها

آپ لوگ اپنے جھگڑوں کا تصفیہ کرانے کے لئے میرے پاس آتے ہیں، اور ایسا ہو سکتا ہے کہ ایک فریق اپنی دلیل پیش کرنے میں دوسرے فریق سے زیادہ چرب زبان ہو، لہٰذا اگر میں اس کے لئے اس کے بھائی کے حق میں سے کسی چیز کا فیصلہ کر دوں، اس کی بات صحیح گمان کر کے تو (وہ سمجھ لے) میں اسے جاگیر میں جہنم کا ایک ٹکڑا ہی دے رہا ہوں، پس وہ اسے نہ لے۔

وفی روایةٍ فلعل بعضکم ان یکون ابلغ من بعضٍ، فأحسب انه صدق، فأقضی له بذلك، فمن قضیتُ له بحق مسلم فانما هی قطعةٌ من النار، فلیأخذها او فلیترکها [1]

اور دوسری روایت میں ہے کہ ہو سکتا ہے کہ تم میں سے ایک فریق بات زیادہ مؤثر انداز میں سمجھائے دوسرے فریق سے، پس میں گمان کر لوں کہ وہ سچ کہہ رہا ہے، چنانچہ میں اس کے لئے اس چیز کا فیصلہ کر دوں، تو جس شخص کے لئے میں دوسرے مسلمان کے حق کا فیصلہ کر دوں تو وہ جہنم کا ایک ٹکڑا ہی ہے پس اس کا جی چاہے تو وہ جائیداد لے یا چھوڑ دے۔

جمہور کی نقلی دلیل صرف یہی حدیث ہے، وہ اس حدیث سے اس طرح استدلال کرتے ہیں کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم (یعنی قاضی) کے فیصلہ کے بعد بھی وہ مال جس کا دعویٰ کیا گیا ہے جہنم کا ایک ٹکڑا ہی رہتا ہے، اس لئے اس کا لینا مدعی کے لئے حلال نہیں ہے، پس معلوم ہوا کہ قاضی کا فیصلہ صرف ظاہراً نافذ ہوتا ہے، باطناً نافذ نہیں ہوتا، ورنہ وہ مال حلال و طیب ہو جاتا۔

جمہور کی عقلی دلیل

یہ ہے کہ جھوٹے گواہوں کے ذریعہ قاضی کا کیا ہوا فیصلہ اگر باطناً بھی نافذ ہوگا، تو تکُنْ فِتْنَةٌ فِی الْاَرْضِ وَفَسَادٌ کَبِیْرٌ (زمین فتنوں کی آماجگاہ بن جائے گی اور بڑا فساد پھیل جائے گا!) ہر مکار، کذاب، بدکار شخص اپنی مقصد

---

[1] بخاری شریف، کتاب الشهادات، باب من اقام البینة بعد الیمین ص۳۶۸، وکتاب المظالم باب اثم من خاصم فی باطل وهو یعلمه

Marfat.com

براری کے لئے جھوٹا دعویٰ کرے گا، اور کرایہ کے گواہ گذار دے گا، اور اپنے حق میں مقدمہ کی ڈگری کرالے گا، اور دنیا میں مزے سے دندناتا پھرے گا، اور آخرت کے عذاب سے بھی مامون ہوجائے گا کیونکہ باطناً فیصلہ نافذ ہونے سے وہ چیز جس کا اس نے دعویٰ کیا تھا حلال وطیب ہوجائے گی۔

امام اعظم کے نقلی دلائل

(۱) ایک شخص نے اپنے ہی قبیلہ کی ایک عورت کے پاس نکاح کا پیغام بھیجا، وہ مرد اس عورت سے خاندانی شرافت میں کم تر تھا، چنانچہ عورت نے اس شخص سے نکاح کرنے سے انکار کردیا، اس شخص نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی کورٹ میں نکاح کا دعویٰ کیا، اور دو[۲] جھوٹے گواہ پیش کئے، حضرت علی رضی اللہ عنہ نے نکاح کا فیصلہ کردیا، عورت نے عرض کیا، میرا اس شخص سے نکاح نہیں ہوا ہے، اگر آپ مجھے اس کے یہاں بھیجنا ہی چاہتے ہیں تو آپ ہمارا نکاح پڑھ دیں، تاکہ ہم حرام سے بچیں، حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے ان کا نکاح نہیں پڑھا، بلکہ یہ ارشاد فرمایا کہ

شَاهِدَاكِ زَوَّجَاكِ[۱] تیرے دو گواہوں نے تیرا نکاح پڑھ دیا

یہ روایت امام اعظم حضرت ابوحنیفہ رح کے قول کی صریح دلیل ہے کہ قاضی کا فیصلہ ہی مُوجدِ نکاح ہے، اگر نفس الامر میں نکاح نہ بھی ہوا ہو، تو قاضی کے فیصلہ سے نکاح ہوجائے گا، اور حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے نکاح کے تحقق کا سبب اپنے فیصلہ کے بجائے شہادت کو اس لئے قرار دیا ہے کہ شہادت، قضاءِ قاضی کے لئے واسطہ فی الثبوت، بالمعنی الاول ہے، یعنی شہادت، فیصلہ کا ذریعہ بنی ہے، پس گویا وہی مُوجدِ نکاح ہے۔

(۲) حضرت عبداللہ بن عمر رض نے اس شرط کے ساتھ ایک غلام بیچا کہ وہ ہر عیب سے بری ہیں، خریدار نے یہ معاملہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے سامنے پیش کیا، حضرت عثمان رض نے ابن عمر رض سے فرمایا کہ کیا آپ قسم کھا سکتے ہیں کہ آپ نے عیب چھپا کر نہیں بیچا ہے؟ ابن عمر رض نے قسم کھانے سے انکار کیا، چنانچہ حضرت عثمان رض نے غلام ابن عمر رض کو لوٹا دیا، ابن عمر رض نے اس کو لے لیا، اور بڑے نفع سے اس کو بیچ دیا[۲]

حضرت ابن عمر رض جانتے تھے کہ انھوں نے غلام برارت کی شرط کے ساتھ بیچا ہے، اس

---

[۱] المُغنی ص۴۰۸ ج۱۱، اعلاء السنن ص۶۰ ج۱۱، احکام القرآن للجصاص ص۳۱۴ ج۱ ۱۲

[۲] احکام القرآن ص۳۱۴ ج۱ ۱۲

Marfat.com

لئے حضرت عثمانؓ کا خیارِ عیب کی وجہ سے غلام کے لوٹانے کا فیصلہ کرنا درست نہ تھا، اگر حضرت عثمانؓ کو حقیقتِ حال کا پتہ ہوتا تو وہ ہرگز غلام واپس لینے کا فیصلہ نہ کرتے، مگر اس کے باوجود حضرت ابن عمرؓ نے واپس لے لیا، اور دوسری جگہ بڑے نفع سے بیچ دیا، فَعُلِمَ اَنَّ فَسْخَ حَاکِمٍ الْعَقْدَ یُوْجِبُ عَوْدَہٗ اِلٰی مِلْکِہٖ وَاِنْ کَانَ فِی الْبَاطِنِ خِلَافُہٗ (معلوم ہوا کہ قاضی عقد کو توڑ دے تو مبیع بائع کی ملک کی طرف لوٹ جاتی ہے، اگرچہ حقیقتِ حال اس کے خلاف ہو)

(۳) حضرت ہلال بن اُمَیَّہؓ نے اپنی بیوی پر الزام لگایا شَرِیک بن سَحْمَاء کے ساتھ مُلَوَّث ہونے کا، چنانچہ لِعان کی آیتیں نازل ہوئیں، اور میاں بیوی میں لِعان کرایا گیا، اور ان کا نکاح ختم کر دیا گیا، اس کے بعد حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ ہلال کی بیوی جو حاملہ ہے اگر ایسی ایسی علامتوں والا بچہ جنے تو وہ ہلال کا بچہ ہے، اور اس کا الزام غلط ہے، اور اگر فلاں فلاں دوسری علامتوں والا بچہ جنے تو وہ شریک کا بچہ ہے، یعنی ہلال کا الزام صحیح ہے، پھر جب اس عورت نے بچہ جنا تو اس میں وہ علامتیں تھیں، جس کی رو سے وہ شریک کا بچہ قرار پاتا تھا، اس موقع پر حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا تھا کہ

لَوْلَا مَامَضٰی مِنَ الْاَیْمَانِ لَکَانَ لِی وَلَھَا شَانٌ [1]

اگر پہلے لِعان نہ ہو چکا ہوتا تو میرا اور اس عورت کا معاملہ کچھ اور ہی ہوتا (یعنی میں اس کو سخت سزا دیتا)

عورت کا جھوٹ ظاہر ہونے کے بعد بھی حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے لِعان کی وجہ سے جو تفریق کی تھی، اس کو باقی رکھا، اور اپنا فیصلہ نہیں بدلا فَصَارَ ذٰلِکَ اَصْلًا فِی اَنَّ الْعُقُوْدَ وَفَسْخَھَا مَتٰی حَکَمَ بِھَا الْحَاکِمُ مِمَّا لَوْ ابْتَدَأَ اَیْضًا بِحُکْمِ الْحَاکِمِ وَقَعَ [2] (پس اس سے ضابطہ کلیہ نکل آیا کہ جب کوئی حاکم کسی عقد و فسخ کے بارے میں فیصلہ کر دے تو وہ فیصلہ نافذ ہو جائے گا بشرطیکہ حاکم کے حکم سے اس کا اِنشا ہو سکتا ہے)

(۴) دو شخصوں نے ایک آدمی کے خلاف یہ جھوٹی گواہی دی کہ اس نے اپنی بیوی کو طلاق دی ہے، چنانچہ قاضی نے میاں بیوی میں تفریق کر دی، پھر ان دو گواہوں میں سے ایک نے اس عورت سے نکاح کر لیا، تو امام عامر شعبیؒ نے (جو جلیل القدر تابعی ہیں) فتویٰ دیا کہ یہ نکاح درست ہے۔ [2]

---

[1] احکام القرآن ص ۳۱۵ ج ۱

[2] احکام القرآن ص ۳۱۴ ج ۱ ۱۲

Marfat.com

امام اعظم کی عقلی دلیل

امام ابوحنیفہ علیہ الرحمۃ کی عقلی دلیل، حضرت قدس سرہ نے تفصیل سے بیان فرمائی ہے، اس کا خلاصہ یہ ہے کہ گواہوں کا جھوٹ نہ جاننے کی وجہ سے قاضی جو فیصلہ کرے گا، وہ فیصلہ بالاجماع ظاہراً تو نافذ ہوگا، یعنی قاضی مدعی کو اس چیز پر قبضہ دلا دے گا، جس کا اس نے دعویٰ کیا ہے، اور مدعی کا جب اس پر قبضۂ تام ہو جائے گا تو مدعی اس چیز کا مالک ہو جائے گا، کیونکہ قبضہ، ملکیت کے لئے علتِ تامہ ہے، اور معلول علتِ تامہ سے پیچھے نہیں رہ سکتا، علت کے ساتھ ہی معلول کا پایا جانا ضروری ہے، لہٰذا جوں ہی عورت مدعی کے قبضہ میں آئے گی، مدعی اس کا مالک ہو جائے گا، اور باہمی استمتاع حلال ہو جائے گا ——— رہا نکاح تو وہ ملکیت کا صرف ظاہری سبب ہے، حقیقی سبب قبضہ ہے، اس لئے حقیقی سبب کے پائے جانے کے بعد مجازی سبب کی چنداں ضرورت باقی نہیں رہتی۔

دلیل عقلی کی تفصیل

مذکورہ بالا دلیلِ عقلی کی تمہید کے طور پر حضرت قدس سرہ نے پانچ مقدمات بیان فرمائے ہیں جو درج ذیل ہیں۔

پہلا مقدمہ: یہ ہے کہ ملکیت کا حقیقی سبب قبضۂ تامہ ہے، بشرطیکہ شئ مقبوض ملک کا محل ہو، یعنی اس میں ملکیت قبول کرنے کی صلاحیت ہو۔

دوسرا مقدمہ: یہ ہے کہ تمام اشیاءِ عالم خصوصاً عورتیں بھی قبضۂ تامہ کی وجہ سے مملوک ہو جاتی ہیں۔

تیسرا مقدمہ: یہ ہے کہ شوہر کو بیوی سے فائدہ حاصل کرنے کی جو اجازت ہے وہ بطور بیع ہے، بطور اجارہ نہیں ہے، یعنی نکاح میں عورت اپنے بُضَعْ اور رحم کو شوہر کے ہاتھ فروخت کر دیتی ہے۔

چوتھا مقدمہ: یہ ہے کہ عورت کو بُضَعْ فروخت کرنے کا تو اختیار ہے، مگر باقی بدن فروخت کرنے کی اجازت نہیں ہے، اس لئے شوہر صرف بُضَعْ کا مالک ہوتا ہے، عورت کے دیگر جسم کا مالک نہیں ہوتا۔

پانچواں مقدمہ: یہ ہے کہ اشیاءِ غیر مملوکہ یعنی مُباح الاصل چیزیں تو صرف قبضہ سے مملوک ہو جاتی ہیں، وہاں نہ بیع کی ضرورت ہوتی ہے، نہ قضاءِ قاضی کی حاجت، مگر عورتوں کا مملوک ہونا اس طرح ممکن نہیں ہے، کیونکہ مرد اور عورت میں جہاں تسفُّلِ صنفی ہے، وہاں تساویٔ نوعی بھی ہے، اس لئے ضروری ہے کہ باہمی رضامندی سے میاں بیوی کے درمیان نکاح کا معاملہ طے ہو، یا حکمِ حاکم قبضۂ زناں کا سبب بنے تبھی عورتوں پر قبضۂ تام، علتِ ملک بنے گا۔

Marfat.com

مذکورہ بالا مقدماتِ خمسہ پیشِ نظر رکھنے کے بعد دلیل سمجھنے میں کوئی دشواری باقی نہیں رہتی، کہ جب عقود وفسوخ میں قاضی نے فیصلہ کردیا، اور وہ فیصلہ ظاہراً بالاتفاق نافذ ہوگیا، یعنی اس چیز پر جس کا مدعی نے دعویٰ کیا تھا، مدعی کو قبضۂ تام دلادیا گیا، تو اب اس کا معلول اس سے متخلف نہیں ہوسکتا، یعنی مدعی عورت کا مالک ہوجائے گا، اور اس طرح قاضی کا فیصلہ باطناً بھی نافذ ہوجائے گا، یعنی مدعی حقیقۃً اور دیانۃً اس عورت کا مالک ہوجائے گا۔

رہی یہ بات کہ مدعی نے قبضہ حاصل کرنے کے لئے جو غلط طریقہ اختیار کیا ہے، تو وہ اپنی جگہ گناہ کبیرہ ہے، جس کی سزا آخرت میں اس کو لامحالہ بھگتنی ہوگی، اور کچھ بعید نہیں کہ دنیا میں بھی اس کی کچھ سزا ملے۔

جمہور کی نقلی دلیل کے جوابات

جمہور کی دلیلِ نقلی کا پہلا جواب یہ ہے کہ حدیث شریف کا شانِ ورود دیکھنے سے اندازہ ہوتا ہے کہ وہ اَملاکِ مُرسَلہ کا دعویٰ تھا، صورتِ واقعہ یہ تھی کہ دو شخصوں میں میراث کا بہت پرانا جھگڑا تھا، اور اس میں کوئی گواہ نہیں تھا، چنانچہ حضرت ام سلمہؓ سے یہ روایت بھی مروی ہے کہ اَتیٰ رَسُولَ اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رَجُلانِ یَختَصِمَانِ فی مواریثَ لھما، لم تکن لھما بَیِّنَۃٌ الا دعواھما (احکام القرآن ص ۳۶۴ ج ۴)

اور ائمہ کرام کے درمیان جو صورت متنازع فیہ ہے، وہ عقود وفسوخ میں جھوٹے گواہوں کے ذریعہ فیصلہ کرنے کی ہے، اَملاکِ مُرسَلہ میں بغیر گواہوں کے قاضی کا فیصلہ متنازع فیہ نہیں ہے، وہ بالاتفاق صرف ظاہراً نافذ ہوتا ہے، باطناً نافذ نہیں ہوتا۔

دوسرا جواب یہ ہے کہ اگر یہ بات تسلیم کرلی جائے کہ حدیث شریف متنازع فیہ صورت سے متعلق ہے، تو غور کرنے پر معلوم ہوتا ہے کہ حدیث شریف عدم نفاذ کے بجائے ظاہراً و باطناً قاضی کے فیصلہ کے نافذ ہونے پر دلالت کرتی ہے، کیونکہ حدیث شریف کا مفاد یہ ہے کہ اگر میں کسی کی چیز مدعی اور گواہوں کے جھوٹے ہونے کے باوجود دھوکا کھاکر دوسرے کو دلوادوں، تو وہ چیز اس کی مملوکِ تام تو ہوجائے گی، مگر مملوک ہوجانے سے کوئی یہ نہ سمجھے کہ اس کے ذمہ کسی قسم کا مواخذہ باقی نہیں ہے، بلکہ کذب وزور کا شدید مواخذہ اس کے سر پر ہے، اس لئے اس چیز کو اپنے حق میں جہنم کا ایک ٹکڑا ہی سمجھنا چاہئے، جملہ "قطعۃ من النار" سے حصولِ ملک کے ذرائع کا بُرا ہونا صراحۃً ثابت ہوتا ہے اور اقطع لہ سے قاضی کے فیصلہ کا ظاہراً و باطناً نافذ

Marfat.com

ہونا اشارۃً سمجھ میں آتا ہے، کیونکہ لام تملیک کا ہے۔

جمہور کی عقلی دلیل کا جواب

یہ ہے کہ غیر منکوحہ کے دعوئے نکاح میں قاضی کے فیصلہ کا ظاہرًا و باطنًا نافذ ہونا فتنہ کا سبب نہیں بلکہ اس کا سدِّ باب ہے، کیونکہ فتنہ یا تو مدعیٔ کاذب پیدا کر سکتا تھا، یا عورت کے اولیاء پیدا کر سکتے تھے، مگر جب عورت اس مدعی کو مل گئی، اور اس کے لئے وہ جائز بھی ہو گئی تو اب وہ کیوں فتنہ پیدا کرے گا؟ اور نفاذِ باطنی کا فائدہ یہ ہوگا کہ عورت کے اولیاء بھی خاموش ہو جائینگے

اور اگر معاملہ فسخ نکاح کا ہو، اور عدت کے بعد اس عورت سے کوئی اور شخص نکاح کرلے تو اب فتنہ انگیزی کا خطرہ صرف شوہرِ اول کی طرف سے ہو سکتا ہے، مگر جو حضرات عدمِ نفاذِ باطنی کے قائل ہیں، وہ بھی یہ فرماتے ہیں کہ شوہرِ اول کے لئے قانون ہاتھ میں لینا جائز نہیں ہے یعنی اگرچہ حقیقت میں وہ عورت اُسی کی بیوی ہے، دوسرے شوہر کی بیوی نہیں بنی، تاہم شوہرِ اول کے لئے اس عورت سے استمتاع جائز نہیں ہے، کیونکہ اب شوہرِ اول کا اس عورت سے تعلق رکھنا قانون کو ہاتھ میں لینا ہے۔

علاوہ ازیں اس طرح کے معاملات اسلامی معاشرہ میں نادرالوجود ہیں اور عام طور پر ایسے معاملات چھپتے بھی نہیں، جھوٹے مدعی اور گواہ اپنی واقعی سزا پاتے ہیں، اس لئے اس طرح کا مکر و فریب اسلامی معاشرہ میں نہیں چل سکتا۔

کتاب کی شرح

سب سے پہلے یہ جاننا ضروری ہے کہ معترض جناب مولوی ابوسعید محمد حسین بٹالوی صاحب نے سارے ہندوستان کے حنفیوں کو جو چیلنج دیا تھا وہ یہ تھا کہ

> ”قضاء کا ظاہر و باطن نافذ ہونا، مثلاً کسی شخص نے ناحق کسی کی جورو کا دعویٰ کیا کہ یہ میری جورو ہے، اور قاضی کے سامنے جھوٹے گواہ پیش کر کے مقدمہ جیت لے، اور وہ عورت اس کو مل جائے، تو وہ عورت بحسب ظاہر بھی اس کی بیوی ہے، اور اس سے صحبت کرنا بھی اس کو حلال ہے۔“

یعنی منکوحۃ الغیر کے بارے میں بھی قاضی کا فیصلہ ظاہرًا و باطنًا نافذ ہوگا، حالانکہ یہ بات بالکل غلط ہے، معترض مسئلہ ہی نہیں سمجھا، منکوحۃ الغیر کے بارے میں قاضی کا فیصلہ کسی کے نزدیک بھی باطنًا نافذ نہیں ہوتا، اختلاف صرف غیر منکوحہ کے بارے میں ہے، شامی میں ہے۔

Marfat.com

إذا ادّعى أنّها زوجته، وأثبت ذلك بشهادة الزور، وهو يعلم أنّها محرّمة عليه بكونها منكوحة الغير، او معتدته، او بكونها مرتدة، فانه لا ينفذ باطنًا اتفاقًا (ص ۳۷۱/۴۵)

جب کسی شخص نے دعویٰ کیا کہ فلاں عورت اس کی بیوی ہے، اور اس نے یہ بات جھوٹے گواہوں سے ثابت کر دی، حالانکہ وہ جانتا ہے کہ وہ عورت اس کے لئے حرام ہے، غیر کی منکوحہ ہونے کی وجہ سے، یا معتدہ ہونے کی وجہ سے، یا مرتدہ ہونے کی وجہ سے، تو یہ فیصلہ بالاتفاق باطناً نافذ نہیں ہوگا۔

اس لئے حضرت قدس سرہ نے چیلنج کا جواب یہاں سے شروع کیا ہے کہ منکوحۂ غیر کے بارے میں حنفیوں کا یہ قول ہی نہیں، نہ معلوم معترض صاحب نے یہ افتراء کیا ہے، یا مسئلہ ہی نہیں سمجھے! اگر مسئلہ ہی نہیں سمجھے تو ترکِ تقلید کے لئے معقول عذر ہے، کیونکہ کسی کی تقلید وہی شخص کرتا ہے جو اس کا معتقد ہو، اور معتقد وہی ہوتا ہے جو کسی کی بات سمجھے، اور اس کی خوبی کا اعتراف کرے، جو کسی کی بات ہی نہ سمجھے وہ کیا خاک اس کی تقلید کرے گا؟! اس لئے معترض صاحب اگر کسی امام کی تقلید نہیں کرتے تو اس کی وجہ مجتہدین کی باتوں میں نقص نہیں ہے بلکہ ان کی خوبیٔ فہم ہے!

ہاں معترض صاحب یہ کہہ سکتے ہیں کہ چیلنج کی عبارت میں جو ہم نے صورتِ مسئلہ بیان کی ہے وہ ہمارا سہو ہے، اور ہر انسان سے بھول ہوتی ہے، یا وہ یہ کہہ سکتے ہیں کہ ہم نے مسئلہ سرسری طور پر دیکھا تھا، گہری نظر سے نہیں دیکھا تھا، اس لئے مثال بیان کرنے میں غلطی ہو گئی، مگر اعتراض اپنی جگہ پر باقی ہے، کیونکہ منکوحۂ غیر نہ سہی، غیر منکوحہ کی حلت بھی معقول نہیں، اس لئے حضرت قدس سرہ نے معترض کی غلطی سے چشم پوشی کرتے ہوئے جواب ارشاد فرمایا ہے، اور جواب کی تمہید کے طور پر پانچ باتیں بیان فرمائی ہیں۔

دفعۂ ثامن: جواب تو آپ کے اس اعتراض کا فقط اتنا ہے کہ منکوحۂ غیر کی نسبت حنفیوں کا یہ قول ہی نہیں، دُرِّ مختار اور شامی موجود ہے، اگر آپ سچے ہیں تو سندِ معتبر دکھلائیے، اور دس نہیں بیس لے جائیے، خدا جانے یہ افتراء ہے، یا خوبیٔ فہم ہے؟! اگر خوبیٔ فہم ہے تو ترکِ تقلید کے لئے عذر معقول ہے، مگر ہاں

Marfat.com

شاید بعد عذرِ سہو، یا قلّتِ تدبّر آپ یہ ارشاد فرمائیں کہ منکوحۂ غیر نہ سہی، غیر منکوحہ کی حِلّت بھی اِس طرح معقول نہیں، اس لئے یہ گذارش ہے کہ قبل از جواب ایک دو بات سُن لیجئے، اور برائے خدا ذرا انصاف بھی کیجئے۔

① ملکیت کی علّت، قبضۂ تامہ ہے

کسی بھی چیز کے مالک ہونے کی علت تامہ قبضہ ہے، مگر قبضہ کے لئے ضروری ہے کہ تام ہو یعنی حقیقی اور مستقل ہو، اور "قبضہ" کا مطلب کسی چیز کا مُٹھی میں ہونا نہیں ہے، بلکہ مُجاز بالتصرف ہونا ہے لہذا چور اور غاصب کا جو قبضہ ہے وہ حقیقت میں قبضہ ہی نہیں، کیونکہ چور اور غاصب مالِ مسروق اور شئ مغصوب میں شرعاً تصرف کے مُجاز نہیں ہیں، اور "حقیقی قبضہ" وہ ہے جس کو حسبِ حکمِ شرع قاضی بھی برقرار رکھے، اور اس قبضہ کو ختم کرنے کا قاضی کو بھی اختیار نہ ہو، اور "مستقل" ہونے کا مطلب یہ ہے کہ وہ قبضہ اصلی ہو، عارضی نہ ہو، لہذا جو قبضہ عارضی اور مجازی ہوگا وہ تام نہیں ہو سکتا، جیسے شئ مَرہون پر مُرتہن کا قبضہ، مالِ یتیم پر اس کے سرپرست کا قبضہ، عاریت کی چیز پر عاریت پر لینے والے کا قبضہ، اور ودیعت و امانت پر اس شخص کا قبضہ جس کے پاس امانت رکھی گئی ہے، یہ سب قبضے حقیقی اور مستقل نہیں ہیں، بلکہ حقیقی اور اصلی قبضہ مالک کا ہے اور وہ ان حضرات کے قبضہ کے ساتھ متصف ہونے کے لئے واسطہ فی العرض ہے، لہذا ان کا اتصاف مجازی ہے، نیز ان حضرات کا قبضہ عارضی اور وقتی ہے، مالک جب چاہے ان کے قبضہ کو ختم کر سکتا ہے۔

بیع و شراء وغیرہ اَسبابِ ملک ہیں

اور بیع و شراء اور صدقہ و ہبہ وغیرہ ملکیت کی علتیں نہیں ہیں، بلکہ اسباب ہیں، جن کو مجازاً علت کہا جاتا ہے، ورنہ حقیقی علت قبضہ ہے، کیونکہ مباح الاصل چیزیں جیسے جنگلی اور دریائی جانور اور جنگلی درخت اور پھل جو ملک میں آتے ہیں، تو وہ صرف قبضہ کی وجہ سے آتے ہیں، بیع و شراء وغیرہ اسبابِ ملک کا وہاں پتہ بھی نہیں ہوتا، بلکہ بیع و شراء وغیرہ امور قبضہ کے بعد ہی متحقق ہو سکتے ہیں، اسی لئے کوئی چیز خریدنے کے بعد جب تک اس پر قبضہ نہ ہو جائے اس کا بیچنا جائز نہیں ہوتا، کیونکہ اگرچہ وہ چیز خریدی جا چکی، مگر خریدنا ملکیت کی علت نہیں ہے، جب قبضہ ہوگا تبھی مشتری، مبیع کا

Marfat.com

مالک ہوگا، اور اس کے بعد ہی بیچنا جائز ہوگا، اگر خریدنا ملکیت کی علت ہوتا تو خریدتے ہی مشتری مالک ہوجاتا، اور اس کا بیچنا جائز ہوجاتا، مگر ایسا نہیں ہے پس معلوم ہوا کہ بیع وشراء وغیرہ ملک کی علتیں نہیں ہیں بلکہ اسباب ہیں۔

قبضہ کے علّتِ ملک ہونے کی دلیل

اور قبضہ کے علّتِ ملک ہونے کی ایک واضح دلیل یہ ہے کہ جو صحابۂ کرام اپنا مال ومتاع چھوڑ کر راہِ خدا میں ہجرت کرکے مدینہ منورہ آگئے تھے، ان کو اللہ تعالیٰ نے سورۂ حشر کی آٹھویں آیت میں "فُقَرَاء" کہا ہے، اور فقیر اس شخص کو کہتے ہیں جس کی ملکیت میں کچھ نہ ہو، یا بقدرِ ضرورت نہ ہو، اور یہ حضرات دارالکفر میں بہت کچھ مال چھوڑ کر آئے تھے، لہٰذا اگر وہ چیزیں ان کی ملکیت میں ہوتیں تو وہ "فُقَرَاء" کیسے کہلاتے؟ وہ "فُقَرَاء" اسی صورت میں ہوسکتے ہیں کہ ان کی اَملاک قبضہ اُٹھ جانے کی وجہ سے، اور کافروں کے قابض ہوجانے کی وجہ سے ان کی ملکیت سے خارج ہوگئی ہوں، پس ثابت ہوا کہ ملکیت کی علت قبضہ ہے۔

ایک شبہ اور اس کا جواب

اگر کوئی کہے کہ مہاجرین کو "فقراء" اس لئے کہا گیا ہے کہ اُن کا مال ان کے ساتھ نہیں تھا، تو اس کا جواب یہ ہے کہ یہ بات غلط ہے، آیت صدقہ یعنی مصارفِ زکوٰۃ والی آیت اِنَّمَا الصَّدَقَاتُ لِلْفُقَرَاءِ الخ میں "فقراء" کو الگ شمار کیا گیا ہے، اور ابنُ السَّبِیل (مسافر) اور فی سبیل اللہ جس کا مصداق منقطع الحاج اور منقطع الغُزَاۃ ہیں، ان کو الگ شمار کیا گیا ہے، اگر فقیر کے معنیٰ یہ ہوتے کہ اس کا مال اس کے ساتھ نہ ہو، تو اس اعتبار سے مسافر وغیرہ بھی فقیر ہیں، ان کو الگ شمار کرنے کی کیا ضرورت تھی؟ اس لئے صحیح بات یہ ہے کہ "فقیر" وہ نہیں ہے جس کا مال اس کے پاس نہ ہو، بلکہ "فقیر" وہ ہے جس کی ملکیت میں کوئی مال نہ ہو، یا ناکافی مال ہو۔

دوسرا شبہ اور اس کا جواب

اور اگر کوئی یہ شبہ کرے کہ مورث کے مرنے کے بعد وارث قبضہ سے پہلے مالِ میراث کا مالک ہوجاتا ہے، کیونکہ میراث میں ملکیت اضطراری ہوتی ہے، اگر قبضہ علتِ ملک ہے تو قبضہ سے پہلے وہ مالک کیسے ہوجاتا ہے؟

تو اس کا جواب یہ ہے کہ اگرچہ سرسری نظر میں وارث قبضہ سے پہلے مالک نظر آتا ہے، مگر حقیقت میں وارث قبضہ سے پہلے میراث کا مالک نہیں ہوتا، بلکہ قبضہ کے بعد میراث کا مالک ہوتا

Marfat.com

ہے، کیونکہ وارث کا قبضہ مستقل اور نیا نہیں ہوتا ہے، یعنی جس طرح بیع وشرار میں پہلے بائع کا قبضہ ختم ہوتا ہے، پھر مشتری کا مبیع پر نیا قبضہ ہوتا ہے اس طرح میراث میں نہیں ہوتا ہے کہ پہلے مورث کا قبضہ ختم ہو، پھر وارث کا قبضہ وجود میں آئے، بلکہ مورث کا اپنے مال پر جو قبضہ تھا بعینہ وہی قبضہ وارث کی طرف منتقل ہو جاتا ہے، اس لئے نئے قبضہ کی ضرورت نہیں ہوتی، فقہ کا مسلمہ قاعدہ ہے کہ اَلْمِلْكُ الثَّابِتُ لِلْوَارِثِ هو الملكُ الَّذِی کان للمورث[1] (وارث کے لئے جو ملکیت ثابت ہوتی ہے، وہ وہی ملکیت ہوتی ہے جو مورث کے لئے تھی۔)

اور مالِ میراث کے مالک وقابض کی یہ تبدیلی اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہوتی ہے اسی لئے میراث کے احکام کا بیان اللہ تعالیٰ نے اس طرح شروع فرمایا ہے یُوْصِیْكُمُ اللّٰهُ فِیْۤ اَوْلَادِكُمْ (اللہ تعالیٰ تم کو حکم دیتا ہے، تمہاری اولاد کے بارے میں)

اس کو محسوس مثال کے ذریعہ اس طرح سمجھا جا سکتا ہے کہ آپ کے کمرہ میں میز پر گلاس رکھا ہے، جس کے اوپر چھت ہے، اور نیچے میز ہے، اب اگر آپ گلاس اٹھا کر اس کی جگہ پیالہ رکھ دیں، تو جو فوقیت وتحتیت چھت اور میز کی بہ نسبت گلاس کو حاصل تھی، وہی نسبت بعینہ پیالہ کو حاصل ہو جائے گی، اسی طرح مورث اُٹھ جاتا ہے، اور وارث اس کی جگہ پر بیٹھ جاتا ہے، اور مورث جن چیزوں کا جس طرح مالک تھا، وارث ان چیزوں کا اُسی طرح مالک بن جاتا ہے۔ بیع وشرار میں جس طرح انسان دوسرے کے مال کو کھینچ کر اپنا مال بنا لیتا ہے، وراثت میں اس طرح نہیں ہوتا، اسی لئے بیع وشرار میں تازہ قبضہ چاہئے، اور مالِ میراث میں مورث کا قبضہ ہی کافی ہے۔

اس کے بعد حضرت قدس سرہ نے تحریر فرمایا ہے کہ سرِ دست تو اتنی بات پر اکتفا کرتا ہوں، اگر معترض نے قبضہ کے علتِ ملک ہونے پر کوئی اعتراض کیا تو پھر ایسی ایسی علمی تحقیقات پیش کی جائیں گی کہ لوگ سن کر عَشْ عَشْ کریں گے ——— حضرت قدس سرہ کی یہ پیشین گوئی واقعہ بنی، اور معترض کے وکیل مولوی محمد حسن امروہوی نے (جو پہلے غیر مقلد تھا، پھر قادیانی ہوگیا) مصباح الادلۃ لکھی اور اس میں اس بات پر نقض وارد کئے تو حضرت قدس سرہ نے ایضاح الادلۃ میں ان اعتراضات کا جواب دیتے ہوئے تقریباً اسّی صفحات میں ایسی ایسی

---

[1] قواعد الفقہ: قاعدہ ۳۸۶ ۱۲

Marfat.com

تحقیقات پیش فرمائی ہیں کہ عقل حیران ہوجاتی ہے۔

ایسی علّتِ ملک جس سے اُس کا معلول مُتَخَلِّف[1] ہی نہ ہوسکے بدلائلِ عقل ونقل وہ قبضہ ہے، حدوثِ[2] ملک اول اسی سے ہوتا ہے، اُس کے بعد کہیں بیع وشرا کی نوبت آتی ہے، بیع قبل القبض[3] کا ممنوع ہونا بھی اِسی بات پر[4] دلیلِ کامل ہے، کہ قبضہ علتِ ملک ہے ——— اُدھر مہاجرین کو خدا کا فقرار کہنا حالانکہ اکثر صاحب بہت کچھ چھوڑ کر گئے تھے، وہ بھی بے اس کے مُتَصَوَّر[5] نہیں کہ علّتِ ملک قبضہ ہے، اس کے اُٹھ جانے سے ملک گئی، تو وہ فقرار کہلائے۔

اور وارث گو ظاہر پرستوں کی نظر میں قبل القبض مالک ہوجاتا ہے، مگر جب یہ لحاظ کیا جائے کہ وارث قائم مقام مورث ہوجاتا ہے، اور بحکم یُوصِیکُمُ اللّٰہُ خدا کی طرف سے یہ تبدیلی ہوتی ہے، تو یہ بات خود واجب التسلیم ہوجاتی ہے، کہ جیسے درصورتِ تبدیلیٔ اجسام، یکے بجائے دیگرے، وہ فوقیت وتحتیت جو جسمِ اول کو بہ نسبت فرش و سَقْف حاصل تھی، بعینہٖ جسمِ ثانی کی طرف عائد ہوجاتی ہے، ایسے ہی اس صورت میں قبضۂ مورث بعینہٖ اس کی طرف خود عائد ہوجاتا ہے، یہ نہیں کہ مثلِ بیع وشرار دوسروں کے مال کو اپنی طرف کھینچتا ہے، اور اپنے مال کے قائم مقام کرلیتا ہے، یہ فرق بشرطِ فہم اس بات کو مقتضی ہے کہ یہاں[6] تازہ قبضہ چاہیے، اور وہاں وہی قبضۂ مورث اُس کی طرف آجاتا ہے۔

اس وقت اتنی بات پر اکتفا کرتا ہوں، اگر آپ صاحبِ فہم وفراست ہیں تو اتنی ہی بات سے اصل بات کو سمجھ جائیں گے، ورنہ آپ کچھ اعتراض فرمائیں گے، تو پھر ہم بھی ان شاء اللہ آپ کو تماشا دِکھائیں گے۔

[1] مُتَخَلِّف: پیچھے، جُدا [2] حدوث: پیدا ہونا [3] بیع قبل القبض: مبیع پر قبضہ کرنے سے پہلے بیچنا ۱۲
[4] پر: کی ۱۲ [5] مُتَصَوَّر: ممکن، تصور میں لایا ہوا ۱۲ [6] یہاں: یعنی بیع وشرار میں ۱۲

Marfat.com

② مرد عورتوں کے مالک ہو سکتے ہیں

دوسری بات یہ ہے کہ جس طرح دنیا کی تمام چیزیں قبضہ کی وجہ سے مملوک ہو سکتی ہیں، اسی طرح عورتیں بھی مردوں کی مملوک ہو سکتی ہیں، کیونکہ قرآن کریم میں دونوں کے لئے ایک ہی تعبیر آئی ہے، اشیاء عالم کے بارے میں ارشاد باری تعالیٰ ہے کہ:

هُوَ الَّذِیْ خَلَقَ لَكُمْ مَّا فِی الْاَرْضِ جَمِیْعًا (البقرۃ آیت ۲۹)

اللہ وہ پاک ذات ہے، جس نے تمہارے فائدہ کے لئے وہ سب چیزیں پیدا کیں، جو زمین میں موجود ہیں۔

اور مستورات کے بارے میں ارشاد باری تعالیٰ ہے کہ:

وَمِنْ اٰیٰتِهٖۤ اَنْ خَلَقَ لَكُمْ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ اَزْوَاجًا لِّتَسْكُنُوْۤا اِلَیْهَا وَجَعَلَ بَیْنَكُمْ مَّوَدَّةً وَّرَحْمَةً (روم آیت ۲۱)

اور اللہ تعالیٰ کی نشانیوں میں سے یہ ہے کہ اس نے تمہارے فائدہ کے لئے تمہاری جنس سے بیویاں بنائیں تاکہ تم کو اُن کے پاس آرام ملے، اور اللہ تعالیٰ نے میاں بیوی کے درمیان محبت و مہربانی پیدا کی

"لام" درحقیقت تملیک کے لئے ہوتا ہے، جیسے لِلّٰهِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ میں "لام" برائے تملیک ہے، لہذا پہلی آیت سے ثابت ہوا کہ دنیا کی تمام چیزیں انسانوں کی مملوک ہیں، یعنی اللہ تعالیٰ کی حکمت تمام چیزوں کے پیدا کرنے سے، لوگوں کی ضرورتوں کا انتظام ہے، کوئی چیز فی حدِّ ذاتہٖ کسی کی مملوکِ خاص نہیں ہے، بلکہ ہر چیز اصل پیدائش کے اعتبار سے تمام لوگوں میں مشترک ہے، یعنی ہر چیز من وجہٍ سب کی مملوک ہے، ہاں جھگڑا ختم کرنے کے لئے، اور انتفاع کو ممکن بنانے کے لئے قبضہ کو علتِ ملک قرار دیا گیا ہے، اس لئے جب تک کسی چیز پر کسی شخص کا قبضہ نامہ مستقلہ باقی رہے کوئی دوسرا شخص اس میں دست اندازی نہیں کر سکتا۔

دوسری آیت کا انداز بھی بعینہٖ وہی ہے، جو پہلی آیت کا ہے، لہذا اس آیت کے معنی بھی یہی ہوں گے کہ تمام مستورات مردوں کی ملک ہیں، یعنی مردوں کی حاجت روائی کے لئے ان کو پیدا کیا گیا ہے، مگر مشترک طور پر انتفاع میں چونکہ سخت جھگڑے کا اندیشہ ہے، اس لئے ملکِ خاص ضروری قرار پائی اور اس کے لئے بھی علتِ تامہ، قبضہ ہی کو ٹھہرایا گیا، اور عقد نکاح کو اس کے لئے منجملۂ اسباب گردانا گیا۔

دوسری بات یہ ہے کہ جیسے بشہادت "خَلَقَ لَكُمْ مَّا فِی الْاَرْضِ"

Marfat.com

مافی الارض قابلِ ملکِ بنی آدم ہیں، ایسے ہی بدلالت "خَلَقَ لَكُمْ مِنْ اَنْفُسِكُمْ اَزْوَاجًا" وغیرہ عورتیں قابلِ ملکِ شوہر ہیں، یہاں بھی وہی قبضہ ہوگا تو ملک ہوگی، نہیں تو نہیں۔

③ نکاح کی حقیقت بیع ہے

اگر کوئی یہ پوچھے کہ عقدِ نکاح کی حقیقت کیا ہے؟ یعنی شوہر کو بیوی سے فائدہ اٹھانے کی جو اجازت ہے اس کی نوعیت کیا ہے؟ بطور بیع ہے، یا بطور اجارہ؟ کیونکہ یہاں کل یہی دو احتمال ہو سکتے ہیں، حضرت قدس سرہ فرماتے ہیں کہ عقدِ نکاح کی حقیقت بیع ہے، اجارہ نہیں ہے، کیونکہ اجارہ کے لئے یا تو مدت متعین ہونی چاہئے، یا کام مُتعدد ہونا چاہئے، ورنہ اجارہ فاسد ہوگا، کُتبِ فقہ میں ہے کہ:

"اجارہ کی صحت کے لئے منافع کا معلوم ہونا ضروری ہے، اور منافع کبھی مدت طے کرنے سے معلوم ہوتے ہیں، جیسے رہنے کے لئے گھر کرایہ پر لینا، کاشت کے لئے زمین کرایہ پر لینا، اس وقت درست ہوگا جب اس کی مدت مقرر کی گئی ہو، اور کبھی منافع کا علم کام کی تعیین سے ہوتا ہے، مثلاً کپڑا رنگنے کے لئے، یا سینے کے لئے کسی کو مزدور رکھا، یا کوئی سامان ڈھونے کے لئے، یا سفر کرنے کے لئے سواری کرایہ پر لی، تو ان صورتوں میں اس کام کی مکمل تفصیلات معلوم ہونی ضروری ہیں جس کے لئے اجارہ کا معاملہ کیا گیا ہے"

اور نکاح کی نہ تو کوئی مدت متعین ہوتی ہے، نہ کام کی کوئی حد مقرر ہوتی ہے، اس لئے نکاح اجارہ کا معاملہ نہیں ہو سکتا۔

دوسری دلیل یہ ہے کہ اگر نکاح اجارہ ہوتا تو چاہئے تھا کہ مُتعہ (مقررہ مدت کے لئے نکاح) درست ہوتا، نکاحِ معروف جو ہمیشہ کے لئے ہوتا ہے، اور اس میں کوئی مدت متعین نہیں ہوتی درست نہ ہوتا۔

تیسری دلیل یہ ہے کہ خُلع[1] اور طلاق یک طرفہ عمل ہیں، طلاق کا پورا اختیار شوہر کو ہے، اور خُلع کی پیش کش عورت کی طرف سے ہوتی ہے، اس لئے طلاق، اعتاق (آزاد کرنے) کے مُشابہ ہے، جو مالک کی طرف سے ہی ہوتا ہے، اور خُلع

[1] خُلع: یہ ہے کہ عورت شوہر سے بعض مہر یا کل مہر کی معافی پر، یا اس کے علاوہ کسی اور مال پر چھٹکارا حاصل کرے۔

عقدِ کتابت[1] کے مُشابہ ہے جو مملوک کی مرضی سے ہوتا ہے، اور رِقیّت (غلام ہونا) ملکیت پر مبنی ہے، لہٰذا نکاح کا مدار بھی اسی پر ہوگا، اور یہ بات اسی وقت ہوسکتی ہے جب نکاح کی حقیقت بیع ہو، اجارہ نہ ہو۔

تیسری بات یہ ہے کہ عقدِ نکاح کو بیع نہ کہیے تو اجارہ کہنا پڑے گا مگر اجارہ کہیے تو اُس کے بُطلان کے لئے یہی کافی ہے کہ نہ اَجَل معلوم، نہ کار محدود، پھر جائز ہو تو کیونکر ہو؟ اگر اجارہ ہوتا تو نکاح بطور معروف جائز نہ ہوتا، ہوتا تو مُتعہ جائز ہوتا، اُدھر طلاق یک طرفی اُس اِعْتاق کے مُشابہ ہے، جو مالک ہی کی طرف سے ہوتا ہے، اِدھر خُلع کا مُشابہ کتابت ہونا اس بات پر شاہد ہے کہ یہاں بھی ملک ہی ہوگی، جو یہ لَین دین ہے۔

④ نکاح میں کس چیز کی بیع ہوتی ہے؟

جب یہ ثابت ہوا کہ نکاح کی حقیقت بیع ہے، تو اب یہ سوال پیدا ہوگا کہ عقدِ نکاح کے ذریعہ عورت کیا چیز شوہر کو فروخت کرتی ہے؟ کیا اپنا سراپا (سارا جسم) بیچتی ہے، یا صرف اپنا بُضعہ (توالد وتناسل کی صلاحیت) بیچتی ہے؟ تو جاننا چاہئے کہ نکاح میں عورت کے سارے جسم کی خرید وفروخت نہیں ہوتی ہے، نہ عورت اپنے سارے جسم کو بیچنے کی مُجاز ہے، بلکہ معاملہ صرف بُضعہ کا ہوتا ہے، باقی بدن عورت کی ملکیت میں رہتا ہے۔

روح بَدَن پر قابض ہے

اور اس کی وجہ یہ ہے کہ روح بدن پر قابض ہے، اور روح کا بدن پر قبضہ برائے نام نہیں، بلکہ نہایت اعلیٰ درجہ کا قبضہ ہے، اسی قبضہ کے ذریعہ انسان دوسرے حیوانات سے فائدہ اٹھاتا ہے، اگر روح کا بدن پر قبضہ نہ ہوگا تو دوسرے حیوانات سے فائدہ اٹھانا بھی ناممکن اور محال ہوگا۔

حیوانات سے انتفاع جائز ہونے کی وجہ: رہی یہ بات کہ اگر روح کا بدن پر قبضہ

---

[1] عقدِ کتابت: یہ ہے کہ کوئی غلام، باندی اپنے آقا سے متعین رقم کی ادائیگی کی شرط پر آزادی کا معاملہ کرے۔

Marfat.com

نہ ہوگا تو دوسرے حیوانات سے فائدہ اُٹھانا بھی محال ہوگا تو اس کی وجہ یہ ہے کہ تمام حیوانات کے بدن کی ـــــ بشمول انسان ـــــ مالک ان کی اَرْوَاح ہیں، اور تمام اَرْواح کے مالک اللہ تعالیٰ ہیں، اور اللہ تعالیٰ کی ملک کامل ہے، اس لئے اللہ تعالیٰ کو اپنی کائنات میں ہر قسم کے تصرف کا حق ہے، اِدھر انسان کو اللہ تعالیٰ نے اشرف المخلوقات بنایا ہے، اور اَشْرَف کے لئے ادنیٰ کا استعمال میں لانا ایک عام دستور ہے، اس لئے حکیمِ مطلق نے اپنی بہترین مخلوق کو اجازت دی کہ وہ دوسرے حیوانات سے فائدہ اٹھائے، اور باجازت خداوندی ان کو ذبح کرکے کھائے، اور پروانۂ اجازت کے طور پر تسمیہ کو مقرر کیا گیا، لہٰذا جو انسان مالکِ اَرْواح کی اجازت سے دیگر حیوانات سے فائدہ اٹھاتا ہے وہ کسی طرح بھی ظالم نہیں ہو سکتا، ظالم صرف کفار (نافرمان لوگ) ہیں، جن کو مالکِ ارواح نے اجازت نہیں دی ہے، پھر بھی وہ حیوات کو ذبح کرتے ہیں اور کھاتے ہیں۔

الغرض یہ بات اچھی طرح یاد رکھنی چاہئے کہ حیوانات کے حلال ہونے کی حقیقی علت ذبح نہیں ہے، بلکہ حلت کی علت تامہ مالکِ ارواح کی اجازت ہے، اور ذبح و تسمیہ محض پروانۂ حلت ہیں، اسی وجہ سے حرم شریف کا شکار تسمیہ کے ساتھ ذبح کرنے کے باوجود حرام ہوتا ہے، کیونکہ مالک ارواح نے حرم کے شکار سے انسان کو فائدہ اٹھانے کی اجازت نہیں دی ہے، نیز مُحْرِم اگر تسمیہ کے ساتھ کوئی شکار ذبح کرے تو وہ بھی حرام ہوتا ہے، اسی طرح مؤمن غیر ماکول اللحم حیوانات کو بسم اللہ، اللہ اکبر کہہ کر ذبح کرے، تو بھی ان کا کھانا حرام ہے، کیونکہ مالک اَرْواح نے ان حیوانات سے فائدہ اٹھانے کی اجازت نہیں دی ہے۔

انسان کا بدن مال ہے

اور دوسری طرف ہر جاندار کا بدن خاص کر انسان کا بدن مال ہے، کیونکہ مال ہر اس مفید چیز کو کہتے ہیں جس کی طرف دل مائل ہو، اور جو محفوظ و مملوک ہو سکے، اور اس کا لین دین ہو سکے، اور حیوانات کے اَبْدان کا نافع ہونا، اور دل کا ان کی طرف مائل ہونا بدیہی امر ہے، اور یہی صورت حال انسان کے بدن کی ہے، کیونکہ اس کی طرف بھی دل مائل ہوتا ہے، اور دوسری چیزیں انسان کے بدن کی حفظ و ترمیم ہی کی وجہ سے مفید ہوتی ہیں، اور مال کہلاتی ہیں، پس خود انسان کا بدن مفید اور مال کیوں نہ ہوگا؟

انسان اپنے بدن کا مالک ہے: الغرض جب روح کا اپنے بدن پر قبضہ کامل و

Marfat.com

مکمل ہے، اور اس کی وجہ سے روح بدن کی کامل مالک ہے، تو بدن بھی روح کا کامل مملوک ہوگا، کیونکہ مالک ہونے کے لئے قبضہ ضروری ہے، جس قدر قبضہ کامل ہوگا اسی قدر مالکیت کامل ہوگی، اور مملوک ہونے کے لئے مال ہونا ضروری ہے جس قدر مالیت زیادہ ہوگی اسی قدر مملوکیت مستحکم و مضبوط ہوگی، خلاصہ یہ کہ انسان اپنے بدن کا مالک ہے، اور بدن روح کا مملوک ہے۔

عورت اپنے بدن کو بیچ نہیں سکتی

اس تفصیل سے یہ بات واضح ہوئی کہ عورت اگرچہ اپنے بدن کی کامل مالک ہے، مگر وہ اس کو بیچ نہیں سکتی، کیونکہ عورت منافع توالد (بچہ جننے کے فوائد) کے علاوہ دیگر منافعِ بدن سے خود فائدہ اُٹھا سکتی ہے، آنکھ سے دیکھ سکتی ہے، کان سے سن سکتی ہے، زبان سے بول سکتی ہے، وقِسْ علی ھذا لہٰذا عورت منافعِ توالد کے علاوہ اپنا باقی جسم نہیں بیچ سکتی اور اس کے دلائل درج ذیل ہیں:

پہلی دلیل: یہ ہے کہ کسی اور کو عورت کے بدن کے مالک ہونے کا استحقاق ہی نہیں ہے کیونکہ بدن خاص اسی کی روح کے لئے بنا ہے، اور بیع صرف اس چیز کی درست ہوتی ہے جو سب کے لئے بنی ہو، جیسے ما فی الارض (زمین کی تمام چیزیں) سب کے لئے بنی ہیں، اور اس کی دلیل علاوہ عقل کے آیت پاک خَلَقَ لَكُمْ مَا فِي الْأَرْضِ بھی ہے، اس لئے زمین کی تمام چیزیں فروخت ہو سکتی ہیں، مگر عورت کا بدن چونکہ اسی کے لئے بنا ہے اس لئے نہ تو وہ بیچنے کی مُجاز ہے، نہ کسی اور کو استحقاقِ تملک ہے۔

دوسری دلیل یہ ہے کہ بیع میں تَذَلُّل ہے، کیونکہ انسان وہی چیز بیچتا ہے جس سے دل ہٹ جاتا ہے، نیز فقہاء کرام نے بیع فاسد کے بیان میں عورت کے دودھ، انسان کے بال وغیرہ کی بیع کے فاسد ہونے کی وجہ تذلل و اہانت بیان کی ہے اور انسان اشرف المخلوقات ہے، اس لئے اس کی عزت اور اس کا تذلل صرف اللہ تعالیٰ کا حق ہے، اسی وجہ سے غیر اللہ سے سوال تک ممنوع ہوا، کیونکہ سوال بھی ایک طرح کا تذلل ہے، ارشاد نبوی ہے اَلْيَدُ الْعُلْيَا خَيْرٌ مِّنَ الْيَدِ السُّفْلٰى (اوپر کا ہاتھ یعنی خرچ کرنے والا ہاتھ نیچے کے ہاتھ یعنی مانگنے والے ہاتھ سے بہتر ہے)

یہاں سے یہ بات بھی واضح ہوگئی کہ جب غیر اللہ سے سوال تک درست نہیں تو غیر اللہ کی عبادت کا تو سوال ہی کہاں پیدا ہو سکتا ہے؟ کسی بھی انسان کے لئے اپنے مالک و مولیٰ

کی بارگاہ کے علاوہ کسی اور کی چوکھٹ پر جَبّہ سائی زیبا نہیں ہے، انسان اپنے آپ کو اپنے خالق ومالک کے سامنے تو انتہائی درجہ ذلیل کرسکتا ہے، بلکہ یہ چیز اس کے لئے باعثِ فخر ہے، مگر کسی اور کے سامنے جَبینِ تذلل نہیں رکھ سکتا، نہ اپنی عزتِ نفس کا سودا کرسکتا ہے، پس عورت اپنے بدن کو بیچ کر بے وجہ اپنے آپ کو کیوں ذلیل کرے؟!

تیسری دلیل: یہ ہے کہ بیع میں شرط لگانے سے حدیث شریف میں منع کیا گیا ہے، اور فقہاء کرام نے ایسی بیع کو جس میں مُقتضائے عقد کے خلاف کوئی شرط لگائی گئی ہو، فاسد قرار دیا ہے، بناءً عَلَیہٖ اگر عورت اپنے بدن کو بیچ دے تو مَبیع کی سپردگی، اور پھر مَبیع سے فائدہ اُٹھانا بائع کی اعانت کے بغیر یعنی عورت کی روح کے تعاون کے بغیر ممکن نہ ہوگا، اور اس زائد شرط کے بغیر عورت اپنے بدن کو بیچ ہی نہیں سکتی، اور شرطِ زائد کے ساتھ بیچنا بیع کو فاسد کردیتا ہے اس لئے عورت یا کوئی اور شخص اپنا بدن خود بیچنا چاہے تو نہیں بیچ سکتا۔

فائدہ: ہاں اگر کوئی شخص کسی کا غلام اور مملوک ہو، اور وہ اپنے آقا سے کتابت کا معاملہ کرکے اپنے بدن کو خریدلے، یعنی آزادی حاصل کرلے تو یہ جائز ہے، کیونکہ اس بیع میں کوئی شرطِ زائد نہیں ہے۔

عورت صرف اپنے منافع تو والد بیچ سکتی ہے

البتہ عورت اپنے منافع تو والد فروخت کرسکتی ہے، کیونکہ عورت بذاتِ خود اپنے ان منافع سے فائدہ نہیں اٹھاسکتی، اس لئے اس خاص معاملہ میں عورت کا حال جمادات جیسا ہے، جس طرح جمادات اپنے آپ سے فائدہ نہیں اٹھا سکتے، عورت بھی اپنی فرج ورحم سے فائدہ نہیں اٹھاسکتی، اس لئے وہ اس کو شوہر کے ہاتھ فروخت کرسکتی ہے۔

عورت اپنا نفع تو والد کیوں بیچ سکتی ہے؟

اگر کوئی یہ پوچھے کہ اللہ پاک نے فرج ورحم کو عورت کے لئے بنایا ہے، پھر وہ اوروں کو کیسے بیچ سکتی ہے؟ تو اس کا ایک جواب تو وہ ہے جو پہلے گذر چکا ہے کہ عورت چونکہ اپنے عام بدن کی طرح اپنی فرج ورحم سے خود فائدہ نہیں اٹھاسکتی اس لئے اس کو بیچنا جائز ہے ——— اور دوسرا جواب یہ ہے کہ خَلَقَ لَکُمْ مِنْ اَنْفُسِکُمْ اَزْوَاجًا سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ عورت کا رحم اور نفعِ توالد اس کے لئے ہے ہی نہیں، بلکہ مردوں کے لئے ہے اس لئے عورت اگر اپنی منفعتِ توالد مرد کو بیچ دے تو اس میں کوئی حرج کی بات نہیں ہے

Marfat.com

نفع توالد کی بَیع میں کوئی توہین نہیں ہے،

اور اگر کوئی یہ اعتراض کرے کہ بیچنا تو توہین کی بات ہے، پھر عورت کو اپنی فرج ورحم کو بیچنے کا اختیار کیوں ہے؟ تو اس کا جواب یہ ہے کہ توہین نام ہے مرتبۂ اصلی میں کمی کرنے کا، مقصودِ خِلقَتْ کو بروئے کار لانا کسی طرح بھی توہین کی بات نہیں ہے، مثلاً انسان کی پیدائش کا بنیادی مقصد اللہ کی بندگی ہے، اس لئے اللہ پاک کی بندگی کرنا یعنی انتہائی درجہ تک اپنے آپ کو ذلیل کرنا کسی طرح بھی توہین کی بات نہیں ہے، کیونکہ اللہ کی بندگی کرنا اپنی پیدائش کے مقصد کو پورا کرنا ہے، ہاں غیر اللہ کے سامنے اپنے آپ کو ذلیل کرنا مرتبۂ اصلی میں کمی کرنا ہے اس لئے وہ جائز نہیں ہے، اسی طرح سمجھنا چاہئے کہ نفعِ توالد عورت کے لئے نہیں پیدا کیا گیا، بلکہ مردوں کے لئے پیدا کیا گیا ہے، لہٰذا عورت اگر مقصدِ خلقت کو بروئے کار لائے تو اس سے مرتبۂ اصلی میں کوئی کمی نہیں ہوتی اور نہ اس بیع میں اپنی کوئی توہین لازم آتی ہے

نفعِ توالد کی بیع میں کوئی فساد لازم نہیں آتا

اور اگر کسی کے ذہن میں یہ شبہ پیدا ہو کہ جس طرح باقی بدن بیچنے کی صورت میں شرطِ زائد کی وجہ سے بیع فاسد ہو جاتی ہے، اسی طرح نفعِ توالد بیچنے کی صورت میں بھی مرد عورت کی روح کے تعاون کے بغیر فائدہ نہیں اٹھا سکتا، لہٰذا یہ بیع بھی شرطِ زائد کی وجہ سے فاسد ہونی چاہئے؟

تو اس کا جواب یہ ہے کہ اس صورت میں یہ شرطِ زائد مُقتَضائے عقد کے خلاف نہیں ہے، بلکہ عقد کا مُقتَضیٰ ہے، اور ایسی شرط جس کو خود عقد چاہتا ہو، بیع میں ممنوع نہیں ہے، ممنوع صرف وہ شرط ہے جو بیع کا مُقتَضیٰ نہیں ہے، اور اس میں احدُ المتعاقدین کا فائدہ ہے، کیونکہ ایسی شرط ربوا (سود[1]) ہے، اس لئے کہ مَبیع اور ثَمَن تو ایک دوسرے کا عوض ہیں، اور شرطِ زائد کے مقابل کوئی عوض نہیں ہے، اس لئے شرطِ زائد سود پر مشتمل ہونے کی وجہ سے ممنوع ہے، مگر جو شرط عقد کے مقتضیٰ کے مطابق ہو، جیسے بیع میں قبضہ کی شرط لگانا تو یہ درحقیقت کوئی شرط نہیں ہے، بلکہ ایک مُبہَم بات کی تفصیل ہے۔ اس لئے ایسی شرط لگانا درست ہے۔

بحث کا خلاصہ: اس طویل بحث کا خلاصہ یہ ہے کہ چونکہ روح اپنے بدن پر قابض ہے،

---

[1] سود: وہ زیادتی ہے جس کے مقابل کوئی عوض نہ ہو ۱۲

اور بدن مال ہے، اس لئے روح مالک اور بدن مملوک ہے، اور جب عورت اپنے بدن کی مالک ہے تو وہ اپنا نفع توالد شوہر کے ہاتھ فروخت کرسکتی ہے، کیونکہ وہ شوہر کے فائدہ کے لئے بنایا گیا ہے، اور باقی جسم فروخت نہیں کرسکتی، کیونکہ وہ خود عورت کے فائدہ کے لئے پیدا کیا گیا ہے۔

چوتھی بات یہ ہے کہ جس قدر روح اپنے بدن پر قابض ہے، اُس قدر اور کوئی، کسی چیز پر قابض نہیں، اُسی کے قبضے کے بھروسے[1] اور بھی جانداروں سے منتفع ہوتے ہیں، روح کا قبضہ نہ ہو تو پھر حیوان سے انتفاع محال ہے۔

ادھر اَبْدانِ حیوانات میں سے خاص کر بدنِ انسان کا نافع ہونا، اور ـــــ بمعنی لائقِ میلانِ خاطر ـــــ مال ہونا، ایسا ظاہر ہے کہ اور کسی کا نافع ہونا اور مال ہونا ایسا ظاہر نہیں، کیونکہ اور چیزیں اسی کی حفظ و ترمیم کے باعث نافع اور مال کہلاتی ہیں ـــــ اس صورت میں جیسے اَرْواح کا مالکِ ابدان ہونا بوجہ اَکْمَل ہوگا، ایسے ہی اَبْدان کا مملوکِ اَرْواح ہونا بھی ـــــ مثل اَرْواح کے مالکِ ابدان ہونے کے ـــــ بدرجۂ اَتَمّ ہوگا، کیونکہ مالک ہونے کے لئے قبضہ، اور مملوک ہونے کے لئے مالیت چاہئے، جتنے وہ دونوں[2] زیادہ اُتنے ہی یہ دونوں زیادہ۔

مگر چونکہ سوائے توالد، اور[3] منافع کے حساب سے تو خود روح اپنے بدن سے منتفع ہوتی ہے، تو اُس کو اپنے بدن کی بیع (کچھ تو) اس[4] وجہ سے بھی ممنوع ہوگی کہ اس میں غیر کو استحقاقِ تملک ہی نہیں، کیونکہ وہ خاص اُسی کے لئے بنا ہے، ہاں مَافِی الْاَرْض بدلالتِ عقل،

---

[1] بھروسہ: سہارا، "اور بھی" یعنی دوسرے جانداروں سے بھی انسان فائدہ اٹھاتا ہے ۱۲ [2] "وہ دونوں" یعنی قبضہ اور مالیت، "اور یہ دونوں" یعنی مالک ہونا اور مملوک ہونا ۱۲ [3] اور: دیگر [4] مَافِی الْاَرْض: زمین کی تمام چیزیں ۱۲

واشارہ خَلَقَ لَکُمْ مَافِی الْاَرْضِ سب کے لئے ہے، اس کی بیع ہو تو کچھ حرج نہیں ——— اور اس[۲] وجہ سے بھی ممنوع ہوگی کہ تذلیلِ بنی آدم اصل میں خدا کے لئے ہے، اور عزتِ بنی آدم خاص اُسی کا حق ہے، یہی وجہ ہے کہ سوال تک غیر سے ممنوع ہوا، چہ جائیکہ اس کی عبادت، پھر اس صورت میں بے وجہ اپنے آپ کو کیوں ذلیل کیا؟! ——— اور اس[۳] وجہ سے بھی ممنوع ہوگی کہ تسلیمِ مَبِیع، اور پھر مَبِیع سے انتفاع بے اعانتِ بائع یعنی روح مُتَصَوَّر نہیں، اور آپ خود جانتے ہیں کہ بَیع اور شرطِ زائد حدیثوں میں ممنوع ہے ——— ہاں اپنے بدن کے خرید لینے میں البتہ کچھ خرابی نہیں، اس لئے بدلِ کتابت دے کر خرید لینا ممنوع نہ ہوا۔

مگر عورت بحسابِ نفع تو الد جو اُس کی پیدائش سے خاص غرض ہے، اور موافقِ ارشاد نِسَآؤُکُمْ حَرْثٌ لَّکُمْ مردوں کے حق میں اسی[۲] لئے مطلوب ہے۔ اپنے آپ اپنے بدن سے منتفع نہیں ہو سکتی، یعنی مثلاً آنکھ، ناک سے اپنا کام نکال سکتی ہے، پر اپنے رحم سے خود کامیاب نہیں ہو سکتی، یہ ممکن نہیں کہ مثلِ مرد خود اپنے آپ سے جماع کرے، اور بچے جنوائے، اس حساب سے عورت مثلِ جمادات ہے، جیسے اُن کے منافع سے خود اُن کو کچھ نفع نہیں، ایسا ہی یہاں بھی سمجھ لیجئے، اور ظاہر ہے کہ جمادات میں مملوکیت بدرجۂ اتم ہے، کیونکہ مالکیت کا شائبہ بھی نہیں، اس لئے اگر عورت اپنے رحم کو بیع دے تو نہ اس[۱] وجہ سے کچھ دِقّت پیش آتی ہے کہ بنایا تھا خاص اُس کے لئے مثل ما فی الارض ——— جس کے عمومِ مطلوبیت پر بے تخصیص "لَکُمْ" فرما دینا دلالت کرتا ہے[۴] ——— عام[۵] نہ تھا، پھر بیع کیوں کر دیا؟ کیونکہ رحم اس کیلئے ہوتا،

---

[۱] تمہاری بیویاں تمہارے لئے (بمنزلہ) کھیت (کے) ہیں (البقرہ آیت ۲۲۳) ۱۲ [۲] اسی لئے یعنی اسی مقصد کی وجہ سے ۱۲
[۳] یعنی آیت میں "لَکُمْ" (تمہارے لئے) عام ارشاد ہے، اس میں تخصیص نہیں ہے، اس لئے حکم بھی عام ہوگا ۱۲
[۴] یعنی جس طرح زمین کی تمام چیزیں ہر انسان کے لئے ہیں اس طرح عورت کا رحم عام نہ تھا، بلکہ اسی کے لئے ہے ۱۲

Marfat.com

توخود منتفع ہوسکتی، بلکہ بدلالتِ خَلَقَ لَکُمْ مِّنْ اَنْفُسِکُمْ اَزْوَاجًا اُلٹا مردوں کے لئے اُس کا ہونا نکلتا ——— اور نہ اس[۲] وجہ سے کچھ دشواری پیش آتی ہے کہ بیع میں اپنی توہین لازم آتی ہے، کیونکہ مرتبۂ اصلی میں کمی آئے، تو توہین لازم آئے، جب عورتیں خود مردوں ہی کے لئے مخلوق ہوئیں تو پھر کیا توہین ہے؟! ——— اور نہ[۳] اس وجہ سے کوئی دشواری ہے کہ بیع میں اپنی اعانت شرط ہوگی، جس سے بیع اور شرط کا اجتماع لازم آئے گا، جو بالیقین ممنوع ہے، کیونکہ عورتیں جب مرد ہی کے لئے مخلوق ہوئیں، تو پھر اس حساب سے جیسے جانوروں کی اَرْواح سے کام لینا ممنوع نہیں، عورتوں کی اَرْواح سے بھی اُن کاموں کا لینا ممنوع نہ ہوگا، جس کے لئے وہ بنائی گئیں (ہیں) الغرض شرط اُس امر کی ممنوع ہوتی ہے، جس کا پہلے سے استحقاق نہیں ہوتا، کیونکہ اس صورت میں رِبوا لازم آتا ہے، اور جس کا استحقاق ہوتا ہے، اس کا شرط کرنا ہی فضول ہوتا ہے، جیسے بیع میں قبضہ کی شرط کر لی جاوے تو ایضاحِ مُبْہَم ہوتا ہے، کوئی نئی بات نہیں ہوئی۔

⑤ نکاح کیوں ضروری ہے؟

جب یہ بات ثابت ہوئی کہ زمین کی تمام چیزیں اور سب عورتیں مملوک ہونے میں ہم رتبہ ہیں تو سوال پیدا ہوگا کہ جس طرح دیگر مُباح چیزیں صرف قبضہ سے مملوک ہو جاتی ہیں عورتیں فقط قبضہ سے کیوں مملوک نہیں ہوتیں؟ نکاح ——— جس کی حقیقت بیع ہے ——— کیوں ضروری ہے؟

تو اس کا جواب یہ ہے کہ اور چیزوں میں اور مستورات میں ایک بنیادی فرق ہے، جس کی وجہ سے دونوں کا حکم یکساں نہیں ہے، اور وہ فرق یہ ہے کہ زمین کی تمام چیزیں انسان سے کم رُتبہ ہیں کیونکہ انسان مخلوقاتِ خداوندی کی اعلیٰ نوع ہے، اور دیگر مخلوقات اَسْفَل ہیں، اس وجہ سے انسان محض قبضہ سے اُن چیزوں کا مالک ہو جاتا ہے، مگر عورتوں کی صورتِ حال دوسری ہے، وہ مردوں ہی کی نوع سے ہیں، لہٰذا نوع کے اعتبار سے وہ مردوں کے ساتھ ہم رتبہ ہیں، کیونکہ وہ بھی انسان ہیں، البتہ الگ صِنف ہیں، اور صنف کے اعتبار سے وہ درجۂ اسفل

Marfat.com

میں ہیں، کیونکہ وہ مردوں کے لئے پیدا کی گئی ہیں۔

اگر عورتوں میں صرف صنفی پستی ہوتی تو ملکیت کے لئے صرف قبضہ کافی ہوتا، مگر نوعی تساوی اور برابری کی وجہ سے ——— جو اس وقت تک باقی رہتی ہے جب تک عورت مؤمنہ ہے ——— مرد عورتوں پر صرف قبضہ کرنے سے مالک نہیں ہو سکتے، بلکہ ضروری ہے کہ مرد و زن کے درمیان سودا ہو، اور اس سودے کے ذریعہ مرد عورتوں کے مالک بنیں، یہی باہمی سودا عرفِ عام میں نکاح کہلاتا ہے۔

عورت کی دو حیثیتیں

اس کی مزید تفصیل یہ ہے کہ عورت میں دو حیثیتیں ہیں، ایک منفعتِ توالد کی، اور دوسری منافع باقیہ کی جیسے دیکھنے کی منفعت، سننے کی منفعت، لینے دینے، اور چلنے کی منفعت ——— پہلی منفعت کا تعلق نسوانیت سے ہے جو مرد کی صنف مقابل ہے، اور دوسری منفعتوں کا تعلق انسانیت سے ہے جس میں مرد بھی شریک ہیں، اور عورت کی یہ دونوں منفعتیں باہم کچھ اس طرح مخلوط ہیں کہ تقسیم کی کوئی صورت نہیں ہے۔

عورت کا بدن اسی کا مملوک ہے

پھر عورت کا بدن جس سے یہ منافع متعلق ہیں اصل میں اسی کا مقبوض و مملوک ہے، کیونکہ اس کی روح کا اس کے بدن پر کامل و مکمل قبضہ ہے، اور قبضہ ملک کی علتِ تامہ ہے، اس لئے جب عورت کی روح اس کے بدن پر قابض ہے تو عورت کا مالک ہونا اور اعضاءِ تناسل کا مملوک ہونا ظاہر و باہر ہے۔

ایک شبہ اور اس کا جواب

اس جگہ اگر کسی کو یہ شبہ پیش آئے کہ جب عورت اپنی بچہ دانی اور ستر سے فائدہ نہیں اٹھا سکتی تو وہ نسل افزونی کے ان ذرائع کا مالک کیسے ہو سکتی ہے؟ تو اس کا جواب یہ ہے کہ مالک ہونا منتفع ہونے پر موقوف نہیں ہے، اللہ رب العالمین سارے جہانوں کے مالک ہیں، حالانکہ وہ کسی چیز سے فائدہ نہیں اٹھاتے۔

مرد عورتوں کے مالک ہو سکتے ہیں مگر اس کا برعکس نہیں ہو سکتا

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ عورتوں کی منفعتِ توالد کے مالک مرد تو ہو سکتے ہیں، مگر اس کا برعکس نہیں ہو سکتا کہ عورتیں مرد کی

Marfat.com

منفعتِ توالد کو خرید لیں اور وہ مرد کی منفعتِ تناسل کی مالک ہو جائیں، یہ بات دو وجہ سے ممکن نہیں، اولاً اس وجہ سے کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ اللہ پاک نے عورتوں کو مردوں کی ملکیت کے لئے یا فائدہ اٹھانے کے لئے بنایا ہے، اور ثانیاً اس وجہ سے کہ مقاربت میں مرد فاعل ہوتا ہے، اور عورت مفعول ہوتی ہے، اور یہ بات اسی صورت میں معقول ہو سکتی ہے کہ جب مرد مالک ہوں، اور عورتیں مملوک ہوں، مرد فاعلی بھی ہو اور مملوک بھی ہو یہ بات معقول نہیں ہے کیونکہ کسی چیز کا مالک ہونا، مالک کے مرتبہ کی بلندی اور مملوک کے مرتبہ کی پستی پر دلالت کرتا ہے۔ اس لئے اگر عورتیں مالک ہوں گی تو مرد مملوک ہوں گے، اور ان کا مرتبہ پست ہوگا، اور جب مردوں کا مرتبہ پست ہوگا تو وہ فاعل نہیں بن سکتے، حالانکہ مقاربت میں مردوں کا فاعل ہونا ایک بدیہی امر اور مسلمہ حقیقت ہے۔

الغرض مرد صرف قبضہ کی وجہ سے عورت کے بدن کے مالک نہیں ہو سکتے، بیع ـــــ جس کو عرفِ عام میں نکاح کہا جاتا ہے ـــــ ضروری ہے، اور مہر جو نکاح میں ایک لازمی چیز ہے اسی بیع کا ثمن ہے۔

پانچویں یہ بات ہے کہ اگر عورت و مرد میں تساوی[1] نوعی نہ ہوتی، تو تسفّلِ[2] صنفی ـــــ جس پر آیت خَلَقَ لَكُمْ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ اَزْوَاجًا دلالت کرتی ہے ـــــ خود اس بات کو مُقتضی تھا کہ مثلِ حیوانات فقط قبضہ کافی ہو جاوے، اور بیع کی حاجت نہ پڑے، مگر یہ تساوی نوعی ـــــ جس کا بقاءً یا بقاءً[3] ایمان ہے ـــــ مانع عروضِ ملک تھا۔

شرحِ اِس مُبہَم[4] کی یہ ہے کہ منفعتِ توالد تو مرتبۂ صنفی سے متعلق ہے،

---

[1] تساوی نوعی: یعنی نوعِ انسانی کے افراد ہونے کی وجہ سے مرد و زن کا ہم رتبہ اور مساوی ہونا ۱۲

[2] تسفّلِ صنفی: یعنی صنفِ نازک ہونے کی وجہ سے عورت کا مرد سے کم رتبہ ہونا ۱۲

[3] مرد و زن کے درمیان تساوی نوعی اس وقت تک باقی رہتی ہے جب تک ایمان باقی ہے، ایمان نہ ہونے کی صورت میں صرف عورتیں ہی نہیں بلکہ مرد بھی جانوروں کی طرح بلکہ ان سے بھی کہتر ہو جاتے ہیں، اور اس وقت محض قبضہ ملکیت کے لئے کافی ہو جاتا ہے، جیسا کہ آگے تفصیل آرہی ہے ۱۲ [4] مُبہَم: مخفی، پوشیدہ اور مُبہَم بات ۱۲

Marfat.com

اور منافعِ باقیہ مثلِ منفعتِ[1] چشم وگوش و دست وپا وغیرہ اعضاء، مرتبۂ نوعی سے متعلّق ہیں، اور یہ دونوں مرتبے باہم ایسے مخلوط ہیں کہ تقسیم کی کوئی صورت نہیں ——— پھر اس پر طُرّہ[2] یہ کہ جسمِ نسوانی جس سے یہ منافع متعلّق ہیں، اصل میں اُن کا مقبوض ہے جس سے اُن کا مالک ہونا ظاہر وباہر ہے۔

رہی یہ بات کہ خود عورتیں اپنے رحم وفَرج سے منتفع نہیں ہوسکتیں، اس سے دربارۂ ملکِ اعضاءِ تناسل کچھ حرَج[3] نہیں ہوسکتا، ورنہ یہ معنیٰ ہوں کہ خداوندِ غنی عن العالمین کسی چیز کا بھی مالک نہیں، اس لئے بعد تحقّقِ قبضۂ تام، مالکیتِ نساء اور مملوکیتِ اعضاءِ تناسُل کا اقرار لازم ہے۔

اور پھر بوجہ ارشاد خَلَقَ لَكُمْ مِنْ اَنْفُسِكُمْ اَزْوَاجًا، اور نیز بدلالتِ انتفاعِ مرد بطور فاعلیت مردوں کا بہ نسبت زنان، بحیثیت منفعتِ[4] مذکورہ مالک ہوسکنا ممکن ہوا، اور عورتوں کا بہ نسبت مردوں کے بحیثیت منفعتِ[4] مذکورہ مالک ہونا ممکن نہ ہوا، کیونکہ عروضِ ملک عُلُوِّ مرتبۂ مالک، اور تسفّلِ مرتبۂ مملوک کا خواستگار ہے، تعاکُس[5] مراتب میں یہ بات مُتصوَّر نہیں، اس لئے بیع کی ضرورت پڑی، اور مہر ثمن میں مقرر ہوا۔

عورتیں اپنا جسم ہبہ نہیں کرسکتیں

اگر کوئی یہ سوال کرے کہ جب عورتیں اپنے بدن کی مالک ہیں، اور مالک کو اختیار ہے کہ اپنی چیز چاہے تو کسی کو بیچ دے یا ہبہ کردے، پھر بیع یعنی نکاح ہی کیوں ضروری ہے؟ اگر عورتیں اپنا نفس مردوں کو ہبہ کردیں تب بھی درست ہونا چاہئے۔ بلکہ قرآن کریم میں تو صراحت موجود ہے

---

[1] چشم: آنکھ، گوش: کان، دست: ہاتھ، پا: پاؤں ۱۲ [2] طُرّہ: کے اصل معنیٰ ہیں: سر کے بالوں کی لٹ، اور مجازًا: مزید برآں، اور علاوہ ازیں کے معنیٰ میں مستعمل ہے ۱۲ [3] حرج: اشکال ۱۲

[4] منفعتِ مذکورہ: یعنی منفعت توالد ۱۲ [5] تَعَاکُس: برعکس، اُلٹا، اور تعاکُسِ مراتب سے مراد یہ ہے کہ عورتوں کا مالک ہونا اور مردوں کا مملوک ہونا ۱۲

Marfat.com

کہ مسلمان عورت اپنا نفس حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو ہبہ کرسکتی ہے، ارشاد باری تعالیٰ ہے:

وَامْرَاَةً مُّؤْمِنَةً اِنْ وَّهَبَتْ نَفْسَهَا لِلنَّبِيِّ اِنْ اَرَادَ النَّبِيُّ اَنْ يَّسْتَنْكِحَهَا (الاحزاب آیت ۵۰)

اور اس مسلمان عورت کو بھی (اللہ تعالیٰ نے آپؐ کے لئے حلال کیا ہے) جو اپنا نفس نبی کریمؐ کو ہبہ کردے، بشرطیکہ نبی اس کو اپنے نکاح میں لانا چاہیں۔

لہٰذا جب حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے ہبہ جائز ہے، تو اور مردوں کے لئے بھی جائز ہونا چاہیئے، بیع یعنی نکاح اور مہر ہی کی کیا ضرورت ہے؟

تو اس کا جواب یہ ہے کہ یہاں ہبہ ممکن نہیں ہے، کیونکہ عورتوں کی مذکورہ بالا دونوں منفعتیں باہم اس طرح پیوست ہیں کہ ان کو تقسیم نہیں کیا جا سکتا، اور مُشَاع یعنی مشترک چیز کا ہبہ تقسیم کے بغیر درست نہیں ہے۔

حضور اکرمؐ کے لئے ہبہ جائز تھا

اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے ہبہ کا جواز اس لئے تھا کہ آپؐ اصل ہی سے اللہ تعالیٰ کے بعد سب چیزوں کے مالک ہیں، آپ کا مالک ہونا کچھ ہبہ پر موقوف نہیں ہے، اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے علاوہ دوسرے مرد ہبہ کے بعد ہی مالک ہو سکتے ہیں، اور مشاع کا ہبہ درست نہیں ہے، اس لئے مالک ہونے کے لئے کوئی اور سبب درکار ہوگا، اور وہ بیع یعنی نکاح ہی ہے

حضورؐ تمام کائنات کے مالک ہیں

رہی یہ بات کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تمام کائنات کے مالک کیسے ہیں؟ تو اس کی تفصیل یہ ہے کہ دو مساوی درجہ کی ملکیتیں تو جمع نہیں ہو سکتیں، چنانچہ دو یا زیادہ خدا ممکن نہیں ہیں کیونکہ تعددِ الٰھ کی صورت میں سب کی ملکیتیں مساوی درجہ کی ہوں گی، اور یہ بات ممکن نہیں ہے، ہاں دونوں ملکیتیں یکساں درجہ کی نہ ہوں، بلکہ متفاوت درجہ کی ہوں تو پھر اجتماع ممکن ہے، جس طرح اللہ تعالیٰ تمام کائنات کے مالک ہیں، اور پھر انسان بھی خاص خاص چیزوں کے مالک ہیں، کیونکہ یہ دونوں ملکیتیں مساوی نہیں ہیں، اللہ تعالیٰ مالک حقیقی ہیں، اور بندے مالکِ مجازی ہیں اسی طرح اللہ جل شانہ کے بعد حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تمام چیزوں کے مالک ہیں، خواہ وہ جمادات ہوں، یا حیوانات، انسان ہوں، یا غیر انسان سب حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے مملوک ہیں، اللہ پاک کا ارشاد ہے کہ:

اَلنَّبِيُّ اَوْلٰى بِالْمُؤْمِنِيْنَ مِنْ

نبی کریمؐ مومنوں کے، خود ان کے نفسوں سے بھی

Marfat.com

اَنْفُسِہِمْ (الاحزاب آیت ۶) زیادہ حق دار ہیں۔

یعنی مسلمانوں کی اَزواج کا ان کے ابدان پر جو قبضہ اور ملکیت کا استحقاق ہے اس سے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا قبضہ اور استحقاق فزوں تر ہے، اور جب مسلمان اپنے ابدان اور اپنی اَملاک کے مالک ہیں تو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ان تمام چیزوں کے بدرجۂ اولیٰ مالک ہوں گے، اور اسی مالکیت کی وجہ سے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر اَزْوَاجِ مُطَہَّرات کے درمیان باری مقرر کرنا، عدل و انصاف کرنا اور مہر دینا واجب نہیں تھا، کیونکہ مالک پر کسی طرح کی کوئی پابندی نہیں ہوتی۔

اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جو اَزْوَاجِ مطہرات کے درمیان غایت درجہ عدل و انصاف فرمایا ہے، اور باری کی پابندی کے ساتھ شب باشی کا التزام فرمایا ہے، اور کسی عورت کے ہبۂ نفس کو قبول نہیں فرمایا ہے، بلکہ سب ازواج سے باقاعدہ نکاح کیا ہے، اس کی وجہ تشریع احکام شرعی یعنی ان تمام چیزوں کی پابندی حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس لئے فرمائی ہے کہ امت کے لئے آپ کا اُسوۂ حسنہ سنت بنے، اور امت کے سامنے اس سلسلہ کے تمام مسائل آجائیں

ہاں تقسیم ممکن ہوتی تو ہبہ بھی مُتَصَوَّر تھا، پَر کیا کیجئے ہبۂ مُشاع بے تقسیم صحیح نہ تھا، باقی رہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اُن کے لئے ہبہ کا جواز بایں معنی ہے کہ آپ اصل میں بعدِ خدا مالکِ عالَم ہیں، جمادات ہوں، یا حیوانات، بنی آدم ہوں یا غیر بنی آدم، اگر کوئی صاحب پوچھیں گے اور فہیم ہوں گے، تو شاید ہم اس بات کو آشکارا بھی کردیں، القصہ آپ اصل میں مالک ہیں، اور یہی وجہ ہے کہ عدل و مہر آپ کے ذمہ واجب نہ تھا، اور یہ مراعاتِ نکاح و شرائطِ نکاح اور بات پر مبنی تھے۔

ایمان نہ ہونے کی صورت میں ملکیت کے لئے صرف قبضہ کافی ہے

مذکورہ بالا گفتگو کا خلاصہ یہ ہے کہ جب تک عورت مسلمان ہے، اس سے فائدہ اٹھانے کے لئے بیع یعنی نکاح ضروری ہے،

Marfat.com

البتہ عدمِ ایمان کی صورت میں مالک ہونے کے لئے محض قبضہ کافی ہے، کیونکہ کفار بہائم کی طرح ہیں اللہ پاک کا ارشاد ہے اُولٰٓئِكَ كَالْاَنْعَامِ بَلْ هُمْ اَضَلُّ (یہ لوگ چوپایوں کی طرح ہیں، بلکہ وہ زیادہ بے راہ ہیں) پس جس طرح جنگلی جانوروں پر قبضہ ہو جانے سے ملکیت پیدا ہو جاتی ہیں، اسی طرح جب کسی جہاد میں امیرِ لشکر غیر مسلم قیدیوں کے اِسْتِرْقَاقْ (غلام، باندی بنانے) کا فیصلہ کر دے، اور فوج کے درمیان اُن قیدیوں کو تقسیم کر دے، تو قبضہ ہوتے ہی مسلمان آقا ان کا مالک ہو جائے گا۔

کُفّار چوپایوں کی طرح کیوں ہیں؟

رہی یہ بات کہ کفّار چوپایوں کی طرح کیوں ہیں؟ تو اس کی وجہ یہ ہے کہ آیتِ کریمہ وَمَاخَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْاِنْسَ اِلَّا لِيَعْبُدُوْنِ (جنوں اور انسانوں کو میں نے اسی لئے پیدا کیا ہے کہ وہ میری عبادت کریں) سے ثابت ہوتا ہے کہ عبادت انسان کی اصل فطرت، اور اس کی طبیعت کا مُقْتَضٰی ہے، مثلاً "دیکھنا" آنکھ کا طبعی تقاضا ہے، "سننا" کان کا، "جلانا" آگ کا، اور "بجھانا" پانی کا فطری عمل ہے، اور تمام فطری اور طبعی امور خاصہ سمجھے جاتے ہیں، پس عبادت یعنی اطاعت و انقیاد انسان کا خاصہ (خصوصیت) ہے، جب تک یہ خاصہ باقی ہے انسان انسان ہے، اگر خاصہ باقی نہ رہے تو پھر یا تو یہ سمجھا جائے گا کہ اس کی ماہیت بدل گئی، اور وہ اس نوع ہی سے خارج ہو گیا، مثلاً اناج سڑ کر مٹی ہو جائے، اور اس کی فطری خصوصیت باقی نہ رہے تو یہ کہیں گے کہ ماہیت بدل جانے کی وجہ سے سڑا ہوا اناج غلّہ کی نوع سے خارج ہو گیا، اسی طرح جو انسان اپنا خاصہ کھو بیٹھا، اور اللہ کی عبادت یعنی اطاعت و انقیاد سے اُس نے منہ موڑ لیا، اس کے بارے میں یہی سمجھا جائے گا کہ اس کی ماہیت بدل گئی، اور وہ انسان نہیں رہا بلکہ بہائم اور چوپایوں کی نوع میں شامل ہو گیا۔

یا یوں کہیں گے کہ جو انسان اپنے خاصہ سے محروم ہیں، وہ نوعِ انسانی میں پہلے سے داخل ہی نہیں ہیں، صرف شکل و صورت کی مشابہت کی وجہ سے ان کو انسان کہا جاتا ہے جس طرح عرضِ عام میں شریک مختلف انواع پر ایک ہی لفظ کا اطلاق کیا جاتا ہے مثلاً ماشی (چلنے والا) ایک عرضِ عام ہے، اور تمام چلنے والی چیزوں پر اس کا اطلاق کیا جاتا ہے، باوجودیکہ وہ مختلف انواع ہوتی ہیں، اسی طرح مؤمن اور کافر الگ الگ انواع ہیں، اور انسانیت کا اطلاق دونوں پر عرضِ عام کے اطلاق کے قبیل سے ہے۔

الغرض جب کافر نوعِ انسانی میں شامل ہی نہیں ہے، یا شامل تھا، مگر اپنا خاصہ کھو دینے کی وجہ سے خارج ہوگیا، تو اب اس بے ایمان کو افضل الخلائق سمجھنا بے عقلوں ہی کا کام ہو سکتا ہے، سمجھ دار لوگ تو اس کو بہائم کی صف ہی میں کھڑا کریں گے، اور بوقتِ استرقاق ان کا مالک ہونے کے لئے محض قبضہ کو کافی سمجھیں گے

یہاں سے رِقیّت کا مسئلہ بھی حل ہوگیا کہ سب انسان چونکہ اللہ کے بندے پیدا کئے گئے ہیں، اور بندگی ان کا خاصہ قرار پائی ہے، اس لئے جن لوگوں نے اللہ کی بندگی سے منہ موڑا ان کو اللہ تعالیٰ نے یہ سزا دی ہے کہ تم ہمارے بندے نہیں بنتے تو ہمارے بندوں کے بندے بنو، تاکہ تمہارا دماغ درست ہو، اور تمہیں اپنی کھوئی ہوئی نعمت کی قدر معلوم ہو۔

بالجملہ تا بقاءِ ایمان، انتفاعِ منافعِ نکاح کے لئے بیع کی ضرورت ہے، ہاں درصورتِ زوالِ ایمان بحکم أُولٰئِكَ كَالْأَنْعَامِ بَلْ هُمْ أَضَلُّ انسان مرتبۂ نوعی سے گر کر زُمرۂ انعام میں داخل ہو جائے گا، اور مثلِ انعام بمجردِ قبضۂ تام ملک میں آجائے گا۔

اور کیوں نہ ہو؟ بدلالت وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْإِنْسَ إِلَّا لِيَعْبُدُونِ عبادت بنی آدم کے حق میں اصل فطرت، اور مقتضائے طبعی ہوگی، کیونکہ جیسے آنکھ دیکھنے کے لئے بنی، اور کان سننے کے لئے، آگ جلانے کے لئے، اور پانی بجھانے کے لئے، اور یہ اغراض ان اشیاء کے حق میں مُقتضائے طبعی ہیں، ایسے ہی یہاں بھی چاہئے، آدمی عبادت کے لئے بنا ہے، تو پھر عبادت اُس کے حق میں ایک مقتضائے طبعی ہوگی۔

مگر یہ ہے تو پھر عبادت اُس کے حق میں خاصہ سمجھی جائے گی، کیونکہ امورِ طبعیہ منجملہ خواصِ اشیاء ہوا کرتے ہیں، اس صورت میں اگر بالفرض عبادتِ مذکورہ یعنی اطاعت وانقیاد مفقود ہو جائے، تو یا تو بوجہ انقلاب ماہیت وہ اُس نوع ہی سے نہ رہا، یا یوں کہو کہ یہ معلوم ہوگیا کہ یہ اُس نوع سے ہی نہ تھا، اتحادِ شکل وصورت اس صورت میں مثلِ اتحادِ عرض عام واشتراکِ عرضِ عام ہوگا، اور جب نوعِ

Marfat.com

انسانی نہیں تو پھر کافر کو اعلیٰ درجہ میں سمجھنا حیوانوں ہی کا کام ہے، نیچے ہی اُتارنا پڑے گا، جس سے اُولٰئِکَ کَالْاَنْعَامِ کا مطابقِ عقل ہونا بھی ثابت ہو جائے گا۔

بحث کا خلاصہ بات کہیں سے کہیں جا پڑی، اصل بحث جو چل رہی ہے اس کا خلاصہ اور نچوڑ یہ ہے:

بالجملہ بوجہ اجتماعِ تساوی نوعی و تسفّلِ صنفی دونوں جہتیں اکھٹی ہوگئیں، خود مختاری بھی، جس کا نتیجہ مالکیت ہے، اور بے اختیاری بھی، جس کا نتیجہ مملوکیت ہے، اس لئے بیچ بیچ کی بات نکل آئی، سو من وجہ مالک اور من وجہ قابلِ[1] ملک کہنا پڑے گا، اور بیع کے بعد زوج کی مالکیت، اور اس کی مملوکیت کا اقرار لازم ہوگا غرض نکاح میں مالکیت و مملوکیت ہوتی ہے، اجارہ نہیں ہوتا۔

نکاح کے بیع ہونے پر ایک اعتراض

ہاں نکاح کے بیع ہونے پر یہ اعتراض وارد ہو سکتا ہے کہ قرآن کریم سے تو نکاح کا اجارہ ہونا ثابت ہوتا ہے، بیع ہونا ثابت نہیں ہوتا، اللہ پاک کا ارشاد ہے:

فَمَا اسْتَمْتَعْتُمْ بِهٖ مِنْهُنَّ فَاٰتُوْهُنَّ اُجُوْرَهُنَّ فَرِيْضَةً (نساء آیت ۲۴)

پھر جس طرح تم نے ان عورتوں سے فائدہ اُٹھایا ہے اسی طرح اُن کی مقررہ اُجرت انہیں دے دو۔

یعنی اللہ تعالیٰ کے جس حکم سے عورتیں تمہارے لئے حلال قرار پائی ہیں، اسی ذات کے فرمان کی تعمیل کرتے ہوئے اُن عورتوں کے مقررہ مہر بھی ادا کرو، یہ نہ ہونا چاہئے کہ نکاح تو مسرت کے ساتھ کر لیا، عورت سے ہر طرح کا آرام و راحت بھی پایا، مگر مہر کی ادائیگی گراں گذرے! ——— اس ارشادِ پاک سے واضح ہوتا ہے کہ مہر اُجرت ہے، اور نکاح

---

[1] یعنی مستورات نفع توالد کے اعتبار سے تو قابلِ ملک ہیں، اور دیگر منافع کے اعتبار سے خود اپنے بدن کی مالک ہیں"

Marfat.com

حقیقت میں اجارہ ہے، بیع نہیں ہے

نیز نکاح کے بیع نہ ہونے کی دوسری وجہ یہ ہے کہ اگر شوہر بذریعہ نکاح عورت کو خرید لیتا ہے، اور مالک ہو جاتا ہے، اور عورت ہر طرح مملوک ہو جاتی ہے، تو پھر شوہر کو یہ اختیار حاصل ہونا چاہئے کہ وہ اپنی بیوی کو کسی دوسرے شخص کے ہاتھ فروخت کر دے، یا ہبہ کر دے، یا کرایہ پر دے دے، کیونکہ اپنی مملوکہ چیزوں میں یہ سب تصرفات درست ہیں، حالانکہ شوہر کو ان تصرفات کا اختیار نہیں ہے ——— اس سے بھی معلوم ہوتا ہے کہ نکاح حقیقت میں بیع نہیں ہے، بلکہ اجارہ ہے، کیونکہ کرایہ پر لی ہوئی چیز کرایہ دار نہ بیچ سکتا ہے، نہ ہبہ کر سکتا ہے، نہ کسی اور کو کرایہ پر دے سکتا ہے۔

جواب اعتراض کی پہلی دلیل کا جواب یہ ہے کہ لفظ "اُجُور" سے نکاح کا اجارہ ہونا ثابت نہیں ہوتا، کیونکہ یہ لفظ قرآن کریم میں اور جگہ بھی آیا ہے، اور وہاں اجارہ مراد نہیں ہو سکتا، ارشاد باری تعالیٰ ہے:

لَهُمْ مَغْفِرَةٌ وَأَجْرٌ عَظِيمٌ (حجرات آیت ۳) — ان (ادب شناسوں) کے لئے مغفرت اور اَجرِ عظیم ہے

دوسری جگہ ارشاد ہے

مَنْ ذَا الَّذِي يُقْرِضُ اللَّهَ قَرْضًا حَسَنًا فَيُضَاعِفَهُ لَهُ، وَلَهُ أَجْرٌ كَرِيمٌ (حدید آیت ۱۱) — کون ہے جو اللہ تعالیٰ کو اچھی طرح قرضہ دے؟ پس اللہ تعالیٰ اس کو، اس کے لئے بڑھا دیں گے، اور اس کے لئے پسندیدہ اجر ہے

ان آیات میں جو لفظ "اَجر" آیا ہے اس سے کیا کوئی شخص یہ گمان کر سکتا ہے کہ اللہ پاک اور بندوں کے درمیان اجارہ اور کرایہ داری کا معاملہ ہے؟ جبکہ قرآن کریم میں یہ تصریح بھی موجود ہے کہ

إِنَّ اللَّهَ اشْتَرَىٰ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ أَنْفُسَهُمْ وَأَمْوَالَهُمْ بِأَنَّ لَهُمُ الْجَنَّةَ (توبہ آیت ۱۱۱) — بلاشبہ اللہ تعالیٰ نے خرید لی ہیں مسلمانوں سے ان کی جانیں اور ان کے اموال، اس بات کے عوض میں کہ ان کو جنت ملے گی۔

اللہ اور بندوں کے درمیان جو معاملہ ہے اس کو اجارہ وہی شخص کہہ سکتا ہے جو مُعتزلی ہو، کیونکہ مُعتزلہ وجوبِ عدل کے قائل ہیں، اور ان کے نزدیک اللہ پاک کے ذمہ واجب ہے کہ وہ بندوں کو ان کے نیک اعمال کا بدلہ عطا فرمائیں، اہلِ حق میں سے ایسی

Marfat.com

لغوبات کوئی بھی شخص نہیں کہہ سکتا۔

اور اعتراض کی دوسری دلیل کا جواب یہ ہے کہ مملوکیت اور جوازِ بیع میں تلازم نہیں ہے یعنی یہ ضروری نہیں ہے کہ آدمی جب کسی چیز کا مالک ہو، تو لامحالہ وہ اس کو فروخت بھی کرسکے مثلاً کوئی باندی اور اس کا نابالغ بچہ اگر کسی کی ملک میں ہوں، تو مالک کو یہ اجازت نہیں ہے کہ وہ ان کو الگ الگ فروخت کرے، حدیث شریف میں اس کی ممانعت[1] آئی ہے، لہذا شوہر کے مالک ہونے اور عورت کے مملوک ہونے سے یہ لازم نہیں آتا کہ شوہر کے لئے اس کا بیچنا بھی جائز ہو۔

مگر ہاں کوئی کہے تو یہ کہے کہ بیع ہوتی تو اٰتُوْهُنَّ اُجُوْرَهُنَّ نہ فرماتے، اور شوہر کو اختیارِ بیع، وہبہ واجارہ ہوا کرتا ——— اس کا جواب یہ ہے کہ لفظ "اُجُوْر" سے اگر اجارہ ہونا ثابت ہوتا ہے، تو لفظ اَجْرٌ عَظِیْمٌ اور اَجْرٌ کَرِیْمٌ سے جو اہلِ ایمان کی شان میں وارد ہیں، یہ بات ثابت ہو جائے گی کہ خدا اور بندہ کے درمیان میں عقدِ اجارہ ہے، اور معتزلہ وغیرہ قائلانِ وجوبِ عدل وضرورتِ اعطاءِ اجر سچے ہیں، اہلِ سنت جھوٹے ہیں، مگر مجھے ہنوز آپ سے ایسی بے اعتقادی نہیں کہ ائمۂ فقہ کا اتباع چھوڑا، تو ائمۂ اعتقاد[2] کا بھی اتباع اور ان کی تقلید بھی چھوڑ دیں گے، ورنہ اول اِسی قصہ کو فیصل کرتا چلتا۔

اور ممانعتِ بیع سے یہ لازم نہیں کہ ملک نہ ہوا کرے، حدیثِ تفریقِ والدہ وولد وغیرہ[3] سے صاف ظاہر ہے کہ کبھی ملک ہوتی ہے، اور بیع ممنوعی ہے۔

[1] ترمذی شریف ص۱۵۲ ج۱ ابواب البیوع، باب ماجاء فی کراہیۃ اَنْ یُفَرَّقَ بَیْنَ الْاَخَوَیْنِ الخ

[2] ائمۂ اعتقاد یعنی ائمۂ علم کلام ۱۲

[3] وغیرہ یعنی ماں اور بچے کے علاوہ دیگر محارم کے درمیان تفریق کرنا بھی ممنوع ہے جیسے دو بھائیوں یا دو بہنوں یا بھائی بہن کے درمیان جبکہ دونوں یا ان میں سے کوئی ایک نابالغ ہو، تفریق کرنا بھی جائز نہیں ہے ۱۲

Marfat.com

شوہر اگر بیوی کو فروخت کرے تو بیع باطل ہے (پہلی دلیل)

اگر کوئی کہے کہ اوپر جو مثال بیان کی گئی ہے، یعنی باندی اور اس کے نابالغ بچہ کو الگ الگ فروخت کرنا ممنوع ہے، اس سلسلہ میں مسئلہ یہ ہے کہ اگر کوئی آقا باندی اور اس کے نابالغ بچہ کو متفرق طور پر فروخت کرے، تو کراہت تحریمی کے ساتھ بیع درست ہو جاتی ہے، پس اگر شوہر اپنی بیوی کو فروخت کرے تو بیع مفید ملک ہونی چاہئے، اگرچہ کراہتِ تحریمی کے ساتھ ہو؟

تو اس کا جواب یہ ہے کہ یہاں بیع کا کوئی امکان ہی نہیں ہے، اس لئے مفیدِ ملک ہونے کا بھی کوئی سوال پیدا نہیں ہوتا۔

تفصیل اس اجمال کی یہ ہے کہ بیع کے لئے جو بنیادی چیز ضروری ہے، وہ امکانِ قبضہ ہے، یعنی آدمی وہی چیز بیچ سکتا ہے، جس کو اپنے قبضہ سے نکال کر مشتری کے قبضہ میں دے سکے، اور بیوی کو فروخت کرنے کی صورت میں مشتری کے قبضہ میں دینے کی کوئی صورت نہیں ہے، اس لئے یہ بیع باطل ہے۔

اس کی مزید وضاحت یہ ہے کہ ایک عورت کے بیک وقت چند شوہر نہیں ہو سکتے، اور وجہ ممانعت یہ ہے کہ عورتیں حَرْث (کھیت) ہیں، یعنی عورتیں اولاد کی پیداوار کے لئے بمنزلہ کھیت کے ہیں، لہذا اگر مُزَارِع (کھیتی کرنے والے) متعدد ہوں گے تو لا محالہ ان کی کھیتی مشترک ہو گی، مگر جس طرح زمین کی مشترک پیداوار باہم تقسیم کر سکتے ہیں، اولاد تقسیم نہیں کر سکتے، کیونکہ زمین کی پیداوار کے تمام دانے یکساں ہوتے ہیں، اس لئے تقسیم میں کوئی نزاع اور جھگڑا پیدا نہیں ہو گا، اور پیداوار زن یعنی بچہ اگر ایک ہے تو اس کو کاٹ کر بانٹ نہیں سکتے، اور متعدد ہیں تو صورت و سیرت کے اختلاف کی وجہ سے موازنہ مشکل ہے، اور برابر حصے نہیں کئے جا سکتے، ہر شوہر خوبصورت اور نیک سیرت بچہ لینے کی کوشش کرے گا، اور باہم ایسا سخت جھگڑا پیدا ہو گا کہ اس کا کوئی حل ممکن نہ ہو گا، اس لئے اگر کسی جگہ اختلاطِ نطفہ کا احتمال بھی ہو تب بھی اس سے بچنے کی ہر ممکن سعی کی جائے گی، اور بیوی کے فروخت کرنے میں اختلاطِ نطفہ کا احتمال موجود ہے، کیونکہ فروخت کرنے سے پہلے تک تو بائع کو جماع کا اختیار تھا، اور فروخت ہوتے ہی یہ اختیار مشتری کو حاصل ہو جائے گا، لہذا دونوں پانیوں میں اختلاط ہو جائے گا، اور پیدا ہونے والے بچہ میں اشتراک کا احتمال نکل آئے اس وجہ سے بیع باطل ہو گی۔

Marfat.com

نیز تسلیمِ مبیع اور امکانِ قبضہ کے لئے یہ بھی ضروری ہے کہ بائع مبیع کو ہر طرح فارغ کرکے مشتری کے قبضہ میں دے دے اور بیوی کو فروخت کرنے کی صورت میں یہ بات ممکن نہیں ہے، کیونکہ بَیْع سے پہلے تک وہ عورت بائع یعنی شوہر کی صحبت میں تھی، اور آخری صحبت سے بھی استقرارِ حمل کا احتمال ہے، اس لئے جب تک مَبیع (عورت) کا شوہرِ اول کے نطفہ سے فارغ ہونا متحقق نہ ہو جائے مبیع کو سپرد کرنا ممکن نہیں ہے، اور جب مشتری کا عورت پر قبضہ ممکن نہ ہوا، تو وہ بیع مفید ملک کیسے ہو سکتی ہے؟ ملکیت کی علت قبضۂ تام ہے، اور وہ یہاں موجود نہیں ہے۔

رہی یہ بات کہ یہ ممانعت کس درجہ کی ہے؟ آیا بیع مفیدِ ملک ہی نہ ہوگی، یا ہوگی مگر ملکِ خبیث ہوگی؟ اس کی تحقیق ہرچند اِس وقت دشوار ہے، لیکن آپ کی خاطر بھی عزیز ہے ——— سنیے! وجہ حرمتِ تَعَدُّدِ اَزْواج، زوجہ کے حق میں ایک وقت میں فقط یہ ہے کہ جب زوجہ حَرْث یعنی زمین، پیداوارِ اولاد ٹھہری، تو پھر اگر مُزارِع متعدد ہوں گے، تو زرعِ ولد بھی مشترک ہوگی، مگر گیہوں وغیرہ پیداوارِ خاک کو تو بوجہ تشابُہِ اجزاء بے کھٹکے تقسیم کر سکتے ہیں، اولاد کو جو پیداوارِ زَنْ ہے تقسیم کریں گے تو کیونکر تقسیم کریں گے؟ ایک بچہ ہوگا تو پارہ پارہ نہیں کر سکتے، متعدد ہوں تو بوجہ اختلافِ صورت وسیرت موازنہ متصور نہیں، پھر ارتفاعِ نزاع ہو تو کیونکر ہو؟

اِس صورت میں اگر بیع کی اجازت ہو تو بحکمِ ملک جیسے آنِ سابق تک بائع کو اختیارِ تصرفِ جماع تھا، ایسے ہی آنِ لاحق میں مشتری کو اختیارِ تصرفِ جماع ہوگا اور اس وجہ سے احتمالِ اختلاطِ نطفہ، اور اشتراک فی الولد پیش ہوگا، جس سے نہی بیع آپ ثابت ہو جائے گی۔

القصہ بیع کو لازم ہے کہ امکانِ قبضہ موجود ہو، اور یہاں قبضۂ مشتری کی کوئی صورت نہیں، بائع کا قبضہ اُٹھے، تو مشتری کا قبضہ ہو، مگر جب تک احتمالِ استقرارِ نطفۂ بائع ہے، تب تک خُلُوِّ مبیع

Marfat.com

وتسلیم کہاں ہے، جو قبضۂ مشتری سمجھا جاوے؟ اور جب قبضہ نہ ہوگا تو افادۂ ملک بھی متصور نہیں۔

قبضہ کے علّتِ ملک ہونے پر پہلا اعتراض

اگر کوئی شخص قبضہ کے علّتِ ملک ہونے پر یہ اعتراض کرے کہ جب بیوی پر شوہر کو قبضۂ تام حاصل ہے، تو شوہر اس کا ہر طرح مالک ہوگا، اور حالتِ حیض ونفاس میں بھی صحبت جائز ہوگی، کیونکہ مالک کو اپنی ملک میں ہر طرح تصرف کا ہر وقت اختیار حاصل ہوتا ہے۔

جواب تو اس کا جواب یہ ہے کہ حالتِ حیض ونفاس میں صحبت کی ممانعت شارع کی طرف سے ہے، بائعِ نفس یعنی عورت کی طرف سے نہیں ہے، اگر بائع کی طرف سے انتفاع کی ممانعت ہوتی تو قبضہ یا ملکیت میں خلل واقع ہوتا، مگر جب عارض کی وجہ سے ممانعت ہے، تو قبضہ کے علت ملک ہونے پر کوئی اعتراض وارد نہیں ہوسکتا۔

حیض ونفاس کی حالت میں جماع اور مباشرتِ فاحشہ کی ممانعت اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے، بائعِ نفس یعنی عورت کی طرف سے نہیں ہے، اس کی دلیل اللہ پاک کا یہ ارشاد ہے کہ

وَيَسْئَلُوْنَكَ عَنِ الْمَحِيْضِ؟ قُلْ هُوَ اَذًى فَاعْتَزِلُوا النِّسَاءَ فِي الْمَحِيْضِ وَلَا تَقْرَبُوْهُنَّ حَتّٰى يَطْهُرْنَ، فَاِذَا تَطَهَّرْنَ فَاْتُوْهُنَّ مِنْ حَيْثُ اَمَرَكُمُ اللّٰهُ

(البقرۃ آیت ۲۲۲)

اور لوگ آپ سے حیض کا حکم دریافت کرتے ہیں؟ آپ فرما دیجئے کہ وہ گندی چیز ہے! لہٰذا تم حیض میں عورتوں سے علٰحدہ رہا کرو، اور اُن سے نزدیک نہ ہو (یعنی صحبت کے قریبی اسباب سے بھی بچو) جب تک کہ وہ پاک نہ ہو جائیں، پھر جب وہ اچھی طرح پاک ہو جائیں، تو ان کے پاس آؤ جاؤ، جس جگہ سے تم کو اللہ تعالیٰ نے اجازت دی ہے (یعنی آگے کی راہ سے)

اور نفاس کا خون، حیض ہی کا خون ہے، جو حمل کے زمانہ میں رُک جاتا ہے، اور بچہ پیدا ہونے کے بعد نکلتا ہے، اس لئے دونوں کے احکام ایک ہیں ——— الغرض آیتِ کریمہ سے تین باتیں صاف طور پر سمجھ میں آتی ہیں۔

(۱) حیض ونفاس کی حالت میں صحبت کا حرام ہونا۔

(۲) پاکی کے بعد صرف اگلی راہ سے انتفاع کا حلال ہونا۔

Marfat.com

(۳) اور صحبت کے قریبی اُسباب یعنی ناف اور گھٹنہ کے درمیان سے کسی آڑ کے بغیر مباشرت کا ناجائز ہونا، درمختار میں ہے کہ

وَيُمْنَعُ قِرْبَانُ مَاتَحْتَ الْإِزَارِ، يَعْنِي مَابَيْنَ سُرَّتِهِ وَرُكْبَتِهِ، وَلَوْبِلَاشَهْوَةٍ (شامی ص۲۱۴ ج۱)

اور ممنوع ہے ازار کے نیچے سے فائدہ اٹھانا، یعنی ناف اور گھٹنہ کے درمیان سے، اگرچہ بلا شہوت ہو

دوسرا اعتراض قبضہ کے علتِ ملک ہونے پر دوسرا اعتراض یہ وارد ہوتا ہے کہ جو باندی جہاد میں ہاتھ آتی ہے، اس کا اِستبراء واجب ہوتا ہے، اِسی طرح ملک بدلنے کی صورت میں بھی اِستبراء واجب ہوتا ہے، یعنی ایک حیض آنے تک نیا مالک اس سے صحبت نہیں کرسکتا، حالانکہ باندی پر قبضۂ تام ہوچکا ہے، اس سے معلوم ہوا کہ قبضہ علّتِ ملک نہیں ہے، قبضہ کے بعد بھی سابق کافر شوہر کا اور سابق آقا کا حق باقی رہتا ہے۔

جواب تو اس کا جواب یہ ہے کہ استبراءِ رحم کے زمانہ میں صحبت کی ممانعت سابق شوہر یا سابق آقا کی ملکیت باقی رہنے کی وجہ سے نہیں ہے، بلکہ اپنے نطفہ کو اختلاط سے بچانے کے لئے اور کافر شوہر، اور سابق آقا کے نسب کی حفاظت کے لئے ہے، کیونکہ مسلمان آقا کے سامنے کافر شوہر کا قبضہ اگرچہ کوئی معنی نہیں رکھتا، اس کا قبضہ بہائم کے قبضہ کی طرح ہے، جس کا کوئی اعتبار نہیں مگر مسلمان آقا کو یہ حق حاصل نہیں ہے کہ وہ کافر شوہر کے نسب کو برباد کردے، یعنی اس کے بچہ کو اپنا بچہ بنالے، ہاں مسلمان آقا کو یہ حق ضرور حاصل ہے کہ اگر باندی حاملہ نکلے، اور بچہ جنے تو وہ باندی کی طرح اس بچہ کا بھی مالک بن جائے، مگر اس کو اپنا بچہ نہیں بنا سکتا، اسی احتیاط کے لئے زمانہ استبراء میں صحبت ممنوع ہوئی ہے، صحبت کے علاوہ دیگر منافع مسلمان آقا باندی سے حاصل کرسکتا ہے، ہر قسم کی خدمت لے سکتا ہے، حتی کہ باندی کو بیچ بھی سکتا ہے، اور ہبہ بھی کرسکتا ہے، پس ثابت ہوا کہ قبضہ ہوجانے کے بعد مسلمان آقا کو اور نئے مالک کو ملکِ تام حاصل ہوجاتی ہے، فارتفع الاشکال ۱

رہی حالتِ حیض ونفاس، اُس وقت ممانعتِ جماع بائع کی طرف سے نہیں[1]، اور حالتِ استبراء[2] (میں جماع) کی ممانعت بوجہ بقاءِ ملک

[1] ورنہ یہ اعتراض ہوسکتا تھا کہ مشتری (شوہر) کے قبضہ کے بعد بھی بائع (عورت) کا حق باقی رہتا ہے، اور قبضۂ تام مفیدِ ملک نہیں ہے ۱۲ [2] استبراء کے لغوی معنیٰ ہیں برارت (پاکی) طلب کرنا ۱۲

Marfat.com

شوہر نہیں، کیونکہ بمقابلۂ اہلِ اسلام کفار کا قبضہ بحکم آیت اُولٰئِکَ کَالْاَنْعَامِ بمنزلۂ قبضۂ اَنعام ہے، (بلکہ) فقط اپنے نسب کی حفاظت، اور نسبِ غیر کی صِیانت (کے لئے) ہے، جس کے اِتلاف اور اپنی طرف پھیر لینے کا اس کو اختیار نہیں، اگر اختیار ہے تو والدہ اور ولد کے مالک بن جانے کا اختیار ہے، اور یہی وجہ ہے کہ اور قسم کے تصرفات اور استخدام سے ممانعت نہیں، اگر وجوبِ استبراء بوجہ بقاءِ ملکِ شوہرِ سابق ہوتا، تو ملکِ یمین پیدا نہ ہوتی، اور استخدام جائز نہ ہوتا۔

شوہر اگر بیوی کو فروخت کرے تو بیع باطل ہے (دوسری دلیل)

شوہر اگر بیوی کو فروخت کرے، تو بُطلانِ بیع کی ایک وجہ اس بیع کا "بیع غرر" ہونا بھی ہے غَرَرٌ کے لغوی معنی ہیں: دھوکہ ——

اور شریعت کی اصطلاح میں "بیعِ غرر" وہ بیع ہے جس میں اندیشۂ اِنفساخ ہو، یعنی اس بیع میں کوئی ایسی بات پائی جاتی ہو، جس کی وجہ سے بیع توڑنے کی نوبت آسکتی ہو —— اور بیعِ غرر سے حدیث شریف میں منع کیا گیا ہے، مسلم شریف میں حدیث ہے کہ نَھٰی رَسُوْلُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم عَنْ بَیْعِ الْغَرَرِ (مسلم شریف کتاب البیوع) امام نووی رحؒ نے اس حدیث کی شرح میں تحریر فرمایا ہے کہ

"یہ حدیث شریف خرید و فروخت کے سلسلہ میں ایک اہم ضابطہ ہے، اس کے تحت بے شمار مسائل آتے ہیں، مثلاً بھاگے ہوئے غلام کو بیچنا، معدوم اور مجہول چیز کو بیچنا، غیر مقدور التسلیم چیز کو بیچنا، جو چیز ابھی پوری طرح بائع کی ملک میں نہ آئی ہو اس کو فروخت کرنا، تھن کے دودھ، اور پیٹ کے بچہ کو بیچنا وغیرہ سب بیوعِ باطلہ ہیں"

(نووی شرح مسلم ص ۱۵۶ ج ۱۰ مصری)

اس ضروری تفصیل کے بعد جاننا چاہئے کہ پہلے یہ بات وضاحت کے ساتھ آچکی ہے کہ نکاح کے ذریعہ عورت صرف نفعِ توالد کے اعتبار سے مملوک ہوتی ہے، دیگر منافعِ بدن کے اعتبار سے وہ آزاد رہتی ہے، کیونکہ مردوں کے لئے حَرْث (کھیت) صرف منافع توالد ہیں، باقی منافع حَرْث نہیں ہیں، رہا عورت کے بدن سے انتفاع تو وہ مقتضائے عقد ہونے کی وجہ سے

Marfat.com

مرد حاصل کرتا ہے، ورنہ حقیقت میں عورت کا بدن اسی کا مملوک ہوتا ہے۔

اب اگر شوہر بیوی کو فروخت کرے، تو وہ صرف نفعِ توالد فروخت کرسکتا ہے، باقی بدن فروخت نہیں کرسکتا، اور صرف نفعِ توالد مشتری کو سپرد کرنا ممکن نہیں ہے، اس لئے شوہر پوری عورت مشتری کو سپرد کرے گا، پس دوسرے کے حق میں یعنی عورت کے حق میں اس کی رضامندی کے بغیر تصرف کرنا لازم آئے گا، کیونکہ ضروری نہیں ہے کہ عورت اس سودے پر راضی ہو، پس بیع فسخ کرنے کی نوبت آئے گی، اسی کا نام "بیع غرر" ہے جو شرعاً ممنوع ہے۔

خلاصۂ کلام یہ ہے کہ شوہر جو بیوی کو فروخت نہیں کرسکتا، تو اس کی وجہ یہ نہیں ہے کہ شوہر بیوی کا مالک نہیں ہے، بلکہ دیگر موانع کی وجہ سے فروخت کرنا ممنوع ہے، اور انہی موانع کی وجہ سے شوہر اپنی بیوی کو نہ ہبہ کرسکتا ہے، نہ کرایہ پر دے سکتا ہے۔

حرمتِ مُتعہ کی وجہ

مُتعہ یعنی مقررہ مدت کے لئے متعینہ مہر پر کسی عورت سے نکاح کرنا درست نہیں ہے، کیونکہ نکاح کی حقیقت بیع ہے، جس کا مفاد ہمیشہ کے لئے ملکیتِ زن ہے، اور مُتعہ میں یہ بات نہیں ہوتی، وہ صرف چند روز کا معاملہ ہوتا ہے، ہاں اگر نکاح کی حقیقت اجارہ ہوتی تو مُتعہ درست ہوتا، کیونکہ اجارہ مُؤقّت میعاد کے لئے ہوتا ہے۔

اور ابتدائے اسلام میں جو مُتعہ جائز تھا، وہ جواز عارضی تھا، جیسے گرم پانی کی حرارت عارضی ہوتی ہے، جو کچھ وقت کے بعد ختم ہوجاتی ہے، اور پانی کی اصل بُرودت لوٹ آتی ہے، یا جس طرح بیماری اور سفر کی وجہ سے روزہ نہ رکھنے کی اجازت عارضی حکم ہے، جو عذر ختم ہوتے ہی ختم ہوجاتا ہے، اسی طرح جوازِ مُتعہ کا عارضی حکم ضرورت ختم ہوتے ہی ختم ہوگیا ہے پس اس عارضی حکم کی وجہ سے کوئی شخص یہ گمان نہ کرے کہ نکاح کی حقیقت اجارہ ہے

علاوہ بریں عورت بدلالتِ حَرْثٌ لَّكُمْ فقط بحیثیتِ توالد مملوک ہوسکتی ہے، جو فقط فرج و رحم سے متعلق ہے، بحیثیتِ سمع و بصر وغیرہ کمالاتِ بشری مملوک نہیں ہوتی، اور اس لئے بدنِ زوجہ فیما بین زوج و زوجہ مشترک ہوگا، اور تسلیمِ مَبیع بے تسلیم جملہ بدن متصوّر نہیں، اس صورت میں تصرف فی حق الغیر بے رضائے غیر لازم آئے گا، اور اس وجہ

Marfat.com

سے اِس بیع کو بوجہ لزومِ نزاع بیع غرر بھی کہنا پڑے گا۔

بالجملہ وجہ ممانعتِ بیع عدم الملک نہیں، موانعِ خارجیہ ہیں، اور یہی وجوہ تھے جو ہبہ اور اجارہ بھی درست نہ ہوا اور مُتعہ بھی حرام رہا، گو ابتدائے اسلام میں مثلِ جوازِ افطار بحالت مرض وسفر بوجہ ضرورت مدت تک جوازِ عرضی رہا، اور بعد ارتفاعِ ضرورت پھر حرمتِ اصلی ایسی طرح نکل آئی جیسے بعد زوالِ حرارتِ عرضی، پانی کی برودتِ اصلی ظاہر ہو جاتی ہے۔

قاضی کے فیصلہ سے بھی منکوحہ عورت کا کوئی مالک نہیں ہو سکتا

جب یہ بات ثابت ہو گئی کہ شوہر باوجود مالک ہونے کے بیوی کو فروخت نہیں کر سکتا، تو اس سے یہ بات بھی ثابت ہو گئی کہ قاضی کے فیصلہ سے یا کسی اور سبب سے بھی منکوحہ عورت کا شوہر کے علاوہ کوئی شخص مالک نہیں ہو سکتا، کیونکہ منکوحہ عورت میں انتقالِ ملک کا کوئی امکان ہی نہیں ہے۔

انتقالِ ملک کا مطلب یہ ہے کہ پہلا مالک ہٹے، اور دوسرا مالک اس کی جگہ پر آجائے، اگر یہ بات ممکن ہوتی تو شوہر کے لئے بیوی کو بیچنا، ہبہ کرنا اور کرایہ پر دینا بھی درست ہوتا، کیونکہ اِن اَسباب میں بھی شوہر کی جگہ دوسرے شخص کی قائم مقامی ہو جاتی ہے، بیع میں اور ہبہ میں ذات کی ملکیت میں قائم مقامی ہوتی ہے، اور اجارہ میں منافع کی ملکیت میں قائم مقامی ہوتی ہے۔

الغرض جس طرح آزاد مردوں کے بدن کا کوئی شخص مالک نہیں ہو سکتا، اسی طرح منکوحہ عورت کا بھی شوہر کے علاوہ اور کوئی شخص مالک نہیں ہو سکتا، کیونکہ آزاد مردوں کی اَرْوَاح اُن کے بدن پر قابض اور مالک ہوتی ہیں، اس لئے کوئی اور شخص ان کا مالک نہیں ہو سکتا، اسی طرح شوہر منکوحہ عورت کا مالک ہے، لہٰذا یہ ملکیت بھی غیر شوہر کی طرف منتقل نہیں ہو سکتی۔

ہاں یہ ہو سکتا ہے کہ شوہر کی ملکیت ختم ہو جائے، اور عورت کے بدن کی ملکیت خود اس کی روح کی طرف لوٹ آئے، اور ایسا اس وقت ہوتا ہے، جب شوہر طلاق دے کر عورت کو چھوڑ دے، یا مر کر اپنا قبضہ اُٹھا لے، تو پھر عورت کے بدن کی ملکیت خود اسی کی طرف لوٹ جائے گی۔

مگر یہ[1] ہے تو قضائے قاضی، یا کوئی اور سبب بھی موجبِ انتقالِ ملکِ شوہر کسی غیر کی طرف نہیں ہو سکتا، کیونکہ حاصلِ انتقالِ ملک بالبداہت یہ ہے کہ مالکِ ثانی مالکِ اول کے قائم مقام ہو گیا، سو یہ بات ممکن ہوتی تو بیع اور ہبہ اور اجارہ ہی نے کیا قصور کیا تھا، وہاں بھی یہی قائم مقامی ایک کی دوسرے کی جا ہوتی ہے، ملکِ اصل ہو، یا ملکِ منافع۔

اس صورت میں زنِ منکوحہ دربارۂ عدمِ امکانِ تملکِ غیرِ شوہر، نظیرِ ابدانِ احرار ہو گی، وہاں[2] بھی باوجود مملوکیتِ ابدان، اور مالکیتِ ارواح ——— جس[3] کے تحقق پر دلائلِ مسطورہ بالا بالقطع شاہد ہیں ——— غیر ارواحِ متصرفہ کی طرف ملکِ ابدان منتقل نہیں ہو سکتی، یہاں بھی غیرِ شوہر کی طرف باوجود مالکیتِ شوہر، و مملوکیتِ زنِ منکوحہ، ملکِ شوہر غیرِ شوہر کی طرف منتقل نہیں ہو سکتی، اگر ہو سکتی ہے، تو پھر عورت کی طرف منتقل ہو سکتی ہے، چنانچہ طلاق و موت میں یہی ہوتا ہے، وجوہ دونوں[4] باتوں کے متقارب، بلکہ ایک ہی سے ہیں، چنانچہ ظاہر ہے۔

انتقالِ ملک کے اَسباب منکوحہ کے حق میں بیکار کیوں ہیں؟

اوپر کی بحث کا خلاصہ یہ ہے کہ انتقالِ ملک کے اَسباب جیسے بیع، ہبہ اور قضائے قاضی وغیرہ اسباب منکوحہ عورت کے حق میں بیکار ہیں، یعنی وہ اپنا کوئی اثر نہیں دکھلاتے اور اس کی وجہ یہ ہے کہ ہر امرِ عارض کے تحقق کے لئے دو چیزیں ضروری ہیں، ایک موصوف بالذات، اور دوسری معروضِ قابل، مثلاً زمین کا روشن ہونا ایک عارضی چیز ہے، جس

---

[1] "مگر یہ ہے" یعنی شوہر کے لئے بیوی کا فروخت کرنا جائز نہیں ہے ۱۲ [2] "وہاں" یعنی احرار میں

[3] جس کے پائے جانے پر دلائل مذکورہ (ص ۱۶۴) بالیقین گواہ ہیں کہ تصرف کا اختیار رکھنے والی ارواح کے علاوہ کی طرف اجسام و ابدان کی ملکیت منتقل نہیں ہو سکتی ۱۲

[4] "دونوں" یعنی طلاق و موت، اور "متقارب" کے معنی ہیں قریب قریب یعنی طلاق کی صورت میں شوہر بالاختیار اپنی ملکیت ختم کر کے عورت کا بدن عورت کی طرف لوٹا دیتا ہے، اور موت کی صورت میں بالاضطرار یہ بات ہوتی ہے"

کے لئے ایک طرف تو سورج کا روشنی کے ساتھ متصف بالذات ہونا ضروری ہے اور دوسری طرف زمین میں روشنی قبول کرنے کی صلاحیت ضروری ہے، ان دونوں چیزوں کے بغیر زمین روشن نہیں ہو سکتی۔

حیوانات کی روحیں اور آوازیں جو نظر نہیں آتیں، اور چیزوں کی شکلیں جو کان سے سنی نہیں جاتیں تو اس کی وجہ بھی یہی ہے کہ وہ معروضِ قابل نہیں ہیں، یعنی ان میں دِکھنے اور سننے جانے کی صلاحیت نہیں ہے، اگرچہ آنکھ اور کان دیکھنے اور سننے کی صلاحیت کے ساتھ موصوف بالذات ہیں، اسی طرح انتقالِ ملک کے اسباب، بیع، ہبہ اور قضائے قاضی وغیرہ تو کامل اسباب، مگر زنِ منکوحہ معروضِ قابل نہیں ہے، یعنی زنِ منکوحہ میں انتقالِ ملک کے اِن اسباب کا اثر قبول کرنے کی صلاحیت نہیں ہے، اسی وجہ سے درمختار اور شامی وغیرہ کتب فقہ میں جہاں یہ مسئلہ ذکر کیا گیا ہے کہ قاضی کا فیصلہ عقود و فسوخ میں ظاہراً و باطناً دونوں طرح نافذ ہوتا ہے، وہاں منکوحہ عورت اور آزاد آدمیوں کو مستثنیٰ کیا ہے۔

بالجملہ اسبابِ انتقالِ ملک بوجہ عدمِ قابلیتِ ملک غیر ان دونوں[1] موقعوں میں بیکار[2] رہتے ہیں، اور کیوں نہ ہوں؟ ہر امرِ عارض کے لئے بالبداہت ایک طرف موصوف بالذات کی ضرورت ہے، تو دوسری طرف معروضِ قابل کی حاجت ہے، یہی وجہ ہے کہ اَرْوَاح و اَصْوات[3] وغیرہ مُبْصَر[4] نہیں ہو سکتی، اور اَشکال وغیرہ مَسْمُوع نہیں ہو سکتی، گو دیکھنے، سننے والے کی آنکھ اور کان کیسے ہی تیز کیوں نہ ہوں، یہی وجہ ہے کہ قائلانِ نفاذِ قضا ظاہراً و باطناً زنِ منکوحہ کو مستثنیٰ کرتے ہیں، چنانچہ دُرِّ مختار[5] میں اشارۃً اور شامی میں صراحۃً یہ بات موجود ہے، علیٰ ہذا القیاس ہدایہ[6] وغیرہ کتبِ فقہ میں اس تصریح سے کہ قضائے قاضی فقط عقود و فسوخ میں نافذ ہوتی ہے، زنِ منکوحہ

---

[1] "دونوں"، یعنی زنِ منکوحہ اور اَحرار میں ۱۲ [2] بے کار: بے اثر ۱۲ [3] اَصْوات: آوازیں، ۱۲
[4] مُبْصَر، قابلِ رؤیت ۱۲ [5] دیکھئے درمختار مع الشامی ص۳۷۰ ج۴، کتاب القضاء، فصل فی الحبس، مطلب فی القضاء بشہادۃ الزور، اور ص۲۱۹ ج۲ قُبَیْلَ بابِ الولی [6] ہدایہ ص۱۲۵ ج۳ قبیل باب التحکیم ۱۲

Marfat.com

اور اَحرار کو اس قاعدہ سے مستثنیٰ[1] کر دیا ہے، کوئی نہ سمجھے تو کیا کیجئے، اُس کے فہم کا قصور ہے، اُن[2] کا قصور نہیں۔

غیر منکوحہ عورت اور دیگر اموال کے بارے میں امام صاحب کا مذہب

غیر منکوحہ عورت اور دیگر اموال کے بارے میں امام اعظم ابو حنیفہ رحمہ اللہ کا مذہب یہ ہے کہ اگر قاضی حقیقتِ حال نہ جانتا ہو، یعنی دیدہ و دانستہ اُس نے غلط فیصلہ نہ کیا ہو، بلکہ گواہوں کی وجہ سے دھوکہ کھا کر مدعی کے حق میں ڈگری کر دی ہو، تو وہ عورت مدعی کی بیوی ہو جائے گی، اور وہ اموال خواہ غیر مملوکہ ہوں، یا مملوکہ مدعی کی ملکیت میں آجائیں گے، کیونکہ غیر منکوحہ عورت نکاح سے پہلے اپنے بدن کی خود مالک ہوتی ہے، اور نکاح کے بعد منافع توالد کے اعتبار سے وہ شوہر کی مملوک ہو جاتی ہے، یعنی اس کی ملکیت ختم ہو جاتی ہے، اور اس کی جگہ شوہر کی ملکیت قائم ہو جاتی ہے، جیسے سونا، چاندی کی خرید و فروخت، اور سامان کی بیع و شراء میں یہی صورت ہوتی ہے کہ بائع کی چیز مشتری کی طرف اور مشتری کا عوض بائع کی طرف منتقل ہو جاتا ہے، اسی طرح عورت کے منافعِ بُضعہ شوہر کی طرف اور شوہر کا مالِ مہر عورت کی طرف منتقل ہو جاتا ہے، الغرض جب نکاح کے ذریعہ ملک کی تبدیلی ممکن ہے، تو قضائے قاضی کے ذریعہ یہ تبدیلی بدرجۂ اولیٰ ممکن ہوگی، کیونکہ قاضی ایک طرف نائبِ خدا ہے، تو دوسری طرف والیٔ رعیت، اس لئے اس کو بھی اس قسم کے تصرف کا حق حاصل ہوگا۔

البتہ زنِ غیر منکوحہ اور اموالِ باقیہ کی نسبت علماء حنفیہ کا یہ دعویٰ ہے کہ بوجہ قضائے قاضی ملک مدعی میں آسکتے ہیں، بشرطیکہ قاضی باوجود علم حقیقت الحال، دیدہ و دانستہ ظلماً نہ دلوادے، سو یہ بات بشرطِ فہم و انصاف واجب التسلیم ہے۔

---

[1] یعنی عقود و فسوخ کی تخصیص سے منکوحہ عورت اور اَحرار خود بخود مستثنیٰ ہو جاتے ہیں ۱۲

[2] ،، ان کا ،، یعنی ان فقہاء کا جو قضاء کے ظاہراً و باطناً نفاذ کے قائل ہیں ۱۲

Marfat.com

شرح اس مُعمّا کی یہ ہے کہ زنِ غیر منکوحہ قبلِ نکاح اپنے بدن کی آپ مالک ہوتی ہے، اور بعد نکاح وہ ملک بقدر[1] مشارٌ الیہ شوہر کی طرف عائد ہو جاتی ہے، اور اس وجہ سے یوں کہہ سکتے ہیں کہ جیسے نقود و عروض میں بعد بیع و شراء ملکِ بائع و مشتری ایک دوسرے کی طرف منتقل ہو جاتی ہے، اور اس وجہ سے ایک، دوسرے کے قائم مقام ہو جاتا ہے، ایسا ہی شوہر دربارۂ ملکِ بدنِ زن قائم مقام زن ہو گیا، مگر جب گنجائشِ تبدّلِ ملک نکلی، اور ایک دوسرے کی جا ایک دوسرے کا قائم مقام ہونا ممکن ہوا، تو درصورتِ قضائے قاضی یہ بات ضرور تر ہے، کیونکہ قاضی بحیثیتِ قضا اُدھر تو خدا کا نائب، اِدھر رعیت کا ولی۔

قاضی نائبِ خدا ہے

اور قاضی کے نائبِ خدا ہونے کی سب سے بڑی دلیل اس کی حکومت ہے، اِسی حکومت کی وجہ سے قرآنِ کریم میں اور احادیث شریفہ میں اس کی اطاعت کا حکم دیا گیا ہے، ارشاد باری تعالیٰ ہے کہ

يَاأَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا أَطِيعُوا اللَّهَ ، وَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ ، وَأُولِي الْأَمْرِ مِنْكُمْ

(النساء، آیت ۵۹)

اے ایمان والو! اللہ تعالیٰ کی اطاعت کرو، اور اللہ کے رسول (صلی اللہ علیہ وسلم) کی، اور معاملہ کا اختیار رکھنے والے (حُکّام) کی اطاعت کرو۔

اور حدیث شریف میں ہے کہ

اِنَّ السُّلْطَانَ ظِلُّ اللّٰهِ فِي الْأَرْضِ

بے شک حاکم اللہ کا سایہ ہے زمین میں۔

دوسری حدیث شریف میں ہے کہ

مَنْ أَهَانَ سُلْطَانَ اللّٰهِ فِي الْأَرْضِ أَهَانَهُ اللّٰهُ

جو شخص اللہ تعالیٰ کی طاقت کی جو زمین میں ہے (یعنی حاکم کی) توہین کرے گا، اللہ تعالیٰ اس کی توہین کرینگے

اور بخاری و مسلم شریف کی حدیث میں ہے کہ

مَنْ أَطَاعَنِي فَقَدْ أَطَاعَ اللّٰهَ ،

جس نے میری اطاعت کی اس نے اللہ کی اطاعت

---

[1] ... بقدر مشارٌ الیہ، یعنی نفع تو الد کے بقدر ۱۲

Marfat.com

وَمَنْ عَصَانِیْ فَقَدْ عَصَی اللّٰہَ، و
وَمَنْ یُطِعِ الْاَمِیْرَ فَقَدْ اطاعنی،
وَمَنْ یَعْصِ الْاَمِیْرَ فقد عصانی [1]

کی، اور جس نے میری نافرمانی کی اس نے اللہ کی نافرمانی کی، اور جس نے امیر کی اطاعت کی اس نے میری اطاعت کی، اور جس نے امیر کی نافرمانی کی اس نے میری نافرمانی کی۔

نیابت وخلافتِ خداوندی کے ثبوت کے لئے تو اُس کی حکومت ہی کافی ہے، جس پر آیت اَطِیْعُوا اللّٰہَ، وَاَطِیْعُوا الرَّسُوْلَ، وَاُولِی الْاَمْرِ مِنْکُمْ، اور نیز احادیثِ کثیرہ شاہد ہیں۔

قاضی وحاکم کی خلافتِ خداوندی پر ایک شبہ، اور اس کا جواب

اگر قاضی وحاکم کی نیابت اور خلافتِ خداوندی پر کوئی اعتراض کرے کہ قرآنِ کریم میں تو صراحت ہے کہ حاکم صرف اللہ تعالیٰ ہیں کیونکہ حکم صرف انہی کا ہے، ارشادِ باری تعالیٰ ہے کہ اِنِ الْحُکْمُ اِلَّا لِلّٰہِ (نہیں ہے حکم مگر اللہ کے لئے) پس اللہ تعالیٰ کے علاوہ کوئی شخص حاکم کیسے ہوسکتا ہے؟

تو اس کا جواب یہ ہے کہ آیت کریمہ کا مطلب یہ ہے کہ مستقل حاکم صرف اللہ تعالیٰ ہیں، اور اصلی حکم صرف اُنہی کا ہے ——— اور مجازی حاکم اللہ کے علاوہ دوسرے بھی ہوسکتے ہیں، جو اپنا نہیں بلکہ اللہ تعالیٰ کا حکم جاری کرتے ہیں، کیونکہ یہ حُکّام، وصفِ حکومت کے ساتھ بالذات مُتّصف نہیں ہوتے، بلکہ بالعرض متّصف ہوتے ہیں، اور سب جانتے ہیں کہ موصوف بالعرض وصف کے ساتھ مجازاً متصف ہوتا ہے، حقیقۃً متصف موصوف بالذات ہی ہوتا ہے، اور موصوف بالذات اللہ تعالیٰ ہی ہیں، اُنہی کی عطاء وبخشش سے حُکّام دنیوی وصفِ حکومت کے ساتھ متصف ہوتے ہیں۔

مگر چونکہ حاکمِ وقت کی حکومت بے نیابت وخلافتِ خداوندی

---

[1] یہ سب حدیثیں مشکوۃ شریف کتاب الامارۃ والقضاء سے لی گئی ہیں ۱۲

Marfat.com

متصور نہیں، اس وقت حکومتِ خلیفہ و قاضی وغیرہ بالعرض ہوگی، اور ظاہر ہے درصورتیکہ اُس کو حاکم بالعرض کہا، تو پھر اُس کی حکومت معارِض اِنِ الْحُکْمُ اِلَّا لِلّٰہِ نہیں ہوسکتی، کیونکہ موصوف بالعرض درحقیقت موصوف ہی نہیں ہوتا، موصوفِ حقیقی وہ واسطہ فی العروض ہی ہوا کرتا ہے۔

قاضی رعیت کا ولی ہے اور ولایتِ قاضی کی دلیل بھی اس کی حکومت ہے، کیونکہ خود ولایت کا مفہوم سرپرستی ہے، یعنی دوسرے کے کام کا نظم کرنا، اس کے اموال کی خرید و فروخت کرنا، اس کا نکاح کرانا، اُس کے اموال کی نگہ داشت کرنا، اور دوسرے کے اموال میں اور نفس میں اس سے پوچھے بغیر تصرف کرنا، اور اسی کا نام حکومت ہے اور دلیل نقلی یہ حدیث شریف ہے کہ

فَاِنِ اشْتَجَرُوْا، فَالسُّلْطَانُ وَلِیُّ مَنْ لَا وَلِیَّ لَہٗ (مشکوۃ باب الولی فی النکاح)

اگر کسی عورت کے اولیاء میں نزاع پیدا ہوجائے، تو حاکم اس شخص کا ولی ہے جس کا کوئی ولی نہیں ہے

یعنی کسی عورت کے چند اولیاء مساوی درجہ کے ہوں، مثلاً چار بھائی کسی عورت کے ولی ہوں اور ان میں بہن کے نکاح کے سلسلہ میں اختلاف ہوجائے تو سب کا حقِ ولایت ختم ہوجائے گا اور قاضی اس لڑکی کا جہاں مناسب سمجھے گا نکاح کرے گا، یہ حدیث قاضی کی ولایت کے بارے میں صریح نص ہے۔

شبہ اس حدیث شریف سے تو قاضی کی ولایت اور حکومت صرف اُن لوگوں کے حق میں ثابت ہوتی ہے جن کا کوئی ولی نہیں ہے، عام رعایا پر ولایت و حکومت ثابت نہیں ہوتی۔

جواب ایسا سمجھنا درست نہیں ہے، قاضی اور حاکم کی ولایت عام ہے، اور حدیث شریف میں جو مَنْ لَا وَلِیَّ لَہٗ کی قید ہے، وہ ایسی ہے جیسے عرف عام میں کہتے ہیں کہ: "جس کا کوئی والی وارث نہیں، اس کا خدا وارث ہے"، حالانکہ اللہ تعالیٰ ہر شخص کا وارث ہے، اور محاورہ کا مطلب بیچارہ کو تسلی دینا ہے کہ گھبرا مت، تیرا والی وارث اللہ ہے، اسی طرح قاضی سب کا ولی ہے، اور حدیث کا مقصد بے سہارا عورتوں کو تسلی دینا ہے کہ تم پریشان نہ ہو، تمہارا ولی حاکم اور قاضی ہے۔

باقی رہی ولایت، اوّل تو اُس کے ثبوت کے لئے یہی حکومت

Marfat.com

کافی ہے، کیونکہ حاصلِ ولایت بحیثیت[1] ولایت یہی تصرفِ بیع وشراء ونکاح وحفظِ اموال ہوتا ہے اور ظاہر ہے کہ بے اِستِمزاج[2] غیر، اموالِ غیر میں تصرفِ بیع وشراء وفسخ، علی ھٰذا القیاس نکاحِ غیر، بے استمزاجِ غیر، خود ایک قسم کی حکومت ہے۔

علاوہ بریں جملہ فَالسُّلْطَانُ وَلِیُّ مَنْ لَا وَلِیَّ لَہٗ حاکم کی ولایتِ عامہ پر نص صریح ہے، باقی خصوصیتِ مَنْ لَا وَلِیَّ لَہٗ اُس قسم کی ہے جیسے کہا کرتے ہیں: جس کا کوئی والی ووارث نہیں اُس کا خُدا وارث ہے۔

ظالم قاضی نہ خدا کا نائب ہے نہ رعیت کا ولی

ہاں جو قاضی جان بوجھ کر غلط فیصلہ کرے، اور لوگوں پر ظلم کرے، وہ نہ تو خدا کا نائب ہے، نہ رعیت کا ولی، کیونکہ نیابتِ خداوندی اور ولایتِ رعیت کے لئے دو چیزیں ضروری ہیں۔

(۱) قوانینِ الٰہی کی پابندی ——— اسی سے قاضی نائبِ خدا بنتا ہے۔

(۲) اور رعیت پر شفقت ——— اسی سے قاضی کو لوگوں کے اموال وانفُس میں تصرف کا حق حاصل ہوتا ہے۔

اس کی دلیل یہ ہے کہ حُکّامِ دنیوی کے نائبین کے لئے بھی یہی دونوں چیزیں ضروری ہیں علاقوں کے گورنر، ضلعوں کے مجسٹریٹ اور عدالت کے قاضیوں سے لے کر نیچے تک تمام حکام کے لئے ضروری ہے کہ وہ سرکاری قانون کی پابندی کریں، اور ساتھ ہی رعایا کے ساتھ شفقت ومہربانی کا برتاؤ رکھیں، ورنہ وہ حاکمِ اعلیٰ کے نہ تو نائب سمجھے جاتے ہیں، نہ رعیت کے بہی خواہ، بلکہ بادشاہ کے مخالف ومجرم، اور رعایا کے دشمن ہوتے ہیں۔

لاعلمی معقول عذر ہے

ہاں اگر حکومت کے عملہ کا کوئی عمل لاعلمی کی وجہ سے سرکاری قانون کے خلاف ہو جائے، یا رعیت کے مفاد کو نقصان پہنچائے یا کسی ولی (سرپرست) کا کوئی عمل لاعلمی کی وجہ سے نقصان رساں ہو جائے، تو ان کو نہ مخالف

---

[1] بحیثیت ولایت: یعنی من حیث ھی ھی یعنی نفس ولایت کا مفہوم ۱۲

[2] اِستِمزاج: مرضی پوچھنا، رائے دریافت کرنا ۱۲

Marfat.com

دمجرم سمجھا جاتا ہے، نہ دشمن خیال کیا جاتا ہے، اسی طرح اگر قاضی گواہی کی حقیقت نہ جاننے کی وجہ سے کوئی غلط فیصلہ کر دے، تو اس کی نیابتِ خداوندی اور ولایت متأثر نہ ہوگی۔

> مگر ہاں اتنی بات ہے، اگر قاضی دیدہ و دانستہ ظلم کرے، تو پھر در حقیقت اس وقت نہ نائبِ خدا ہے، نہ ولیٔ رعیت ہے، کیونکہ جیسے حکّامِ مجازی کے نائبوں کے ذمہ پابندی قانونِ سرکاری، اور اولیاء کے ذمہ شفقت ضروری ہے، ورنہ پھر وہ نائب و ولی نہیں، بلکہ مخالف و مجرم و دشمن ہے، ایسے ہی یہاں بھی ضرور ہے ——— مگر جیسے لاعلمی کی صورت میں نوّابؔ[1] حکّامِ مجازی اور اولیاء مخالف و مجرم و دشمن نہیں سمجھے جاتے، ایسے ہی یہاں بھی نہ ہوں گے۔

قضائے قاضی کے ظاہراً و باطناً نافذ ہونے کی وجہ

جب یہ ثابت ہو گیا کہ قاضی خدا کا نائب اور رعیت کا ولی ہے، تو اب جاننا چاہیے کہ قاضی کا وہ فیصلہ جو اُس کے علم کی حد تک صحیح ہو، اور جس چیز کے بارے میں اس نے فیصلہ کیا ہے، اُس میں فیصلہ قبول کرنے کی صلاحیت بھی ہو، تو قاضی کا فیصلہ نہ صرف ظاہراً نافذ ہوگا بلکہ باطناً بھی نافذ ہوگا، کیونکہ جب قاضی فیصلہ کر کے مدعی کو زنِ غیر منکوحہ اور اموالِ باقیہ پر قبضہ دِلا دے گا، تو اس قبضہ کو کوئی اٹھا نہیں سکتا، قاضی کے انصاف کے بھروسے ہی لوگ نالش دائر کیا کرتے ہیں، جب قاضی ہی مدعی کا حامی ہو گیا، تو اب اس قبضہ کو اُٹھانے والا کون ہے؟ اور جب مدعیٰ علیہ کا غیر مستحکم قبضہ سببِ ملک سمجھا جاتا ہے، تو مدعی کا قبضہ جو مؤیّد بحکمِ حاکم ہے موجبِ ملک کیوں نہ ہوگا؟ اور مدعیٰ علیہ کا قبضہ غیر مستحکم اس لئے ہے کہ وہ قاضی کے فیصلہ کے سامنے سرِ تسلیم خم کر لیتا ہے ——— اور محلِ قضاء یعنی زنِ غیر منکوحہ اور دیگر اموال میں فیصلہ قبول کرنے کی صلاحیت بدرجۂ اتم موجود ہے، اس لئے قاضی کا فیصلہ ظاہراً بھی نافذ ہوگا، اور باطناً بھی۔

---

[1] نوّاب: نائب کی جمع ہے: قائم مقام ۱۲

Marfat.com

دلیل کا خلاصہ یہ ہے کہ زیرِ بحث صورت میں ملکیت[1] کی علتِ تامہ یعنی قبضہ موجود ہے، محل[2] یعنی زنِ غیر منکوحہ میں اور اموالِ باقیہ میں ملکیت قبول کرنے کی صلاحیت بھی موجود ہے، اور[3] فاعل و مفعول میں اتصال بھی ہو چکا ہے یعنی محلِ قابل (مفعول) تک قبضہ (فاعل) متعدی ہو چکا ہے، جس کا حاصل یہ ہے کہ اس قبضہ کو اب کوئی ختم کرنے والا نہیں ہے، پھر متنازع فیہ چیز میں مدعی کی ملکیت ثابت نہ ہو تو سمجھو کہ علتِ تامہ کے لئے معلول لازم نہیں ہے، دھوکا ئڑی!۔

مگر اس صورت میں بدلالتِ مقدماتِ سابقہ اُن کا حکم تہ تک کی خبر لے گا، اور ظاہر سے باطن تک اپنا کام کرے گا، کیونکہ اوروں کے ظلم سے نجات اُس کی حمایت کے بھروسے تھی، جب وُہی اوروں کا حامی ہو گیا، تو پھر قبضۂ غیر کا اُٹھانے والا کون ہے؟

جب مدعیٰ علیہ کا قبضۂ غیر مستحکم موجبِ ملک ہو گیا، جس کے عدم استحکام پر اس سے زیادہ اور کیا دلیل ہو گی کہ قاضی کے حکم کے آگے آگے ہو لیتا ہے، تو قبضۂ مدعی تو بوجہ تائیدِ قضاءِ قاضی، و حمایت حاکم ایسا مستحکم ہے کہ اُس کے اُٹھنے کی امید ہی نہیں، وہ کیونکر موجبِ ملک نہ ہو گا؟ اِدھر مالِ متنازع فیہ محلِ قابل!

غرض علتِ موجبۂ ملک یعنی قبضہ موجود، علت قابلۂ ملک یعنی محلِ قابل موجود، اس کے ساتھ اتصالِ فاعل و مفعول ہو چکا یعنی قبضہ محلِ قابل تک متعدی ہو چکا، جس کا حاصل یہ ہے کہ مانع تعدّی کوئی نہیں، اب بھی عروضِ ملک مدعی، مال متنازع فیہ پر نہ ہو تو یوں کہو علتِ تامہ کو لزومِ معلول ضرور نہیں، سو ایسی بات سوا آپ کے کسی سے متوقع نہیں۔

تحصیلِ ملک کے لئے غلط طریقہ اختیار کرنا گناہ کبیرہ ہے

البتہ مدعی نے زنِ غیر منکوحہ کو حاصل کرنے کے لئے یا کسی کا مال ہڑپ کرنے کے لئے جو طریقہ اختیار کیا ہے،

Marfat.com

وہ گناہ کبیرہ ہے، جس کا خمیازہ اس کو آخرت میں تو ضرور بھگتنا پڑے گا، اور ہو سکتا ہے کہ دنیا میں بھی وہ اس کے وبال سے دوچار ہو، تجربہ یہ ہے کہ ایسے منکر مصیبتوں میں ضرور پھنستے ہیں رہی یہ بات کہ وہ مصیبتیں کس قسم کی ہیں، اور کتنی مقدار میں ہیں، اس کا علم اللہ تعالیٰ ہی کو ہے۔ بالاجمال قرآن کریم میں یہ ارشاد ہے کہ:

وَمَآ اَصَابَكُمْ مِّنْ مُّصِيْبَةٍ فَبِمَا كَسَبَتْ اَيْدِيْكُمْ وَيَعْفُوْا عَنْ كَثِيْرٍ۔ (الشوریٰ آیت ۳۰)

اور تم کو (اے گنہگارو!) جو کچھ مصیبت پہنچتی ہے، وہ تمہارے ہی ہاتھوں کے کئے ہوئے کاموں سے پہنچتی ہے، اور بہت سے گناہوں سے تو درگذر ہی فرما دیتے ہیں۔

رہا آخرت کا عذاب تو وہ اس حدیث میں صراحۃً موجود ہے، جو بحث کے شروع میں ذکر کی جا چکی ہے کہ ناجائز طریقہ سے دوسرے کی ہڑپ کی ہوئی جائداد "دوزخ کا ٹکڑا" ہی ہے۔

طریقہ کی خرابی ملک تک نہیں پہنچتی

مگر یہ بات اچھی طرح سمجھ لینی چاہئے کہ کسی چیز کے طریقہ اور ذریعہ کے حرام ہونے سے خود وہ چیز حرام نہیں ہوتی، آبِ مغصوب سے وضو کر کے نماز پڑھے، تو نماز درست ہوتی ہے، زنا کی اولاد عابد و عالم ہو سکتی ہے، بیع میں مبیع کے اوصاف خلافِ واقعہ بیان کرنے سے بیع درست ہوتی ہے، یہ بحث تفصیل سے ایضاح الادلہ میں ہے، وہاں ملاحظہ فرمائی جائے۔

قطعۃ من النار نص صریح نہیں ہے،

العرض قطعۃ من النار سے صرف صدورِ حکم کے سبب اور طریقہ کا حرام ہونا ثابت ہوتا ہے اور یہ بات سب کو تسلیم ہے کہ کاذب و ظالم مدعی اور جھوٹے گواہ شدید وعید کے مستحق ہیں، اس حدیث سے یہ ثابت نہیں ہوتا کہ قاضی کا فیصلہ باطناً نافذ نہیں ہوتا، بلکہ الٹا اس حدیث کے اشارہ سے تو باطناً بھی نافذ ہونا سمجھ میں آتا ہے، کیونکہ اَقْطَعُ لَہٗ میں لام تملیک ہے یعنی اگر میں کوئی چیز مدعی اور گواہوں کے کذب کی وجہ سے دھوکہ کھا کر دوسرے کو دلوا دوں تو وہ اس کا مالک تو ہو جائے گا، مگر مالک ہونے سے کوئی یہ نہ سمجھے کہ اس کے ذمہ کسی قسم کا مؤاخذہ باقی نہیں، بلکہ کذب و زور کا شدید مؤاخذہ اس کے سر ہے، اور اس وجہ سے اس چیز کو اپنے حق میں "دوزخ کا ٹکڑا" سمجھنا چاہئے۔

ہاں یہ مُسَلَّم کہ طریقِ حصولِ ملک گناہ کبیرہ ہے، اس لئے اِس کا وبال سر پر رہے گا، دنیا کی تکالیف جو بشہادت وَمَآ اَصَابَكُمْ مِنْ مُصِيبَةٍ فَبِمَا كَسَبَتْ اَيْدِيكُمْ وَيَعْفُوا عَنْ كَثِيرٍ ایسے صاحبوں کو اکثر پیش آیا کرتی ہیں، اُن کی نوعیت و تحدید تو خدا ہی جانے، پر عذابِ آخرت تو حدیث فَاِنَّمَا اَقْطَعُ لَهٗ قِطْعَةً مِنَ النَّارِ ـــــ اوکماقال ـــــ میں بیان ہو چکا، اور یہی حدیث ہے کہ جس کے بھروسے آپ یہ سمجھے ہوئے ہیں کہ قضائے قاضی نافذ نہیں ہو سکتی، کوئی آپ سے پوچھے دربارۂ عدمِ نفاذِ قضا یہ حدیث کِدھر سے نَصّ ہو گئی؟!

ہمیں چوگاں[1]، ہمیں میداں اب گذارش یہ ہے کہ اس حدیث سے تو آپ کی کار برآری[2] معلوم، اور کوئی حدیث ہو تو لائیے، اور دس[10] نہیں بیس[20] لے جائیے، پھر تا وقتیکہ آپ اِس قسم کی آیت و حدیث نہ لائیں، بروئے انصاف و قانونِ مناظرہ آپ کا اعتراض حنفیوں پر وارد ہی نہیں ہو سکتا، بلکہ بحکمِ مقدماتِ مذکورہ جو بدیہی ہیں، یا کلام اللہ اور حدیث سے ماخوذ ہیں، اُلٹا اُنھیں کا اعتراض آپ کے ذمہ رہے گا، اگر حوصلۂ مدافعت ہو تو مقدماتِ مسطورہ کی نقیض قرآن اور حدیث سے ثابت فرمائیے، ادھر ماخذِ مقدمات کا ابطال کیجئے، پھر دس[10] نہیں بیس[20] لیجئے، لیکن انصاف اور فہم سے کام کیجئے، ورنہ بے تکی کی ٹھہرے گی، تو یہ یاد رہے کہ یہ علم ہم بھی پڑھے ہوئے ہیں، اس علم کے مبادی ہی میں آپ کو اَقصیٰ تک پہنچا دیں گے، اور جواب ترکی بہ ترکی کا مصداق خود جتا دیں گے، آپ کو معلوم ہے کہ بے تکی میں بوجھ زیادہ

---

[1] چوگاں: گیند کا بلّا، ہمیں چوگاں، ہمیں میداں یعنی آیئے ابھی آزمائش ہو جائے ۱۲

[2] کام براری: کام نکلنا ۱۲

پڑتا ہے، کولھو کی مَثَل[1] ضرور ملازمانِ[2] حضور کے گوش گذار ہوئی ہوگی، اِن وجوہ سے اول ہی عرض کر دیا گیا ہے کہ اِس سے احترازِ اولیٰ ہے، ورنہ گستاخی معاف!

---

[1] وہ مَثَل یہ ہے: تیلی نے کہا "جاٹ رے جاٹ! تیرے سر پہ کھاٹ!" جاٹ نے جواب دیا: "تیلی رے تیلی! تیرے سر پہ کولہو" تیلی نے کہا: ٹھک تو ملا نہیں، جاٹ نے کہا: تو کیا ہوا، بوجھوں تو مرے گا! ۱۲

[2] نوابی دور میں گفتگو کا ادب یہ تھا کہ بُری چیز بڑے کی طرف منسوب کرنے کے بجائے اس کے دشمن کی طرف منسوب کرتے تھے، نواب صاحب کے سر میں درد ہوتا تو عیادت کرنے والے کہتے "حضور کے دشمنوں کے سر کا درد کیسا ہے؟ اور عام چیز خداموں اور ملازموں کی طرف منسوب کی جاتی تھی، نواب صاحب کو کوئی اطلاع دینی ہوتی تو کہتے کہ "حضورِ والا کے خداموں کے کان میں یہ بات پہنچی ہوگی" اور عمدہ بات براہ راست منسوب کی جاتی تھی، کہا جاتا تھا کہ "جناب عالی نے خدام کو انعام سے نوازا" ۱۲

Marfat.com

⑨

مَحارم سے نکاح حدِّ زنا میں شبہ پیدا کرتا ہے

محارم کے معنیٰ ـــــ زنا اور حد کے معنیٰ ـــــ حد اور تعزیر میں فرق ـــــ حدِّ زنا ـــــ جمہور کی عقلی دلیل ـــــ امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کے نقلی دلائل ـــــ شبہ کی تعریف اور اس کی تین قسمیں: شبہ فی المحل، شبہ فی الفعل اور شبہ فی العقد اور ان کے احکامات ـــــ مفتی بہ قول ـــــ صاحبِ ھدایہ کی جامع اور محققانہ بحث ـــــ جمہور کی دلیل پر نظر ـــــ امام صاحبؒ کی عقلی دلیل ـــــ امام صاحبؒ کی دوسری دلیل ـــــ افعال حسیہ اور افعالِ شرعیہ کی تعریفات ـــــ نہی اور نفی میں فرق ـــــ افعال شرعیہ کی نہی میں شرعی قدرت ضروری ہے ـــــ نکاح محارم بھی حقیقۃً نکاح ہے، اگرچہ مفید حل نہیں ہے ـــــ نکاح کر کے محارم سے صحبت کرنا بھی حرمت میں زنا سے بڑھا ہوا ہے ـــــ تہمت کا انجام بُرا ہوتا ہے۔

Marfat.com

Marfat.com

(۹)

محارم سے نکاح حدِّ زنا میں شُبہ پیدا کرتا ہے

محارم کے معنی مَحارم: مَحْرَم کی جمع ہے، جس کے لغوی معنیٰ ہیں "حرام"، اور شریعت کی اصطلاح میں "مَحْرَم" وہ (مرد یا عورت) ہے، جس کے ساتھ ہمیشہ کے لئے نکاح حرام ہے، خواہ نسبی رشتہ کی وجہ سے حرام ہو، یا سُسرالی رشتہ کی وجہ سے، یا دودھ پینے کی وجہ سے، یا ناجائز انتفاع کی وجہ سے۔ مَنْ حَرُمَ نِکَاحُہٗ عَلَی التأبیدِ بِنَسَبٍ اومُصاھرۃٍ، اور رضَاعٍ او بوَطْیٍ حرامٍ (قواعد الفقہ)

زنا کے معنی زنا کے لغوی اور شرعی معنیٰ ایک ہیں یعنی مرد کا کسی ایسی عورت سے آگے کی راہ میں صحبت کرنا، جو نہ اس کی ملکِ نکاح میں ہو، نہ ملکِ یمین میں اور نہ اس میں، ان دونوں ملکیتوں میں سے کسی ملکیت کا شُبہ (شائبہ) ہو، الزنا فی اللغۃ والشرع بمعنی واحد، وَھُوَ وَطْءُ الرجلِ المرأۃَ فی القُبُلِ فی غیر الملک وشُبْھَتِہٖ (شامی ص۱۴۴ ج۳ کتاب الحدود)

اور ہر زِنا میں حد واجب نہیں ہوتی، تنویر الأبصار میں اُس زنا کی جس میں حد واجب ہوتی ہے یہ تعریف کی گئی ہے۔

وَطْءُ مُکَلَّفٍ ناطِقٍ طَائِعٍ — عاقل بالغ بولنے والے کا برضا و رغبت کسی قابلِ

فِی قُبُلِ مُشْتَھَاۃٍ خَالٍ عَنْ — خواہش عورت کی اگلی راہ میں صحبت کرنا، جو ملکِ

مِلْکِہٖ وشُبھتِہٖ فِی — یمین اور ملکِ نکاح سے خالی ہو، نیز ملکیت کے شائبہ سے

Marfat.com

دَارِ الاِسْلَام (حوالہ سابق) بھی خالی ہو اور یہ واقعہ دارالاسلام میں پیش آیا ہو

حد کے معنیٰ حد کے لغوی معنیٰ ہیں "روکنا" اور شریعت کی اصطلاح میں "حَدّ" اس سزا کو کہتے ہیں جس کی مقدار متعین ہے، اور جو بطور حق اللہ واجب ہوتی ہے، اور جس کا مقصد زَجْر (تنبیہ اور سرزنش) ہوتا ہے، اَلْحَدُّ عُقُوْبَةٌ مُقَدَّرَةٌ وَجَبَتْ حَقًّا لِلّٰهِ تَعَالٰی زَجْرًا (درمختار)

حدود چار ہیں، حدِّ زِنا، حدِّ سَرِقَہ، (چوری کی سزا) حدِّ قَذْف (زنا کی تہمت لگانے کی سزا) اور شراب پینے کی سزا ——— ان چار سزاؤں کے علاوہ اسلام میں دیگر جرائم کی جو بھی چھوٹی بڑی سزائیں ہیں وہ تَعْزِیْر اور سیاست کہلاتی ہیں، اور اُن کا اجراء قاضی کی صواب دید پر موقوف ہوتا ہے، ان کا جاری کرنا لازماً ضروری نہیں ہوتا، اسی طرح قصاص بھی حد نہیں ہے، چنانچہ مقتول کے وُرَثاء قصاص معاف بھی کر سکتے، اور حدود چونکہ اللہ کا حق ہیں، اس لئے ان کو معاف کرنا جائز نہیں ہے، بلکہ اس سلسلہ میں سفارش کرنا بھی سخت ناپسندیدہ عمل ہے۔

حد اور تعزیر میں فرق بڑے اور کثیر الوقوع جرائم کے لئے شریعت میں جو سزائیں مقرر کی گئی ہیں، جن کا تصور ہی لوگوں کو جرم کے ارتکاب سے روکتا ہے، اور جن کا اجراء دوبارہ جرم کرنے سے روکتا ہے، شریعت کی اصطلاح میں حدود کہلاتی ہیں۔ اور وہ صرف چار ہیں، زِنا، چوری، (زنا کی) تہمت لگانا اور شراب پینا۔

دیگر جرائم جو یا تو چھوٹے جرائم ہیں، یا قلیل الوقوع ہیں جیسے اِغْلَام، جانوروں کے ساتھ بدفعلی وغیرہ، ایسے جرائم کی سزائیں متعین طور پر مقرر نہیں کی گئی ہیں، بلکہ قاضی کی صوابدید پر چھوڑ دی گئی ہیں۔ قاضی جرم کی نوعیت دیکھے گا، اور جو سخت سے سخت، یا ہلکی سے ہلکی سزا مناسب سمجھے گا جاری کرے گا۔

الغرض جس جرم کی سزا شریعت میں متعین ہے وہ "حد" ہے، اور جس جرم کی سزا قاضی کی صواب دید پر موقوف ہے وہ "تعزیر" ہے

حدِ زنا دو ہیں (۱) غیر شادی شدہ کے لئے سو کوڑے (۲) اور مُحْصَن یعنی شادی شدہ مسلمان کے لئے رَجْم یعنی سنگ سار کرنا۔

مسئلہ کا آغاز اس کے بعد جاننا چاہئے کہ اگر کوئی شخص اپنے مَحْرَم سے مثلاً ماں یا بہن

سے نکاح کرلے، اوراس کے ساتھ ہم بستر بھی ہو جائے، تو اس پر زنا کی سزا واجب ہوگی یا نہیں؟ ——— ائمہ ثلٰثہ اور صاحبین کے نزدیک اگر نکاح کرنے والے کو یہ بات معلوم تھی کہ وہ عورت اس کی مَحْرم ہے، اور مَحْرم سے نکاح حرام ہے تو اس پر حدِّ زنا واجب ہے، اور اگر وہ ناواقف تھا تو حد واجب نہیں ہے۔

اور امام اعظم ابوحنیفہؒ، حضرت سفیان ثوری اور امام زُفر کے نزدیک بہرصورت اس پر حد واجب نہیں ہے، البتہ اگر اس نے جانتے بوجھتے یہ حرکت کی ہے تو اس کو سخت عبرتناک سزا دی جائے گی۔

جمہور کی دلیل

فریقِ اول کی دلیل یہ ہے کہ مَحْرم کے ساتھ نکاح، نکاحِ باطل ہے، کیونکہ وہ نکاح جوازِ وطی کا سبب نہیں ہے، پس وہ صرف نام نہاد نکاح ہے، حقیقت میں نکاح نہیں ہے، اس لئے اس نکاح کے بعد جو صحبت کی گئی ہے وہ زنا ہے اور اس شخص پر حدِّ زنا واجب ہے۔ ——— جمہور کے پاس صرف یہی ایک عقلی دلیل ہے، کوئی نقلی دلیل اُن کے پاس نہیں ہے۔

امام ابوحنیفہ کے نقلی دلائل

اور امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کے پاس نقلی دلائل درج ذیل روایات ہیں:۔

پہلی روایت:۔ حضرت براء رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میری ملاقات میرے ماموں حضرت ابوبُردہ بن نیار رضی اللہ عنہ سے ہوئی، وہ چند لوگوں کے ساتھ جارہے تھے، اور ان کے ہاتھ میں جھنڈا تھا، میرے دریافت کرنے پر انھوں نے بتایا کہ ایک شخص نے اپنی سوتیلی ماں سے باپ کی وفات کے بعد نکاح کرلیا ہے، حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں بھیجا ہے کہ ہم اس کی گردن اُڑادیں، اور ایک روایت میں ہے کہ اس کا مال اپنی تحویل میں کرلیں ———

یہ روایت ابوداؤد، ترمذی، مُستدرک حاکم، ابن ماجہ، طحاوی، مصنف عبدالرزاق، مصنف ابن ابی شَیْبہ، مسند امام احمد بن حنبل اور سُنَن بَیْہَقی میں ہے۔

دوسری روایت:۔ مُعاویہ بن ثُوْرہ کے دادا مُعاویہ بن اِیاس رضی اللہ عنہ کو آں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک ایسے آدمی کی طرف بھیجا تھا جس نے اپنی بہو یعنی لڑکے کی بیوی سے نکاح کرلیا تھا، اور آپؐ نے حکم دیا تھا کہ اس کی گردن اُڑادی جائے، اور اس کے مال کا پانچواں حصہ لے لیا جائے ——— یہ روایت ابن ماجہ میں ہے، امام ترمذیؒ نے

Marfat.com

بھی کتاب الحدود، باب التعزیر میں اس کا تذکرہ کیا ہے۔

ان واقعات میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے زنا کی سزا جاری نہیں فرمائی ہے، کیونکہ زنا کی سزا یا تو کوڑے ہیں یا رجم، پس ثابت ہوا کہ محارم کے ساتھ نکاح کرنے کی صورت میں حد تو واجب نہیں ہے، البتہ تعزیرًا اس کو قتل کیا جا سکتا ہے۔

تیسری روایت: حضرت ابن عباس رضؓ سے مروی ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ:۔

مَنْ وَقَعَ عَلٰی ذَاتِ مَحْرَمٍ فَاقْتُلُوْهُ — جو شخص اپنے محرم کے ساتھ بدفعلی کرے اس کو قتل کردو۔

یہ روایت ابن ماجہ اور ترمذی میں ہے، اس کا مفاد یہ ہے کہ محرم کے ساتھ زنا کرنا عام زنا سے سخت جرم ہے، ایسا شخص اگر کنوارا بھی ہو، تو اس کو کوڑے مار کر چھوڑ نہیں دیا جائے گا، بلکہ اس کو قتل کر دیا جائے گا، اسی طرح اگر محرم کے ساتھ نکاح کر کے صحبت کرے تو یہ بھی عام زنا سے زیادہ سنگین جرم ہے، لہٰذا ایسا شخص بھی تعزیرًا! ور سیاسۃً قتل کیا جائے گا، زنا کی سزا اس پر جاری نہیں کی جائے گی، جس میں زانی اگر کنوارا ہوتا ہے تو سو کوڑے لگا کر چھوڑ دیا جاتا ہے، کیونکہ یہ مجرم اس رعایت کا حق دار نہیں ہے۔

چوتھی روایت: ارشاد نبوی ہے کہ:۔

اِدْرَءُوا الحدود عَنِ المسلمینَ مَا اسْتَطَعْتُمْ، فَاِنْ كَانَ له مَخْرَجٌ فَخَلُّوْا سَبِيْلَهٗ فَاِنَّ الْاِمَامَ اَنْ يُخْطِئَ فِي الْعَفْوِ خَيْرٌ مِنْ اَنْ يُخْطِئَ فِي الْعُقُوْبَةِ (مشکوۃ، کتاب الحدود، فصل ثانی)

جہاں تک گنجائش ہو مسلمانوں سے حدود ہٹا دو، یعنی اگر مجرم کے لئے چھٹکارے کی کوئی راہ ہو تو اس کی راہ کھول دو، کیونکہ امام کا معاف کرنے میں غلطی کرنا بہتر ہے اِس سے کہ سزا دینے میں غلطی کرے

یہ حدیث مرفوع بھی روایت کی گئی ہے، اور حضرت عائشہ رضؓ کے ارشاد کے طور پر بھی روایت کی گئی ہے، مگر وہ بھی حکمًا مرفوع ہے، کیونکہ مضمون مدرک بالعقل نہیں ہے، نیز تمام مجتہدین نے اس حدیث کو قبول کیا ہے، جو اس کی صحت کا ایک ثبوت ہے، علاوہ ازیں اس حدیث کے لئے شاہد بھی موجود ہے، اور وہ حضرت ماعز رضی اللہ عنہ کا قصہ ہے کہ جب انھوں نے زنا کا اقرار کیا تھا، تو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو کئی بار ٹالا تھا، مگر جب وہ اپنے اقرار پر مصر رہے تو مجبورًا ان کو رجم کیا تھا۔

اسی حدیث سے فقہاء کرام نے یہ ضابطہ بنایا ہے کہ اَلْحُدُوْدُ تَنْدَرِءُ بِالشُّبُهَاتِ

Marfat.com

(شبہ کی وجہ سے حدود اٹھ جاتی ہیں) نیز حدیث مرفوع بھی ہے کہ اِدْرَءُوا الحدود بالشُّبہات، یہ حدیث امام ابوحنیفہ رح نے اپنی مسند میں روایت کی ہے، تخریج کے لئے دیکھئے مولانا ابوالحسنات عبدالحی لکھنوی کا رسالہ "القول الجازم فی سقوط الحد بنکاح المحارم"، (ص ۱۱)

شُبہ کی تعریف اور اس کی قسمیں

شُبہ: اس چیز کو کہتے ہیں جو ثابت تو نہ ہو، مگر ثابت کے مُشابہ ہو، مَایُشْبِہُ الشَّیْءَ الثَّابِتَ، ولَیْسَ بِثابتٍ فی نفس الاَمْرِ (درمختار) پھر شُبہ کی تین قسمیں ہیں، محلِ وطی یعنی عورت میں پایا جانے والا شُبہ، نفسِ وطی میں پایا جانے والا شُبہ، اور عقدِ نکاح میں پایا جانے والا شُبہ ——— تینوں قسموں کی تفصیل درجِ ذیل ہے۔

شُبہ فی المحل کی تعریف

شُبہ فی المحل (جس کو شُبہ حُکمیہ، اور شبہ فی الملک بھی کہتے ہیں) یہ ہے کہ شریعت میں اُس عورت کے حلال ہونے کی کوئی دلیل موجود ہو، جس کی وجہ سے اِشتباہ کی گنجائش ہو، مثلاً اپنی اولاد کی باندی سے وطی کرنا، حدیث شریف میں فرمایا گیا ہے کہ اَنْتَ وَمَالُكَ لِاَبِیْكَ (تو اور تیرا مال تیرے باپ کے لئے ہیں) اس لئے یہ سمجھنے کی گنجائش ہے کہ شاید اس شخص نے اولاد کی باندی کو اپنی باندی سمجھ کر صحبت کی ہو ——— شُبہ فی المحل کی دوسری مثال وہ عورت ہے جس کو الفاظِ کنائی کے ذریعہ طلاقِ بائنہ دی گئی ہو، اور عدت میں شوہر نے اس سے صحبت کی ہو، کیونکہ صحابۂ کرام کا اس مسئلہ میں اختلاف تھا کہ کنائی الفاظ سے رجعی طلاق واقع ہوتی ہے، یا بائنہ، اس لئے یہ سمجھنے کی گنجائش ہے کہ شاید شوہر نے اس کو مُعْتَدَّۂ رَجْعِیَّہ سمجھ کر صحبت کی ہو، اس کے علاوہ شُبہ فی المحل کی اور بہت سی صورتیں ہیں، تفصیل کے لئے کُتُبِ فقہ یا مولانا عبدالحیؒ لکھنوی کا رسالہ القول الجازم دیکھیں۔

شبہ فی المحل کا حکم

اس قسم کا حکم یہ ہے کہ جہاں یہ شُبہ پایا جائے گا، حدِ زنا واجب نہیں ہوگی، اگرچہ صحبت کرنے والے نے اس عورت کو اپنے لئے حرام سمجھتے ہوئے صحبت کی ہو، اور اس صحبت سے اگر کوئی اولاد پیدا ہوگی اور صحبت کرنے والا اس کا دعویٰ کرے گا تو اس کا نسب ثابت ہوگا۔

شبہ فی الفعل کی تعریف

شُبہ فی الفعل جس کا دوسرا نام شُبہِ اِشتباہ ہے یعنی فعلِ وطی میں پایا جانے والا شُبہ اور وہ یہ ہے کہ

Marfat.com

محلِ وطی (عورت) میں تو اشتباہ کی کوئی شرعی بنیاد نہ ہو، مگر صحبت کرنے والے کے حق میں اشتباہ کی گنجائش ہو، مثلاً ماں، باپ کی باندی سے صحبت کرنا، یہاں کوئی دلیل شرعی تو ایسی نہیں ہے، جس سے ملکیت کا شُبہ پیدا ہوتا ہو، مگر ماں، باپ اور اولاد کے درمیان ایک دوسرے کی چیزیں استعمال کرنے میں جو بے تکلفی پائی جاتی ہے، اس سے اس شبہ کی گنجائش ہے کہ شاید صحبت کرنے والے نے اس باندی کو اپنے لئے حلال سمجھ کر صحبت کی ہو، اس قسم کی دوسری مثالیں یہ ہیں ① جس عورت کو طلاقِ مُغَلَّظہ دی گئی ہو، اس سے دورانِ عدت وطی کرنا ② وہ عورت جو شبِ زَفاف میں شوہر کی خلوت گاہ میں پہنچائی گئی ہو، اور شوہر سے یہ کہا گیا ہو کہ یہ تیری بیوی ہے ③ جس عورت کو مال کے بدل میں طلاق دی گئی ہو، یا جس عورت نے مال کے ذریعہ شوہر سے خُلع کیا ہو، اس سے دورانِ عدت صحبت کرنا (دیگر صورتوں کے لئے القول البجازم دیکھیں)۔

شُبہ فی الفعل کا حکم

اس قسم کا حکم یہ ہے کہ اگر صحبت کرنے والا اس عورت کو اپنے لئے حلال سمجھتا تھا، تو حدِّ زنا واجب نہ ہوگی، اور اگر حرام سمجھتے ہوئے یہ حرکت کی ہے، تو حَدِّ زنا واجب ہوگی۔ اور صحبت سے اگر کوئی اولاد پیدا ہوئی، اور صحبت کرنے والا اس کا دعویٰ کرے تب بھی نسب ثابت نہ ہوگا، البتہ وہ عورت جس کو تین طلاقیں دی ہیں، یا جس کو مال کے عوض میں طلاق دی ہے، یا جس نے شوہر سے خلع کیا ہے، یا شبِ زَفاف میں جو عورت شوہر کی خلوت گاہ میں پہنچائی گئی ہے، اُن سے پیدا ہونے والے بچہ کا نسب ثابت ہوتا ہے، بشرطیکہ صحبت کرنے والا بچہ کے نسب کا دعویٰ کرے۔

شبہ فی العقد کی تعریف

شبہ فی العقد: وہ شُبہ ہے جو عقدِ نکاح کی وجہ سے پیدا ہوا ہو جیسے محارم سے نکاح کرکے وطی کرنا، غیر کی منکوحہ یا معتدہ سے نکاح کرکے وطی کرنا، پانچویں عورت سے نکاح کرکے وطی کرنا، بیوی کی عدت میں اس کی بہن سے نکاح کرکے وطی کرنا، اور بغیر گواہوں کے نکاح کرکے وطی کرنا ——— ان تمام صورتوں میں صورۃً عقدِ نکاح پایا جاتا ہے، حقیقۃً وہ عقد نہیں ہے۔

شُبہ فی العقد کا حکم

اس قسم کا حکم صاحبین اور ائمہ ثلاثہ کے نزدیک یہ ہے کہ اگر وہ شخص اس عورت کو اپنے لئے حرام سمجھتا تھا، تو حدِّ زنا واجب ہوگی ورنہ نہیں، یعنی ان حضرات کے نزدیک شُبہ عقد کا حکم وُہی ہے جو شُبہ فعل کا ہے۔

Marfat.com

اور امام اعظمؒ کے نزدیک اس صورت میں مطلقاً حدّ واجب نہ ہوگی، خواہ وہ حرمت کو جانتا ہو، یا نہ جانتا ہو، امام اعظمؒ کے نزدیک یہ قسم پہلی قسم کی طرف راجع ہے، یعنی جو حکم شبہ فی المحل کا ہے، وہی حکم شبہ فی العقد کا ہے، البتہ اگر وہ تحریم کو جانتا تھا، اور پھر اس نے یہ انسانیت سوز حرکت کی ہے، تو جو بھی سخت سے سخت سزا ہوسکتی ہو وہ دی جائے گی، فتح القدیر میں ہے۔

وَمَنْ تَزَوَّجَ امْرَأَةً لَايَحِلُّ لَهٗ نِكَاحُهَا، بِأَنْ كَانَتْ مِنْ ذَوِي محارمه بِنَسَبٍ كَأُمِّهٖ اوبنته، فوطِئَهَا، لَمْ يَجِبْ عليه الحدُّ عند ابی حنيفةَ وسفيان الثوری وزُفَرَ وإنْ قال علمتُ انها عَلَيَّ حرامٌ، ولكن يجب عليه بذلك المَهْرُ، ويُعَاقَبُ عقوبةً هی اَشَدُّ مايكون من التعزير سياسةً لاحدًّا مقدرًا شرعًا، اذا كان عالمًا بذلك، واذا لم يكن عالمًا لاحَدَّ ولاعقوبةَ تعزيرٍ، وقال ابو يوسف ومحمد والشافعی وكذا مالك واحمد يجب الحدُّ اذا كان عالمًا بذلك (ص ۴۰ ج ۵)

ترجمہ:۔ جس شخص نے کسی ایسی عورت سے نکاح کیا، جس سے نکاح حلال نہیں ہے۔ مثلاً وہ عورت نسب کی وجہ سے اس کی محرم ہے جیسے اس کی ماں اور اس کی بہن، پھر اس سے صحبت کرلی تو امام ابوحنیفہ، سفیان ثوری اور امام زفر رحمہم اللہ کے نزدیک اس پر حد واجب نہ ہوگی، اگرچہ وہ اس عورت کو حرام سمجھتا ہو بلکہ اس پر اس عورت کا مہر واجب ہوگا اور اس کو جو سخت سے سخت سزا ہوسکتی ہو بطور سیاست دی جائے گی۔ شرعاً مقررہ حد کے طور پر کوئی سزا نہ دی جائیگی یہ حکم اس صورت میں ہے جب وہ تحریم کو جانتا ہو، ورنہ نہ تو حد ہے نہ بطور تعزیر کوئی سزا ہے اور صاحبین، امام شافعی اور اسی طرح امام مالک اور امام احمد رحمہم اللہ کا قول یہ ہے کہ اگر وہ تحریم کو جانتا تھا تو حد واجب ہے۔

مفتی بہ قول

درمختار میں خلاصۃ الفتاویٰ سے نقل کیا گیا ہے کہ فتویٰ صاحبین کے قول پر ہے، مگر علامہ قاسم بن قُطْلُوبُغا نے اس کو رد کر دیا ہے، اور فرمایا ہے کہ امام صاحب کے قول پر فتویٰ دینا زیادہ بہتر ہے (دُرِّ مختار مع الشامی ص ۱۶۸ ج ۳) صاحبِ ھدایہ کا رجحان بھی یہی معلوم ہوتا ہے، کیونکہ انھوں نے سب سے آخر میں امام صاحب کے قول کی دلیل بیان کی ہے، اور اُن کا طریقہ یہ ہے کہ وہ قولِ مختار کی دلیل آخر میں ذکر کرتے ہیں۔

——— صاحبِ ھدایہ نے اس سلسلہ میں نہایت جامع اور محققانہ بحث کی ہے، اس لئے پہلے وہ پڑھ لی جائے، ارشاد فرماتے ہیں کہ

وَمَنْ تَزَوَّجَ امْرَأَةً لَايَحِلُّ لَهٗ نِكَاحُهَا، فَوَطْئُهَا لَايُوجِبُ عليه الحدَّ عند ابی حنيفةؒ لكنه يُوجِبُ عقوبةً اذا كان عَلِمَ بذلك، وقال ابو يوسف ومحمد والشافعیؒ: عليه الحدُّ اذا كان عالمًا بذلك، لانه عقدٌ لم يُصَادِفْ محلَّهٗ فَيَلْغُوْ، كما اذا اُضِيْفَ الى الذكور، و هذا لانَّ محلَ التصرف مايكون محلًا لحكمه، وحكمُه الحِلُّ، وهی من المحرمات.

وَلابی حنيفةؒ ان العقد صادفَ محلَّه، لان محل التصرف مايقبل مقصودَهٗ، والاُنثیٰ من بنات بنی آدم قابلةٌ للتَّوالُدِ، وهو المقصودُ، فكان ينبغی ان يَنْعَقِدَ فی حق جميع الاحكام، اِلَّا انه تَقَاعَدَ عن افادةِ حقيقةِ الحِلِّ فَيُوْرِثُ الشُّبْهَةَ، لان الشبهةَ مايُشْبِهُ الثابتَ، لا نَفْسُ الثابت، اِلَّا انه ارتكب جريمةً، ولَيْسَ فيها حدٌّ مُقَدَّرٌ فَيُعَزَّرُ (ص ۴۹۶/۲ج باب الوطئ الذی يوجب الحد والذی لايوجبه)

ترجمہ: جس شخص نے کسی ایسی عورت سے نکاح کیا کہ اس شخص کے لئے اس عورت سے نکاح جائز نہیں تھا، پھر اس کے ساتھ ہم بستری بھی کرلی، تو امام صاحب کے نزدیک اس شخص پر حد واجب نہیں ہے البتہ سزا کے طور پر اس کو سخت تکلیف پہنچائی جائے گی، جبکہ وہ تحریم کو جانتا ہو، اور صاحبین اور امام شافعی رح کے نزدیک اس شخص پر حد واجب ہے، جبکہ وہ تحریم کو جانتا ہو، کیونکہ یہ نکاح ایک ایسا عقد ہے، جس نے اپنے محل کو نہیں پایا، (یعنی جس عورت کی طرف عقدِ نکاح کی نسبت کی گئی ہے وہ نکاح کا محل نہیں ہے) لہذا وہ نکاح بیکار اور لغو ہوگا، جیسا کہ کسی مرد کے ساتھ نکاح کرنا ——— اور اس عقد کا محل کو نہ پانا اس وجہ سے ہے کہ عقد کا محل وہ ہے، جو عقد کا حکم قبول کرے، اور عقدِ نکاح کا حکم حلتِ وطی ہے، اور یہ منکوحہ محرماتِ ابدیہ میں سے ہے (اس لئے یہ عورت نکاح کا حکم قبول نہیں کرسکتی)

اور امام ابو حنیفہ رح کی دلیل یہ ہے کہ اس عقدِ نکاح نے اپنے محل کو پالیا ہے، کیونکہ عقد کا محل وہ ہے، جو عقد کی غرض اور مقصود کو قبول کرے، اور تمام عورتیں (خواہ محرمات ہوں یا غیر محرمات) توالد وتناسل کی صلاحیت رکھتی ہیں، اور یہی نکاح کی غرض ہے، اس لئے مناسب یہ ہے کہ یہ نکاح اپنے تمام احکام کے حق میں منعقد ہوجائے، مگر یہ نکاح حلتِ وطی کا فائدہ دینے سے عاجز رہ گیا ہے (اس لئے کہ شریعت نے محرمات سے نکاح حرام کیا ہے) الغرض یہ نکاح شبہ پیدا کرے گا، کیونکہ شبہ اس چیز کا نام ہے جو شیٔ ثابت کے مُشابہ ہو، مگر ثابت نہ ہو، ——— ہاں اس شخص نے ایک بڑے گناہ کا ارتکاب کیا ہے، اور اس

Marfat.com

کی کوئی حد متعین نہیں ہے، لہذا اس کو سخت سزا دی جائے گی۔

جمہور کی دلیل پر نظر

صاحب ہدایہ نے جمہور کی جو دلیل بیان کی ہے، اس کا حاصل یہ ہے کہ شارع نے اکثر امور ایسے مقرر کئے ہیں جن سے کسی غرض کی تحصیل مقصود ہوتی ہے، اور وہ امور اُنہی اغراض کے لئے مشروع ہوئے ہیں، مثلاً بیع، اجارہ، نکاح، اور ہبہ وغیرہ امور جو مشروع ہوئے ہیں، تو اُن سے کسی نہ کسی فائدہ کا حصول مقصد ہے، مثلاً بیع میں مَبیع اور ثمن کا مالک ہونا مقصود ہے، عقدِ نکاح میں استمتاع کا حلال ہونا مطلوب ہے، اگر وہ غرض اس پر متفرع نہ ہو تو وہ عقد سراسر باطل ہوگا، اور محارم سے نکاح بالاتفاق جوازِ وطی کا سبب نہیں بنتا، لہذا وہ نکاح باطل ہوگا، اگرچہ نکاح کے تمام ارکان موجود ہوں ——— جمہور کی یہ دلیل بچند وجوہ قابلِ غور ہے۔

(۱) نکاح کی غرض اور مقصودِ اصلی جوازِ وطی نہیں ہے، بلکہ تَوَلُّدِ اولاد ہے، ارشاد باری نِسَاءُكُمْ حَرْثٌ لَّكُمْ (عورتیں تمہاری کھیتی ہیں) اور ارشادِ نبوی اِنِّی مُکَاثِرٌ بِکُمُ الْاُمَمَ (میں تمہاری زیادتی کے ذریعہ دیگر امتوں پر فخر کروں گا) سے یہی غرض ثابت ہوتی ہے، اور وطی چونکہ تَوَلُّد کے لئے واسطہ ہے، اس لئے بالواسطہ وہ مقصود ہے، جس طرح بقائے انسان کے لئے غذا بالواسطہ مقصود ہے ——— اسی وجہ سے زِنا حرام کیا گیا ہے کیونکہ زانی کا اصلی مقصد شہوت رانی ہوتا ہے، حصولِ اولاد مقصود نہیں ہوتا، نکاحِ مُتعہ اور نکاح مُوَقَّت کے حرام ہونے کی وجہ بھی یہی ہے۔

(۲) وطی اگر نکاح کی غرض ہو، تو وہ علت غائی ہوگی، جس کو معلول کے وجود میں کچھ دَخل نہیں ہوتا، کیونکہ چار علتوں میں سے معلول کا جز صرف علتِ مادی اور علتِ صوری ہوتی ہیں، علتِ فاعلی اور علتِ غائی معلول سے خارج ہوتی ہیں، مثلاً چارپائی کے اجزاء پائے، باہیں، اور بان ہیں جو علت مادی ہیں، اور چارپائی تیار ہونے پر جو اس کی صورت اور ہیئتِ کذائی بنتی ہے، وہ علت صوری ہے اور یہ دونوں علتیں چارپائی کا جز ہیں. مگر بڑھئی جو علتِ فاعلی ہے، اور چارپائی کی غرض "لیٹنا بیٹھنا"، جو علتِ غائی ہے چارپائی کا جز نہیں ہیں، کیونکہ ضروری نہیں ہے کہ چارپائی تیار ہونے پر اس کی غرض مرتب بھی ہو، الغرض وطی اگر نکاح کی غرض ہو، تب بھی اس پر نکاح کی صحت موقوف نہ رہے گی۔

(۳) کسی کافر کے نکاح میں دو بہنیں ہوں، پھر وہ سب مُشرَّف باسلام ہو جائیں، تو حدیث شریف

میں یہ حکم ہے کہ ان دونوں بہنوں میں سے کسی ایک کے اختیار کر لینے کا شوہر کو اختیار ہے، اس اختیار سے صاف ظاہر ہے کہ اسلام کے بعد بھی وہ دونوں بہنیں علی حالہ اس شخص کے نکاح میں ہیں، ورنہ اختیارِ تعیین باطل ہوگا۔ حالانکہ اس پر سب کا اتفاق ہے کہ ان دونوں سے وطی کرنا حرام ہے، اسی طرح اگر کوئی شخص دو بہنوں کو خرید لے، تو سب جانتے ہیں کہ مولیٰ کو دونوں بہنوں پر ملکِ متعہ حاصل ہے، چنانچہ ان دونوں میں سے جس کو چاہے وطی کے لئے خاص کر سکتا ہے، حالانکہ غرض نکاح یعنی دونوں بہنوں سے صحبت کا حلال ہونا مولیٰ کو حاصل نہیں ہے۔

(۴) بیوی روزے سے ہو، یا احرام کی حالت میں ہو، یا حیض کی حالت میں ہو، یا نفاس کی حالت میں ہو، تو وطی کا حلال ہونا جس کو نکاح کی غرض سمجھا گیا ہے حاصل نہیں ہے، اور نکاح جوں کا توں موجود ہے، اسی طرح کوئی بیوی سے ظہار کرلے، تو کفارہ ادا کرنے سے پہلے صحبت جائز نہیں، مگر نکاح بحالہ باقی ہے۔ اسی طرح ایلاء میں بھی بیوی حرام ہو جاتی ہے مگر نکاح باقی رہتا ہے۔ نیز محارم (ماں بہن وغیرہ) کو خریدنے کی صورت میں ملکیت پائی جاتی ہے مگر حلتِ وطی ثابت نہیں ہے، الغرض مذکورہ بالا وجوہ کی بنا پر حلتِ وطی کو نکاح کی اصلی غرض قرار دینا درست نہیں ہے۔

امام صاحب کی عقلی دلیل

صاحبِ ھدایہ نے امام اعظمؒ کی جو دلیل عقلی بیان فرمائی ہے، اس کی تفصیل یہ ہے کہ نکاح کی کل دو ہی قسمیں ہیں، نکاحِ صحیح اور نکاحِ باطل، نکاحِ صحیح وہ نکاح ہے جس میں نکاح کے تمام ارکان پائے جائیں، اور نکاحِ باطل وہ نکاح ہے جس میں نکاح کا کوئی رکن موجود نہ ہو ——— اب محرماتِ ابدیہ کے ساتھ نکاح میں غور کیا جائے تو معلوم ہوگا کہ اس میں تمام ارکان موجود ہیں، علتِ فاعلی ——— یعنی مرد میں جماع کی قدرت کا ہونا ——— موجود ہے اسی طرح علتِ قابلہ ——— یعنی عورت میں توالد و تناسل کی صلاحیت کا ہونا ——— بھی موجود ہے اور باہمی رضامندی بھی متحقق ہے۔

الغرض جب مرد نکاح کا اھل ہے، عورت نکاح کا محل ہے، اور طرفین کی رضامندی سے گواہوں کے سامنے ایجاب و قبول ہوئے ہیں، تو یہ نکاح، نکاح صحیح کے قبیل سے ہوگا اس کو نکاح باطل یعنی معدوم محض نہیں کہا جا سکتا، اور جب نکاح کا تحقق ہوا، تو آثارِ نکاح اس پر ضرور متفرع ہوں گے، اور نکاح کے آثار میں سے ہے زنا اور حدِ زنا کا منتفی ہونا، اور

نسب کا ثابت ہونا۔

مثال : نکاح کا حال قتل جیسا سمجھئے، کیونکہ نکاح کی طرح قتل بھی دو طرح کا ہوتا ہے، جائز اور حرام، حربی کافر کا قتل جائز ہے، اور مؤمن کا قتل حرام اور گناہِ کبیرہ ہے، مگر جب بھی قتل پایا جائے گا، خواہ حرام ہو یا جائز، وہ واقعی اور حقیقی قتل ہوگا، اور آثارِ قتل یعنی رنج و تکلیف، اور جان کا جانا اس پر ضرور متفرع ہوں گے، یہ نہیں ہوگا کہ جائز قتل میں تو آثار متفرع ہوں، اور حرام قتل میں آثار متفرع نہ ہوں یعنی نہ رنج و تکلیف ہو، نہ جان جائے۔ ——— اسی طرح جب بھی نکاح پایا جائے گا، تو اس کے آثار اس پر ضرور متفرع ہوں گے، یہ نہیں ہوگا کہ کہیں تو نسب ثابت ہو، اور حدِ زنا منتفی ہو، اور کہیں صحتِ نکاح کے باوجود آثار متفرع نہ ہوں

لوٹ : صحت سے مراد تحقق اور وجود ہے جو عدم اور باطل کا مقابل ہے، جواز مراد نہیں ہے جو حرام کا مقابل ہے۔

امام اعظم کی دوسری دلیل

یہ ہے کہ آیت کریمہ حُرِّمَتْ عَلَيْكُمْ اُمَّهٰتُكُمْ (النساء آیت ۲۳) میں نکاح کی حرمت کا بیان ہے یعنی محارم سے نکاح حرام ہے، جماع اور وطی کی حرمت کا بیان مقصود نہیں ہے، کیونکہ جماع تو ہر غیر شادی شدہ عورت سے حرام ہے، اس میں محارم کی کوئی تخصیص نہیں ہے، نیز اس سے اوپر جو ارشاد باری تعالیٰ ہے کہ وَلَا تَنْكِحُوْا مَا نَكَحَ اٰبَآؤُكُمْ مِّنَ النِّسَآءِ، اس میں بھی نکاح کی ممانعت ہے، نیز آیتِ تحریم کے بعد جو آیت ہے وَاُحِلَّ لَكُمْ مَّا وَرَآءَ ذٰلِكُمْ اَنْ تَبْتَغُوْا بِاَمْوَالِكُمْ اس میں بھی نکاح کی حِلّت کا بیان ہے، کیونکہ مال کے ذریعہ چاہنے کا مطلب مہر کے عوض میں نکاح کرنا ہے، الغرض اِن قرائن سے یہ بات متعین ہو جاتی ہے کہ آیتِ تحریم میں نکاح کی حرمت بیان کرنا مقصود ہے، اور نکاح افعالِ شرعیہ میں سے ہے، اس لئے اس کی ممانعت کے لئے اختیارِ شرعی (مشروعیت) ضروری ہے، ورنہ نہی نہیں رہے گی بلکہ نفی ہو جائے گی۔

افعالِ حسیہ اور شرعیہ کی تعریف

اس کی تفصیل یہ ہے کہ شریعت میں جن کاموں سے روکا گیا ہے، اُن کی دو قسمیں ہیں، افعالِ حسیہ اور افعالِ شرعیہ، افعالِ حسیہ وہ ہیں جن کا وہ مفہوم جو شریعت کے نازل ہونے سے پہلے تھا وہ بحالہ وُرُودِ شرع کے بعد باقی ہو، اس کے مفہوم میں کوئی تغیر نہ ہوا ہو، جیسے قتل کرنا، زنا کرنا، شراب پینا وغیرہ ——— اور افعالِ شرعیہ وہ ہیں، جن کا اصلی مفہوم

Marfat.com

جو نزولِ شریعت سے پہلے تھا وہ ورودِ شرع کے بعد باقی نہ رہا ہو جیسے روزہ، نماز، بیع اجارہ اور نکاح وغیرہ۔

نہی اور نفی میں فرق

اسی طرح ممانعت کی بھی دو صورتیں ہیں، نہی اور نفی، جس کام سے روکا گیا ہے، اس کام کے کرنے پر مخاطب اگر قادر ہے تو وہ "نہی" ہے ورنہ "نفی" ہے، جیسے لوٹے میں پانی نہ ہو، اور مخاطب سے کہا جائے کہ اس لوٹے میں سے پانی نہ پینا، تو یہ ممانعت "نفی" ہے کیونکہ مخاطب پانی پینے پر قادر نہیں ہے، اور اگر لوٹے میں پانی موجود ہو، اور پھر پینے سے روکا جائے تو یہ ممانعت "نہی" ہوگی

افعالِ شرعیہ کی نہی میں شرعی قدرت ضروری ہے

اس کے بعد جاننا چاہیے کہ کسی ممانعت کے "نہی" ہونے کے لئے جو قدرت ضروری ہے، وہ افعالِ حسیہ میں تو حسی ہوتی ہے، مگر افعالِ شرعیہ میں حسی قدرت کافی نہیں ہے، بلکہ ان سے روکنے کے لئے شرعی قدرت ضروری ہے، اور شرعی قدرت نام ہے جواز کا، یعنی شریعت کی نظر میں وہ کام فی نفسہ جائز ہو، مگر کسی خاص مصلحت کی وجہ سے اس سے منع کیا گیا ہو، تو وہ ممانعت "نہی" ہوگی۔

اس ضروری تمہید کے بعد جاننا چاہیے کہ آیتِ تحریم میں محرمات سے نکاح حرام کیا گیا ہے، اور نکاح فعلِ شرعی ہے، اس لئے ضروری ہے کہ نکاحِ محارم فی نفسہ جائز ہو، اور محرمات کے ساتھ ہونے کی وجہ سے ممنوع ہو، الغرض عورت کے محرّم ہونے کی جہت سے قطع نظر کر لی جائے، تو یہ نکاح بر محل ہوگا، یہی مطلب ہے محل کو پانے کا، اور جب نکاح کا تحقق ہوگیا، تو وہ حد میں شبہ پیدا کرے گا، اور حدود شبہات کی وجہ سے مرتفع ہو جاتی ہیں، لہذا کوئی شخص اپنی محرّم سے نکاح کر کے وطی کرے گا، تو حد واجب نہ ہوگی۔

دفعۂ تاسع: بدلالتِ وَلَا تَنْكِحُوْا جو قبل آیتِ تحریم واقع ہے: اور نیز بدلالتِ وَاُحِلَّ لَكُمْ مَّا وَرَآءَ ذٰلِكُمْ اَنْ تَبْتَغُوْا بِاَمْوَالِكُمْ یہ بات ظاہر ہے کہ موردِ تحریم، آیتِ حرمت میں نکاح ہے، جماع نہیں،

لہ مورد: دار ہونے کی جگہ یعنی مصداق ۱۲

Marfat.com

اور چونکہ "نہی" افعالِ اختیاریہ پر واقع ہوا کرتی ہے، تو نکاح کا محرمات سے منعقد ہو سکنا ممکن الوقوع ہوگا، ورنہ پھر "نہی" کس مصرف کے لئے، اور کس مرض کی دوا ہوگی؟!

علاوہ بریں نکاح کی علتِ فاعلہ موجود، علتِ قابلہ موجود، تراضی ممکن، پھر نکاح نہ ہو سکنے کے کیا معنی؟! ـــــ علت فاعلہ کا ثبوت اس سے زیادہ کیا (ہوگا) کہ مرد قادر علی الجماع ہے، اور علت قابلہ کا ثبوت اس سے زیادہ اور کیا ہوگا کہ عورت محلِ پیداوار؟! مرد نہیں جو اس توقع کی گنجائش نہ ہو، غرض جو باتیں اور عورتوں سے متصور ہیں، یا اور مردوں سے متصور ہیں، وُہی باتیں مردوں کو اپنے محارم سے متصور ہیں۔

اور ظاہر ہے کہ اصل مقصودِ نکاح جو بدلالت نِسَاءُکُمْ حَرْثٌ لَّکُمْ اولاد ہے ـــــ بایں وجہ کہ اتنی ہی[1] بات پر موقوف ہے ـــــ محارم سے بھی متوقع، پھر ممانعت ہوگی تو اصل نکاح ہی کی ہوگی، اس لئے لَاتَنْکِحُوْا فرمایا، لَاتُجَامِعُوْا، یا لَاتَقْرَبُوْا نہ فرمایا۔

نکاحِ محارم بھی حقیقی نکاح ہے

اگر یہ کہا جائے کہ آیتِ تحریم میں جو نکاح کی ممانعت ہے وہ نکاحِ حقیقی نہیں ہے، بلکہ اس کو نکاح مشاکلت (ہم شکل ہونے) کی وجہ سے کہا گیا ہے، جیسے بیع باطل کو بطور مشاکلت بیع کہہ دیا جاتا ہے، مثلاً ایسی چیز کا بیچنا جو بائع کی ملکیت میں نہ ہو، یا مُردار یا خون کا بیچنا جو مال متقوم نہیں ہے، باطل ہوتے ہیں، کیونکہ مَبِیْع موجود نہیں ہے، اور بیع کے تحقق کے لئے منجملہ دیگر ارکان کے مبیع کا وجود ضروری ہے، الغرض جس طرح بیع باطل کو ـــــ بیع صحیح کے ہم شکل ہونے کی وجہ سے ـــــ مجازاً بیع کہہ دیا جاتا ہے، اسی طرح نکاح محرمات کو ـــــ نکاح صحیح کے ہم شکل ہونے کی وجہ سے ـــــ مجازاً نکاح کہہ دیا گیا ہے، ورنہ حقیقت میں وہ نکاح نہیں ہے

---

[1] "اتنی ہی بات پر"، یعنی عورت ہونے پر ۱۲

Marfat.com

اس شُبہ کا جواب یہ ہے کہ اصولی قاعدہ کے مطابق جب تک حقیقی معنی مراد لئے جا سکتے ہوں مجازی معنی مراد لینا جائز نہیں ہے، اور نکاح محارم میں حقیقی معنی مراد لینے میں کوئی دشواری نہیں ہے، جیسا کہ اوپر واضح کیا گیا، پھر مجازی نکاح مراد لینے کی کیا ضرورت ہے؟!

اور نکاحِ محارم کے حقیقی نکاح ہونے کی دلیل یہ ہے کہ نکاح کے تحقُّق (وجود) کے لئے جو بنیادی چیزیں ضروری ہیں، وہ سب نکاحِ محارم میں موجود ہیں، اگر اُرکانِ نکاح موجود نہ ہوتے، تو مجازی نکاح کہنا کسی درجہ میں معقول ہوتا، مگر جس طرح بیع میں اگر تمام ارکان موجود ہوں، تو وہ بیع حقیقی ہوتی ہے، اسی طرح نکاحِ محرمات بھی تمام ارکان نکاح موجود ہونے کی وجہ سے حقیقی نکاح ہے، البتہ شریعت کی نظر میں نکاحِ محرمات میں کچھ مفاسد ہیں، اس لئے اس کو ممنوع قرار دیا گیا ہے۔

اور باوجود امکانِ ارادۂ معنیٔ حقیقی، معنی مجازی کا مراد لینا صریح ناانصافی ہے، ہاں اگر ضروریاتِ تحقُّقِ نکاح ——— جن کے تعیُّن وتعداد پر ماہیتِ مقصودِ اصلی خود گواہ[1] ہے ——— ممکن الاجتماع نہ ہوتے، یا موجود ہی نہ ہوتے، تو پھر یہ بھی ممکن تھا کہ بطورِ مُشاکلت اس نکاح کو نکاح کہہ دیا ہو، جیسے بیع مالیس[2] عند البائع، یا بیعِ مَبیتہ ودَم کو ——— جو مالِ شرعی[3] نہیں ——— بوجہ مفقود ہونے مبیع کے ——— جو ضروریاتِ بیع میں سے ہے ——— حقیقی بیع نہیں کہہ سکتے، فقط بطورِ مشاکلت بیع کہہ دیتے ہیں، اور حاصلِ ممانعت، غرضِ بیع یعنی تصرف ہوتا ہے، خود بیع نہیں[4] ہوتی۔

---

[1] یعنی نکاح کے وجود اور تحقق کے لئے متعین طور پر چند چیزیں ضروری ہیں، جو نکاح کے اصل مقصد کو سامنے رکھنے سے خود بخود سمجھ میں آجاتی ہیں، نکاح کا مقصودِ اصلی توالد ہے جس کے لئے علتِ فاعلہ اور علتِ قابلہ ضروری ہیں اور یہ دونوں ضروری چیزیں نکاح محرمات میں موجود ہیں ۱۲ [2] بیع مالیس عند البائع اس چیز کو بیچنا جو بائع کی ملکیت میں نہ ہو ۱۲ [3] مالِ شرعی: مالِ مُتقوَّم ۱۲ [4] یعنی بیع باطل سے روکنے کا مقصد خود بیع سے روکنا نہیں ہے، کیونکہ وہ صرف مجازاً بیع ہے، بلکہ روکنے کا مقصد بیع کی غرض یعنی تصرف سے روکنا ہے ۱۲

بالجملہ بوجہ فراہمی تمام سامانِ بیع وشراء جیسے اکثر بیوع کو بیع حقیقی سمجھتے ہیں، ایسے ہی نکاحِ محرمات کو بوجہِ مذکور، نکاح حقیقی سمجھتے ہیں، یہ نہیں کہ مجازاً نکاح کہہ دیا، واقع میں نکاح نہیں ——— ہاں جیسے بوجہ مفاسدِ معلومہ قتلِ اہلِ ایمان کی ممانعت ہے، اور قتلِ کُفار کی ممانعت نہیں، کیونکہ وہاں وہ مفاسد نہیں، حالانکہ اطلاقِ قتل دونوں جابطور حقیقت موجود ہے، ایسے ہی بوجہِ بعض مفاسد، نکاح محارم ممنوع رہا، اور نکاحِ اَجْنَبِیَّات جائز رہا، گو باعتبار اصل اِطلاق نکاح دونوں جا حقیقی ہے، مجازی نہیں۔

لیکن نکاح حقیقی ہوگا تو آثارِ نکاح بھی اسی طرح متفرع ہوجائینگے جیسے قتلِ حقیقی پر آثارِ قتل متفرع ہوتے ہیں، یعنی جیسے درد وألم[1] و اِنزہاقِ روح دونوں جابرابر، قتل جائز ہو، یا ناجائز، ایسے ہی انتفائے زِنا در صورتِ نکاح دونوں جابرابر ہوگا، نکاح جائز ہو، یا ناجائز، اور انتفائے زنا ہوا، تو پھر احکامِ زنا مثل اجرائے حدود خواہ مخواہ منتفی ہوں گے، خاص کر جب یہ دیکھا جائے کہ منجملۂ احکامِ زنا، حدود، ادنیٰ سے شبہ سے بھی مُندَفِع ہوجاتے ہیں۔

نکاح کرکے محارم سے صحبت کرنا بھی حرمت میں زنا سے بڑھا ہوا ہے

اوپر کی بحث سے کسی کو یہ غلط فہمی نہ ہونی چاہئے کہ جب نکاحِ محارم حقیقی نکاح ہے، تو پھر جماع جائز ہوگا، کیونکہ یہ جماع اگرچہ از قسم زِنا نہیں ہے، مگر حرمت میں زنا سے بڑھا ہوا ہے، کیونکہ مزنیہ اگر غیر مَحرم ہو تو اس سے جائز طور پر نکاح کرنے کا امکان ہے، اور جماع کے جائز ہونے کی صورت نکل سکتی ہے، مگر محارم کے ساتھ چونکہ نکاح حرام ہے اس لئے جوازِ جماع کی کوئی صورت نکل ہی نہیں سکتی، اس لئے یہ جماع زنا سے شدید تر ہوگا، اور اس پر اتنی سخت سزا دی جائے گی کہ کیا کہئے ؟! جیسے مسلمان کو قتل کرنا چونکہ حرام ہے، اس.

---

[1] اَلَمْ: تکلیف، اِنزِھاقِ روح: روح کا نکلنا ۱۲

Marfat.com

لئے دنیا و آخرت میں اس پر جو سزا مرتب ہوتی ہے وہ سب کو معلوم ہے۔

پہلے دفعہ نمبر ۸ میں جو مسئلہ گذرا ہے، اس کا حاصل بھی یہی ہے کہ قاضی کے فیصلہ سے اگرچہ غیر منکوحہ عورت جھوٹے مدعی کو مل جائے گی، مگر اس کو حاصل کرنے کا جو طریقہ اختیار کیا گیا ہے وہ چونکہ حرام اور غلط ہے اس لئے اس عورت سے صحبت کرنا اگرچہ از قبیلِ زنا نہ ہوگا، مگر گناہ میں زنا سے بڑھ کر ہوگا۔

خلاصہ یہ کہ حرمتِ جماع، زنا سے عام ہے، لہٰذا زنا کی نفی سے حرمتِ جماع کی نفی نہ ہوگی، کیونکہ خاص کی نفی سے عام کی نفی نہیں ہوتی جیسے انسان خاص ہے اور حیوان عام ہے اس لئے انسان کی نفی سے حیوان کی نفی نہیں ہوتی ——— اور زنا سے حرمتِ جماع کا عام ہونا نقلی طور پر اس لئے مُسلّم ہے کہ حیض و نفاس کی حالت میں جماع حرام ہے مگر زنا نہیں ہے، اور عقلی طور پر اس لئے واجب التسلیم ہے کہ آثار مؤثر سے عام ہوتے ہیں مثلاً سورج مؤثر ہے، اور اس کا اثر گرمی ہے جو عام ہے، کیونکہ گرمی کے اسباب سورج کے علاوہ اور بھی ہو سکتے ہیں، اسی طرح زنا مؤثر ہے اور حرمت اس کا اثر ہے لہٰذا حرمت عام ہوگی، کیونکہ حرمت کے زنا کے علاوہ اور اسباب بھی ہو سکتے ہیں۔

ہاں یہ بات مُسلّم کہ جیسے قتل ممنوع ہوتا ہے، تو آثارِ قتل پر یعنی درد دائم و اِنزِھاقِ روح پر اتنا عذاب ہوتا ہے کہ کیا کہنے! ایسے ہی نکاح ممنوع ہوگا، تو آثارِ نکاح یعنی جماع وغیرہ پر اتنا کچھ عذاب متفرع ہوگا کہ کیا کہنے!

غرض وہ جماع گو از قسم زنا نہ ہو، پر حرمت میں زنا سے بڑھ کر رہے گا، کیونکہ غیر محارم سے زنا ہو تو بوجہ امکانِ نکاحِ جائز، اس کی حِلّت کی امید بھی ہے، اور خود نکاح ہی حرام ہو تو پھر اس فعل کی حِلّت کی کوئی صورت نہیں ——— علیٰ ھٰذا القیاس صورت مرقومہ دفعہ ثامن میں جماع بوجہ حرمتِ طریقِ حصولِ ملک زنا سے بڑھ کر رہے گا، اور حلت کی کوئی صورت[1] نہ ہوگی۔

[1] یعنی جب قضائے قاضی سے حرام طریقہ پر ملک حاصل ہوگئی تو اب اس ملک کو حلال طور پر حاصل کرنے کوئی صورت نہیں ہے ۱۲

Marfat.com

غایت مافی الباب یہ ہو کہ حرمتِ وِقاع زنا سے عام رہے، سو یہ بات بطورِ منقول تو یوں مسلّم کہ جماع حالت حیض و نفاس میں حرام ہے، اور زنا نہیں، اور بطورِ معقول یوں واجب التسلیم کہ آثار کا مؤثر سے عام ہونا معقولات میں مُسلّم ہے، چنانچہ پہلے بھی گذر چکا۔

تہمت کا انجام بُرا ہوتا ہے!

اب عرض، خدمتِ مبارک میں یہ ہے کہ ہم نے تو بدلالتِ عقل ونقل نکاحِ محرمات کا نکاح ہونا، اور اس وجہ سے اُس کا از قسم زنا نہ ہونا ثابت کر دیا، اب آپ کسی ضعیف، قوی، دلیلِ عقلی، نقلی سے اُس کا نکاح نہ ہونا، اور اس سبب سے اُس جماع کا زنا ہونا، جو بعد اس نکاح کے واقع ہو، ثابت کیجئے، اور دَس نہیں بیس[1] لیجیے، پَر اِثبات وثبوت ہو، نِری بے تُکی زَنْگُل نہ ہو۔

مگر اپنے خیالِ ناقص میں یہ آتا ہے کہ آپ کو جواب تو کچھ نہ آئے گا، پَر اپنی خجالت اُتارنے کو میرے ذمہ بہانہ تحقیقِ انعقادِ نکاح، تہمتِ جواز نکاحِ محرمات لگائیے[1] گا۔ اور میں جانتا ہوں یہی انداز آپ جوابِ دفعۂ ثامن میں اختیار فرمائیں گے، اور بہ بہانہ حلتِ آثارِ نکاح، آپ میرے ذمہ تہمتِ اجازتِ دست بردِ زنانِ شوہردار وغیرہا لگائیں[2] گے۔

مگر یہ یاد رہے کہ تہمت کا انجام بُرا ہوتا ہے: آخرت کا مؤاخذہ، دنیا کا مُناقشہ، آخر ہم بھی آدمی ہیں، اگر خیال آگیا تو مبادا بدستاویز

---

[1] یعنی مجھ پر آپ یہ الزام لگائیں گے کہ یہ شخص محرمات سے نکاح کرنے کو جائز کہتا ہے، حالانکہ میں اس کا قائل نہیں ہوں، اور میری گفتگو کا حاصل صرف انعقادِ نکاح کو مُدلّل کرنا ہے، مگر میری اس تحقیق کو آپ بہانہ بنا کر مجھ پر الزام تراشیں گے ۱۲

[2] یعنی مجھ پر آپ یہ الزام لگائیں گے کہ یہ شخص شادی شدہ عورتوں کو جھوٹی گواہی کے ذریعہ قاضی سے فیصلہ کرا کر اُچک لینے کو جائز کہتا ہے، حالانکہ دفعِ ثامن کا حاصل صرف آثارِ نکاح کا جواز ثابت کرنا ہے، حصولِ ملک کے طریقہ کو میں نے جائز نہیں کہا ہے ۱۲

Marfat.com

وَجَزَاءُ سَيِّئَةٍ سَيِّئَةٌ مِّثْلُهَا ہم بھی آپ کی تشہیر کے درپے ہوں، اور سوالِ خامس کے بہانہ سے آپ کے ذمہ پر اس بات کی تہمت لگائیں کہ آپ کے مَشْرَبْ کے موافق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت کا وجوب بے سند ہے۔

لہ یعنی دفعۂ خامس میں آپ سے یہ سوال کیا گیا تھا کہ اطاعتِ رسول کا وجوب ثابت کیجئے، آپ اس کا کوئی جواب نہیں دے سکتے، کیونکہ اگر قرآن سے ثابت کریں گے تو خود قرآن کی اطاعت کا وجوب کہاں سے ثابت کریں گے ؟ اور حدیث سے ثابت کریں گے تو دور لازم آئے گا، اور قرآن وحدیث کے علاوہ کسی دلیل کو آپ دلیل ہی نہیں سمجھتے، نہ اجماع کو حجت مانتے ہیں، نہ قیاس کے قائل ہیں، پس آپ کے سر یہ الزام عائد ہوگا کہ آپ کے نزدیک اطاعتِ رسول کا وجوب بے سند ہے ۱۲

(۱۰)

پانی کی پاکی ناپاکی کا مسئلہ

مذاہب فقہاء ـــــ روایات ـــــ مستدلاتِ فقہاء ـــــ
الماء طَہور سے عدم تحدید پر استدلال درست نہیں ـــــ قلتین والی
حدیث سے بھی تحدید پر استدلال درست نہیں ـــــ حدیث
لَایَبُوْلَنَّ واجب العمل ہے ـــــ احناف کا اصل مذہب اور اس کی
دلیل ـــــ قلیل وکثیر پانی کے احکام مختلف ہیں ـــــ قلیل
وکثیر کا فیصلہ رائے مبتلیٰ بہ پر چھوڑ دیا گیا ہے ـــــ دَہ در دہ کوئی
اصل مذہب نہیں ہے

Marfat.com

Marfat.com

(۱۰)

پانی کی پاکی ناپاکی کا مسئلہ

اصحاب ظواہر ـــــ جو اپنے آپ کو اہلِ حدیث کہتے ہیں، اور دوسرے لوگ ان کو غیر مقلد کہتے ہیں ـــــ اس بات کے قائل ہیں کہ پانی میں نجاست گرنے سے پانی مطلقًا ناپاک نہیں ہوتا، خواہ پانی تھوڑا ہو یا زیادہ، اور چاہے پانی کا کوئی وصف بدلے یا نہ بدلے، ہر صورت میں وہ پانی پاک ہے، مولانا محمد عبدالرحمٰن مبارک پوری جو مشہور اہلِ حدیث عالم ہیں ترمذی کی شرح تحفۃ الاحوذی ص۶۶ جلد اول میں تحریر فرماتے ہیں کہ

حدیثُ الباب قد استدل بہ الظاھریۃُ علی ماذھبوا الیہ، مِن اَنَّ الماءَ لایَتَنَجَّسُ مطلقًا، وان تغیر لونُہ، وطعمُہ اوریحُہ بوقوع النجاسۃِ فیہ .

باب کی حدیث (یعنی الماءُ طَھورٌ لایُنَجِّسُہ شیءٌ) سے اصحابِ ظواہر نے اپنے اُس مذہب پر استدلال کیا ہے، جو انھوں نے اختیار کیا ہے، یعنی پانی مطلقًا ناپاک نہیں ہوتا، اگرچہ پانی میں نجاست کے گرنے سے اس کا رنگ، مزہ یا بو بدل جائے۔

مالکیہ: کے نزدیک اگر پانی میں ناپاکی کے گرنے سے اس کے تین اوصاف میں سے کوئی وصف بدل جائے، تو پانی ناپاک ہو جائے گا، ورنہ نہیں، خواہ پانی تھوڑا ہو یا زیادہ، ان کے نزدیک مدار اوصاف کے بدلنے پر ہے۔

شوافع اور حنابلہ: کے نزدیک اگر پانی دو قُلّوں (مٹکوں) سے کم ہے، اور اس میں نجاست گر جائے تو پانی ناپاک ہو جائے گا، خواہ نجاست تھوڑی ہو یا زیادہ اور پانی کا کوئی

وصف بدلے یا نہ بدلے، اور اگر پانی دو قُلّے یا زیادہ ہے، تو پھر ناپاکی گرنے سے ناپاک نہ ہوگا، البتہ اگر اتنی ناپاکی گر جائے کہ پانی کا کوئی وصف بدل جائے تو ناپاک ہو جائے گا۔

حنفیہ: کے نزدیک اگر پانی تھوڑا ہے، تو ناپاکی گرنے سے ناپاک ہو جائے گا، خواہ ناپاکی تھوڑی ہو یا زیادہ، اور پانی کا کوئی وصف بدلے یا نہ بدلے، ہر صورت میں پانی ناپاک ہو جائے گا، اور اگر پانی زیادہ ہے، تو ناپاکی گرنے سے ناپاک نہ ہوگا، البتہ اگر بہت زیادہ ناپاکی گر جائے، یعنی پانی میں ناپاکی کا رنگ، بو، یا مزہ محسوس ہونے لگے، تو ناپاک ہو جائے گا۔

اور قلیل وکثیر پانی میں فرق اس طرح کیا گیا ہے کہ جس پانی کے ایک کنارہ میں حرکت دینے سے دوسرا کنارہ نہ ہلے تو وہ کثیر (زیادہ) پانی ہے، اور اگر دوسرے کنارہ تک حرکت پہنچ جائے تو قلیل (تھوڑا) پانی ہے، امام محمد علیہ الرحمۃ مُوَطّا میں تحریر فرماتے ہیں کہ

اذا کان الحوضُ عظیمًا، إنْ حُرِّکَتْ منه ناحیةٌ لم تتحرّك به الناحیة الاخریٰ لم یُفسِدْ ذلك الماءَ ما وَلَغَ فیه مِنْ سَبُعٍ، ولا ما وقعَ فیه مِنْ قَذَرٍ، إلّا أن یغلب علی ریحٍ أو طَعْمٍ، فاذا کان حوضًا صغیرًا إنْ حُرِّکَتْ منه ناحیةٌ تحرّکت الناحیة الأخریٰ، فوَلَغَ فیه السبعُ، او وقع فیه القَذَرُ لا یُتَوَضَّأُ منه ..... وهذا کلُّه قولُ ابی حنیفة رحمه الله. (ص ٦٦)	جب حوض (پانی کا گھڑا) بڑا ہو کہ اگر اس کے ایک کنارہ کو حرکت دی جائے، تو دوسرا کنارہ نہ ہلے، تو اس پانی کو ناپاک نہیں کرے گا اس پانی میں کسی درندہ کا منہ ڈالنا، اور نہ اس پانی میں کسی ناپاکی کا کرنا، مگر یہ کہ ناپاکی غالب ہو جائے بو یا مزہ پر، اور جب حوض چھوٹا ہو کہ اگر اس کے ایک کنارہ کو حرکت دی جائے تو دوسرا کنارہ ہلنے لگے، پھر اس میں درندہ منہ ڈال دے، یا اس میں ناپاکی گر جائے تو اس سے وضو نہیں کیا جائے گا..... اور یہ تمام باتیں امام ابوحنیفہ علیہ الرحمۃ کا مذہب ہیں۔

مگر چونکہ اس بات کا فیصلہ عام لوگوں کے لئے دشوار تھا کہ ایک طرف کی حرکت دوسری طرف پہنچتی ہے یا نہیں؟ اس لئے امام محمد علیہ الرحمۃ سے سبق کے دوران پوچھا گیا کہ مثال سے اس کی وضاحت فرمائیں؟ آپ جس مسجد میں سبق پڑھا رہے تھے، اس کے صحن کی طرف اشارہ کر کے فرمایا کہ کَصَحْنِ مَسْجِدِیْ هٰذَا (میری اس مسجد کے صحن کے بقدر بڑا حوض ہے، اور اس سے کم چھوٹا حوض ہے) سبق کے بعد طلبہ نے اس صحن کی ہاتھوں سے پیمائش کی، اور چونکہ ہاتھ چھوٹے بڑے ہوتے ہیں، اس لئے مختلف اقوال پیدا ہو گئے۔

Marfat.com

فقہاء متأخرین نے عوام کی سہولت کے لئے ان مختلف اقوال میں سے درمیانی قول دَہ دَر دَہ (۱۰×۱۰) یعنی سَو ہاتھ مُربّع لے لیا، اسی پر عام طور پر فتویٰ دیا جاتا ہے، مگر مذہب حنفی میں یہ اصل قول نہیں ہے، امام اعظم قدس سرہ سے وہی پہلا قول مروی ہے، جس کو امام محمدؒ نے مُوطّا میں ذکر کیا ہے، کہ مبتلیٰ بہ یعنی ہر وہ شخص جس کو مسئلہ درپیش ہے، اور جس کے سامنے پانی موجود ہے، وہ خود ایک کنارہ کو ہلا کر دیکھے، اور فیصلہ کرے کہ دوسرا کنارہ ہلتا ہے یا نہیں؟ اگر مبتلی بہ کی رائے میں دوسرے کنارہ تک حرکت نہ پہنچتی ہو تو اُسے زیادہ پانی سمجھے، ورنہ تھوڑا پانی قرار دے۔

روایات پانی کی پاکی ناپاکی کے سلسلے میں درجِ ذیل روایات ہیں:-

پہلی روایت: بُضاعۃ کے کنویں کا واقعہ ہے، "بُضاعہ" مدینہ کی ایک عورت کا نام تھا، یہ کنواں اسی عورت کے نام سے مشہور تھا، یہ کنواں مدینہ منورہ کے نشیبی حصہ میں واقع تھا، برسات میں مدینہ منورہ کا پانی اسی جانب بہتا تھا، اور یہ کنواں اس کی زد میں آتا تھا، برسات کے بعد اس کنویں سے پانچ باغوں کی سینچائی ہوتی تھی، اس کنویں کا پانی حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے گھر کے استعمال کے لئے لایا جاتا تھا، ایک مرتبہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس کے پانی سے وضو فرما رہے تھے، صحابہ نے دریافت کیا: یارسول اللہ! کیا آپ بُضاعۃ نامی کنویں کے پانی سے وضو فرماتے ہیں، حالانکہ اس میں حیض کے چیتھڑے، کُتوں کا گوشت اور بدبودار چیزیں ڈالی جاتی ہیں؟! حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا

إنَّ الماءَ طَهورٌ لا يُنَجِّسُهُ شَيءٌ (ترمذی ص۱۶) پانی یقیناً پاک ہے، اس کو کوئی چیز ناپاک نہیں کرتی

دوسری روایت: حضرت ابو اُمامہ باہلی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا

إن الماءَ لا يُنَجِّسُه شَيءٌ إلّا ما غَلَبَ على ريحه وطعمه ولونه (ابن ماجة ص۷۰)

بلاشبہ پانی کو کوئی چیز ناپاک نہیں کرتی، مگر وہ ناپاکی مُستثنیٰ ہے جو پانی کی بو، مزہ اور رنگ پر غالب آجائے۔

یہ حدیث ابن ماجہ میں ہے اس کی سند میں رِشدین بن سَعد ایک راوی ہیں جو ضعیف ہیں۔

تیسری روایت: قُلّتَین (دو مٹکوں) والی حدیث ہے، حضرت ابن عمرؓ فرماتے ہیں کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس پانی کے بارے میں پوچھا گیا جو چٹیل زمین

Marfat.com

میں ہوتا ہے، اور جس پر چوپائے اور درندے باری باری آتے ہیں (یعنی وہ پانی پاک ہے یا ناپاک؟) حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا

اِذَا بَلَغَ الْمَاءُ قُلَّتَيْنِ لَمْ يَحْمِلِ الْخَبَثَ (ترمذی ص ۱۱/ج ۱)

جب پانی دو قُلّے (مٹکے) ہوجائے تو وہ ناپاکی کو نہیں اُٹھاتا۔

چوتھی روایت : حضرت جابر بن عبداللہ رضؓ فرماتے ہیں کہ ہم دورانِ سفر ایک تالاب پر پہنچے اچانک ہم نے دیکھا کہ اس میں ایک مرا ہوا گدھا پڑا ہے، ہم اس کا پانی استعمال کرنے سے رُک گئے، یہاں تک کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم وہاں پہنچے، آپؐ نے ارشاد فرمایا کہ اِنَّ الماءَ لایُنَجِّسُہ شیءٌ (بلاشبہ پانی کو کوئی چیز ناپاک نہیں کرتی) پھر ہم نے پانی پیا اور سیراب ہوئے اور ہم نے اپنے ہمراہ بھی اس کا پانی لیا ——— یہ حدیث شریف ابن ماجہ میں ہے، اس کی سند میں طَرِیف بن شِہاب ہیں جو ضعیف ہیں۔

پانچویں روایت : حضرت ابو ہریرہ رضؓ سے مروی ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ

لَایَبُوْلَنَّ احدُکم فی الماءِ الدائم، ثُمَّ یتوضأُ منہ (ترمذی ص ۱۱/ج ۱)

ہرگز تم میں سے کوئی ٹھہرے ہوئے پانی میں پیشاب نہ کرے پھر وہ اس سے وضو کرے گا!

چھٹی روایت : یہ ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جب تم میں سے کوئی شخص رات میں سو کر اُٹھے، تو اپنا ہاتھ پانی کے برتن میں نہ ڈالے، جب تک وہ ہاتھوں کو دو یا تین بار دھو نہ ڈالے، اس لئے کہ وہ نہیں جانتا کہ اس کے ہاتھوں نے کہاں رات گذاری ہے؟ ——— اِن کے علاوہ اور بھی متعدد روایات ہیں، مگر مسئلہ سمجھنے کے لئے یہی روایات کافی ہیں۔

مستدلات فقہاء | اصحابِ ظواہر نے پہلی روایت لی ہے، باقی تمام روایات کو انھوں نے نظر انداز کر دیا ہے وہ کہتے ہیں کہ اَلْمَاءُ طَھُوْرٌ میں الف لام جنسی اور طبیعی ہے یعنی پانی کی جنس اور ماہیت پاک ہے، اس کو کوئی چیز ناپاک نہیں کر سکتی، اور جب پانی کی ماہیت پاک قرار پائی تو اب خواہ پانی تھوڑا ہو یا زیادہ اور ناپاکی خواہ تھوڑی ہو یا زیادہ بہرصورت پانی ناپاک نہ ہوگا۔

مالکیہ نے بھی اس روایت کو لیا ہے، مگر اُس استثنا کے ساتھ جو دوسری روایت

میں آیا ہے، چنانچہ وہ کہتے ہیں کہ اگر نجاست گرنے سے پانی کا کوئی وصف بدل جائے تو پانی ناپاک ہوگا، ورنہ نہیں، خواہ پانی تھوڑا ہو، یا زیادہ، اور چاہے ناپاکی تھوڑی ہو یا زیادہ، باقی تمام روایات انھوں نے بھی نظرانداز کردی ہیں۔

شوافع اور حنابلہ نے تیسری روایت یعنی قُلَّتَین والی حدیث پر مسئلہ کا مدار رکھا ہے، اور باقی تمام روایتوں کو نظرانداز کردیا ہے۔

اور احناف نے تمام روایتوں کو جمع کیا ہے، اور ان کو مختلف پانیوں پر محمول کیا ہے، وہ کہتے ہیں کہ قُلَّتَین والی حدیث پہاڑی علاقوں میں پائے جانے والے چشموں اور آبشاروں کے بارے میں ہے، جن میں پانی زمین سے پھوٹتا ہے، یا اوپر سے ٹپکتا ہے، پھر جب گھڑا بھر جاتا ہے تو پانی بہنے لگتا ہے، ایسے پانی میں اگر کوئی ناپاکی گر جائے، یا کوئی درندہ اس میں زبان ڈال کر پانی پیئے، تو ناپاکی پانی کی سطح پر نہیں ٹھہرے گی، بلکہ پانی کے بہاؤ کے ساتھ بہہ جائے گی، لہٰذا یہ حدیث ماءِ جاری (بہنے والے پانی) سے متعلق ہے۔

احناف نے قُلَّتَین والی حدیث کا یہ مطلب تین قرائن سے متعین کیا ہے۔

پہلا قرینہ حدیث کا شانِ ورود ہے جس میں اس بات کی صراحت ہے کہ سوال اس پانی کے بارے میں تھا، جو بیابان اور جنگل میں پایا جاتا ہے، جس کو دن میں جنگل میں چرنے والے مویشی پیتے ہیں، اور رات میں اس سے درندے فائدہ اُٹھاتے ہیں، ظاہر ہے کہ ایسا پانی کنویں یا برتن کا پانی نہیں ہوسکتا، چشموں اور آبشاروں ہی کا پانی ایسا ہوتا ہے۔

دوسرا قرینہ حدیث شریف کا یہ جملہ ہے کہ لَمْ یَحْمِلِ الْخَبَثَ یعنی وہ پانی ناپاکی کو اپنی سطح پر اٹھائے نہیں رکھتا، بلکہ ناپاکی فوراً بہ جاتی ہے، لہٰذا جب ناپاکی پانی کی سطح پر ٹھہری ہی نہیں تو اس کا اثر گہرائی تک کیسے پہنچ سکتا ہے؟ اس لئے وہ گھڑا ناپاک نہیں ہوگا۔

اور تیسرا قرینہ یہ ہے کہ قُلَّتَین کی حدیث تین طرح سے مروی ہے، ایک میں دو قُلّوں کا ذکر ہے، دوسری میں دو یا تین قُلّوں کا ذکر ہے، اور تیسری میں چالیس قُلّوں کا ذکر ہے ظاہر ہے کہ یہ اختلاف چشموں کے چھوٹے بڑے ہونے کی وجہ ہی سے ہوسکتا ہے، ورنہ حدیث میں اضطراب پیدا ہوجائے گا۔

اور بئرِ بُضاعۃ والی حدیث کا تعلق پانی کی ناپاکی سے نہیں ہے، بلکہ اس کا تعلق رفع توہم سے ہے، کہ جب برسات کا موسم گذر گیا، اور اس کنویں سے متعدد باغات کی سینچائی

Marfat.com

شروع ہوگئی تو وہ کنواں پاک ہوگیا، اور یہ خیال کرنا کہ برسات کے زمانہ میں جب شہر کا پانی کنویں پر سے گذرا تھا تو ہر قسم کی گندیاں اس میں پڑی تھیں، اس لئے اس کا پانی استعمال کرنا کیونکر درست ہوسکتا ہے؟! اس قسم کے توہمات کی شریعت میں کوئی گنجائش نہیں ہے، کیونکہ کنویں برتنوں کی طرح پاک نہیں کئے جا سکتے، ان کی پاکی کے لئے اتنی بات کافی ہے کہ ایک بار سارا پانی نکل جائے، پھر اگرچہ کنویں کی دیواریں نہ دھوئی گئی ہوں، اور تہ میں سے کیچ نہ نکالی گئی ہو، تو بھی کنواں پاک ہوجائے گا۔

الغرض بیر بُضاعہ والی حدیث میں "اَلْمَاءُ" میں جو الف لام ہے وہ جنسی نہیں ہے، بلکہ عہدِ خارجی ہے، اور پیشِ نظر صرف بیر بُضاعہ کا پانی ہے، دنیا کے سارے پانیوں کے بارے میں یہ ارشاد نہیں ہے، نہ پانی کی ماہیت پر حکم لگایا گیا ہے، اور "شیٔ" سے مراد ناپاکی نہیں ہے، بلکہ توہمات ہیں ——— اور دوسری روایت جس میں استثنا ہے وہ ایک مستقل حدیث ہے، بیر بُضاعہ سے اس کا کوئی تعلق نہیں ہے۔

چھٹی روایت جس میں نیند سے بیدار ہونے کے بعد ہاتھ دھونے کی ہدایت دی گئی ہے اسی طرح برتن میں کتے کے منہ ڈالنے کی صورت میں برتن کو سات مرتبہ دھونے کی حدیث، برتنوں کے پانی سے متعلق ہیں، ظاہر ہے کہ کتے کے برتن میں منہ ڈالنے سے پانی کا کوئی وصف نہیں بدلتا، اسی طرح بیدار ہونے کے بعد ہاتھ دھوئے بغیر برتن میں ڈالنے سے بھی اگرچہ ہاتھ ناپاک ہو، پانی کا کوئی وصف نہیں بدلتا، مگر اس کے باوجود ان حدیثوں سے پانی کا ناپاک ہونا سمجھ میں آتا ہے، لہٰذا ثابت ہوا کہ اگر پانی جاری نہ ہو اور کثیر بھی نہ ہو، تو ناپاکی گرنے سے ناپاک ہوجائے گا، خواہ ناپاکی تھوڑی ہو یا زیادہ اور خواہ پانی کا کوئی وصف بدلے یا نہ بدلے۔

اور پانچویں روایت جو حضرت ابوہریرۃ رضہ سے مروی ہے، اور جس میں ٹھہرے ہوئے پانی میں پیشاب کرنے سے منع کیا گیا ہے وہ یا تو ماءِ قلیل سے متعلق ہے، جیسا کہ آگے آرہا ہے یا اس کا تعلق طہارت ونجاست کے مسئلہ سے نہیں ہے، بلکہ وہ پانی کی نظافت سے متعلق ہے، یعنی ماءِ کثیر اگرچہ نجاست گرنے سے ناپاک نہیں ہوتا، مگر اس کا یہ مطلب نہیں ہے کہ بالقصد اس میں گندگی ڈالی جائے، کیونکہ ہوسکتا ہے آئندہ کسی وقت اس کو اسی سے وضو کرنا پڑے، تو اس وقت اس کی طبیعت گھن محسوس کرے گی، کیونکہ پہلے خود اسی نے اس میں پیشاب کیا تھا، الغرض جو پانی ناپاکی گرنے سے ناپاک نہیں ہوتا، اس کو بھی صاف ستھرا

Marfat.com

رکھنا چاہیے۔

اور دوسری روایت جو حضرت ابو اُمامہ رضؓ سے مروی ہے، اسی طرح اُس حوض کی روایت جس کے مالک سے حضرت عمرو بن العاص رضؓ نے پوچھا تھا کہ کیا تمھارے حوض پر درندے آتے ہیں؟ اور جس کو حضرت عمر رضؓ نے منع کر دیا تھا کہ ہمیں بتانے کی ضرورت نہیں ہے درندے اگر آتے ہیں تو ان کی باری میں آتے ہیں، اور ہم اپنی باری میں پانی استعمال کرتے ہیں اسی طرح چوتھی روایت جو حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے، اور جس کو امام بیہقی رحؒ نے سُنن کبریٰ (ص ۲۵۸ ج ۱) میں حضرت ابو سعید خدری رضؓ سے روایت کیا ہے، یہ تینوں روایتیں ماءِ کثیر سے متعلق ہیں کہ اس میں ناپاکی گرنے سے اُس وقت ناپاک ہوگا، جب اس کا کوئی وصف بدل جائے۔

رہی یہ بات کہ یہ کیسے متعین کیا جائے کہ تھوڑا پانی کون سا ہے، اور زیادہ پانی کون سا؟ تو اس سلسلہ میں کوئی فیصلہ کُن روایت نہیں ہے، اس لئے امام مالکؒ نے قلیل وکثیر میں فرق اوصاف کے بدلنے نہ بدلنے سے کیا ہے، غالباً انھوں نے تھوڑا اور زیادہ ہونا ناپاکی کی نسبت سے لیا ہے، یعنی ناپاکی کا اثر ظاہر نہ ہو تو ناپاکی تھوڑی ہے، اور پانی زیادہ ہے، اور اگر پانی میں ناپاکی کا کوئی وصف ظاہر ہو جائے تو ناپاکی زیادہ ہے، اور پانی کم ہے۔

اور امام شافعیؒ اور امام احمد بن حنبل رحؒ نے قُلّتین کی حدیث کو معیار بنایا ہے، مگر جیسا کہ بیان کیا گیا قُلّتین کی حدیث ماءِ جاری سے متعلق ہے، اس لئے اس کو بنیاد بنانا درست نہیں ہے۔

اور امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ نے ——— چونکہ بالاجمال روایات سے اتنی بات سمجھ میں آتی ہے کہ تھوڑا پانی ناپاکی گرنے سے ناپاک ہو جاتا ہے، اور زیادہ پانی جبکہ کوئی وصف نہ بدلے، ناپاک نہیں ہوتا، اور قلیل وکثیر کی تحدید کرنے والی کوئی واضح روایت نہیں ہے اس لئے ——— اس مسئلہ کو رائے مُبتَلیٰ بہ پر چھوڑ دیا ہے، کہ ہر شخص خود فیصلہ کرے کہ پانی تھوڑا ہے یا زیادہ، اور فیصلہ کرنے کی صورت یہ ہے کہ پانی کی ایک جانب کو ہلائے، اگر دوسری جانب حرکت پہنچ جائے، تو وہ پانی تھوڑا ہے، ورنہ زیادہ، دَہ دَر دَہ کا قول اصل مذہب نہیں ہے۔

اَلْمَاءُ طَهُوْرٌ سے عدم تحدید پر استدلال درست نہیں ہے

اصحاب ظواہر نے اَلْمَاءُ طَهُوْرٌ لَا يُنَجِّسُهُ شَيْءٌ سے جو استدلال کیا ہے کہ ناپاکی گرنے سے

Marfat.com

پانی مطلقاً ناپاک نہیں ہوتا، اِس استدلال کی صحت اس بات پر موقوف ہے کہ "اَلْمَاءُ" میں جو الف لام تعریف کا ہے، وہ یا تو جنسی ہو یا اِستغراقی، کیونکہ اس صورت میں حدیث شریف کا مطلب یہ ہوگا کہ پانی کی ماہیت پاک ہے، یعنی جو بھی پانی ہوگا وہ پاک ہوگا، یا یہ مطلب ہوگا کہ پانی کے تمام افراد پاک ہیں، مگر یہ الف لام چار وجوہ سے جنسی یا استغراقی نہیں ہوسکتا۔

① اس الف لام کے جنسی یا استغراقی ہونے کی کوئی دلیل نہیں ہے، اور کوئی بھی دعویٰ دلیل کے بغیر ثابت نہیں ہوسکتا۔

② اگر پانی کی ماہیت پاک ہوگی، یا پانی کے تمام افراد پاک ہوں گے، تو لازم آئے گا کہ پیشاب بھی پاک ہو، کیونکہ پیشاب بھی اصل میں پانی ہے، اور کوئی پانی کسی طرح بھی ناپاک نہیں ہوسکتا، لہذا پیشاب بھی پاک ہونا چاہئے۔ دھوکما تریٰ!

③ اَلْمَاءُ طَهُوْرٌ کا یہ مطلب لینے کی صورت میں کئی حدیثوں سے تعارض پیدا ہوجائے گا مثلاً ٹھہرے ہوئے پانی میں پیشاب کرنے کی ممانعت والی حدیث، برتن میں کُتّے کے منہ ڈالنے کی روایت، اور بیدار ہونے کے بعد پانی میں ہاتھ ڈالنے سے پہلے ہاتھ دھونے کی ہدایت، حالانکہ نصوص میں تعارض نہیں ہوسکتا پس اَلْمَاءُ طَهُوْرٌ کا ایسا مطلب لینا ہوگا جس سے نصوص میں تعارض نہ ہو۔

④ دورِ نبوی، اور دورِ صحابہ کا عمل، اور تمام ذی رائے حضرات کا اتفاق، اور تمام مجتہدین کا اجماع ہے کہ ناپاکی گرنے سے پانی ناپاک ہوجاتا ہے، لہٰذا اَلْمَاءُ طَهُوْرٌ کا ایسا مطلب لینا جو اجماعِ امت کے اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابۂ کرام کے دور کے عمل کے خلاف ہو درست نہیں ہے۔

دفعۂ عاشر: آپ بجائے تحدیدِ دَہ دردہ اگر درپے عدمِ تحدید ہیں، اور حُجّت حدیث اَلْمَاءُ طَهُوْرٌ ہے، اور وجہ احتجاج[1] یہ ہے کہ الف لام طَبِیْعَت[2]،

---

[1] احتجاج: استدلال ۱۲ [2] طَبِیْعَت کے معنی ہیں "ماہیت" اور الف لام طبیعت اور الف لام جنسی ایک ہی ہیں (دیکھئے دستور العلماء) **نوٹ:** صحیح لفظ طبیعت (با کے بعد یا) ہے، طبعیت یعنی عین کے بعد یا درست نہیں ہے ۱۲

یاالف لام استغراق ہے، تو قطع نظر اس سے کہ ہر دعوے کے لئے دلیل چاہیئے، یعنی کا سے سے معلوم ہوا کہ طبیعت یا استغراق مراد ہے؟ اس کا کیا جواب ہوگا کہ اس صورت میں حسب رائے ظاہر پرستاں یہ لازم تھا کہ پیشاب بھی پاک ہوتا، کیونکہ وہ بھی اصل میں پانی ہی ہے، اور لَایَبُوْلَنَّ اَحَدُکُمْ فِی الْمَاءِ الدَّائِمِ وغیرہ احادیث اس صورت میں مُعارِض ہوں گی، اور ظاہر حال بوجہِ توافق عمل درآمد زمانِ نبوت وصحابہ، واتفاقِ آراء واَفہام اُنھیں کے ساتھ ہوگا، جس سے اُن کی قوت مزید هَلْ مِنْ مَزِیْد[1] ہو جاوے گی۔

قُلَّتَیْن والی حدیث سے بھی تحدید پر استدلال درست نہیں

اور جن حضرات نے قُلَّتَیْن والی حدیث سے قلیل وکثیر کی تحدید کی ہے، وہ استدلال بھی چار وجوہ سے درست نہیں ہے۔

① قُلَّتَین والی حدیث بالاتفاق صحیح نہیں ہے، امام بخاری کے استاذ علی بن المدینی، محدث ابنُ المُنْذِرُ، علامہ ابنِ جَرِیْر طَبَری، علامہ ابن عبدالبَر، قاضی ابن العربی، امام غزالی علامہ ابن دقیق العید، امام مِزّی، علامہ ابنِ تیمیہ، علامہ ابن القیّم اور بیہقی وغیرہم نے حدیث مرفوع کو ضعیف قرار دیا ہے ——— نیز اس کی سَنَدْ، مَتن اور مطلب میں اضطراب ہے۔ تفصیل کے لئے دیکھئے معارف السنن ص۲۳۳ ج۱

② قلتین والی حدیث سے اگر تحدید کی جائے گی تو حدیث لَایَبُوْلَنَّ اَحَدُکُمْ سے تعارض پیدا ہوگا، کیونکہ اس حدیث سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ پیشاب وغیرہ کے گرنے سے پانی ناپاک ہو جاتا ہے، اسی لئے ٹھہرے ہوئے پانی میں پیشاب کرنے سے منع فرمایا ہے، اور قلتین والی حدیث میں لَمْ یَحْمِلِ الْخَبَثَ اور لَایُنَجِّسُہٗ کے الفاظ ہیں جس کے صاف معنیٰ یہ ہیں کہ پانی ناپاک نہیں ہوتا، پس دونوں روایتوں میں تعارض پیدا ہوگا اور کسی حدیث کا ایسا مطلب لینا جس کی وجہ سے دیگر روایات سے تعارض پیدا ہو جائے، درست نہیں ہے۔

---

[1] هَلْ مِنْ مَزِیْد (سورۂ قٓ آیت ۳۰) لفظی ترجمہ ہے: کچھ اور بھی ہے؟! اور محاورہ میں متنبی ہیں مزید در مزید ۱۲

Marfat.com

(۳) امت کا اجماع ہے اور تمام مجتہدین کا اتفاق ہے کہ ناپاکی گرنے سے پانی ناپاک ہو جاتا ہے۔ پس قلتین والی روایت سے تحدید خلافِ اجماع ہے۔

(۴) دورِ نبوی اور دورِ صحابہ کی صورتِ حال سے جو لوگ واقف ہیں وہ جانتے ہیں کہ ناپاکی کا گرنا پانی کو ناپاک کر دیتا ہے، خواہ ناپاکی کا اثر پانی میں ظاہر ہو یا نہ ہو، کیونکہ اس دور کے کنوؤں میں پانی دو مٹکوں سے کہیں زیادہ تھا۔

اور بمقابلۂ تحدیدِ دہ در دہ آپ درپے تحدید قلتین ہیں، اور حدیثِ قلتین آپ کی سند ہے، تو اس کا کیا جواب کہ وہ حدیث مضطرب ہے، اور ظاہر ہے کہ اضطراب آیا تو پھر صحت ففر ہوا ہوئی، آپ کی شرطِ صحت کہاں سے آئے گی؟ جو آپ کا مطلب ثابت ہو!

علاوہ بریں حدیث لَا یَبُوْلَنَّ اَحَدُکُمْ کا تعارض درپیش، کیونکہ اس سے صاف ظاہر ہے کہ پیشاب وغیرہ کے پڑنے سے کوئی خرابی آتی ہے، جس کا یہ بندوبست ہے، سو وہ خرابی بجز نجاست اور کیا ہوگی؟ —— غایت ما فی الباب کسی درجہ میں بوجہِ عمومِ بلوی بطورِ عفو عن النجاست

لہ یعنی آپ یہ ثابت کرنا چاہتے ہیں کہ مارِ کثیر دہ در دہ نہیں ہے۔ بلکہ دو قلتے (مٹکے) مارِ کثیر ہے ۱۲ سے مُضْطَرِب: وہ حدیث ہے جس کی روایت میں راویوں کے درمیان اختلاف ہو۔ —— یہ اختلاف کبھی سند میں ہوتا ہے، کبھی متن میں اور کبھی حدیث کے کسی لفظ کے معنیٰ میں، قُلَّتَیْن کی حدیث میں تینوں طرح سے اضطراب ہے ۱۲

سے فَفِرُّوْا کے لفظی معنیٰ ہیں: پس بھاگو تم، اور محاورہ میں معنیٰ ہیں: چل دینا، باقی نہ رہنا ۱۲ ھ غایت ما فی الباب: یہ ایک شبہ کا جواب ہے، شبہ یہ ہے کہ شریعت میں اس کی نظیریں موجود ہیں کہ نجاست گرنے کے باوجود پانی کو ناپاک نہیں قرار دیا جاتا، مثلاً جب کوس چلتی ہے تو نیچے کی رسی جو بھیگی ہوئی ہوتی ہے، ناپاک زمین پر گھسٹتی ہوئی کنویں میں جاتی ہے، اور کنویں میں ٹپکتی ہے، اس کے باوجود پانی ناپاک نہیں قرار دیا جاتا، لہٰذا حدیث قلتین کا بھی یہ مطلب ہو سکتا ہے کہ اس میں گرنے والی ناپاکی کو شریعت نے معاف کر دیا ہو —— اس کا جواب یہ ہے کہ عمومِ بلوی کی صورت میں ناپاکی سے صرفِ نظر کی جاتی ہے اور پانی استعمال کرنے کی اجازت دی جاتی ہے، ایسا نہیں ہوتا ہے کہ ناپاکی گرنے کے باوجود اس پانی کو پاک قرار دیا جائے، اور حدیث قُلَّتَیْن میں جو الفاظ ہیں وہ نجاست کی نفی کرتے ہیں، اور پاکی کو ثابت کرتے ہیں، اس لئے مذکورہ احتمال کی حدیثِ قُلَّتَیْن میں کوئی گنجائش نہیں ہے ۱۲

Marfat.com

نہ بوجہِ وجودِ طہارت اجازتِ استعمال ہو جائے، (تو ایسا[1] ہو سکتا ہے) مگر مضمون لَا یَحْمِلُ الْخَبَثَ اور لَا یُنَجِّسُہٗ بظاہر اس کے مخالف، اور وہ اُن کے مخالف، کیونکہ یہاں[2] نفیِ نجاست مقصود ہے، اور وہاں وجودِ نجاست ثابت۔

اِدھر[3] اس بات پر توافقِ آرائے عام و خاص کہ پانی وقوعِ نجاست سے نجاست قبول کرتا ہے ——— اور[4] زمانۂ نبوت و صحابہ کی کیفیت اس کو مؤیّد، کیونکہ وہ بھی اسی طرف ناظر[5] ہے کہ وقوعِ نجاست اپنا کام کرتی ہے، وہ اثر ظاہر ہو کہ نہ ہو۔

حدیث لَا یَبُوْلَنَّ واجب العمل ہے

الغرض حدیث اَلْمَاءُ طَهُوْرٌ، اور حدیث قُلَّتَیْن مذکورہ بالا وجوہ کی بنا پر قابلِ استدلال نہیں، پس حدیث لَا یَبُوْلَنَّ واجب العمل ہو گی، اور احتیاط بھی اسی میں ہے، نیند سے بیدار ہونے کے بعد جو ہاتھ دھونے کا حکم دیا گیا ہے وہ بھی احتیاطًا ہے، اسی طرح جو شکار تیر لگنے کے بعد پانی میں گر جائے، پھر مر جائے، اس کا کھانا بھی احتیاطًا حرام ہے، الحاصل شریعت میں احتیاط واجب ہے، اس لئے احناف نے حدیث لَا یَبُوْلَنَّ کو واجب العمل سمجھا، اور اسی کو معمول بہ بنایا۔

اس لئے وہ دونوں تو قابلِ استدلال نہ رہیں، اور حدیث لَا یَبُوْلَنَّ بوجہِ احتیاط واجب العمل ہوئی، کیونکہ ایسے مقامات میں بدلالتِ وجوب طہارت بعد نوم، یا حرمت اکلِ صید واقع فی الماء احتیاط واجب ہوتی ہے۔

اب گذارش یہ ہے کہ آپ کے پاس اگر کوئی سند اس کی ہو کہ حدیث الماء طَهُوْرٌ میں طبیعت مراد ہے، یا استغراق مراد ہے، تو لائیے

---

[1] یہ جملہ ہم نے وضاحت کے لئے بڑھایا ہے ۱۲ [2] "یہاں"، یعنی حدیثِ قُلَّتَیْن میں، اور "وہاں" یعنی حدیثِ لَا یَبُوْلَنَّ میں ۱۲ [3] ناظر: مُشیر ۱۲

Marfat.com

اور دس[۱۰] کے بدلے بیس[۲۰] لے جائیے ——— علیٰ ھٰذا القیاس اگر آپ کے پاس کوئی روایت غیر مُضْطَرَب ہو، یا مُضْطَرَب، پر ایسے مواقع میں عمل کرنے پر دلالت کرتی ہو[۱]، تو لائیے اور دس[۱۰] کی جگہ بیس[۲۰] لے جائیے۔

احناف کا اصل مذہب اور اس کی دلیل

بحث کا خلاصہ یہ ہے کہ اَلْمَاءُ طَھُوْرٌ میں الف لام استغراقی یا جنسی نہیں ہے، بلکہ عہد خارجی ہے، اور یہ ارشاد صرف بُضاعہ نامی کنویں کے بارے میں ہے، جیسا کہ اس حدیث کی تمہید سے واضح ہوتا ہے، اس لئے اس حدیث سے عدم تحدید پر استدلال درست نہیں ہے، کیونکہ عدمِ تحدید پر استدلال اسی وقت درست ہوسکتا ہے جب الف لام استغراقی یا جنسی ہو ——— اور حدیث قُلَّتَیْن ضعیف ہے، اس میں اضطراب ہی اضطراب ہے، اس لئے وہ بھی قابلِ استدلال نہیں، کیونکہ کسی فرض کی شرائط ثابت کرنے کے لئے ایسی ہی قوی دلیل ضروری ہے، جیسی فرائض کے ثبوت کے لئے درکار ہوتی ہے، اور حدیثِ قُلَّتَیْن اس درجہ کی نہیں ہے۔

قلیل وکثیر پانی کے احکام مختلف ہیں

اور اس پر سب کا اتفاق ہے کہ قلیل پانی کے احکام اور ہیں، اور کثیر پانی کے احکام اور ہیں، سمندر کے پانی کو حدیث میں پاک قرار دیا گیا ہے، اسی طرح حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی اس روایت میں جس میں تالاب کے اندر مُردار پڑا ہوا تھا، پاک قرار دیا گیا ہے، نیز حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حوض کے مالک کو جواب دینے سے روک دیا تھا، اور حوض کو پاک قرار دیا تھا، اس کے برخلاف حدیث لَایَبُوْلَنَّ وغیرہ سے صاف سمجھ میں آتا ہے کہ ناپاکی گرنے سے پانی ناپاک ہوجاتا ہے، اس لئے حدیث لَایَبُوْلَنَّ وغیرہ ماءِ قلیل سے متعلق ہوں گی، اور ماءِ کثیر کا حکم اس سے مختلف ہوگا۔

چنانچہ تمام مجتہدین کا اتفاق ہے کہ قلیل پانی ناپاکی گرنے سے ناپاک ہوجاتا ہے،

---

[۱] یعنی وہ روایت مسئلۂ باب میں صریح ہو ۱۲

Marfat.com

اور کثیر پانی ناپاک نہیں ہوتا۔ البتہ قلیل وکثیر کی تحدید میں مجتہدین کی رائیں مختلف ہیں، امام مالکؒ کے نزدیک قلیل وکثیر کا مدار وصف کے بدلنے نہ بدلنے پر ہے، اور امام شافعیؒ اور امام احمد بن حنبلؒ کے نزدیک دو قُلّوں سے کم پانی قلیل ہے، اور دو قُلّے یا اس سے زیادہ پانی کثیر ہے۔

قلیل وکثیر کا فیصلہ رائے مُبتَلیٰ بہ پر چھوڑا گیا ہے

اور امام اعظم ابوحنیفہ علیہ الرحمۃ نے قلیل وکثیر کی تحدید نہیں فرمائی ہے، بلکہ اس کو رائے مُبتَلیٰ بہ پر چھوڑ دیا ہے، کیونکہ کوئی ایسی نص موجود نہیں ہے جو صحیح بھی ہو، اور فیصلہ کُن بھی ہو کہ تھوڑا پانی یہ ہے، اور زیادہ پانی یہ ہے، نیز آبِ قلیل وکثیر کا فرق محسوسات کے قبیل سے ہے، اس لئے مُبتَلیٰ بہ کی رائے پر اس مسئلہ کو چھوڑ دینا زیادہ بہتر معلوم ہوتا ہے یعنی ہر آدمی اپنے تجربہ سے فیصلہ کرے کہ تھوڑا پانی کون سا ہے؟ اور زیادہ پانی کون سا؟ اور اس قسم کے مسائل کو مُبتَلیٰ بہ کی رائے پر چھوڑنے کی شریعت میں بہت سی نظیریں موجود ہیں، مثلاً:

① نماز میں قبلہ کی طرف منہ کرنا نصوص سے ثابت ہے۔ اب رہی یہ بات کہ قبلہ کس طرف ہے؟ اس کی تعیین مُبتَلیٰ بہ یعنی ہر نمازی کے ذمہ ہے کہ وہ اپنی رائے اور تحرّی سے متعین کرے کہ قبلہ کدھر ہے؟

② جہاد میں قتل کرتے وقت کافر و مؤمن میں تمیز ضروری ہے، مگر اس کی تعیین کہ کون کافر ہے اور کون مؤمن؟ رائے مُبتَلیٰ بہ پر چھوڑی گئی ہے، وہ اپنی رائے میں جس کو کافر سمجھتا ہے اس کو قتل کرے گا، اور جس کو مؤمن سمجھتا ہے اس کو قتل نہیں کرے گا۔

③ جماعت کے ساتھ نماز ادا کرنے کی صورت میں امام کا مؤمن ہونا ضروری ہے، کافر کے پیچھے نماز درست نہیں ہے، مگر اس کی تمیز بھی سب جانتے ہیں کہ مبتلیٰ بہ کی رائے پر منحصر ہے۔

④ مسلمان عورت کا نکاح مسلمان مرد ہی سے ہو سکتا ہے، اور ایمان کا پہچاننا ایک رائی کی بات ہے، کیونکہ اصل ایمان تصدیق قلبی کا نام ہے اور کسی کی قلبی کیفیت پر مطلع ہونا ممکن نہیں ہے، اس لئے اس کو بھی مبتلیٰ بہ کی رائی پر چھوڑا گیا ہے، کہ مرد کو اگر مسلمان سمجھا جاتا ہے تو مسلمان عورت کا نکاح اس سے درست ہے، ورنہ نہیں۔

الغرض شریعت میں ایسی متعدد نظیریں موجود ہیں کہ جہاں قطعی فیصلہ ممکن نہیں ہوتا معاملہ رائے مبتلی بہ کے حوالہ کر دیا جاتا ہے، مائے قلیل وکثیر کا معاملہ بھی اسی قبیل سے ہے

Marfat.com

اس لئے امام اعظمؒ نے اس مسئلہ کو بھی رائے مبتلیٰ بہ کے حوالہ کر دیا ہے۔

دَہ دَر دَہ کوئی اصل مذہب نہیں ہے

خلاصۂ کلام یہ ہے کہ دَہ دَر دَہ سے قلیل وکثیر پانی کی تحدید احناف کے یہاں اصل مذہب نہیں ہے، لہٰذا اس کی دلیل طلب کرنا بھی درست نہیں ہے، ہاں جو اصل مذہب ہے اس کی دلیل طلب کی جاسکتی ہے، مثلاً یہ مسئلہ اجماعی ہے کہ عملِ قلیل سے نماز میں فرق نہیں آتا اور عملِ کثیر سے نماز فاسد ہو جاتی ہے، اب رہی یہ بات کہ کون سا عمل قلیل ہے، اور کون سا عمل کثیر ہے؟ تو اس کا فیصلہ خود مبتلیٰ بہ شخص کرے گا، اور مجتہدین نے اس سلسلہ میں عملِ قلیل وکثیر کی جو مختلف تعریفات کی ہیں، وہ صرف قانون کی تشریح کی حیثیت رکھتی ہیں، ان تشریحات کے بارے میں نہ کوئی صریح نص پیش کی جاسکتی ہے، اور نہ اس کا مطالبہ کرنا درست ہے۔

اسی طرح زیرِ بحث مسئلہ میں بھی فقہاء کرام نے مختلف تقدیرات بیان کی ہیں، جن میں سے ایک تقدیر دَہ در دَہ بھی ہے، اور اسی تقدیر کو عام طور پر فقہاءِ احناف نے فتویٰ کے لئے اختیار کیا ہے، کیونکہ اس میں عام مسلمانوں کے لئے سہولت ہے، لہٰذا دَہ در دَہ کی حیثیت بھی محض قانون کی تشریح کی ہے، یہ کوئی اصل مذہب نہیں ہے، جس پر مخالفین کو دلیل طلب کرنے کا حق حاصل ہو، یا اشتہار بازی کا جواز فراہم کرے ——————

اللہ تعالیٰ مخالفین کو نیک سمجھ عطا فرمائیں، اور ہم سب کو صراطِ مستقیم پر گامزن فرمائیں

تمت بالخیر، والحمد للہ علیٰ ذٰلك، وصلی اللہ علیٰ محمد وعلیٰ آلہ وصحبہ اجمعین.

رہے حنفیہ، اُن کا عذر[1] مطلوب ہے، تو سُنئے! اول تو بحکمِ انصاف ہنوز حنفیہ کے ذمہ جواب دہی لازم ہی نہیں، جب آپ جوابِ[2] مطلوب سے فارغ ہولیں گے، اُس وقت دیکھی جائے گی، مگر بایں ہمہ جواب پیشگی مطلوب ہو تو لیجئے۔

حدیث اَلمَاءُ پر تو بوجہِ مذکور، درصورتِ طبیعت واستغراق

---

[1] عذر: جواب ۱۲ [2] یعنی اَلمَاءُ طَھُورٌ میں الف لام کے جنسی یا استغراقی ہونے کو دلیل سے ثابت کریں گے ۱۲

Marfat.com

عمل سے معذور، کیونکہ بے عہد اس حدیث میں کام نہیں چلتا، چنانچہ سباق وغیرہ بھی شاہد ہیں، اور عہد سے اس مقام میں کام نہیں نکلتا[1]، کیونکہ ثبوتِ عدمِ تحدید، استغراق وطبیعت پر موقوف ہے ——— اور حدیث قُلَّتَین کو بوجہِ اضطراب اس مقام میں حُجَّت نہیں بنا سکتے، کیونکہ شرائطِ ادائے فرائض کے لئے ایسی ہی حُجَّت چاہیئے جیسی فرائض کے لئے۔

ہاں فرقِ آبِ قلیل وآبِ کثیر مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ، اور اس پر یہ مضمون منجملۂ محسوسات ہے، اس لئے رائے مبتلیٰ بہ پر رکھنا زیادہ عمدہ نظر آیا، کیونکہ ادائے فرائض میں ہر جگہ رائے مبتلیٰ بہ کام آتی ہے۔ ——— ادائے جہاد میں کافر ومومن کی تمیز ضرور ہے، اور یہ بات سب جانتے ہیں کہ یہ بات مبتلیٰ بہ کی رائے پر چھوڑی گئی ہے، علیٰ[2] ھٰذا القیاس ادائے نماز جماعت میں امام کا مؤمن ہونا لازم ہے، اور اس کی تمیز سب جانتے ہیں کہ اسی کی رائے پر منحصر ہے، ایسے[3] ہی نکاح وغیرہ میں شوہر وغیرہ کا مؤمن ہونا، مؤمنات وغیرھا کے حق میں فرض ہے، اور ایمان کا پہچاننا سب جانتے ہیں کہ ایک رائے کی بات ہے، کیونکہ اصل ایمان امرِ قلبی ہے۔

القصہ مواضعِ کثیرہ میں ادائے فرائض بے استعمالِ رائے متصور نہیں، سو امام ابو حنیفہ رح نے جب یہ دیکھا کہ رائے مبتلیٰ بہ اس باب میں حُجَّتِ کاملہ ہے، تو بناچاری[4] اسی کی رائے پر رکھنا ضروری ہوا ——— اب گذارش خدمت میں یہ ہے کہ اگر آپ کے پاس کوئی ایسی دلیل ہو، جس سے اس مقام میں مشاہدہ اور رائے کا غیر معتبر ہونا ثابت ہو، تو لائیے اور دس[1] کی جگہ

---

[1] کیونکہ وہ حدیث بیر بُضاعہ کے ساتھ خاص ہے، اور وہ بھی پاکی، ناپاکی سے متعلق نہیں ہے بلکہ ازالۂ توہمات سے تعلق رکھتی ہے ۱۲ [2] بَناچاری: چار وناچار، مجبوراً ۱۲

Marfat.com

بیس[۲] لے جائیے۔

رہا دَہ دردَہ کوئی اصل مذہب نہیں، ہاں کسی کی یہی رائے ہو تو مُضائقہ نہیں، سو اتفاق سے اکثر کی رائے اِسی طرف گئی، اس لئے یہی مشہور ہوگیا، اور وہ عوام جو صاحب رائے نہیں ہوتے، اُن کے لئے یہ رائے ایک تکیہ[۱] گاہ بے حجت[۲] نظر آئی، ورنہ اصل وہی ہے جو رائے میں آئے۔ تمّتْ بالخیر والحمد للہِ علی ذلك.

---

[۱] تکیہ گاہ: بھروسہ کی جگہ، قابلِ اعتماد بات ۱۲

[۲] بے حُجّت: بے اختلاف، ایسی بات جس میں کوئی اختلاف نہ ہو ۱۲

Marfat.com

جواب ترکی بہ ترکی

اہلِ حدیث عالم مولوی محمد حسین صاحب بٹالوی لاہوری کے سوالات کے جوابات پورے ہو چکے، اب حضرت قدس سرہ غیر مقلدین سے گیارہ سوالات کرتے ہیں، کیونکہ جوابات سے زیادہ اہم منہ زور گھوڑے کے منہ میں لگام دینا ہے۔

غیر مقلدین کا سب سے بڑا المیہ ظاہر پرستی، اور خود رائی ہے، عقل و فہم کے نام سے بھی اُن کو چڑ ہے، اسی وجہ سے وہ قیاس کے مُنکر ہیں، چنانچہ حضرت قدس سرہ فرماتے ہیں کہ اگر آپ کی ظاہر پرستی کا یہی حال رہا کہ جو کچھ سرسری نظر میں نصوص سے سمجھ میں آیا، اسی کو اختیار کر لیا، اور باقی حقائق سے صرف نظر کر لی، تو ہم کو ڈر ہے کہ کہیں آپ آیاتِ متشابہات (یَدُ اللّٰہِ فَوْقَ اَیْدِیْھِمْ، اور اَلرَّحْمٰنُ عَلَی الْعَرْشِ اسْتَوٰی (وغیرہ) کے ظاہری معنیٰ مراد لے کر اللہ تعالیٰ کو مُجَسَّمْ (جسم والا) نہ بتانے لگیں! ——— اور رفعِ یدین کی طرح مُتعہ کے باب میں بھی روایات مختلف ہیں، اس لئے ممکن ہے کہ آپ رفعِ یدین کی طرح مُتعہ کے باب میں بھی یہ کہنے لگیں کہ کبھی یوں کر لینا چاہئے، کبھی یوں! یعنی کبھی نکاح کر لینا چاہئے اور کبھی مُتعہ!

اسی طرح ظاہر پرستی اور خود رائی کا اگر یہی حال رہا، تو ممکن ہے اصحاب ظواہر بہت سی حدیثوں کو قرآن کے مُعارِض سمجھ کر ساقط الاعتبار قرار دے دیں، کیونکہ حدیث خواہ کیسی ہی قوی اور صحیح ہو مگر قرآن کریم کے ہم رتبہ کہیں ہو سکتی ہے؟ مثلاً:

① قرآن پاک کے بارے میں ارشاد باری ہے کہ لَارَیْبَ فِیْہِ (اس میں کوئی تَرَدُّد کی بات نہیں ہے) حالانکہ احادیثِ صحیحہ اور تاریخ اسلام سے ثابت ہے کہ بہت سے کافروں

Marfat.com

کو اور کمزور ایمان والوں کو قرآنِ کریم میں تردد تھا، تو کیا یہ سب روایات واحادیث ساقط الاعتبار ہیں؟

② قرآن کریم کے بارے میں ارشادِ خداوندی ہے هُدًى لِّلْمُتَّقِيْنَ (قرآنِ پاک پرہیزگاروں کے لئے ہدایت ہے) پس فاسقوں کو اور کافروں کو قرآنِ پاک سے ہدایت نہ ملنی چاہیئے، حالانکہ بے شمار حدیثوں اور تاریخی روایات سے ثابت ہے کہ قرآنِ کریم کے ذریعہ کُفّار و فُسّاق کو ہدایت ملی، تو کیا یہ سب احادیث غلط ہیں؟

③ اِذَا قُمْتُمْ اِلَى الصَّلٰوةِ فَاغْسِلُوْا وُجُوْهَكُمْ سے بظاہر یہ معلوم ہوتا ہے کہ ہر نماز کے لئے نیا وضو ضروری ہے، پس جن حدیثوں میں ایک وضو سے کئی نمازیں پڑھنا مروی ہے وہ سب احادیث غیر معتبر ہیں؟

④ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اہلِ بیت کے بارے میں ارشاد ربّانی ہے کہ اِنَّمَا يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ اَهْلَ الْبَيْتِ وَيُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيْرًا (اے نبی کے گھر والو! اللہ تعالیٰ کو یہ منظور ہے کہ تم سے آلودگی کو دور رکھے، اور تم کو پاک صاف رکھے) اور حدیث شریف میں ہے کہ اِنَّ الْمُؤْمِنَ لَا يَنْجُسُ (مؤمن یقیناً ناپاک نہیں ہوتا) اب بتایئے کہ ازواجِ مُطَہّرات اور بناتِ طیّبات، بلکہ خود سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم مومن تھے یا نہیں؟ اگر مؤمن تھے تو مومن ناپاک ہوتا ہی نہیں، پھر آلودگی دور کرنے کا کیا مطلب؟ یا نعوذ باللہ یہ حضرات مؤمن ہی نہ تھے؟

⑤ ارشاد باری تعالیٰ ہے کہ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَغْفِرُ اَنْ يُّشْرَكَ بِهٖ (یقیناً اللہ تعالیٰ اس بات کو معاف نہیں فرمائیں گے کہ اُن کے ساتھ کسی کو شریک ٹھہرایا جائے) اب بتایئے جو صحابۂ کرام پہلے مُشرِک تھے، وہ مغفرتِ خداوندی کے حق دار ہیں یا نہیں؟ ——— بلکہ صحابہ ہی پر کیا موقوف ہے، جَعَلَا لَهٗ شُرَكَآءَ کی جو مشہور تفسیر ہے اس کی رو سے تو خود حضرت آدم علیہ السلام بھی مغفرتِ خداوندی سے محروم ہوں گے!

⑥ ارشاد باری تعالیٰ ہے وَمَنْ يَّقْتُلْ مُؤْمِنًا مُّتَعَمِّدًا فَجَزَآؤُهٗ جَهَنَّمُ خَالِدًا فِيْهَا (جو شخص کسی مسلمان کو جان بوجھ کر قتل کر ڈالے، اس کی سزا جہنم ہے جس میں وہ ہمیشہ رہیگا) اور حدیثوں میں یہ آیا ہے کہ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ کہنے والے کی مغفرت ضرور ہوگی، تو کیا قرآنِ کریم کے مقابلہ میں یہ سب حدیثیں ساقط الاعتبار ہوں گی؟

⑦ قرآنِ کریم میں ارشاد ہے لَا بَیْعٌ فِیْهِ وَلَا خُلَّةٌ وَّلَا شَفَاعَةٌ (قیامت کے دن نہ تو خرید وفروخت ہوگی، نہ دوستی چلے گی، اور نہ کوئی سفارش ہوگی) اب بتائیے کہ شفاعت کی حدیثوں کو کیا کیا جائے گا؟

⑧ مَثْنٰی وَثُلٰثَ وَرُبَاعَ سے ثابت ہے کہ بیویاں چار ہی ہوسکتی ہیں، پس جن حدیثوں میں وارد ہوا ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی نو بیویاں تھیں، اُن حدیثوں کو کیا کیا جائے گا؟

⑨ یُوْصِیْکُمُ اللّٰهُ فِیْٓ اَوْلَادِکُمْ والے رکوع میں میراث کے احکام بیان کئے گئے ہیں، اور وہ احکام عام ہیں، پس حدیث نَحْنُ مَعْشَرَ الْاَنْبِیَاءِ لَا نُوْرَثُ کو شیعوں کی طرح آپ بھی دیوار سے ماریں گے؟

⑩ آیت اَلزَّانِیَةُ وَالزَّانِیْ الخ سے معلوم ہوتا ہے کہ ہر زانی کی سزا سو کوڑے ہے، پس رَجم کی حدیثوں کو آپ کیا کریں گے؟

⑪ آیت فَلَیْسَ عَلَیْکُمْ جُنَاحٌ اَنْ تَقْصُرُوْا مِنَ الصَّلٰوةِ سے معلوم ہوتا ہے کہ صرف خطرۂ کفار کے وقت نماز قصر پڑھی جاسکتی ہے، حالانکہ روایات واحادیث سے ثابت ہے کہ حج کے موقعہ پر منیٰ کے میدان میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے نمازیں قصر پڑھی تھیں جب کہ وہاں کسی قسم کا کوئی خطرہ نہیں تھا، تو کیا یہ سب روایات غلط ہیں؟

الغرض غیر مقلدین جس ظاہر پرستی کی لوگوں کو دعوت دیتے ہیں، وہ تو خود ان کے لئے وبالِ جان ثابت ہوگی، ذرا وہ مذکورہ بالا سوالوں سے ظاہر پرستی کا دامن تھامے ہوئے عُہدہ برآ ہو کر دکھائیں، تو ہم بھی جانیں کہ ظاہر پرستی سے کام چل سکتا ہے، ورنہ چپ سادھیں اور عقل کے پیچھے لٹھ لے کر نہ دوڑیں!

التماس ویادداشت جواب تو ہو چکے، التماس ویادداشت بھی سُن لیجئے، ہم نے سُنا ہے کہ اگر کوئی شخص ٹھکانے کی بات کہتا ہے، تو آپ مضامینِ[1] شعریہ کہہ کر ٹال دیتے ہیں، اور اس

---

[1] مضامینِ شعریہ: خیالی باتیں ۱۲

Marfat.com

بہانے سے جواب سے سبکدوش ہو جاتے ہیں، اگر یہی اندازِ مناظرہ ہے، تو اِس سے بہتر ہم تدبیر عرض کرتے ہیں، آپ بے تُکی ہانکا کریں، واہیاتِ جاہلانہ سمجھ کر آپ کے حریف آپ چپ ہو رہیں گے، کیونکہ ع جوابِ[1] جاہلاں باشد خموشی!

اور یہی وجہ ہے جو یہ ارشاد ہوا وَاِذَا خَاطَبَهُمُ[2] الْجَاهِلُوْنَ قَالُوْا سَلَامًا!

اور غور سے دیکھئے تو آپ نے پہلے ہی یہ انداز اختیار فرمایا ہے، بھلا جس بات[3] کے آپ اَوروں سے طالب ہیں، اور آپ سے طالب کیوں نہ ہوں گے، پھر آپ نے پہلے اپنے گھر کی خبر کیوں[4] نہ لی؟ یہ نہ سمجھا کہ ہم اوروں سے حدیثِ صحیح، نصِ صریح، متفق علیہ کے طالب ہیں، اور[5] ہم سے طالب ہوں گے تو ہم کہاں سے دیں گے، یہ بے تُکی بات نہیں تو اور کیا ہے؟! بحکمِ مناظرہ اول آپ کو لازم تھا کہ مطالب مشارٌ[6] الیہ کے لئے احادیث موصوفہ بوصفِ مذکور لاتے، اُس وقت ہم سے اِس قسم کی احادیث کی درخواست فرماتے، اس لئے ہم نے اپنی احادیث کے مراتب کی تشریح کرنی بے جا سمجھی، آپ کچھ کریں گے، تو ہم بھی ان شاء اللہ کچھ کریں گے۔

مگر عند اللہ آپ جو کچھ کریں فہم و انصاف سے کریں، تعصُّب کو چھوڑیں، اور اس نارسائی[7] پر خود رائی سے منہ موڑیں، ورنہ مجھ کو آپکی اس ظاہر پرستی اور خود رائی سے یہ اندیشہ ہے کہ آپ مُتَشابِہات تک پہنچیں، اور یَدُ اللّٰهِ فَوْقَ اَیْدِیْهِمْ اور الرَّحْمٰنُ عَلَی الْعَرْشِ اسْتَوٰی

---

[1] نادانوں کا جواب خاموشی ہے ۱۲ [2] اور جب رحمٰن کے بندوں سے ناداں لوگ (جہالت کی) بات کرتے ہیں، تو وہ کہتے ہیں کہ ہمیں معاف کرو ۱۲ [3] یعنی احادیثِ صحیحہ صریحہ ۱۲ [4] یعنی مسائلِ مُتنازعہ میں آپ نے اپنا مذہب احادیثِ صحیحہ صریحہ سے ثابت کیوں نہیں کیا؟ ۱۲ [5] اور: دوسرے ۱۲ [6] مطالب مشارٌ الیہ: یعنی مسائلِ عشرہ مشتہرہ ۱۲ [7] یعنی احادیثِ صحیحہ صریحہ ۱۲ [8] نارسائی: کم علمی ۱۲

کے بھروسے[1] سے خدا کو نعوذ باللہ مجسّم[2] بتانے لگیں۔

اور بقیاس[3] احادیثِ رفع و عدمِ رفع، احادیثِ مختلفہ فی بابِ متعۃ النکاح کو اس پر محمول کریں، کبھی یوں ہوا تھا، کبھی یوں، اس لئے کبھی یوں کر لینا چاہئے، کبھی یوں ——— اُدھر عبداللہ بن مسعود رضؓ وغیرہ کا منکرِ تحریم ہونا حدیثوں میں مرقوم[4] ہے۔

اور میں جانتا ہوں کہ آپ اپنا کام کر[5] چکے، کیونکہ ہر چند یہ بات بالخصوص آپ[6] کی نسبت نہیں سنی گئی، پر یہ شور تو ایک مدت سے ہے کہ حضراتِ غیر مقلدین تجویز[7] متعہ کے درپے ہیں، چونکہ آپ اُن سب کے امام ہیں، تو یہ کب ہو سکتا ہے کہ یہ شور اوپر ہی اوپر اوڑا ہو! ——— اور نیز یہ شور بھی ایک مدت سے ہے کہ بعض غیر مقلدین خدا کے ہاتھ پاؤں کو ایسا ہی سمجھتے ہیں، جیسے ہمارے تمہارے ہاتھ پاؤں ہوتے ہیں، تأمل ہے تو اتنا ہے کہ کاہے کے ہیں، چاندی کے یا سونے کے، یا کہیں اور کے؟

علیٰ ھذا القیاس آپ کی اس ظاہر پرستی اور خود رائی سے یہ بھی اندیشہ ہے کہ بہت سی احادیث کو مُعارض قرآن سمجھ کر پایۂ اعتبار سے ساقط فرمائیں گے، کیونکہ حدیث گو صحیح ہی کیوں نہ ہو، پر کہیں

---

[1] کے بھروسے: کی وجہ سے ۱۲ [2] مُجَسَّم: جسم والا ۱۲ [3] بقیاس: قیاس کرتے ہوئے ۱۲

[4] بخاری، مسلم اور نسائی شریف میں حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی یہ روایت ہے کہ ہم حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ جہاد کیا کرتے تھے، ہمارے ساتھ عورتیں نہیں ہوتی تھیں، اس لئے ہم نے سوچا کہ خصی کیوں نہ ہو جائیں؟ مگر ہمیں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایسا کرنے سے منع فرمایا، پھر ہمیں متعہ کرنے کی اجازت دی، چنانچہ ہم میں سے ایک آدمی کسی عورت سے کسی کپڑے کے عوض مقررہ مدت کے لئے نکاح کر لیتا تھا، پھر عبداللہ بن مسعود رضؓ نے یہ آیت پڑھی یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تُحَرِّمُوْا طَیِّبٰتِ مَآ اَحَلَّ اللّٰهُ لَكُمْ (اے ایمان والو! نہ حرام کرو وہ صاف ستھری چیزیں جو اللہ نے تمہارے لئے حلال کی ہیں) جامع الاصول ص ۱۳۱ ج ۱۲ ۱۲

[5] یعنی اللہ تعالیٰ کو نعوذ باللہ! جسم والا کہہ چکے، اور متعہ کو حلال کر چکے ۱۲ [6] مولوی محمد حسین بٹالوی صاحب مراد ہیں ۱۲

[7] تجویز: جائز قرار دینا ۱۲

قرآن کو ملتی[1] ہے؟

① اگر حدیثوں اور روایاتِ تواریخ سے بہ نسبت قرآن شریف کفّار کا رَیب و تَرَدُّد میں ہونا سمجھ میں آتا ہے، تو قرآن میں لَارَیْبَ فِیْہِ[2] فرماتے ہیں، جس سے بوجہ وقوعِ نکرہ فی سیاق[3] النفی بالکل ریب و تردد کا نہ ہونا ثابت ہوتا ہے ——— کسی کے دل میں کیوں نہ ہو، مگر ہاں آپ کو یہ کہنے کی گنجائش ہے کہ قرآن شریف میں رَیب کی نفی ہے، اور احادیث و تواریخ میں یقین بُطلانِ قرآن کا مذکور ہے، مگر آپ کو کیا کیجئے کہ بہت سے ضُعَفاء کو تردد بھی ہوا، دوسرے نفی لَارَیْبَ ایسی ہے جیسی نہی لَاتَقُلْ[4] لَھُمَا اُفٍّ، جیسے اُس سے بدلالت النص ضَرب وغیرہ کی نہی نکلتی ہے، ایسے ہی لَارَیْبَ سے یقینِ بطلان کی نفی نکلتی ہے ——— بہرحال "لَارَیْبَ فِیْہِ" لَارَیْبَ آپ کی نگاہوں میں اکثر احادیث و تواریخ، بلکہ مشاہدات کی نسبت موجبِ رَیب ہوگا۔

---

[1] یعنی قرآن کے ہم پلّہ ہو سکتی ہے؟ ۱۲ [2] سورہ بقرہ آیت ۲ ۱۲

[3] قاعدہ ہے کہ نکرہ جب نفی کے بعد آتا ہے، تو نفی عام ہوتی ہے، جیسے لَارَجُلَ فِی الدَّارِ (گھر میں کوئی بھی مرد نہیں) اسی طرح یہاں "رَیب" نکرہ ہے، اور "لَا" کے ماتحت ہے، اس لئے قرآنِ کریم میں ہر قسم کے رَیب و تردد کا ہونا اس آیت سے ثابت ہوتا ہے، اور احادیث میں آیا ہے کہ بہت سے لوگوں کو قرآن کے بارے میں ریب و تردد ——— اگر کسی کے دل میں یہ مُہمل تطبیق ہو، اور وہ بولنے کی ہمت نہ کرے تو ہو سکتا ہے، مگر آپ جیسے نڈر سا اس تطبیق کے پیش کرنے میں ذرا عار محسوس نہ ہوگا کہ قرآن کریم میں نفی رَیب کی ہے، اور حدیثوں اور تاریخوں کی کتابوں میں جو واقعات ہیں وہ یہ ہیں کہ مخالفینِ اسلام قرآن کریم کو بالیقین باطل مانتے تھے، پس قرآن کریم اور احادیث و روایات میں کوئی تعارض نہ رہا۔

مگر یہ تطبیس دو وجہ سے باطل ہے، ایک تو اس وجہ سے کہ کمزور مسلمانوں کو تردد تھا، پس جس چیز کی قرآن کریم میں نفی ہے، وہی چیز روایات و احادیث سے ثابت ہے، لہٰذا تعارض موجود ہے ——— اور دوسری وجہ یہ ہے کہ لَارَیْبَ فِیْہِ میں نفی ایسی ہے جیسی لَاتَقُلْ لَھُمَا اُفٍّ میں یعنی ماں، باپ کو ہُوں نہ کہو، جس سے بدلالت النص مارنے پیٹنے کی ممانعت نکلتی ہے، اسی طرح لَارَیْبَ فِیْہِ سے بطلانِ قرآن کی نفی بھی نکلتی ہے ——— پس لَارَیْبَ فِیْہِ اور احادیث و روایات کا تعارض آپ کیسے ختم کریں گے؟ یقیناً آپ "چہ می کنم" کے دلدل میں پھنس کر رہ جائیں گے ۱۲ [5] سورہ بنی اسرائیل آیت ۲۳ ۱۲

Marfat.com

(۲) آگے فرماتے ہیں هُدًى لِّلْمُتَّقِيْنَ[1] لامِ اِختصاص اس جانب مُشیر ہے کہ فاسقوں کو ہدایت ہو نہ کافروں کو، پھر تَسْپِیر[2] اِنَّ اللّٰهَ[3] لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْكَافِرِيْنَ، اس کے موافق، بلکہ اِس مضمون میں اس سے بڑھ کر، اور اکثر احادیثِ صحیحہ اور تواریخِ معتبرہ اور اخبارِ متواترہ ہدایتِ کفار و فساق پر شاہد، سو بوجہِ مخالفتِ مشارٌ الیہ[4] بمقابلۂ قرآن وہ احادیث و اخبار کا ہے کو مقبول ہوں گی؟ بلکہ مثل مذہب ہنود کہ غیروں کے ہنود ہونے کی امید ہی نہیں، قطعِ امیدِ ہدایت کی ہدایت[5] ہو گی۔

(۳) اور بمقابلہ اِذَا قُمْتُمْ[6] اِلَى الصَّلٰوةِ فَاغْسِلُوْا وُجُوْهَكُمْ وہ احادیث جن سے ایک وضو سے کئی نمازوں کا ادا کر لینا ثابت ہوتا ہے، کیونکر مقبول ہوں گی؟

(۴) اور حدیث اِنَّ الْمُؤْمِنَ لَا يَنْجُسُ، اِنَّمَا يُرِيْدُ اللّٰهُ[7] لِيُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ کے بعد بے اس کے کیونکر لائقِ قبول ہو گی، کہ اہلِ بیت جن میں بدلالتِ لفظِ اہلِ بیت خود حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بھی داخل ہیں، چہ جائیکہ اور کاملانِ[8] وقت، زُمرۂ اہلِ ایمان سے نعوذ باللہ خارج ہیں!

(۵) اور بمقابلہ اِنَّ اللّٰهَ[9] لَا يَغْفِرُ اَنْ يُّشْرَكَ بِهٖ، احادیثِ دالۂ مغفرتِ کبارِ صحابہ جو بالیقین پہلے مشرک تھے، کیونکر پایۂ اعتبار کو پہنچیں گی؟ بلکہ مُشرک کی مغفرت کی امید ہی منقطع کی جائے گی، گو تائب ہو کر دلی

---

[1] سورہ بقرہ آیت ۲ ۱۲ [2] تَسْپِیر: مع ھذا، اس کے باوجود ۱۲ [3] سورہ مائدہ آیت ۶۷ ۱۲

[4] مخالفتِ مشارٌ الیہ یعنی هُدًى لِّلْمُتَّقِيْنَ اور اُن احادیث و اخبار کا مخالف ہونا جو کفار کی ہدایت پر شاہد ہیں ۱۲

[5] یعنی ہندوؤں کا مذہب دعوتی نہیں ہے، یہود کی طرح نسلی مذہب ہے، اس لئے کسی اور کے ہندو ہونے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا، اسی طرح هُدًى لِّلْمُتَّقِيْنَ کے ظاہری معنی لئے جائیں گے تو لازم آئے گا کہ اس آیت میں یہ ھدایت دی گئی ہے کہ قرآن کریم صرف متقیوں کے لئے ہدایت ہے، کفار و فساق کے لئے ہدایت نہیں ہے ۱۲

[6] سورہ مائدہ آیت ۶ ۱۲ [7] سورہ احزاب آیت ۳۳ ۱۲

[8] ایک ضعیف حدیث میں ہے کہ اٰلُ مُحَمَّدٍ كُلُّ مُؤْمِنٍ تَقِيٍّ، پرہیزگار مومن حضورؐ کے خاندان میں داخل ہے —— اس حدیث کی رو سے مومنین کاملین اہلِ بیت میں شامل ہیں ۱۲

[9] سورہ نساء آیت ۴۸ ۱۲

ہی کیوں نہ ہو جائے، اور پھر اِس وجہ سے بعد ضَمِّ ضمیمہ[1] جَعَلَا لَهٗ شُرَكَآءَ[2] عجب نہیں حضرت آدم علیہ السلام کی مغفرت میں بھی تأمل ہو!

(۶) اور بمقابلہ وَمَنْ يَّقْتُلْ مُؤْمِنًا مُّتَعَمِّدًا[3]، ان احادیث کی آپ کاہے کو سنیں گے، جن سے لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ کہنے والوں کی مغفرت نکلتی ہے؟

(۷) اور بمقابلہ آیت لَا بَيْعٌ فِيْهِ وَلَا خُلَّةٌ وَّلَا شَفَاعَةٌ[4]، احادیث شفاعت کس شمار میں ہوں گی؟

(۸) اور بمقابلہ مَثْنٰى وَثُلٰثَ وَرُبَاعَ[5]، حدیثِ اِخبارِ تسعہ[9] ازواجِ مطہرات ساقط الاعتبار ہوگی، یا نعوذ باللہ دشمنانِ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کو مرتکبِ کبیرہ شنیعہ، ورمُصِر علی الکبیرۃ اور جاہر بالکبیرۃ تصور فرمائیں گے!

(۹) اور بمقابلہ يُوْصِيْكُمُ اللّٰهُ[6]، حدیث نَحْنُ مَعَاشِرَ الانبیاء لا نُوْرَثُ، مثلِ شیعہ دیوار سے ماری جائے گی!

(۱۰) اور بمقابلہ اَلزَّانِيَةُ وَالزَّانِيْ[7]، حدیثِ رَجم کی کیا شنوائی ہوگی؟

(۱۱) اور بمقابلہ فَلَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ اَنْ تَقْصُرُوْا مِنَ الصَّلٰوةِ اِنْ خِفْتُمْ اَنْ يَّفْتِنَكُمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا[8]، اُس حدیث کو آپ کیا سمجھیں گے، جس سے بحالتِ اَمن، منیٰ میں ـــــ باوجود مجمع کثیر رفقاء ـــــ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا قصر کرنا ثابت ہوتا ہے؟!

سرِ دست اِنھیں دس[10] گیارہ[11] پر اکتفا کرتا ہوں، تاکہ العَشْرُ بالعَشْرِ ہو جائے، اور لَدَيْنَا مَزِيْدٌ کی دھمکی اور بڑھ جائے، آپ اور کچھ رقم فرمائیں گے، تو ہم بھی اور کچھ نذر، عرضِ خدمت کے لئے لائیں گے، وَالسَّلَامُ عَلٰى مَنِ اتَّبَعَ الْهُدٰى، وَاٰخِرُ دَعْوَانَا اَنِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ، وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ ـــــ تم بالخیر

---

[1] یعنی آیت کریمہ کے ساتھ مشہور تفسیر ملا کر [2] سورۂ اعراف آیت ۱۹۰ ۱۲ [3] سورہ نساء آیت ۹۳ ۱۲
[4] سورۂ بقرہ آیت ۲۵۴ ۱۲ [5] سورۂ نساء آیت ۳ ۱۲ [6] سورۂ نساء آیت ۱۱ ۱۲
[7] سورۂ نور آیت ۲ [8] سورۂ نساء آیت ۱۰۱ ۱۲

Marfat.com

کیا غیر مقلد کو لامذہب کہنا بیجا ہے؟!

مولانا محمد حسین صاحب بٹالوی نے اُس اشتہار کے ذریعہ جس کو ہم نے پیش لفظ میں نقل کیا ہے، پنجاب و ہندوستان کے تمام حنفیوں کو چیلنج دیا تھا، اس کا ایک مختصر جواب پہلے پنجاب کے کسی عالم نے "اظہار" کے نام سے دیا تھا، جو اس کتاب کے آخر میں درج ہے، حضرت مولانا سید اصغر حسین میاں صاحب "ادلۂ کاملہ" کی وجہ تالیف بیان کرتے ہوئے تحریر فرماتے ہیں کہ :-

"اہلِ حدیث کے مشہور عالم مولانا محمد حسین صاحب بٹالوی نے مذہبِ حنفیہ پر اعتراض کرنے کے لئے ایک اشتہار شائع کیا ..... یہ اشتہار دیوبند بھی پہنچا، یہ سخت حملہ عموماً تمام حنفیوں کو شاق گذر رہا تھا، اور پنجاب کے کسی حنفی عالم نے اپنی وسعت کے موافق کچھ جواب لکھا بھی تھا" (حیات شیخ الہند ص ۱۷۸)

اس مختصر جواب میں مولانا بٹالوی صاحب سے مسائل مشتہرہ میں ان کے مذہب کی وضاحت اور اس کی سند و دلیل طلب کی گئی تھی، جیسا کہ "اظہار" میں ہے۔

"اور اپنا مذہب اِن مسائلِ فروعیہ میں بتادیں، اور اس کو ایسی ہی سندِ مذکور سے ثابت فرمادیں، ورنہ بارِ دگر ایسا کلمہ زبان پر نہ لادیں، کچھ تو شرمائیں، دوسروں سے نصوص قطعی الدلالۃ طلب ہوں، اور اپنی کچھ خبر نہیں"

نیز مولانا محمد حسین صاحب بٹالوی نے اشتہاروں کے ذریعہ وعدہ بھی کیا تھا کہ ہم اپنا مذہب احادیثِ صحیحہ صریحہ سے ثابت کریں گے، مگر اس کے باوجود مولانا بٹالوی صاحب گریز کرتے رہے، اور ان مسائل مشتہرہ میں نہ اپنے مذہب کی وضاحت فرمائی، نہ اپنے مذہب کی

Marfat.com

کوئی دلیل وسند پیش فرمائی، البتہ "اظہار" میں چونکہ مولانا بٹالوی صاحب کے لئے لفظ "لامذہب" استعمال کیا گیا تھا، اس لئے اس پر بہت ناگواری کا اظہار فرمایا کہ ایک عالمِ دین کو آپ حضرات "لامذہب" کہہ کر دائرۂ اسلام سے خارج کر رہے ہیں۔

حضرت قدس سرُّہ اس ضمیمہ میں اس کا جواب دے رہے ہیں کہ لفظِ "لامذہب" اتنا بُرا نہیں ہے جتنا طعنۂ گُریز جاں گداز ہے، نیز ہم نے آپ کے لئے لفظِ "لامذہب" استعمال نہیں کیا ہے، اور جس نے آپ کے لئے لفظ لامذہب استعمال کیا ہے، اس نے "لامذہب" بمعنیٰ "غیر مقلد" استعمال کیا ہے، "کافر" کے معنیٰ میں استعمال نہیں کیا۔

اس کے باوجود ہم کہتے ہیں کہ جس نے بھی آپ کے لئے لفظ لامذہب استعمال کیا، اس نے بے جا کیا، لیکن آپ سے سند و دلیل طلب کرنا کیا بے جا ہے؟ اگر آپ مسائلِ مشتہرہ میں کوئی مذہب رکھتے ہیں تو اس کی وضاحت کیجئے، اور دلیل پیش کیجئے، ورنہ پھر آپ کو "لامذہب" کہنا کیا بے جا ہے؟!

اور اگر آپ اپنا مذہب چھپانا چاہتے ہیں، اور اس بنا پر ظاہر کرنا نہیں چاہتے ہیں کہ جہراً آمین کہنے سے آپ کا مذہب خود ہی ظاہر ہو جاتا ہے، تو یہ ایک درجہ میں معقول بات ہے، مگر ایسی کوشش وہاں کرنی چاہئے، جہاں آپ کو کوئی الزام دے رہا ہو، ہم تو الزام نہیں دے رہے ہیں، بلکہ آپ سے یہ پوچھنا چاہتے ہیں کہ آپ کے اعتراض کا مبنی اور منشا کیا ہے؟ اور اس کی دلیل کیا ہے، معترض کے ذمہ اس کا پیش کرنا ضروری ہے، تاکہ جواب دینے والا آپ کے اعتراض کے منشا اور دلیل کو سامنے رکھ جواب دے سکے ——— علاوہ ازیں آپ کے اشتہاروں میں وعدہ بھی موجود ہے کہ آپ اپنا مذہب احادیثِ صریحہ صحیحہ سے ثابت کریں گے، مگر آج تک آپ نے وعدہ کو پورا نہیں کیا، اب اگر آپ کو کوئی "لامذہب" کہے، تو اس نے کیا بُرا کیا، جس پر آپ ناگواری ظاہر فرما رہے ہیں!

ضمیمہ: حضرت سلامت! اشتہار ثالث کے ملاحظہ سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ اب آپ کو فکرِ انجام ہوا ہے، اَوْرَوْں کے ذمہ الزام رکھ کر الزاموں سے نہ بچئے، ایسا نہ ہو کوئی یوں کہے ؎

دل[1] کی دل ہی میں رہی، بات نہ ہونے پائی
ایک بھی اس سے ملاقات نہ ہونے پائی

[1] "دل کی" یعنی دل کی تمنا

Marfat.com

لفظ ”لامذہب“ اتنا بُرا نہیں جتنا طعنۂ گُریز جاں گزا ہے، اگر قصاص ہی لینا تھا تو موازنہ کرلینا تھا، اِس زیادتی کا وبال فرمائیے کس کی گردن پر رہا؟ اتنی بات پر مُشتاقوں سے دامن نہ چُھڑانا چاہیے، ہم تو اِس تصور سے بری[1] ہیں، پَر جس کسی نے کہا شاید خوبیٔ مفہوم تک ہی اُس کا ذہن رہا ہو، خرابیٔ عُرف تک نہ پہنچا ہو، تَسْپَر[2] بھی آپ کی خاطر ہمارا یہ قول ہے کہ جس کسی نے یہ کہا بہت بے جا کیا ——— پَر یہ تو فرمائیے حضور سے سند طلب کرنا کیوں بے جا ہوا، اگر آپ صُوَرِ مندرجۂ اشتہار میں کوئی مذہب رکھتے ہیں تو طلبِ سند کیوں بے جا ہے؟ نہیں تو ”لامذہب“ کہنا کیا بے جا ہے؟!

اور اگر بغرض مکافاتِ جہرِ آمین، اخفائے مذہب مقصود ہے، تو ہاں ایک بات ہے، پَر یہ عذرِ معقول وہاں کارآمد ہے جہاں الزام مقصود ہو، ہم تو جہاں مانگتے ہیں مبنیٔ اعتراض کی سند مانگتے ہیں، اور یہ وہ بات ہے، جس کے بروئے عقل آپ ذمہ کَش[3] ہیں ——— علاوہ بریں آپ کے اشتہاروں میں وعدہ بھی موجود ہے۔

مگر ہاں آپ نے یہ بے ڈھب سنائی کہ ”نخبۃ“ میں یہ ہے، اور ”توضیح“ میں یہ ہے، اگر یہ ارشاد بطور التزام[4] ہے، اور لاکلام یہی ہے، تو یہ تو فرمائیے کہ یہ تقلید کون سی آیت وحدیث سے ثابت ہے، اور اگر بغرضِ الزام ہے، تو ”نخبۃ“ اور ”توضیح“ کی تقلید کی نسبت ہمارا کون سا اقرارنامہ موجود ہے؟ بایں ہمہ ہم کو اس سے بھی انکار نہیں، پر سندِ[5] التزام بروئے انصاف آپ پر واجب الادا ہے ——— مگر آپ

---

[1] یعنی ہم نے آپ کے لئے لفظ ”لامذہب“ استعمال نہیں کیا ہے، نہ ہمارے تصور میں کبھی یہ بات آئی ہے ۱۲

[2] تَسْپَر: مع ہذا، اس کے باوجود ۱۲ [3] ذمہ کَش: ذمہ دار ۱۲

[4] یعنی بٹالوی صاحب خود نخبۃ اور توضیح کی بات تسلیم کرتے ہیں ۱۲

[5] یعنی جب آپ نخبہ اور توضیح کی بات تسلیم کرتے ہیں تو دلیل پیش کیجئے کہ یہ تقلید کون سی آیت یا حدیث سے ثابت ہے ۱۲

Marfat.com

کی اس چال سے یہ خیال ہوتا ہے کہ شاید آپ اور کوئی پلٹی کھائیں ، اور یہ پیام و سلام رائگاں جائیں، اس لئے حسرتِ آئندہ کے لئے بطورِ مَثَل پیشگی یہ شعر پڑھے دیتا ہوں ؎

عاشق ہوئے ہیں یار کے ہم کس امید پر
جز آہِ نارسا، کوئی سامان ہی نہیں

چونی[1] بھی کہے مجھے گھی سے کھاؤ

باقی آپ کا یہ ارشاد کہ گفتگو کروں گا تو عالمِ مشہور سے کروں گا، خدا جانے کس بنا پر ہے، شاید آپ نے اپنی اِس شہرتِ غیر مقبول پر جس کا سبب اہتمامِ ترکِ تقلید ہے، دھوکا کھایا، ورنہ یہ تو آپ بھی جانتے ہوں گے کہ کمالِ علمی میں آپ مشہور نہیں، پھر آپ کو اس عار سے کیا مطلب کہ مقابل ہو تو کوئی بڑا ہی ہو۔

قبلہ! مشاہیرِ علماء کو تو آپ سے گفتگو کرنے میں عار کا ہونا لازم ہے، اب تو آپ ہم ہی جیسوں پر قناعت فرمائیے، اور کچھ ہنر ہو تو دکھلائیے، اور بھی کچھ نہیں، تو ہماری سب باتوں کا جواب دیجئے، اور یہ بھی ارشاد کیجئے کہ یہ صورتِ کذائی[2] نماز کون سی حدیث یا آیت سے ثابت ہے؟

——— جب آپ اس امرِ ضروری کے اثبات سے فارغ ہولیں گے، تو پھر ہم اور کچھ پوچھیں گے، والسلامُ عَلیٰ مَنِ اتَّبَعَ الھُدیٰ

نوٹ: اس کے بعد اصل کتاب میں "اشتہار" کے عنوان سے مولانا محمد حسین صاحب بٹالوی کا شائع کردہ اشتہار تھا، ہم نے اس کو پیش لفظ میں لے لیا ہے، اور یہاں سے حذف کر دیا ہے

---

[1] چونی، دال کا بُرادہ، وہ موٹا آٹا جو دال دَلنے میں نکلتا ہے ——— اور مَثَل کا مطلب یہ ہے کہ ادنیٰ آدمی بھی بڑوں کی برابری کرنے لگا یہ عنوان اور دیگر عنادین ہم نے بڑھائے ہیں ۱۲

[2] صورتِ کذائی: یعنی نماز کی پوری کیفیت از اول تا آخر کسی معین حدیث یا آیت سے ثابت کیجئے، قیامت تک آپ ثابت نہ کر سکیں گے! ۱۲

Marfat.com

اظہار[1]

چوں[2] نداری کمالِ فضل، آں بہ — کہ زباں در دہاں نگہ داری
آدمی را زباں فصیح کند — جوز بے مغز را سبک ساری

جب ان مولوی مشتہر ابو سعید محمد حسین لاہوری "لامذہب" نے یہ اشتہار واسطے اِغوا و تضلیل عوام کالانعام کے شائع کیا، اہلِ علم و فراست کے نزدیک اُن کا مبلغِ علم و کمالِ ایمان، اور افترا پردازی، اور کذب ظاہر ہوگیا، بحکم[3] آنکہ ہر کہ بادانا تر است از خود جدل کند، تا بداند کہ دانا است، بداند کہ نادان ست، اور اکثر علماء نے خاموشی کو اختیار کیا، الحق (سچ کہا ہے) ؎

چوں[4] خدا خواہد کہ پردۂ کس درد — میلش اندر طعنۂ پاکاں برد

مولوی صاحب مشتہر جن کو احادیثِ صحاح ستہ، بلکہ مشکوۃ کی بھی خبر نہیں، اور امام الائمہ امام اعظم علیہ الرحمۃ پر طعن و اعتراض، ہیہات! ہیہات! چھوٹا منہ بڑی بات! کَبُرَتْ[5] کَلِمَةً تَخْرُجُ مِنْ اَفْوَاهِهِمْ اِنْ يَّقُوْلُوْنَ اِلَّا كَذِبًا!

---

[1] یہ مولانا محمد حسین صاحب بٹالوی کے اشتہار کا ایک مختصر جواب ہے، جو مولانا ناصر الدین صاحب کا تحریر کردہ ہے، یہ ادلۂ کاملہ طبع اول کے آخر میں درج تھا، ہم نے اس کو اس لئے باقی رکھا ہے کہ حضرت قدس سرہٗ کے ضمیمہ میں بعض اشارے ایسے ہیں جس کا سمجھنا اس پر موقوف ہے ۱۲

[2] جب آپ کامل فضل نہیں رکھتے، تو بہتر یہ ہے ∴ کہ منہ میں زبان محفوظ رکھیں
آدمی کو زبان رُسوا کرتی ہے ∴ جس طرح بے مغز اکھروٹ کو اس کا ہلکا ہونا (رُسوا کرتا ہے) ۱۲

[3] اس لئے کہ جو شخص اپنے سے بڑے عقلمند کے ساتھ جھگڑا کرتا ہے، تاکہ وہ یہ جانے کہ وہ عقلمند ہے، اس کو جاننا چاہئے کہ وہ نادان ہے ۱۲

[4] جب اللہ تعالیٰ کسی کی پردہ دری چاہتے ہیں ∴ تو اس کا رُجحان نیک لوگوں کو مطعون کرنے کی طرف کر دیتے ہیں ۱۲

[5] بڑی بھاری بات ہے، جو ان کے منہ سے نکلتی ہے، (اور) وہ لوگ بالکل ہی جھوٹ بکتے ہیں (سورۂ کہف آیت ۵) ۱۲

Marfat.com

فی الحال ان کے جواب میں اسی قدر کافی ہے کہ یہ مسائل عشرہ مُستفسرہ اگر آپ کے نزدیک حق و صحیح نہیں، تو مسائل خلاف وضد اُن کے کو کسی آیت قرآنی، یا حدیثِ نبوی صحیح متفق علیہ، نصِ صریح قطعی الدلالۃ سے ثابت فرما دیجئے، اور عوض ہر آیت وحدیث کے بیس۲۰ روپے انعام میں ہم سے لیجئے ——— اور مسئلہ تین طلاق متفرق کا جو ایک طُہر میں زنِ مدخول بہا کو دی جاویں، ایک طلاق ٹھہرانا، جس کے آپ قائل، بلکہ مُصِر ہیں، اس ایک ہی مسئلہ کو کسی حدیث صحیح متفق علیہ، نص صریح قطعی الدلالۃ سے ثابت فرمائیے، اور دس۱۰ روپے کی جا سو۱۰۰ روپے ہم سے لیجئے، فَاِنْ لَّمْ تَفْعَلُوْا وَلَنْ تَفْعَلُوْا، فَاتَّقُوا النَّارَ الَّتِیْ وَقُوْدُهَا النَّاسُ وَالْحِجَارَةُ!

اور اپنا مذہب اِن مسائلِ فروعیہ میں بتا دیں، اور اس کو ایسی ہی سندِ مذکور سے ثابت فرما دیں، ورنہ بارِ دِگر ایسا کلمہ زبان پر نہ لاویں، کچھ تو شرما دیں، دوسروں سے تو نصوص قطعی الدلالۃ طلب ہوں، اور اپنی کچھ خبر نہیں۔ قال اللہ تعالیٰ: یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لِمَ تَقُوْلُوْنَ مَا لَا تَفْعَلُوْنَ كَبُرَ مَقْتًا عِنْدَ اللّٰهِ اَنْ تَقُوْلُوْا مَا لَا تَفْعَلُوْنَ

مولوی مشتہر کے اس اشتہار سے کالشمس فی نصف النہار (روز روشن کی طرح) ظاہر ہے کہ مشتہر کو احادیثِ صحیح بخاری وغیرہ سے بھی مطلق خبر نہیں، یا اُس کی صحت وحدیث ہونے سے انکار ہے، اور آیات قرآنی کی تاویل کرتے ہوں گے۔

اس جا پر مجھ کو ایک حکایت جو اُن کے کمالِ فطانت وادب کی دلیل ہے، یاد آئی، واسطے نشاطِ خاطرِ ناظرین مرقوم ہے ——— ایک روز یہ مشتہر مع اپنے استاد نامی گرامی مولوی سید نذیر حسین صاحب کے، کانپور میں بمکان جناب ڈپٹی مولوی سید امداد علی خاں صاحب تشریف فرما تھے، اور اسی زمانہ میں رسالہ "عدمِ جوازِ نماز در رَیل بحالت روانگی"، مُصنّفہ جناب مفتی سعد اللہ صاحب مرحوم، مطبع نظامی میں چھپنے کو آیا تھا، صاحبِ مطبع نے رسالہ مذکورہ مولوی سید نذیر حسین صاحب ممدوح کی خدمت میں بھیج دیا، اور بعجز تمام عرض کیا کہ یہ مسئلہ دینی ہے، جو کچھ خلاف ہو، ہدایت کیجئے، جناب ممدوح نے وہ رسالہ واپس کیا، اور فرمایا کہ، ہم نے اس کا رَدّ تحریر کیا ہے، صاحبِ مطبع کو تعجب ہوا، اور وقتِ شب حاضرِ خدمت ہو کے عرض کیا کہ حضور نے دربارۂ رسالہ نماز در ریل کیا ارشاد کیا؟ ہنوز وہ مجیب نہ ہوئے تھے کہ یہ مشتہر بے تکلف بے ادبانہ جواب دہ ہوئے کہ مولوی صاحب کیا فرما دیں، اُنھوں نے اس رسالہ کے ایک ایک حرف کا رد لکھا ہے، صاحبِ مطبع نے فوراً دست بستہ عرض کیا کہ جناب والا! اس رسالہ میں

Marfat.com

تو بسم اللہ الرحمٰن الرحیم بھی مرقوم ہے، جناب مولوی صاحب نے اس کا کیا رد لکھا ہے؟ بس مجیب مذکور کے حواس گم ہو گئے، اور کچھ جواب نہ دے سکے، جناب ڈپٹی صاحب موصوف نے فرمایا صاحبزادے! کیوں ایسی بات فضول بے تأمل کہتے ہو کہ ایک عامی سے بند ہو جاتے ہو، خجالت اٹھاتے ہو، فقط

پس مقامِ غور ہے اگر اس مشتہر کو گلستان شیخ سعدی بھی یاد ہوتی تو ایسی فضول گوئی نہ کرتے ؎

(۱) مزن[1] بے تأمل بگفتار دم ⁘ نکو گوئی و گر دیر گوئی چہ غم
(۲) بنطق آدمی بہتر است از دواب ⁘ دواب از تو بہ گر نگوئی صواب

الغرض اس اشتہار سے اُن کو اپنی تشہیر مقصود تھی، بعونہ تعالیٰ وہ بخوبی تمام ہو گئی۔

——— واسطے اطلاعِ عوام اہلِ اسلام کے مجمل جوابِ اشتہار، اور شمۂ حال مشتہر تحریر ہوا کہ ایسے خود رائے اہلِ ہوا کی صحبت سے احتراز فرماویں، اور ہرگز ان کے قول و فعل پر اعتماد نہ کریں اور ان کے دامِ تزویر میں نہ پھنسیں کہ سعدی رحمہ اللہ فرماتے ہیں

ع زجاہل گریزندہ چوں تیر باش[2]

وَمَا عَلَیْنَا اِلَّا الْبَلَاغُ الْمُبِیْن، واللہ ھو الموفِّقُ والمعین، الراقم خیر خواہ مسلمین ناصر الدین

خاتمۃ الطبع[3] الحمد للہ والمنۃ کہ یہ عجالۂ نافعہ، ہدایت مقالہ، رسالہ موسومہ بہ "ادلۂ کاملہ" بجواب اشتہار عشرہ اُسولہ مولوی محمد حسین لامذہب لاہوری مع اصل اشتہار و مختصر جواب موسوم باظہار مطبع نظامی واقع کانپور میں عشرۂ آخر رمضان مبارک ۱۲۹۴ ہجری کو اہتمام امیدوارِ رحمتِ ایزدِ سبحان، عاجز محمد عبد الرحمٰن حنفی سے مطبوع طبائع خاص و عام، و باعثِ ہدایتِ اہلِ اسلام ہوا۔ فقط۔

---

[1] (۱) بے سوچے بات نہ کہو ⁘ صحیح بات کہو، چاہے دیر سے کہو، کیا پریشانی ہے!
(۲) بات کی وجہ سے آدمی جانوروں پر فضیلت رکھتا ہے؛ اگر آپ بات درست نہ کہیں تو پھر جانور آپ سے بہتر ہے ۱۲

[2] جاہل کے پاس سے تیر کی طرح بھاگو ۱۲

[3] یہ "ادلۂ کاملہ" طبع اول کا خاتمۃ الطبع ہے ۱۲

اس کتاب کے بعد دوسری مستند اور نادر کتاب (سِرَاجًا مُنِیْرًا) غیر مقلدین کے اعتراضوں کے جواب میں۔ عمدہ کتابت کے ساتھ۔
(میر محمد کتب خانہ نے شامل کی ہے۔

میر محمد، کتب خانہ آرام باغ کراچی

Marfat.com

میر محمد کتب خانہ مرکز علم و ادب آرام باغ کراچی

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

غیر مقلّدوں کے سوالات اور انکے اعتراضوں کے جوابات کا تحقیقی مجموعہ

ادلۂ کاملہ

تالیف: شیخ الہند مولانا محمود حسن اسیرِ مالٹا نور اللہ مرقدہٗ

تسہیل :- مولانا سعید احمد پالنپوری محدّث دار العلوم دیوبند

ترتیب :- مولانا محمّد امین پالنپوری استاذ دار العلوم دیوبند

مع اضافہ

سراجِ منیر

غیر مُقلّدین کے اعتراضوں کے جوابات

از :- مولانا شیخ محمد عطاء الرحمٰن صاحبؒ

میر محمد، کتب خانہ

آرام باغ، کراچی

Marfat.com

فہرست مضامین

نمبر شمار	عنوان	صفحہ
۱	سبب تالیف	۴
۲	امام کے پیچھے قرأت نہ کرنے کے دلائل قرآن مجید سے	۵
۳	قرآن میں جو آسان ہو پڑھو	۶
۴	کیا فاقرؤ۔ واذا قرئ القرآن میں تعرض ہے	۷
۵	تفسیر درمنثور کی عبارت واحادیث	۷
۶	تفسیر روح المعانی کی عبارت	۹
۷	تفسیر روح البیان کی عبارت	۱۱
۸	تفسیر ابنِ کثیر کی عبارت	۱۲
۹	صحابہؓ امام کے پیچھے سورۂ فاتحہ پڑھنے کو منع کرتے تھے	۱۳
۱۰	تفسیر کشاف کا مضمون	۱۳
۱۱	دلائل بخاری سے	۱۶
۱۲	بغیر قرأۃ کے رکعت ہو جاتی ہے	۱۷
۱۳	حضورؐ نے مقتدی ہونے کی حالت میں فاتحہ نہ پڑھی	۱۸
۱۴	اگر مصلی فاتحہ نہ پڑھے تو نماز ہو جاتی ہے	۱۸
۱۵	مصلی اپنی نماز میں فاتحہ نہ پڑھے تو نماز ناقص ہے	۱۹
۱۶	دلیل صحیح مسلم سے	۱۹
۱۷	مقتدی امام کے پیچھے خاموش رہے	۲۰
۱۸	دلیل ترمذی شریف سے	۲۱
۱۹	مقتدی فاتحہ نہ پڑھے تو اس کی نماز ہو جاتی ہے۔	۲۱
۲۰	دلیل ابوداؤد سے	۲۲
۲۱	امام کی قرأت کے وقت خاموش رہنا	۲۲
۲۲	دلیل ابن ماجہ سے	۲۳
۲۳	مقتدی امام کے پیچھے فاتحہ نہ پڑھے	۲۳
۲۴	دلیل نسائی شریف سے مقتدی خاموش سے	۲۳
۲۵	بہت سے علماء وفقہا نے تقلید کو جائز لکھا ہے	۲۴
۲۶	ایک امام کی تقلید کیوں کرتے ہیں	۲۴
۲۷	جب چاروں مذاہب حق ہیں تو ان کے مسائل بھی حق ہوں گے	۲۶

نمبر شمار	عنوان	صفحہ
۲۸	ایک مسئلہ میں دو شخص اختلاف کریں تو ایک مسئلہ صحیح ہوگا	۲۷
۲۹	غیر مقلد ایک امام کی تقلید کو شرک کہتے ہیں۔	۲۸
۳۰	رفعیدین نہ کرنے کی کیا دلیل ہے	۳۳
۳۱	یہ حدیث سلام کے وقت ہاتھ اٹھانے کی نہیں ہے	۳۴
۳۲	اعتراض کسی رفعیدین کی تخصیص تو کی نہیں۔	۴۰
۳۳	تراویح کی آٹھ رکعتیں ہیں یا بیس ۲۰ ؟	۴۳
۳۴	تراویح کی احادیث	۴۳
۳۵	آٹھ تراویح پڑھنے میں آٹھ خلاف ورزی	۴۵
۳۶	صبح کی نماز کے بعد نفل سنتیں پڑھنا درست ہے یا نہیں	۴۷
۳۷	حنفی درمانے وقت میں نماز پڑھتے ہیں	۴۹
۳۸	کیا چاروں مذاہب میں حنفی مذہب کو ترجیح دی ؟	۵۱
	غیر مقلد کہتے ہیں کہ امام ابوحنیفہ قیاس کرتے تھے	۵۳
۴۰	صحابہ و تابعین کے زمانہ میں تقلید نہ تھی اس لئے بدعت ہے	۵۵
۴۱	تکبیرِ تحریمہ کے وقت ہاتھ اٹھانے کی کیا دلیل ہے	۵۷
۴۲	زیرناف ہاتھ باندھنے کی کیا دلیل ہے	۵۸
۴۳	نماز میں بسم اللہ آہستہ پڑھنے کی کیا دلیل ہے۔	۵۸
۴۴	نماز میں آمین آہستہ کہنے کی کیا دلیل ہے	۶۰
۴۵	اگر مقتدی آمین زور سے کہے تو اَللّٰھُمَّ رَبَّنَا لَکَ الْحَمْدُ بھی زور سے کہے	۶۲
۴۶	کیا تقلید کرنا شرک ہے۔	۶۳
۴۷	غیر مقلد بھی تقلید کرتے ہیں۔	۶۳
۴۸	غیر مقلد اندھی تقلید کرتے ہیں	۶۵
۴۹	فی نفسک کا ترجمہ آہستہ پڑھنے کا نہیں ہے۔ نفسہٖ اور نفسک کا ترجمہ اپنی ہی ذات کا ہے	۶۶
۵۰	امام کے پیچھے قرأۃ نہ کرو خاموش رہو۔	۷۰
۵۱	اعتراض حنفی حدیث کے بجائے اقوال ائمہ پر عمل کرتے ہیں	۷۰
۵۲	احناف کو حدیث پر عمل مقصود نہیں تقلید امام مقصود ہے	۷۱
۵۳	ہماری حدیث راجح ان کی مرجوع کا جواب	۷۱
۵۴	اہل حدیث تمام حدیثوں کے ماننے والے کو کہتے ہیں یا بعض احادیث ماننے والے کو	۷۲

Marfat.com

سَبَبْ تالیْف

بندۂ عاجز جملہ برادرانِ اسلام کی خدمت میں التماس کرتا ہے کہ دلائلِ شرعی چار ہیں۔ اوّل کتاب اللہ۔ دوئم حدیثِ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم۔ سوئم اجماعِ اصحاب رضوان اللہ علیہم اجمعین۔ چہارم قیاس مجتہدین رحمہم اللہ علیہم کا مگر بعض لوگ اس زمانے میں اہلِ قرآن ہونے کا دعوٰی کرتے ہیں۔ اور بعض اہلِ حدیث ہونے کے مدعی ہیں اور اہلِ اسلام چاروں دلیلوں کو مانتے اور ان پر عمل کرتے ہیں۔ مگر مدعی اہل قرآن اور اہل حدیث ان مسلمانوں پر جو چاروں دلیلوں پر عمل کرتے ہیں۔ وہ ان کے طریقے کو باطل کہتے ہیں۔ اور وہ ان سے ہر مسئلے کے ثبوت کے لئے آیتِ کریمہ اور حدیثِ صحیح طلب کرتے ہیں۔ اور اکثر مسلمان بسبب اپنی لاعلمی کے اُن سے مغلوب ہوکر ان کے طریقہ کو اختیار کر لیتے ہیں۔ اور دوسرے مسلمانوں کو یہ بھی طعنہ زنی کرنے لگتے ہیں۔ اس عاجز نے دینی خدمت سمجھ کر اہل اسلام کی تسلی کے لئے چند دلائل اس رسالے میں جمع کئے ہیں اور مسائل اختلافی کو آیات و احادیث صحیح سے مثل آفتاب کے واضح کیا ہے۔ تاکہ ہر مسلمان ان دلائل کو دیکھ کر اپنے ایمان اور اسلام پر مضبوطی سے قائم اور دائم رہے اور خدائے وحدہٗ لاشریک کی عبادت میں دل لگائے رکھیں۔ یا الٰہی اس مسکین کو ہمیشہ دینی خدمت کے مضبوط فرما اور ہر طرح سے مدد فرما۔

آمین ثم آمین

Marfat.com

امام کے پیچھے قرأۃ نہ کرنے کے دلائل قرآن مجید فرقانِ حمید سے

(۱) سوال ۱؎ کس آیت میں اللہ تعالیٰ نے مقتدی کو قرأت کے وقت خاموش رہنے کا حکم کیا ہے؟

جواب۔ پارہ نواں سورۂ اعراف کا ختم قَالَ اللّٰہُ تعالیٰ وَاِذَا قُرِئَ القرآن فَاسْتَمِعُوْا لَہٗ وَاَنْصِتُوْا لَعَلَّکُمْ تُرْحَمُوْنَ ۝ (ترجمہ) "اور جس وقت پڑھا جاوے۔ قرآن شریف پس خوب کان لگا کر سنو اس کو۔ اور خاموش رہو تاکہ تم رحم کئے جاؤ۔" اس آیت سے مقتدی کو وقتِ قرأت خاموش رہنے کا حکم ہوا ہے۔ اس جگہ ایک خفیف سا شبہ یہ واقع ہوتا ہے کہ جس وقت امام قرأت کو جہر کے ساتھ پڑھے اس وقت خاموش رہنا ثابت ہوتا ہے۔

(۲) سوال ۲؎ جس وقت امام خفیہ قرأت پڑھے۔ اس وقت کس لفظ سے خاموش رہنا ثابت ہوتا ہے؟

جواب۔ فَاسْتَمِعُوْا لَہٗ۔ یہ جملہ معطوف علیہ ہے۔ وَاَنْصِتُوْا یہ معطوف۔ اور معطوف علیہ اور معطوف کا حکم ایک ہی ہوتا ہے۔ جیسا کہ وَاَطِیْعُوا اللّٰہَ وَاَطِیْعُوا الرَّسُوْلَ۔ اس آیت کریمہ میں واضح اور روشن ہے کہ واطیعوا اللہ معطوف علیہ ہے۔ اور واطیعوا الرّسول معطوف ہے۔ اس آیت کے معنیٰ یہ ہوئے کہ تابعداری کرو اللہ کی اور اللہ کے رسول کی ہر وقت اور ہر حال میں۔ وَاِذَا قُرِئَ القراٰن فَاسْتَمِعُوْا لَہٗ وَاَنْصِتُوْا میں بھی یہ ہی حکم ہے کہ امام کی ہر حال میں تابعداری کرو۔ جہر پڑھے یا خفیہ۔ آہستہ پڑھے یا زور سے۔ اہلِ علم حضرات اس چیز کو خوب اچھی طرح جانتے ہیں ان کے لئے اتنا ہی اشارہ کافی ہے۔

(۳) سوال ۳؎۔ اس جگہ ایک یہ بھی شبہ ہوتا ہے کہ اس آیت کا عام ہونا کس لفظ سے ثابت ہے؟

جواب۔ اِذَا سے عموم ثابت ہے۔ شاید اجمال کی وجہ سے حاضرین وسامعین نہ سمجھے ہوں تو تفصیل اس اجمال کی یہ ہے کہ اِذَا تین قسم کا ہوتا ہے۔

اوّل اِذَا سے عام ہونا وقت کا اور جگہ کا ثابت کرتا ہے اس کو محققین اہل عرب شرطیہ اور ظرفیہ کہتے ہیں۔ مثال وَاِذَا قُرِئَ القراٰنُ فَاسْتَمِعُوْا لَہٗ وَاَنْصِتُوْا اس آیت میں اِذَا سے وقت اور جگہ مراد ہے یعنی جب بھی کسی جگہ قرآن پڑھا جائے۔ یعنی جس وقت بھی رات ہو یا دن جس جگہ خواہ شہر ہو یا قریہ مکان ہو یا مسجد جہاں بھی پڑھا جاوے تو اس وقت

Marfat.com

اس کو سنو اور خاموش رہو۔ اس آیت کے عموم ہونے میں کوئی اہلِ علم منکر نہیں۔ اس واسطے کہ اس آیت کے معنے سے عموم ثابت ہو رہا ہے۔

دوئم جس اِذَا سے شے کا بہت جلد اور فوراً موجود ہونا ثابت ہو اس کو اہل عرب مفاجاتیہ کہتے ہیں۔ مثال

فَاِنَّمَا هِيَ زَجْرَةٌ وَّاحِدَةٌ فَاِذَا هُمْ بِالسَّاهِرَةِ — وہ تو ایک خوفناک آواز ہے اور وہ تو ایک دم میدان میں جمع ہو جائیں گے۔

یعنی اسرافیل علیہ السلام کی پھونک سنتے ہی فوراً میدانِ حشر میں حاضر ہو جائیں گے اس مثال سے فوراً حاضر ہونا ثابت ہوتا ہے۔

سوئم جس اِذَا سے وقت کا مخصوص ہونا ثابت ہو اس کو محقق اہل عرب فقط ظرفیہ کہتے ہیں۔ مثال

وَالَّيْلِ اِذَا يَغْشٰى — قسم مجھ کو رات کی جس وقت ڈھانپ لیوے

یعنی رات کے اندھیرے کی وجہ سے ہر شے پوشیدہ ہو جاتی ہے۔ اس مثال سے بھی خصوص ثابت ہوا۔ یعنی خاص وقت۔ حاصل مطلب یہ کہ جس جگہ اِذَا ظرفیہ اور شرطیہ ہو اس جگہ عموم ہوتا ہے۔ اور جس جگہ مفاجاتیہ یا فقط ظرفیہ ہو اس جگہ خصوص ہوتا ہے۔ قریش کے محاورات میں یہ امر مثلِ آفتاب روشن ہے۔ اور ہر اہلِ علم اس قاعدۂ کلیہ کو خوب جانتا اور سمجھتا ہے۔ جیسا کہ مندرجہ بالا قرآن کی تینوں مثالوں سے واضح اور روشن ہے۔ اس تقریر کو سنتے ہی مدعی اور حاضرین نے عموم تسلیم کر لیا اور مان لیا۔

(۴) سوال ۴ ایک شبہ یہ بھی واقع ہوتا ہے کہ شاید یہ آیت منسوخ ہو؟

جواب اس کا یہ ہے کہ یہ آیت منسوخ نہیں۔ اس واسطے کہ کوئی آیت اس کی ناسخ نہیں۔

(۵) سوال ۵ ایک اور بھی شبہ ہوتا ہے کہ شاید یہ آیت خطبہ میں یا ردِّ کفر میں نازل ہوئی ہو؟

جواب اس کا یہ ہے کہ یہ آیت مکّی ہے۔ یعنی مکہ میں نازل ہوئی ہے۔ اور خطبہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے اوّل مدینہ طیّبہ میں پڑھا ہے۔ اور کفار جماز نہیں پڑھتے تھے اور نہ نماز کے وقت مسجد میں جاتے تھے تو صاف معلوم ہوا کہ یہ آیت خطبہ میں یا ردِّ کفار میں نہیں نازل ہوئی۔ اور نہ کہیں قرآن شریف میں کوئی آیت ہے کہ وَاِذَا قُرِئَ الْقُرْاٰنُ کو خطبہ میں یا رد کفار میں نازل ہونا ثابت کرے اور کسی اہلِ علم کو اس امر میں شک و شبہ نہیں کہ جو زیادہ تفصیل کی جاوے۔

(۶) سوال ۶ ایک اور بھی شبہ واقع ہوتا ہے کہ فَاقْرَءُوْا مَا تَيَسَّرَ مِنَ الْقُرْاٰنِ ترجمہ: "پڑھو تم اس شے کو جو آسان ہو قرآن سے"۔ یعنی اے ایمان والو! جو آیت تمہارے نزدیک آسان اور خوب یاد ہو اس کو پڑھو اس سے وجوب قرأت فاتحہ مقتدی کو معلوم

Marfat.com

ہوتی ہے ؟

جواب. اس آیت کریمہ میں کوئی ایسا لفظ نہیں کہ جس سے مقتدی کو فاتحہ پڑھنے کا حکم ثابت ہو بلکہ اس آیت میں لفظ **مَا** سے عموم ہونا ثابت ہے . اور وَاِذَا قُرِئَ الْقُرْاٰنُ الخ نے آیت **فَاقْرَءُوْا** الخ کو مخصوص کردیا ہے۔یعنی جس وقت مقتدی ہو خاموش رہو۔اور جس وقت اکیلے ہو پڑھو۔اس امر کا کوئی صاحبِ علم منکر نہیں ہر سمجھدار اس چیز کو اچھی طرح جانتا ہے اور عاقل کے لئے اشارہ کافی ہے .

(۷) سوال ۷ ایک شبہ یہ ہوتا ہے کہ فَاقْرَءُوْا الخ اور وَ اِذَا قُرِئَ الْقُرْاٰن الخ ان دونوں آیتوں میں تعارض معلوم ہوتا ہے ؟

جواب . فَاقْرَءُوْا الخ سے پڑھنے کا عموم ثابت ہو رہا ہے . اور وَ اِذَا قُرِئَ الْقُرْاٰنُ الخ سے مخصوص ثابت ہے . یعنی جس وقت امام پڑھے اس وقت قرأت نہ پڑھو . باقی وقت پڑھو ہرگز تعارض نہیں۔

(۸) سوال ۸ اس جگہ ایک اور بھی شبہ واقع ہوتا ہے . وہ یہ ہے کہ مکتبوں میں باآواز پڑھنے کی کس آیت سے اجازت ثابت ہوئی ؟

جواب . لَا یُکَلِّفُ اللّٰہُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَھَا . (ترجمہ) "نہیں تکلیف دیتا اللہ کسی بھی نفس کو مگر اس کی طاقت کے بموجب" یعنی جس کام کو انسان کرسکتا ہے . اس کام کے کرنے کا اللہ تعالیٰ حکم دیتا ہے . اور جس کام کے کرنے سے انسان مجبور ہوتا ہے اور نہیں کرسکتا اس کام کا حکم اس پر نہیں کیا جاسکتا . اور یہ امر بالکل ظاہر ہے کہ اگر طلبہ کو خاموش رہنے کا حکم کیا جاوے تو وہ حفظِ قرآن شریف کرنے سے مجبور ہوتے ہیں . اور حفظ نہیں کرسکتے . پس ان کو اس وجہ سے بلند پڑھنے کی اجازت دی گئی اور یہ مسئلہ اہلِ علم کے نزدیک بالکل واضح اور روشن ہے . اس میں زیادہ دلائل پیش کرنے کی ضرورت نہیں . مگر پھر بھی چند احادیث مذکورہ بالا آیت کے متعلق اور نقل کرتا ہوں ملاحظہ ہوں .

تفسیر درمنثور قولہ وَاِذَا قُرِئَ الْقُرْاٰنُ اَخْرَجَ ابْنُ جُرَیْجٍ وَ ابْنُ مُنْذِرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ . وَ اِذَا قُرِئَ الْقُرْاٰنُ فَاسْتَمِعُوْا لَہٗ وَاَنْصِتُوْا یَعْنِیْ فِی الصَّلٰوۃِ الْمَفْرُوْضَۃِ اَخْرَجَ بْنُ مَرْدُوْیَہٗ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقَرَءَ قَوْمٌ

یعنی ابنِ عباسؓ فرماتے ہیں کہ یہ آیت واسطے سننے اور چپکا رہنے نماز فرضی میں نازل ہوئی .

حضرت ابن عباسؓ فرماتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے ایک قوم نے پڑھا . پس ان کی ممانعت کے لئے یہ آیت نازل ہوئی . وَ اِذَا قُرِئَ الْقُرْاٰنُ

خلفهٗ نزلت واذا قرئ القرآنُ

اَخْرَجَ عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ وَابْنُ اَبِیْ حَاتِمٍ وَالْبَيْهَقِیُّ فِیْ سُنَنِهٖ عَنْ مُجَاهِدٍ قَالَ قَرَءَ رَجُلٌ خَلْفَ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاُنْزِلَتْ وَ اِذَا قُرِئَ الْقُرْاٰنُ فَاسْتَمِعُوْا

اَخْرَجَ ابْنُ حَاتِمٍ وابو شيخ وَابْنُ مَرْدُوْيَهٗ وَالْبَيْهَقِیُّ فِیْ قِرَاءَةٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُغَفَّلٍ اَنَّهٗ مثل اَكَلَ مَنْ سَمِعَ وَجَبَ عَلَيْهِ الْاِسْتِمَاع قَالَ اِنَّمَا نَزَلَتْ هٰذِهِ الْاٰيَةُ وَاِذَا قُرِئَ الْقُرْآنُ فَاسْتَمِعُوْا لَهٗ وَاَنْصِتُوْا فِیْ قِرَاءَةِ الْاِمَامِ وَاِذَا قَرَءَ الْاِمَامُ فَاسْتَمِعْ وَاَنْصِتْ

جب امام پڑھے تو سن اور چپکا رہ۔

عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ اَنَّهٗ صَلّٰى بِاَصْحَابِهٖ فَسَمِعَ نَاسًا يَقْرَءُوْنَ خَلْفَهٗ فَلَمَّا انْصَرَفَ قَالَ اَمَا اَنَّ لَكُمْ اَنْ تَفْهَمُوْا اَنَّ لَكُمْ اَنْ تَعْقِلُوْا وَاِذَا قُرِئَ الْقُرْاٰنُ فَاسْتَمِعُوْا لَهٗ وَاَنْصِتُوْا كَمَا اَمَرَكُمُ اللّٰهُ۔

اَخْرَجَ ابْنُ اَبِیْ شَيْبَةَ وَالطَّبَرَانِیْ فِی الْاَوْسَطِ وَابْنُ مَرْدُوْيَهٗ عَنْ اَبِیْ وَائِلٍ عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ اَنَّهٗ قَالَ فِی الْقِرَاءَةِ خَلْفَ الْاِمَامِ اَنْصِتْ لِلْقُرْاٰنِ كَمَا اُمِرْتَ فَاِنَّ فِی الصَّلٰوةِ شُغْلًا وَسَيَكْفِيْكَ ذَاكَ الْاِمَامُ

خَرَجَ ابْنُ اَبِیْ شَيْبَةَ عَنْ زَيْدِ ثَابِتٍ قَالَ لَا قِرَءَةَ خَلْفَ الْاِمَامِ۔

وَاَخْرَجَ اِبْنُ اَبِیْ شَيْبَةَ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّمَا جُعِلَ الْاِمَامُ لِيُؤْتَمَّ بِهٖ

مجاہدؒ نے فرمایا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے پیچھے ایک شخص نے پڑھا پس اس کے لئے یہ آیت نازل ہوئی۔ حضرت عبداللہ بن مغفلؓ سے دریافت کیا کہ جس شخص نے قرآن کو سُنا کیا قرآن کا اس پر سننا واجب ہے جواب دیا کہ یہ آیت اسی بارے میں یعنی امام کی قرأت کے بارے نازل ہوئی۔ اے مخاطب

ابن مسعودؓ صحابی نے اپنے دوستوں کے ہمراہ نماز پڑھی۔ پس سنا کہ لوگ اُن کے پیچھے پڑھ رہے ہیں۔ نماز سے فارغ ہونے کے بعد فرمایا کہ کیا حال ہے تمہارا کہ قرآن کو نہیں سمجھتے اور جب قرآن پڑھا جاوے تو سنو اور چپ رہو۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے چپکا رہنے کا حکم فرمایا ہے

حضرت ابن مسعودؓ نے فرمایا اے مخاطب امام کے پیچھے چپکا رہ جیسا کہ تجھ کو قرآن میں امر کیا گیا۔ کیونکہ نماز میں خدا کا دھیان تصور کرتا ہے۔ اور تیرے لئے امام کا پڑھنا کافی ہے۔

حضرت زید بن ثابت فرماتے ہیں کہ امام کے پیچھے قرأت نہیں۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ امام اس لئے بنایا جاتا ہے

فَاِذَا کَبَّرَ فَکَبِّرُوْا وَاِذَا قَرَءَ فَاَنْصِتُوْا۔

کہ اس کی اقتدا کی جاوے۔ جب وہ تکبیر کہے تم بھی تکبیر کہو۔ اور جب وہ پڑھے تو تم چُپ رہو

وَاَخْرَجَ ابْنُ اَبِیْ شَیْبَۃَ عَنْ جَابِرٍؓ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ کَانَ لَہٗ اِمَامٌ فَقِرَاءَۃُ الْاِمَامِ لَہٗ قِرَاءَۃٌ۔

حضرت جابرؓ سے روایت ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس کے لئے امام ہو۔ اس کے لئے امام کا پڑھنا مقتدی کا پڑھنا ہے۔

وَاَخْرَجَ ابْنُ شَیْبَۃَ عَنْ اِبْرَاھِیْمَ قَالَ اَوَّلُ مَا اَحْدَثُوْا الْقِرَاءَۃُ خَلْفَ الْاِمَامِ وَکَانُوْا لَا یَقْرَءُوْنَ۔

حضرت ابراہیمؓ سے مروی ہے کہ آپ نے فرمایا کہ امر اول (ایجاد) جو کہ لوگوں نے پیدا کی وہ قرأت خلف الامام ہے۔ اور پہلے لوگ قرأت نہیں کرتے تھے۔

وَاَخْرَجَ عَبْدُ بْنُ حُمَیْدٍ وَاَبُوْ شَیْخٍ عَنِ الْعَالِیَۃِ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کَانَ اِذَا صَلّٰی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کَانَ اِذَا صَلّٰی بِاَصْحَابِہٖ فَقَرَأَ وَقَرَءَ اَصْحَابُہٗ خَلْفَہٗ فَلَزَلَتْ ھٰذِہِ الْاٰیَۃُ وَاِذَا قُرِئَ الْقُرْاٰنُ فَاسْتَمِعُوْا لَہٗ وَاَنْصِتُوْا۔ فَسَکَتَ الْقَوْمُ وَقَرَءَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ۔

حضرت ابی العالیہؓ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنے اصحاب کے ساتھ نماز پڑھ رہے تھے۔ جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے پڑھا تو آپ کے پیچھے صحابہ نے بھی پڑھا تو پھر یہ آیت وَاِذَا قُرِئَ الْقُرْاٰن نازل ہوئی جس کا ترجمہ یہ ہے جبکہ پڑھا جاوے قرآن پس سنو تم اس کو اور چُپ رہو پس چپ ہو گئی قوم اور پھر امام کے پیچھے نہ پڑھا۔

اَخْرَجَ اَبُوْ شَیْخٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ کَانَتْ بَنُوْ اِسْرَائِیْلَ اِذَا قَرَأَتْ اَئِمَّتُھُمْ اَجَابُوْھُمْ فَکَرِہَ اللّٰہُ ذٰلِکَ لِھٰذِہِ الْاُمَّۃِ قَالَ اِذَا قُرِئَ الْقُرْاٰنُ فَاسْتَمِعُوْا لَہٗ وَاَنْصِتُوْا۔

حضرت ابن عمرؓ سے روایت ہے کہ بنی اسرائیل میں جب ان کے امام پڑھتے تھے تو وہ جواب دیتے تھے اُن کا پس اللہ تعالیٰ نے اس اُمت کے لئے مکروہ جانا اور فرمایا کہ جب قرآن شریف پڑھا جاوے تو تم سنو اور چُپ رہو۔

تفسیر روح المعانی میں ہے :۔

وَالْاٰیَۃُ دَلِیْلٌ لِاَبِیْ حَنِیْفَۃَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ فِیْ اَنَّ الْمُقْتَدِیْ لَا یَقْرَءُ فِیْ سِرِّیَّۃٍ وَلَا جَھْرِیَّۃٍ لِاَنَّھَا تَقْتَضِیْ وُجُوْبَ

اور امام ابو حنیفہؒ کے لئے یہ آیت دلیل ہے کہ مقتدی جہری و سری نماز میں قرأت نہ کرے۔ کیونکہ یہ آیت عام طور پر حکم کر رہی ہے

الْاِسْتِمَاعِ عِنْدَ قِرَاءَةِ الْقُرْاٰنِ فِی الصَّلٰوةِ وَغَیْرِهَا وَقَدْ قَامَ الدَّلِیْلُ فِی غَیْرِهَا عَلٰی جَوَازِ الْاِسْتِمَاعِ وَ تَرْکِهٖ وَفِیْهَا عَلٰی حَالِهٖ فِی الْاِنْصَاتِ لِلْجَهْرِ وَکَذَا فِی الْاِخْفَاءِ لِعِلْمِنَا بِاَنَّهٗ یَقْرَءُ وَیُؤَیِّدُ ذٰلِكَ اَخْبَارُ اَئِمَّةٍ فَقَدْ اَخْرَجَ عَبْدُ بْنُ حُمَیْدٍ وَابْنُ حَاذَاءَ تَمِرٍ وَالْبَیْهَقِیُّ فِیْ سُنَنِهٖ عَنْ مُجَاهِدٍ قَالَ قَرَءَ رَجُلٌ مِنَ الْاَنْصَارِ خَلْفَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فِی الصَّلٰوةِ فَنَزَلَتْ وَاِذَا قُرِئَ الْقُرْاٰنُ الخ وَاَخْرَجَ ابْنُ جَرِیْرٍ وَغَیْرُهٗ عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ اَنَّهٗ صَلّٰی بِهٖ سَمِعَ اُنَاسًا یَقْرَءُوْنَ خَلْفَهٗ فَلَمَّا انْصَرَفَ قَالَ اَمَا اٰنَ لَکُمْ اَنْ تَعْقِلُوْا وَاِذَا قُرِئَ الْقُرْاٰنُ فَاسْتَمِعُوْا لَهٗ وَاَنْصِتُوْا کَمَا اَمَرَکُمُ اللّٰهُ وَاَخْرَجَ ابْنُ اَبِیْ شَیْبَةَ عَنْ زَیْدِ بْنِ ثَابِتٍ قَالَ لَا قِرَاءَةَ خَلْفَ الْاِمَامِ وَ اَخْرَجَ اَیْضًا عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِنَّمَا جُعِلَ الْاِمَامُ لِیُؤْتَمَّ بِهٖ فَاِذَا کَبَّرَ فَکَبِّرُوْا وَاِذَا قَرَءَ فَاَنْصِتُوْا وَ اَخْرَجَ اَیْضًا عَنْ جَابِرٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ کَانَ لَهٗ اِمَامٌ فَقِرَاءَةُ الْاِمَامِ لَهٗ قِرَاءَةٌ۔ وَهٰذَا الْحَدِیْثُ اِذَا صَحَّ وَجَبَ اَنْ یَّخْتَصَّ عُمُوْمُ قَوْلِهٖ تَعَالٰی فَاقْرَءُوْا مَا تَیَسَّرَ وَقَوْلِهٖ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَا صَلٰوةَ اِلَّا بِقِرَاءَةٍ عَلٰی طَرِیْقَةِ الْخَصْمِ مُطْلَقًا فَیَخْرُجُ الْمُقْتَدِیْ وَعَلٰی طَرِیْقِنَا

خاموش رہنے کا خواہ نماز میں ہو یا غیر نماز ہر حال میں سننا واجب ہے۔ اور تحقیق دلیل غیر نماز میں قائم ہوگئی کہ سننا اور نہ سننا جائز ہے۔ پس جہری نماز میں چپکا رہنا۔ بحال خود باقی رہا۔ اور اسی طرح پوشیدہ نماز میں بھی۔ اس لئے کہ امام ہمارا پڑھ رہا ہے۔ اس قول کی تائید میں قرآن کی آیت دلیل ہے کہ امام کے پیچھے کچھ نہ پڑھا جاوے۔ مجاہدؒ نے کہا کہ انصار میں سے ایک شخص نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے پڑھا پس آیت وَاِذَا قُرِئَ الْقُرْاٰنُ نازل ہوئی اور ابن جریر وغیرہ حضرت ابن مسعودؓ سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت ابن مسعودؓ نے اپنے دوستوں کو نماز پڑھائی تو سنا کہ لوگ ان کے پیچھے پڑھتے ہیں۔ جب نماز سے فارغ ہوئے تو فرمایا کیا تم نہیں سمجھتے کہ جب قرآن پڑھا جاوے تو سنو اور چپ رہو۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ تم کو حکم فرما رہے ہیں۔ ابن شیبہؓ زید بن ثابتؓ سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت ثابتؓ نے فرمایا کہ امام کے پیچھے قرأت نہیں ہے۔ اور نیز حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ امام اس لئے بنایا گیا ہے کہ اس کی اقتدا کی جاوے۔ جب وہ تکبیر کہے تم بھی تکبیر کہو۔ جب وہ قرأت شروع کرے تم چپ رہو۔ جب جابرؓ سے روایت ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس کے لئے امام ہو پس قرأت کی قرأت مقتدی کی ہے۔ جب یہ بات صحیح ہوئی تو موافق قاعدے مقابل کے آیت فَاقْرَءُوْا مَا تَیَسَّرَ جو عموم

Marfat.com

ایضًا لِاَنَّ ذٰلِكَ الْعُمُوْمَ قَدْ خُصَّ مِنْهُ الْبَعْضُ وَهُوَ الْمُدْرِكُ فِي الرُّكُوْعِ اِجْمَاعًا فَجَازَ التَّخْصِيْصُ بَعْدَهٗ بِالْمُقْتَدِيْ بِالْحَدِيْثِ الْمَذْكُوْرِ۔ وَكَذَا يُحْمَلُ قَوْلُهٗ عَلَيْهِ السَّلَام لِلْمُسِيْئِ صَلٰوتَهٗ فَكَبِّرْ ثُمَّ اقْرَأْ مَا تَيَسَّرَ مَعَكَ مِنَ الْقُرْاٰنِ عَلٰى غَيْرِ حَالَةِ الْاِقْتِدَاءِ جَمْعًا بَيْنَ الْاَدِلَّةِ بَلْ قَدْ يُقَالُ اَنَّ الْقِرَاءَةَ ثَابِتَةٌ مِنَ الْمُقْتَدِيْ شَرْعًا فَاِنَّ الْقِرَاءَةَ الْاِمَامِ قِرَاءَةٌ لَهٗ فَلَوْ قَرَءَ لَكَانَ لَهٗ قِرَاءَتَانِ فِيْ صَلٰوةٍ وَاحِدَةٍ وَهُوَ غَيْرُ مَشْرُوْعٍ

قرأت پر دلالت کر رہی ہے۔ تو حدیث لَا صَلٰوةَ اِلَّا بِالْقِرَاءَةِ کو بھی خاص کرے۔ پس مقتدی امام کے پیچھے قرأت کرنے سے نکل گیا۔ اور ہمارے قاعدے کے مطابق بھی مقتدی قرأت سے نکل گیا۔ اس لئے کہ یہ عام مخصوص البعض ہے۔ اس عام سے بعض افراد خاص کئے گئے ہیں جیسا کہ رکوع میں ملنے والا شخص قرأت سے خاص ہے۔ سب اماموں کے نزدیک بطور اجماع کے اسی طرح آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد نماز میں بھول چوک والے کے لئے حمل کیا گیا وہ ارشاد یہ ہے کہ اے مخاطب تکبیر کہہ اور پھر پڑھ اس شی کو جو قرآن سے تجھ کو آسان ہو۔ یہ حکم مطلق ہے۔ بلا تخصیص حالت اقتدا کی تاکہ جمیع اولہ میں جمعیت ہو جاوے۔ اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ مقتدی کا پڑھنا شرعًا ثابت ہے۔ اس لئے کہ امام کا پڑھنا مقتدی کا پڑھنا ہے۔ پس اگر باوجود قرأت امام کے مقتدی قرأت کریگا تو مقتدی کی ایک نماز میں دو قرأت ہو گئیں ایک امام کا پڑھنا دوسرے مقتدی کا خود پڑھنا تو یہ دو قرأت ایک نماز میں شرعًا منع ہیں۔

تفسیر روح البیان

قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ كَانَ الْمُسْلِمُوْنَ قَبْلَ نُزُوْلِ هٰذِهِ الْاٰيَةِ يَتَكَلَّمُوْنَ فِي الصَّلٰوةِ وَيَاْمُرُوْنَ بِحَوَآئِجِهِمْ وَيَاْتِيْ الرَّجُلُ الْجَمَاعَةَ وَهُمْ يُصَلُّوْنَ فَيَسْاَلُهُمْ كَمْ صَلَّيْتُمْ وَكَمْ بَقِيَ فَيَقُوْلُوْنَ كَذَا فَاَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالٰى هٰذِهِ الْاٰيَةَ وَاَمَرَهُمْ بِالْاِنْصَاتِ عِنْدَ الصَّلٰوةِ بِقِرَاءَةِ الْقُرْاٰنِ لِكَوْنِهَا اَعْظَمَ اَرْكَانِهَا اِسْتَدَلَّ الْاِمَامُ اَبُوْحَنِيْفَةَ بِهٰذِهِ الْاٰيَةِ عَلٰى اَنَّ اِنْصَاتَ الْمُقْتَدِيْ وَاجِبٌ وَاَنَّ قِرَاءَةَ

ابن عباس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ اس آیت کے نازل ہونے سے پہلے مسلمان نماز میں بات چیت کرتے تھے۔ اور اپنی حاجتوں کو ظاہر کرتے اور ایک شخص آتا تو نمازیوں سے پوچھتا کس قدر پڑھی اور کس قدر باقی ہے تو وہ جواب میں کہتے اتنی۔ پس اللہ تعالیٰ نے اس آیتہ کو نازل فرمایا۔ اور ان کو نماز کی حالت میں قرآن پڑھنے کو منع فرمایا اس لئے کہ نماز ایک بزرگ شے ہے (اس میں سکوت مقتدی بہتر ہے) امام ابوحنیفہ اس آیت سے دلیل پکڑتے ہیں کہ مقتدی امام کے پیچھے چپکا رہے۔ کیونکہ امام کا پڑھنا مقتدی کا پڑھنا

Marfat.com

الْاِمَامِ قِرَأَةُ الْمَأْمُوْمِ فَلَا يَقْرَءُ خَلْفَ الْاِمَامِ سَوَاءٌ اَسَرَّ الْاِمَامُ اَمْ جَهَرَ لِاَنَّهٗ تَعَالٰی يُوْجِبُ عَلَيْهِ اَمْرَيْنِ الْاِسْتِمَاعَ وَالْاِنْصَاتُ فَاِذَا فَاتَ الْاِسْتِمَاعُ بَقِيَ الْاِنْصَاتُ وَاجِبًا وَجْهُ الْاِسْتِدْلَالِ اَنَّ الْمُرَادَ بِالْاِنْصَاتِ الْمَأْمُوْرِ بِهٖ وَاِنْ كَانَ هُوَ النَّهْيُ عَنِ الْكَلَامِ لَا عَنِ الْقِرَاءَةِ لٰكِنَّ الْعِبْرَةَ بِعُمُوْمِ اللَّفْظِ لَا بِخُصُوْصِ السَّبَبِ عَلٰى اَنَّ الْجَمَاعَةَ مِنَ الْمُفَسِّرِيْنَ قَالُوْا اِنَّ الْاٰيَةَ نَزَلَتْ فِي الصَّلٰوةِ الْخَاصَّةِ حِيْنَ كَانُوْا يَقْرَءُوْنَ الْقُرْاٰنَ خَلْفَهٗ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَجَعَلَهُ الْحَدَادِيُّ فِيْ تَفْسِيْرِهٖ اَصَحَّ قَالَ فِي الْاَشْبَاهِ اَسْقَطَ اَبُوْحَنِيْفَةَ الْقِرَاءَةَ عَنِ الْمَأْمُوْمِ بَلْ مَنَعَهٗ مِنْهَا شَفَقَةً عَلَى الْاِمَامِ وَدَفْعًا لِلتَّخْلِيْطِ عَلَيْهِ كَمَا يُشَاهَدُ بِالْجَامِعِ الْاَزْهَرِ اِنْتَهٰى ۔ فَقِرَاءَةُ الْمَأْمُوْمِ مَكْرُوْهَةٌ كَرَاهَةَ التَّحْرِيْمِ وَهُوَ الْاَصَحُّ كَمَا فِيْ شَرْحِ الْمُجْمَعِ لِابْنِ مَلَكٍ قَالَ عَلِيٌّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ مَنْ قَرَءَ خَلْفَ الْاِمَامِ فَقَدْ اَخْطَاءَ الْفِطْرَةَ اَيِ السُّنَّةَ

تفسیر ابن کثیر

لَمَّا ذَكَرَ تَعَالٰى اَنَّ الْقُرْاٰنَ بَصَائِرُ لِلنَّاسِ وَهُدًى وَرَحْمَةً اَمَرَ تَعَالٰى بِاِنْصَاتٍ عِنْدَ تِلَاوَتِهٖ اِعْظَامًا وَاحْتِرَامًا لَا كَمَا يَعْتَمِدُهٗ كُفَّارُ قُرَيْشٍ وَالْمُشْرِكُوْنَ فِيْ قَوْلِهِمْ لَا تَسْمَعُوْا

ہے۔ پس مقتدی امام کے پیچھے بالکل نہ پڑھے خواہ امام سری نماز پڑھتا ہو یا جہری۔ اس لئے کہ اللہ تعالیٰ نے مقتدی پر دو امر واجب فرمائے ہیں۔ ایک سننا اور دوسرے چپکے رہنا۔ اگر سننا فوت ہوگا تو چپکا رہنا باقی رہے گا بطور وجوب کے۔ وجہ استدلال کی یہ ہے اس آیت میں عموم ہے قرآن کا سننا اور خاموش رہنا کلام نہ کرنا۔ کیونکہ اعتبار عموم کا ہوتا ہے نہ کہ خصوصی سبب کا اور اس کے علاوہ ایک جماعت مفسرین کی کہہ رہی ہے کہ آیت عدم قرأت خلف الامام کے بارے میں نازل ہوئی ہے اس وقت کے لوگ آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے پڑھتے تھے۔ اور حدادیؒ نے قرأت خلف الامام کے شانِ نزول کو ہی صحیح کہا ہے۔ صاحبِ اشباہؒ نے کہا کہ امام ابوحنیفہؒ نے مقتدی کی طرف سے قرأت کو ساقط کیا۔ اس لئے کہ امام کی قرأت سے خلط نہ ہو۔ جس سے خلجان ہو جیسا کہ جامع ازہر شاہد ہے۔ پس مقتدی کا پڑھنا مکروہ تحریمی ہے اور یہ ہی صحیح ہے جیسا کہ شرح ابن ملکؒ میں ہے۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا۔ جس نے امام کے پیچھے پڑھا اُس نے فطرت یعنی سنت کو چھوڑا

جب اللہ تعالیٰ نے آیت بَصَائِرُ لِلنَّاسِ کو ذکر کیا تو بلحاظِ تعظیم قرآن مجید کی تلاوت کے وقت چپکا رہنے کا حکم فرمایا۔ نہ جیسا کہ کفار قریش اور مشرکین کا قول تھا کہ قرآن کو نہ سنو اور پڑھنے کے وقت غل مچاؤ

Marfat.com

لِهٰذَا الْقُرْاٰنِ وَالْغَوْنِيْهِ وَلٰكِنَّ يُؤَكِّدُ ذَالِكَ فِي الصَّلٰوةِ الْمَكْتُوْبَةِ اِذَا جَهَرَ الْاِمَامُ كَمَا رَوَاهُ مُسْلِمٌ فِيْ صَحِيْحِهٖ مِنْ حَدِيْثِ اَبِيْ مُوْسٰى الْاَشْعَرِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّمَا جُعِلَ الْاِمَامُ لِيُؤْتَمَّ بِهٖ فَاِذَا كَبَّرَ فَكَبِّرُوْا وَاِذَا قَرَاءَ فَاَنْصِتُوْا وَكَذَا رَوَاهُ اَهْلُ السُّنَنِ مِنْ حَدِيْثِ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَيْضًا۔

صححہ، مسلم ابنِ حجاج

عَنْ اَبِيْ نَعِيْمٍ وَهَبِ بْنِ كَيْسَان اَنَّهٗ سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ يَقُوْلُ مَنْ صَلّٰى رَكْعَةً لَمْ يَقْرَاْ فِيْهَا بِاُمِّ الْقُرْاٰنِ فَلَمْ يُصَلِّ اِلَّا وَرَاءَ الْاِمَامِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ

(رواہ ترمذی)

لیکن اس کا سیاقِ کلام دلالت کرتا ہے کہ اس کا نزول نماز فرضی جہری کے بارے میں ہوا جیسا کہ مسلم نے اپنے صحیح میں روایت کی ہے۔ ابو موسیٰ اشعریؓ جو صحابی ہیں وہ کہتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب کوئی تمہارا امام بنایا جاوے تو اس کی پیروی کرو اور جب وہ اللہ اکبر کہے تم بھی اللہ اکبر کہو اور جب وہ قرارت شروع کرے تو تم چپ رہو۔ اسی طرح اصحابِ سنن مثل ابوداؤد و ابنِ ماجہ و نسائی و ترمذی وغیرہ اس حدیث کو نقل کرتے ہیں اور مسلم ابن حجاج اس حدیث کو صحیح کہہ رہے ہیں۔

ابونعیم و مصب بن کیسان سے روایت ہے۔ انہوں نے جابر بن عبداللہ صحابی سے سنا۔ فرماتے تھے کہ جو کوئی ایک رکعت بھی ایسی پڑھے جس میں الحمد نہ پڑھی ہو تو اس کی نماز نہیں ہوتی مگر امام کے پیچھے ہو جاتی ہے یہ حدیث حسن اور بالکل صحیح ہے (ترمذی)

اس کی تائید ایک دوسری حدیث سے اور ہوتی ہے۔

عَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ كَانَ لَهٗ اِمَامٌ فَقِرَاْةُ الْاِمَامِ لَهٗ قِرَاْةٌ

(ابن ماجہ)

حضرت جابرؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جس شخص کا امام ہو تو اس امام کی قرأت گویا اسی شخص کی قرأت ہے۔

ان سے ثابت ہے کہ امام کے پیچھے سورۂ فاتحہ نہ پڑھے۔

تفسیر کشاف ۔ وَاِذَا قُرِئَ الْقُرْاٰنُ فَاسْتَمِعُوْا لَهٗ وَاَنْصِتُوْا ظَاهِرُهٗ وُجُوْبُ الاستماع وَقْتَ قِرَاءَةِ الْقُرْاٰنِ فِي الصَّلٰوةِ وَغَيْرِ صَلٰوةٍ۔

ظاہر حکم اس آیت کا یہ ہے کہ قرآن مجید پڑھتے وقت یا غیر نماز میں تلاوت کے وقت چپکا رہنا اور سننا واجب ہے

تفسیر مدارک ۔ وَاِذَا قُرِئَ الْقُرْاٰنُ فَاسْتَمِعُوْا لَهٗ وَاَنْصِتُوْا

ظاہر اس آیت کا قرآن شریف پڑھنے کے وقت سننے اور چپکا رہنے کو واجب

Marfat.com

لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ۔ ظَاهِرُهٗ وُجُوْبُ الْاِسْتِمَاعِ وَالْاِنْصَاتِ وَقْتَ قِرَأَةِ الْقُرْاٰنِ وَ غَيْرِهَا۔ وَجُمْهُوْرُ الصَّحَابَةِ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُمْ عَلٰى اَنَّهٗ فِي اِسْتِمَاعِ الْمُؤْتَمِّ۔

کرتا ہے۔ اور جمہور صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ اس طرف گئے ہیں کہ اس کا نزول استماع مقتدی کے بارے میں ہوا۔ ان تفسیروں میں امام کے پیچھے قراءت کرنے منع کیا گیا ہے۔

دلائل بخاری شریف سے

(۹) سوال ۔ اکس حدیث سے ثابت ہے کہ مقتدی کی رکعت باوجود ترک کرنے قرأت کے رکوع میں شامل ہوجانے سے کامل ہوجاتی ہے؟

جواب ۔ کتاب بخاری شریف صفحہ ۷۴، سطر ۱۷ مطبع احمدی باب اِذَا رَكَعَ دُوْنَ الصَّفِّ۔

حَدَّثَنَا مُوْسٰى اِبْنُ اِسْمٰعِيْلَ قَالَ حَدَّثَنَا هَمَّامٌ عَنِ الْاَعْلَمِ وَهُوَ زِيَادٌ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ اَبِيْ بَكْرَةَ اَنَّهٗ اِنْتَهٰى اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ رَاكِعٌ فَرَكَعَ قَبْلَ اَنْ يَصِلَ اِلَى الصَّفِّ فَذَكَرَ ذٰلِكَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ زَادَكَ اللّٰهُ حِرْصًا وَلَا تَعُدْ۔

روایت ہے حسنؓ سے وہ روایت کرتے ہیں ابی بکرہؓ سے کہ حضرت ابی بکر رضی اللہ عنہ، حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت اقدس میں نماز پڑھنے کیلئے تشریف لائے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رکوع میں تھے۔ پس حضرت ابی بکرہؓ نے وہیں پر رکوع کیا اور کچھ نہ پڑھا بسبب جلدی کے پھر حضرت ابی بکرہؓ نے اس واقعہ کی خبر حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دی تو آپؐ نے حضرت ابی بکرہؓ کیلئے دعا فرمائی کہ اللہ تعالیٰ جماعت کے شریک ہونے کی حرص کو زیادہ فرماوے۔ اور لوٹا نہیں۔ یعنی جو قرارت قبل از رکوع ترک ہوگئی ہے۔ اس کی وجہ سے رکعت کو نہ لوٹا۔

جملہ محدثین اور محققین کا اس حدیث پر اجماع و اتفاق ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابی بکرہؓ کو دوبارہ نماز پڑھنے کا حکم نہ فرمایا۔ اور نہ ہی اتنے جلیل القدر صحابی نے دوبارہ نماز کو پڑھا۔ پس ثابت ہوا کہ رکوع میں مل جانے سے باوجود فاتحہ نہ پڑھنے اور فوت ہونے قرأت کے رکعت ہوجاتی ہے۔ اس میں کسی ذی علم کو شک نہیں اور نہ اس کی زیادہ تفصیل کی ضرورت ہے۔

حاصل مطلب؛ بخاری شریف کی اس حدیث سے یہ مسئلہ بخوبی ثابت ہوگیا کہ مقتدی پر قرأت واجب نہیں۔ اگر مقتدی پر قرأت واجب ہوتی تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم

Marfat.com

حضرت ابوبکرہؓ کو ضرور دوبار نماز پڑھنے کا حکم فرماتے. چونکہ واجب نہیں تھی اس لئے ان کو دوبارہ پڑھنے سے منع فرمایا۔ نیز دو حدیثیں اور پیش کرتا ہوں تاکہ یہ مسئلہ اور آفتاب سے زیادہ روشن ہو جاوے۔

حدیث اوّل۔ عَنْ زَیْدِ بْنِ ثَابِتٍؓ قَالَ خَرَجْتُ مَعَ عَبْدِ اللّٰہِ یَعْنِیْ اِبْنَ مَسْعُوْد مِنْ دَارِہٖ اِلَی الْمَسْجِدِ وَرَکَعَ الْاِمَام فَکَبَّرَ عَبْدُ اللّٰہ وَرَکَعَ وَرَکَعْتُ مَعَہٗ ثُمَّ مَشَیْنَا رَاکِعِیْنَ حَتّٰی اِنْتَھَیْنَا اِلَی الصَّفِ حِیْنَ رَفَعَ الْقَوْمُ رُءُوْسَھُمْ فَلَمَّا قَضَی الْاِمَامُ الصَّلٰوۃَ قُمْتُ وَاَنَا اَرَانِیْ لَمْ اَدْرَکْ فَاَخَذَ عَبْدُ اللّٰہ بِیَدِیْ وَاَجْلَسَنِیْ ثُمَّ قَالَ اِنَّکَ قَدْ اَدْرَکْتَ۔

رواہ البیھقی

روایت ہے زید بن ثابتؓ سے کہ میں حضرت عبداللہ ابن مسعودؓ کے ہمراہ اپنے گھر سے مسجد میں پہنچا اور امام رکوع میں تھا۔ حضرت عبداللہ بن مسعودؓ نے تکبیر کہی اور رکوع کیا پھر ہم نے رکوع کیا پھر ہم رکوع ہی کی حالت میں مل گئے۔ اس وقت قوم نے اپنے سروں کو اٹھایا۔ جب امام نے نماز کو پورا فرمالیا تو میں نے اٹھنے کا ارادہ کیا تاکہ میں اپنی نماز پوری کروں۔ اس لئے کہ میں نے پہلی رکعت میں قرأت نہیں پڑھی تھی۔ پس حضرت عبداللہ ابنِ مسعودؓ نے میرا ہاتھ پکڑا اور بٹھادیا۔ اور پھر فرمایا کہ بیشک تیری نماز ہوگئی ہے

اس حدیث سے دو مسئلے ثابت ہوئے۔ اوّل یہ کہ مقتدی پر قرأت واجب نہیں اس سے کوئی عاقل سمجھ دار منکر نہیں۔ دوسرا یہ مسئلہ ثابت ہوا کہ عبداللہ بن مسعودؓ نے زید بن ثابتؓ کو منع فرمایا کہ تم مت پڑھو تو صاف معلوم ہوا کہ اگر مقتدی رکوع میں شریک ہو جاوے تو اس کی نماز بالاتفاق ہو جاتی ہے۔ اس میں کسی قسم کی کمی نہیں رہتی۔

حدیث دوسری۔ کتاب نسائی صفحہ ۹۷ مطبوعہ مطبع انصاری دہلی

اَنَّہٗ سَأَلَ عَنْ زَیْدِ بْنِ ثَابِتٍ عَنِ الْقِرَاءَۃِ مَعَ الْاِمَامِ فَقَالَ لَا قِرَاءَۃَ مَعَ الْاِمَامِ فِیْ شَیْءٍ۔

حضرت زید بن ثابتؓ روایت کرتے ہیں جو کہ کاتبِ وحی (رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تھے) سوال کیا کہ کیا امام کے ساتھ قرأت ہے؟ حضرت زیدؓ نے جواب دیا امام کے ساتھ کسی بھی شے میں قرأت نہیں۔ یعنی امام کے پیچھے کسی رکعت میں قرأت نہیں۔

(۱۰) سوال ۲۔ کس حدیث سے ثابت ہے کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مرضِ وفات میں حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے پیچھے نماز پڑھی۔ اور مقتدی ہونے کی حالت میں سورہ فاتحہ کو نہ پڑھا؟

جواب۔ کتاب بخاری صفحہ ۶۴ سطر ۱۷ مطبع احمدی

Marfat.com

فَلَمَّا رَاٰہُ اَبُوْ بَکْرٍ ذَھَبَ لِیَتَاَخَّرَ فَاَوْمَاءَ اِلَیْہِ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بِاَنْ لَّا یَتَاَخَّرَ الخ

جس وقت دیکھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے یعنی قرینہ سے معلوم کرلیا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لا رہے ہیں تو حضرت ابوبکرؓ پیچھے ہٹنے لگے تو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کو اشارہ فرمایا کہ یہیں پر ٹھیرے رہو۔ یعنی تم ہی نماز پڑھاؤ۔

شاید اجمال کی وجہ سے پوری حدیث شریف کا مطلب حاضرین نہ سمجھے ہوں تو تفصیل اس حدیث کی یہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو مرض وفات یعنی آخر عمر جس بیماری میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے وصال پایا۔ اور دنیائے فانی کو چھوڑ کر جنت الفردوس کی جانب تشریف فرما ہوئے تو اس بیماری نے سخت کمزور کیا یہاں تک کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو جماعت پڑھانے سے بھی معذوری ہوئی تب حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ، کو امام بنایا تاکہ لوگوں کو جماعت سے نماز پڑھائیں۔ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اس مرض سے کچھ تخفیف ہوئی تب آپ امام بنے۔ اور حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ مقتدی بنے۔ اتنا صاف طور پر بخاری شریف کے الفاظ حدیث سے ثابت ہے۔ اس کا کوئی ذی علم منکر نہیں۔ اور جملہ محدثین کا اس حدیث پر اجماع ہو چکا ہے۔ بقیہ حال دوسری حدیث سے روشن اور واضح ہے۔ جو کہ تائید کے لئے تحریر کرتا ہوں۔

کتاب ابن ماجہ صفحہ ۸۸ مطبع مجتبائی سطر ۱۶

قَالَ اِبْنُ عَبَّاسٍؓ وَ اَخَذَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مِنَ الْقِرَأَۃِ مِنْ حَیْثُ کَانَ بَلَغَ اَبُوْ بَکْرٍ الاٰخرہ۔

فرمایا حضرت ابن عباسؓ نے کہ شروع فرمائی حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے قرأۃ جس جگہ سے کہ حضرت ابوبکرؓ نے چھوڑی تھی۔ یعنی جہاں تک حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے پڑھی تھی۔ اس کے آگے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پڑھی۔

حاصل ان دونوں حدیثوں سے یہ ہوا کہ اگر مقتدی پر قرأت واجب ہوتی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قرأت شروع سے پڑھتے اس واسطے کہ آپ مقتدی تھے بعد میں امام بنے جب آپ نے اوّل سے قرأت شروع نہ فرمائی بلکہ جہاں تک حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ، نے پڑھی تھی۔ اس کے آگے سے آپؐ نے پڑھی تو صاف معلوم ہوا کہ مقتدی پر قرأت واجب نہیں۔ ورنہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ضرور پڑھتے اس کا کوئی ذی علم منکر نہیں۔ اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا حضرت ابوبکر صدّیق رضی اللہ عنہ کے پیچھے قرأت کا پڑھنا مقتدی کی حالت میں کسی بھی حدیث سے ثابت نہیں۔ اور نہ ہی حضرت ابوبکر صدّیق رضی اللہ عنہ، کا حالت مقتدی میں پڑھنا ثابت ہے۔ بلکہ علمائے محدثین کے نزدیک خاموش رہنا ثابت ہے۔

Marfat.com

جملہ اہل اسلام کے نزدیک رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہر فعل اور ارشاد کے موافق عمل کرنا ہر انسان پر لازم ہے۔ جب رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم کا مقتدی کی حالت میں خاموش رہنا ثابت ہے تو پڑھنا قرأت کا مقتدی کی حالت میں فعل رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے خلاف ہوگا۔ اس واسطے صحابہ عشرہ مبشرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے مقتدی کو قرأت کرنے سے سخت منع فرمایا ہے۔ تائید کے لئے مع حوالہ کتاب لکھتا ہوں۔

کتاب کشف الاسرار

عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ كَانَ عَشَرَةٌ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنْهَوْنَ عَنِ الْقِرَاءَةِ خَلْفَ الْاِمَامِ اَشَدَّ النَّهْيِ الْخُلَفَاءُ الْاَرْبَعَةُ وَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَوْفٍ وَسَعْدُ بْنُ وَقَّاصٍ وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ وَزَيْدُ بْنُ ثَابِتٍ وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبَّاسٍ۔

کتاب کشف الاسرار میں یہ عبارت مذکور ہے۔ عبداللہ بن زید بن اسلمؓ سے اور اس نے اپنے باپ سے کہ فرمایا آپ کے والدِ محترم نے کہ دس صحابیؓ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے کہ منع فرماتے تھے امام کے پیچھے قرأت پڑھنے کو سختی سے منع فرماتے تھے اور وہ دس حضرات یہ ہیں۔ چاروں خلیفہؓ یعنی حضرت[1] ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ خلیفہ اوّل۔ اور حضرت[2] عمر فاروق رضی اللہ عنہ خلیفہ ثانی حضرت عثمان ذی النورین رضی اللہ عنہ خلیفہ ثالث۔ حضرت علی کرّم اللہ وجہہٗ خلیفہ رابع۔ اور حضرت[5] عبداللہ بن عوف رضی اللہ عنہ۔ اور حضرت[6] سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ اور حضرت[7] عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ اور حضرت[8] زید بن ثابت رضی اللہ عنہ اور حضرت[9] عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ۔ اور حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ اور بعض اصحابوں نے شروع اسلام میں قرأت خلف الامام پڑھی ہے۔ مگر بعد منع ہونے کے ترک کردیا۔ اور پڑھنے سے منع کیا۔

اس دعویٰ کے ثبوت کے لئے حدیث پیش کرتا ہوں۔ کتاب الطحاوی مطبع مصطفائی ۱۲۹ باب قرأت خلف الام۔

حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرَةَ قَالَ حَدَّثَنَا خُدَيْجُ بْنُ مُعَاوِيَةَ عَنْ اَبِيْ اِسْحٰقَ عَنْ عَلْقَمَةَ عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ لَيْتَ الَّذِيْ يَقْرَءُ خَلْفَ الْاِمَامِ مُلِئَ فَمُهٗ مِنَ التُّرَابِ رَوَاهُ الطَّحَاوِيُّ وَفِي الْمُوَطَّاِ اِمَامُ مُحَمَّدٌ وَاَسْنَادُهٗ حَسَنٌ۔

روایت ہے علقمہ رضی اللہ عنہ سے اس نے روایت کی حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے انہوں نے فرمایا کاش کہ جو امام کے پیچھے قرأت پڑھے اس کے منہ میں مٹی بھر دی جاوے روایت کیا ہے اس کو طحاوی نے اور موطا میں امام محمدؒ نے اور اس کی سند حسن ہیں۔

اس حدیث سے بخوبی ثابت ہوا کہ مقتدی ہرگز قرأت نہ پڑھے۔ اگر پڑھنا منع نہ ہوتا تو اتنے جلیل القدر صحابی رضؓ حضرت عبداللہ بن مسعودؓ جیسے حضرات منع کرنے میں تشدّد نہ فرماتے۔

(۱۱) سوال ۳ کس حدیث سے ثابت ہے کہ اگر مصلّی فاتحہ نہ پڑھے۔ بلکہ کوئی اور سورۃ پڑھ لے قرآن سے تو اس کی نماز ہو جاتی ہے؟

جواب: کتاب بخاری صفحہ ۷۳ سطر ۱۶ مطبع احمدی

فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لِلْاَعْرَابِیِّ اِذَا قُمْتَ اِلَی الصَّلٰوۃِ فَکَبِّرْ ثُمَّ اِقْرَءْ مَا تَیَسَّرَ مَعَکَ مِنَ الْقُرْاٰنِ۔ (رواہ البخاری)

فرمایا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے واسطے گاؤں والے کے۔ جس وقت کھڑا ہو تو نماز میں پس تکبیر کہہ تو پھر پڑھ تو جو شے آسان ہو ساتھ تیرے۔ یعنی جو تجھے اچھی طرح یاد ہو قرآن سے۔

حاصل ان بخاری کی حدیث سے بخوبی ثابت ہوا کہ بغیر فاتحہ کے نماز ہو جاتی ہے اور یہ مسئلہ آیت سے بھی ثابت ہے۔ فَاقْرَءُوْا مَا تَیَسَّرَ مِنَ الْقُرْاٰنِ۔ پس پڑھو تم اس شے کو جو آسان ہو تم کو قرآن سے۔ لفظ مَا سے عموم ثابت ہوتا ہے۔

(۱۲) سوال ۴ کس حدیث سے ثابت ہے کہ اگر مصلی تنہا نماز میں فاتحہ نہ پڑھے تو اس کی نماز ناقص ہوتی ہے؟

جواب: کتاب بخاری صفحہ ۱۰۱ مطبع احمد سطر اوّل

حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰہِ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْیَانُ حَدَّثَنَا الزُّھْرِیُّ عَنْ مَحْمُوْدِ بْنِ الرَّبِیْعِ عَنْ عُبَادَۃَ بْنِ الصَّامِتِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ لَاصَلٰوۃَ لِمَنْ لَّمْ یَقْرَءْ بِفَاتِحَۃِ الْکِتَابِ۔

نہیں نماز کامل ہوتی اس شخص کی جو فاتحہ نہ پڑھے (جس وقت ہو اکیلا) جملہ علمائے محققین کے نزدیک اس جگہ لَا نفی وصف کی کر رہا ہے نہ جنس نماز کی۔

اہل عرب محاورہ میں بولتے ہیں۔ لَا غُلَامُ ظَرِیْفٌ فِی الدَّارِ (ترجمہ) نہیں غلام خوش طبع مکان میں۔ اس محاورہ کے بموجب حدیث شریف کے یہ معنیٰ ہوں گے کہ نہیں نماز کامل اس شخص کی جو فاتحہ نہ پڑھے۔ جس وقت ہو اکیلا۔ شاید اجمال کی وجہ سے قارئین نہ سمجھیں۔ تو تفصیل اس اجمال کی یہ ہے کہ خبر لا کی کَامِلَۃٌ مقدر ہے اور کَامِلَۃ کی ظرف محذوف ہے۔ تقدیر عبارت یوں ہوگی لَا صَلٰوۃَ کَامِلَۃٌ اذا کَانَ وَحْدَہٗ لِمَنْ لَّمْ یَقْرَءْ بِفَاتِحَۃِ الْکِتَابِ۔ اس عبارت کے معنیٰ یہ ہیں کہ نہیں نماز

Marfat.com

کامل اس شخص کی جس نے فاتحہ کو نہ پڑھا ہو جس وقت ہو مصلّی اکیلا اور یہ قاعدہ جملہ محققین کے نزدیک مسلم ہے. کوئی ذی علم اس سے انکار نہیں کر سکتا۔ اور علمائے محدثین محققین کے نزدیک اس حدیث سے مراد رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اکیلا نمازی ہے سند اور تائید کے لئے دلیل پیش کرتا ہوں۔

کتاب ترمذی صفحہ ۴۲ سطر ۱۷ مطبع مجتبائی۔

قَالَ اَحْمَدُ بْنُ حنبل معنٰی قَوْلِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَا صَلٰوۃَ لِمَنْ لَّمْ یَقْرَءْ بِفَاتِحَۃِ الْکِتَابِ اِذَا کَانَ وَحْدَہٗ

کہا امام احمد بن حنبلؒ نے معنٰی قول النبی صلی اللہ علیہ وسلم لَا صَلٰوۃَ لِمَنْ لَّمْ یَقْرَءْ بفاتحۃ الکتاب سے وہ شخص مراد ہے جو اکیلا نماز پڑھے نہ کہ مقتدی الخ

ایک اور دلیل کامل لکھتا ہوں جس سے بخوبی ثابت ہو جاوے کہ اس حدیث سے مراد رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی اکیلا نمازی ہے نہ کہ مقتدی۔

کتاب ابوداؤد مطبع قادری دہلی صفحہ ۱۱۸ سطر ۱۱

حَدَّثَنَا قُتَیْبَۃُ ابْنُ سَعِیْدِ ابْنِ السَّرْحِ قَالَا نَا سُفْیَانُ عَنِ الزُّھْرِیِّ عَنْ مَحْمُوْدِ بْنِ الرَّبِیْعِ عَنْ عُبَادَۃَ ابْنِ الصَّامِتِ یَبْلُغُ بِہِ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا صَلٰوۃَ لِمَنْ لَّمْ یَقْرَءْ بِفَاتِحَۃِ الْکِتَابِ فَصَاعِدًا قَالَ سُفْیَانُ لِمَنْ یُصَلِّیْ وَحْدَہٗ

روایت ہے عبادہ بن صامتؓ سے فرمایا رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں کامل ہوتی نماز اس شخص کی جو نہ پڑھے فاتحہ اور زیادہ کو یعنی کوئی آیت۔ کہا سفیانؓ نے یہ حکم خاص ہے اس نمازی کے حق میں جو اکیلا نماز پڑھے نہ کہ مقتدی۔

اس حدیث سے دو مسئلے ثابت ہوئے۔ اوّل یہ کہ اس حدیث سے مراد منفرد مصلی ہے. اس واسطے کہ ملانا کسی اور سورت کا فاتحہ کے ساتھ مقتدی پر کسی اہلِ علم کے نزدیک جائز نہیں. اور لفظ فصاعدًا سے ملانا کسی آیت کا فاتحہ کے ساتھ ثابت ہو رہا ہے. دوسرا یہ مسئلہ کہ اگر اکیلا نمازی فاتحہ نہ پڑھے تو اس کی نماز ناقص ہوتی ہے اہلِ حق کے واسطے اس قدر کافی ہے۔

دلیل صحیح مسلم سے

(۱۳) سوال۔ کس حدیث سے ثابت ہے کہ مقتدی پیچھے امام کے

خاموش رہے؟

جواب۔ کتاب مسلم مطبع نول کشور صفحہ ۱۷۴ اسطر ۱۴۔

حَدَّثَنَا اِسحٰقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْآخَرُ وَفِي حَدِيْثِ جَرِيْرٍ عَنْ سُلَيْمَانَ عَنْ قَتَادَةَ مِنَ الزِّيَادَةِ وَاِذَا قَرَءَ فَاَنْصِتُوْا۔

اور بیچ حدیث جریرؓ کے روایت کرتے ہیں کہ سلیمانؓ سے وہ روایت کرتے ہیں۔ قتادہؓ سے زیادتی سے جس وقت پڑھے امام قرأۃ پس چپ رہو تم۔

اس حدیث صحیح سے وقت قرأت پڑھنے امام کے خاموش رہنا مقتدی کا بخوبی ثابت ہوا۔ کوئی اہل حق اس کا منکر نہیں۔ مثال سے اس مسئلہ کو روشن کرتا ہوں۔ اہل عرب محاورے میں بولتے ہیں:۔

اِذَا طَلَعَ الشَّمْسُ فَالنَّهَارُ مَوْجُوْدٌ۔

جس وقت طلوع ہوا آفتاب پس دن موجود ہوتا ہے۔

اسی طرح اس محاورے کے موافق اس حدیث کا ترجمہ یہ ہے کہ جس وقت امام قرات پڑھے پس مقتدی خاموش رہیں۔ حاصل یہ ہوا کہ جس وقت آفتاب طلوع ہوتا ہے اس وقت کسی بھی عاقل کو دن کے ہونے میں شک وشبہ نہیں رہتا۔ ایسا ہی رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے کلام پاک سے ثابت ہوا کہ جب امام قرأت پڑھے تو مقتدی کے خاموش رہنے میں کسی عاقل کو بھی شک نہیں ہونا چاہیئے۔

علامہ ملا علی قاریؒ نے جو مصنف مرقات شرح مشکوٰۃ ہیں۔ اور فاضل اجل صاحب عینیؒ وغیرہ نے یوں تحریر فرمایا ہے کہ امام مسلمؓ سے علمائے محدثین نے لفظ فَاَنْصِتُوْا میں بحث کی اور امام مسلمؓ نے اس حدیث کی سند حضرت صلی اللہ علیہ وسلم تک پہنچائی۔ اور حدیث کا صحیح ہونا اور راویوں کا ثقہ ہونا ثابت کیا۔ تب علمائے محدثین نے اس حدیث کا صحیح ہونا تسلیم کرلیا۔ اور امام مسلمؓ نے بآواز بلند فرمایا۔ کتاب مسلم مطبع کشوری صفحہ ۱۷۴ سطر ۱۷ فَقَالَ هُوَ عِنْدِيْ صَحِيْحٌ (ترجمہ) پس فرمایا امام مسلمؓ نے فَاَنْصِتُوْا یہ حدیث ہے اور نزدیک میرے صحیح ہے۔ اس کے حدیث ہونے میں کوئی شک نہیں ہے۔ جس طرح حضرت آدم علیہ السلام کو پروردگار عالم نے حکم دیا تھا وَلَا تَقْرَبَا هٰذِهِ الشَّجَرَةَ فَتَكُوْنَا مِنَ الظّٰلِمِيْنَ اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے حضرت آدمؑ کو درخت کے قریب جانے کی ممانعت فرمائی تھی گندم کھانے سے منع نہیں کیا تھا۔ دیکھئے آیت مذکورہ میں گندم کا کوئی ذکر نہیں ہے۔ مطلب یہ تھا کہ آدمؑ نہ درخت کے قریب جائیں گے اور نہ گندم کھائیں گے بالکل اسی طرح حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مقتدیوں کو ہدایت کردی کہ وہ امام کی قرأت کے وقت خاموش رہیں جب

Marfat.com

خاموش رہیں گے تو سورہ فاتحہ اور اس کے علاوہ کچھ بھی نہ پڑھیں گے۔ لہٰذا امام کی قرأت کے وقت مقتدی کو سورۂ فاتحہ فضاعدًا نماز اور سب کے پڑھنے کی ممانعت ہوگئی۔ اور قول حضرت ابی ہریرہؓ کا اِقْرَءْ بِهَا فِی نَفْسِكَ

کتاب مسلم مطبع کشوری صفحہ ۱۶۹ سطر ۱۹۔ اور کہا امام مالکؒ نے اس جگہ اقراء کے معنیٰ تَدَبَّرْ فِیْ نَفْسِكَ ہیں۔ یعنی فکر کر تو اپنے دل میں۔ فکر کرنے کو کوئی عاقل قرأت نہیں کہتا۔

دلیل ترمذی شریف سے

(۱۴) سوال۔ کس حدیث سے ثابت ہے کہ مقتدی امام کے پیچھے فاتحہ نہ پڑھے تو اس کی نماز ہو جاتی ہے؟

جواب۔ کتاب ترمذی مطبع مجتبائی صفحہ ۴۲ سطر ۱۸

حَدَّثَنَا اِسْحٰقُ بْنُ مُوْسٰی الْاَنْصَارِیُّ مَعَنَا مَالِكٌ عَنْ اَبِیْ نُعَیْمٍ وَهْبِ بْنِ كَیْسَانَ اَنَّهٗ سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ یَقُوْلُ مَنْ صَلّٰی رَكْعَةً لَمْ یَقْرَءْ بِاُمِّ الْقُرْاٰنِ فَلَمْ یُصَلِّ اِلَّا اَنْ یَّكُوْنَ وَرَاءَ الْاِمَامِ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ۔

تحقیق جلیل القدر راوی ابونعیمؓ وہب بن کیسانؓ نے سنا جابرؓ بیٹے عبداللہ کو کہا جابرؓ بیٹے عبداللہ نے جس شخص نے پڑھی رکعت اور نہ پڑھا اس نے فاتحہ کو پس نہ پڑھی اس نے نماز مگر یہ کہ ہو وہ پیچھے امام کے یعنی مقتدی اگر نہ پڑھے فاتحہ تو اس کی نماز ہو جاتی ہے اور فرمایا ترمذیؒ نے یہ حدیث حسن ہے اور صحیح ہے۔

حاصل یہ ہوا کہ جب بغیر پڑھے فاتحہ کے نماز ہو جاتی ہے تو مقتدی کا خاموش رہنا ثابت ہوا۔ اور حدیث عبادہ جو کتاب ترمذی مطبع مجتبائی صفحہ ۴۱ سطر ۲۸ میں حَدَّثَنَا مُنَادِیْنَا الْاٰخِرَةُ ہے یہ حدیث منسوخ ہے۔ اور وَاِذَا قُرِئَ الْقُرْاٰنُ الخ یہ آیت ناسخ ہے۔ اور اگر اس حدیث کو منسوخ نہ مانا جاوے تو کلام رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں تعارض پیدا ہوگا۔

کتاب ابن ماجہ مطبع مجتبائی صفحہ ۶۱۔ حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ مُحَمَّدٍ الخ

عَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَنْ كَانَ لَهٗ اِمَامٌ فَقِرَاءَةُ الْاِمَامِ لَهٗ قِرَاءَةٌ۔

روایت ہے جابرؓ سے کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جس شخص کے واسطے ہو امام پس قرأت امام کی مقتدی کے واسطے کافی ہے۔

Marfat.com

اس حدیث سے عدم قرأت اور اوپر کی حدیث سے واجب ہونا قرأت کا ثابت ہوا

دلیل ابوداؤد سے

(۱۵) سوال۔ امام کی قرأت کے وقت مقتدی کا خاموش رہنا کونسی حدیث سے ثابت ہے؟

جواب۔ کتاب ابوداؤد صفحہ ۱۱۹ سطر ۵ مطبع قادری، ۲۰۰۰ء

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِنْصَرَفَ مِنْ صَلٰوةٍ جَهَرَ فِیْهَا بِالْقِرَاءَةِ فَقَالَ هَلْ قَرَءَ مَعِیْ اَحَدٌ مِّنْكُمْ فَقَالَ رَجُلٌ نَعَمْ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنِّیْ اَقُوْلُ مَالِیْ اُنَازَعُ الْقُرْاٰنَ قَالَ فَانْتَهَی النَّاسُ عَنِ الْقِرَاءَةِ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ۔

روایت ہے حضرت ابی ہریرہؓ سے تحقیق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جس وقت فارغ ہوئے نمازِ جہر سے یعنی جس نماز میں بلند آواز سے پڑھا جاتا ہے۔ پس فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کس شخص نے پڑھا ہے میرے ساتھ تم میں سے۔ پس کہا ایک شخص نے میں نے پڑھا ہے یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم۔ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے تحقیق کہ میں کہتا ہوں۔ کیا ہے میرے لئے کہ منازعت کیا جاتا ہوں قرآن میں۔ کہا راوی نے کہ اس کے بعد سے لوگ قرأت پڑھنے سے رک گئے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے پھر قرأت نہ پڑھی۔

حدیث دوسری کتاب ابوداؤد صفحہ ۱۹ سطر ۲۵

عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَیْنٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ صَلّٰی الظُّهْرَ فَجَاءَ رَجُلٌ فَقَرَءَ خَلْفَهٗ سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْاَعْلٰی فَلَمَّا فَرَغَ قَالَ اَیُّكُمْ قَرَأَ قَالُوْا رَجُلٌ قَالَ قَدْ عَرَفْتُ اَنَّ بَعْضَكُمْ خَالَجَنِیْهَا۔

روایت ہے عمران بن حصینؓ سے تحقیق کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز ظہر کی پڑھی۔ پس ایک شخص نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْاَعْلٰی کو پڑھا۔ پس جس وقت فارغ ہوئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نماز سے تو آپ نے فرمایا کہ تم میں سے کس نے پڑھا۔ صحابہؓ میں سے ایک شخص نے کہا میں نے پھر فرمایا حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے تحقیق پہچانتا ہوں میں کہ بعض تمہارا خلجان میں ڈالتا ہے مجھ کو نماز میں۔

پس ان دونوں حدیثوں سے مقتدی کا خاموش رہنا بخوبی ثابت ہوا۔

Marfat.com

دلیل ابنِ ماجہ سے

(۱۶) سوال - کس حدیث سے ثابت ہے کہ مقتدی امام کے پیچھے سورہ فاتحہ نہ پڑھے؟

جواب - کتاب ابنِ ماجہ مطبع مجتبائی صفحہ ۶۱ حَدَّثَنَا اَبُوبَکرِ بْنُ اَبِیْ شَیْبَۃَ الخ یہ حدیث لمبی ہے۔ آخر اس کا یہ ہے۔ قَالَ اِنِّیْ اَقُوْلُ مَالِیْ اُنَازَعُ الْقُرْاٰنَ۔ دریافت فرمایا حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے۔ کس نے میرے پیچھے پڑھا ہے۔ کہا ایک شخص نے میں نے۔ اس کے جواب میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں کہتا تھا کیا بات ہے کہ مجھے قرآن پڑھنے میں دقت پیش آرہی ہے کہ جھگڑا کیا جاتا ہوں۔ قرآن سے۔ منازعت کی تفصیل محدثین بیان کرتے ہیں کہ امام کو متشابہ بسبب مقتدیوں کے پڑھنے کے لگے یا امام سے قرآن میں غلطی ہونے لگے۔ جو فعل نماز پڑھنے سے مانع ہو۔ اس فعل کو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا ہے۔ پس مقتدی کا خاموش رہنا بخوبی ثابت ہوا۔

دلیل نسائی شریف سے

(۱۷) سوال - کس حدیث سے ثابت ہے کہ مقتدی امام کے پیچھے خاموش رہے؟

جواب - کتاب نسائی مطبع مجتبائی صفحہ ۱۴۶ سطر ۱۹

اَخْبَرَنَا جَارُوْدُ بْنُ مُعَاذٍ التِّرْمِذِیُّ الخ عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّمَا جُعِلَ الْاِمَامُ لِیُؤْتَمَّ بِہٖ فَاِذَا کَبَّرَ فَکَبِّرُوْا وَاِذَا قَرَءَ فَاَنْصِتُوْا۔

روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ امام اس مقرر کیا گیا ہے کہ تم اس کی اقتدا کرو یعنی پیروی کرو۔ پس جس وقت امام تکبیر کہے تم بھی تکبیر کہو اور جس وقت امام قرأت پڑھے تو تم چپ رہو۔

اس حدیث صحیح سے مقتدی کا خاموش رہنا بخوبی ثابت ہوا۔

اس مضمون کی اور بہت سی حدیثیں ہیں۔ لیکن بخوفِ طول ہونے کے تحریر نہیں کیں۔ بلکہ بعض حدیثوں کو الخ لکھ کر پوری نہیں لکھی اور بعض جگہ زیادہ تفصیل نہیں کی بلکہ ذی علم کے لئے اشارہ کافی ہے۔

Marfat.com

(۱۸) سوال ۔ بہت سے علماء و فقہاء نے تقلید مذہب کو جائز لکھا ہے مقلدین خواہی نخواہی کھینچ تان کر اس کو واجب ٹھیراتے ہیں۔

جواب : جن علما نے تقلید مذہب معین کو جائز لکھا ہے۔ ان کے کلام سے واجب کی نفی نہیں ہوتی۔ کیونکہ ایک شے کا جائز لنفسہ اور واجب لغیرہ ہونا ممتنع نہیں۔ بلکہ جو شخص تقلید کو واجب لعینہ کہتا ہو جائز کا لفظ اس کے خلاف بھی نہیں۔ اس لئے کہ ممکن ہے کہ جواز سے مراد امکانِ عام ہو۔ یعنی تقلید واجب اشتراک شئ نہیں ہے۔ رہا اس کا فعل اگر واجب ہو یا غیر واجب امکانِ عام دونوں کو شامل ہے۔ ہاں جواز بمعنی امکان خاص البتہ وجوب لعینہ کے منافی ہے۔ چونکہ ابن حزم نے تقلید کو حرام لکھا تھا۔ اور غلطی سے تقلید جائز اور ناجائز کو متحد الحکم سمجھا تھا۔ اس کی رد میں علما نے جائز کا لفظ لکھا تھا۔ جس کا مطلب یہ ہے کہ تقلیدِ مذہب ہرگز حرام نہیں ہے۔ چنانچہ شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلویؒ نے بھی لکھا ہے۔ وَمَا ذَهَبَ اِبْنُ حَزْمٍ مِنْ اَنَّ التَّقْلِيْدَ حَرَامٌ فَغَلَطٌ۔ یعنی ابن حزم نے جو تقلید کو حرام لکھا وہ غلط ہے۔

(۱۹) سوال ۔ جب چاروں مذہب حق ہیں۔ اور قرآن اور حدیث سے ماخوذ ہیں۔ تو پھر کیا وجہ کہ خاص ایک مذہب کی تقلید واجب کہی جاتی ہے۔ یہ بات اچھی طرح ذہن نشین نہیں ہوتی کہ جب ایک چشمہ سے چار نہریں جاری ہیں اور سب نہروں کا پانی صاف ستھرا ہے۔ اور مالک چشمہ کی طرف سے کوئی روک ٹوک نہیں ہے تو دوسرے لوگ کیوں ہر ایک نہر کو ایک ایک فریق کے واسطے خاص کرتے ہیں۔ ہر شخص کو اختیار ہے۔ جس چشمہ سے جب تک چاہے پانی پیا کرے۔ اور اپنی پیاس کو بجھاتا رہے۔ چنانچہ شعرانی نے اپنی میزان میں اپنا رویائے صادقہ لکھا ہے کہ کل مذہب کو میں نے چشمہ شریعت سے متصل پایا۔ الخ؟

جواب ۔ یہ امر تو مسلم ہے کہ ایک ہی چشمہ کا پانی اگر چار نہروں سے بہہ نکلے تو اعتبار اس زمین کا جہاں سے پانی بہہ رہا ہے۔ اس کی تاثیر میں تخالف ممکن ہے۔ اور نیز پانی پینے والوں کا مزاج کے اعتبار سے ایک نہر کا پانی موافق ہونا اور دوسری کا ناموافق ہونا بھی جائز ہے۔ دیکھئے اگرچہ ایک چشمہ کا پانی ہے اور منبع کل نہروں کا ایک ہی ہے۔ اور پانی بھی صاف ستھرا ہے۔ مگر زمین اور پانی پینے والوں کے مزاج کے اعتبار سے کہہ سکتے ہیں کہ فلاں نہر کا پانی تمہارے مزاج کے مناسب نہیں ہے۔ جو طبیب اور ڈاکٹر پانی کی تاثیر اور پینے والوں کے مزاج اور فصل و موسم کے حال سے خوب واقف ہے۔ اگر یوں ہدایت کرے کہ تم فلاں چشمہ کا پانی پیو یا کسی ایک چشمہ کا پانی پیو اور دو نہروں کا پانی نہ

Marfat.com

پیو ورنہ تم کو یہ امراض جسمانی پیدا ہوں گے تو عاقل آدمی جس کو اپنی جان عزیز ہے اُس طبیب اور ڈاکٹر کے حکم کو ضرور مان لے گا اور اس کی مخالفت ہرگز نہ کرے گا۔ بلکہ اس کی عدول حکمی کو باعثِ ہلاکت سمجھے گا۔

علیٰ ہذا القیاس مذاہب اربعہ کو سمجھیں۔ چار امام مثل چار نہروں کے ہیں جو ایک چشمہ یعنی شریعتِ محمدیؐ سے نکلے ہیں۔ اور چاروں ائمہ کے مسائل مجتہدہ مثل صاف ستھرے پانی کے ہیں۔ اور باہم مسائل مجتہدہ کا مختلف ہونا مثل اس اختلاف تاثیر کے ہے جو نہروں کے پانی میں اُس کی زمین کے اثر سے پیدا ہوگیا ہے۔ اور مقلدین مثل پانی پینے والوں کے ہیں۔ اور محققین مثل طبیب اور ڈاکٹر کے ہیں۔ پس اس طور سے دو نہریں مختلف المزاج کے پانی سے امراضِ جسمانی کے پیدا ہونے کا قوی احتمال ہے۔ اسی طرح دو مذہب کے مجتہدہ اور مختلفہ میں اختلاط کرنے سے امراضِ روحانی کے پیدا ہونے کا ظن غالب ہے۔ جیساکہ امراض جسمانی کا حال طبیب اور ڈاکٹر جانتا ہے۔ اسی طرح امراضِ روحانی کا حال علمائے محققین اور محدثین جانتے ہیں۔ چونکہ علمائے محققین کو تجربہ سے یہ بات ثابت ہوچکی ہے کہ عوام اگر مطلق العنان کردیئے جائیں تو اپنی خواہش کے مطابق مسئلے اختیار کرنے لگیں گے۔ بلکہ آئمہ کی جانب سے بدظن ہوکر ان کی شان میں لعن طعن شروع کردیں گے اور اپنا دین و ایمان کھو بیٹھیں گے۔ اسی وجہ سے ایک مذہب کی اتباع عوام کو واجب بتلائی۔ اور بوجہ عذر معقول کے تقلید غیر شخصی سے روک دیا۔ یعنی کسی مسئلہ میں کسی کی تقلید اور کسی میں کسی کی کرلی اس کو منع کردیا

واقعی علمائے محققین کا تجربہ بہت صحیح ہے۔ اگر وہ لوگ انتظام کو نہ سکھلاتے تو یہ ہی حال پیش آتا کہ حنفی مذہب کے پاس جب چاندی سونے کے زیورات بہت ہوتے تو سال کے ختم پر یوں کہنے لگتا کہ ہم اس مسئلے میں امام شافعیؒ کے مذہب پر عمل کریں گے اور زیورات میں زکوٰۃ نہ دیں گے۔ اگر ماہِ رمضان میں کچھ قصداً کھاکر روزہ توڑ دیتا تو کفارہ نہ دینے کا یہی بہانہ ٹھیرا تاکہ ہم اس مسئلہ میں امام شافعیؒ کی تقلید کرتے ہیں۔ اور جاڑے کے دنوں میں اگر بدن سے خون رواں ہوجاتا ہے تو یوں بہانہ کرکے وضو نہ کرتا کہ امام شافعیؒ کے مذہب میں وضو باقی ہے۔ کیوں وضو کریں۔ اور اگر کھانے کی زیادہ حرص پیدا ہوتی ہے تو سوسمار (گوہ) اور لومڑی اور بجو اور چوہا جنگلی کھانے لگتا۔ اور یوں کہتا کہ امام شافعیؒ کے مذہب میں یہ سب حلال ہے۔ خوامخواہ ہم اُن کو کیوں چھوڑیں۔ علیٰ ہذا القیاس شافعی المسلک اگر مسّ ذکر یا لمس النساء کا مرتکب ہوتا۔ اس بہانہ سے کہ حنفی مذہب میں وضو نہیں جاتا۔ دوبارہ وضو نہ کرتا۔ اگر شفعہ جوار کی ضرورت پڑتی ہے تو حنفی مذہب بن کر اس مسئلہ میں اس کا مقدمہ قاضی کی عدالت میں دائر کردیتا۔ اگر ساہی خارپشت۔ گیدڑ۔ کیکڑا کچھوا کھانے کو جی چاہتا ہے تو مالکی بن کر ان کو کھالیتا۔ پس اس خلط ملط سے بڑے

Marfat.com

بڑے فتنے اور طرح طرح کے امراض روحانی پیدا ہوتے. کیونکہ زمانہ خیر کا نہیں ہے. اس زمانے کے لوگ جس رنگ ڈھنگ کے ہیں وہ سب کو معلوم ہے اگر عوام کو تھوڑی سی آزادی اور چھوٹ آسانی کے مسائل بتا دیئے جائیں تو بقول سعدی شیرازیؒ.

به نیم بیضه چو سلطان ستم روا دارد
زنند لشکریانش هزار مرغ بسیخ

ان کا گمراہ ہوجانا دشوار نہیں. اولاً آرام طلبی اور خواہشاتِ نفس پرستی کا مادہ پیدا ہو جاوے گا. اور ہر وقت اپنی خواہش کا مسئلہ ڈھونڈتا رہے گا. اسی وجہ سے عقد الجید میں حضرت مولانا شاہ ولی اللہ صاحب لکھتے ہیں:-

لَمَّا انْدَرَسَتِ الْمَذَاهِبُ الْحَقَّةُ اِلَّا هٰذِهِ الْاَرْبَعَةَ كَانَ اتِّبَاعُهَا اتِّبَاعًا لِلسَّوَادِ الْاَعْظَمِ وَالْخُرُوْجُ عَنْهَا خُرُوْجًا عَنِ السَّوَادِ الْاَعْظَمِ

جبکہ ان چاروں مذاہب حقہ کے سوا اور مذاہب مٹ گئے اور فنا ہو گئے. تو اب ان ہی مذاہب اربعہ کا اتباع کرنا جماعت حق کا اتباع کرنا ہے اور ان کے اتباع کے خروج سے گویا کہ جماعت حق سے نکلنا ہے.

حضرت شاہ صاحب کی اس عبارت سے صاف ظاہر ہے کہ جو لوگ أئمہ اربعہ کی تقلید سے انحراف کر رہے ہیں وہ رحمتِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد گرامی قَالَ رَسُوْل اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اتبعوا السَّوَادَ الْاَعْظَمَ اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ سواد اعظم (یعنی جماعت حق کی اتباع کرو) کی صراحتاً خلاف ورزی کر رہے ہیں. جو نہایت خوفناک دینی ہلاکت کے مترادف ہے.

ثانیاً آئمہ مجتہدین کی عظمت و رفعت اس کی نظر میں باقی نہ رہے گی بلکہ رفتہ رفتہ وہ آئمہ سے بدظن ہو کر اپنے نفس کا مقلد ہو جائے گا اور پھر وہ اپنے کو آزادی کے ایسے وسیع میدان میں پہنچا دے گا کہ کبھی وہ شیعہ کے مسلک کو پسند کرے گا اور کبھی وہ نیچریہ کی رائے کو قبول کرے گا. اگر اس کا جی چاہا متعہ کرنے لگا. اگر مرغوبِ خاطر ہوا گلا گھونٹی ہوئی مرغی کا گوشت کھا لیا. اگر طبیعت کو جوش ہوا تو ڈھول ستار طبلہ سارنگی کا راگ سننے لگا. کبھی شیعہ کا رفیق کبھی نیچریہ کا پیرو. کبھی ابن حزم کا مقلد. الغرض جب مذہب کے دائرہ سے قدم بڑھایا. آخر الامر غلطاں و پیچاں گمراہی کے خندق میں جا پڑے گا. بقول مولوی محمد حسین صاحب لاہوری کے وہ آخر اسلام کو سلام کر بیٹھتے ہیں ان میں بعض عیسائی ہو جاتے ہیں اور بعض لا مذہب ہو جاتے ہیں. جو کسی دین اور مذہب کے پابند نہیں رہتے ادھر اپنا دین و ایمان کھو بیٹھے گا.

(۲۰) سوال. جب چاروں مذہب حق ہیں تو ان کے مسائل مجتہدہ بھی حق ہونگے

Marfat.com

پھر کیا وجہ کہ دو مذہب حق کے مسائل ملا دینے سے امراضِ روحانی ہو جانے کا احتمال بتلایا جاتا ہے؟

جواب۔ حق سے ناحق اور دو چیز جائز سے ناجائز پیدا ہو جانا ممکن ہے اور اس کے نظائر محسوسات اور غیر محسوسات سب میں بکثرت ہیں۔ اگر چند خطوط نقوش کسی کاغذ یا دیوار پر اس قسم کے بنائے جائیں جن سے تصویر ذی روح کی نہ بن جاتی ہو تو جائز اور درست ہے۔ اگر وہ خطوط اور نقوش ملا دیئے جائیں۔ اور ان سے تصویر کسی ذی روح کی بن جائے تو وہ ملا دینا ناجائز ہے۔ ایسا ہی میّت کے لئے ایصالِ ثواب مالی ہو یا بدنی درست ہے اور تعین یوم بنفسہٖ جائز مگر جب ایصال ثواب کے ساتھ تعیین یوم کر دی جائے تو بدعت کی شکل پیدا ہو جاتی ہے۔ اور الگ الگ دونوں جز جائز تھے مگر ملا دینے سے ناجواز کی صورت پیدا ہو گئی۔ یہی حال مذاہب اربعہ کے مسائل مختلفہ کا ہے۔ الگ الگ سب حق ہیں۔ مگر دو مذہب کے مسائل باہم خلط ملط کر دینے سے یا تلفیق[1] لازم آئے گی۔ یا مقلد کے مزاج میں بدعقیدگی اور آزادگی پیدا ہو گی۔ اور یہ دونوں امر شرعاً زشت[2] و زبوں ہیں۔ پس خلط ملط سے امراضِ روحانی کا پیدا ہو جانا ضرور محتمل ہے۔

(۲۱) **سوال**۔ جب ایک مسئلہ میں دو شخص باہم اختلاف و متضاد ہوں تو وہ مسئلہ ایک کا صحیح ہو گا دوسرے کا غلط ہو گا دونوں کا حکم درست نہیں ہو سکتا۔ مثلاً ایک شے کو امام شافعیؒ حلال کہتے ہیں اور حنفی حرام کہتے ہیں۔ دونوں کیونکر حق ہو سکتے ہیں؟

جواب۔ ایک معنیٰ حق کے یہ ہیں کہ اس کا عامل عند اللہ ماخود نہ ہو گا بلکہ ثواب کا مستحق ہو گا۔ عام ازیں کہ وہ فعل نفس الامرا (حقیقت) کے موافق ہو یا مخالف اور دوسرے معنیٰ یہ ہیں کہ موافق ہو پہلے معنیٰ کے اختیار سے کہا جاتا ہے کہ چاروں مذہب حق ہیں۔ مجتہدین اپنے مسائلِ مجتہدہ میں عند اللہ ماجور ہیں۔ یعنی اللہ کے نزدیک اجر کے مستحق ہیں خواہ صحیح ہو یا غلط۔ صحیح ہونے میں دوہرا ثواب۔ غلط ہونے میں ایک ثواب ایسا ہی ان کے مقلدین بھی اجر کے مستحق ہیں۔ اگرچہ وہ مسائل مجتہدہ نفس الامر یعنی حقیقت کے خلاف ہوں۔ کیونکہ بخاری و مسلم میں حضرت عبد اللہ بن عمرؓ اور حضرت ابو ہریرہؓ سے مروی ہیں

قَالَ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ	حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا
وَسَلَّمَ اِذَا حَکَمَ الْحَاکِمُ فَاجْتَھَدَ	جب حاکم حکم لگانے پر آمادہ ہو تو وہ
وَاَصَابَ فَلَہٗ اَجْرَانِ اِذَا حَکَمَ	اجتہاد کرے (خوب سوچ سمجھ کر فیصلہ
فَاجْتَھَدَ وَاَخْطَاءَ فَلَہٗ اَجْرٌ	کرے) اگر اُس کا فیصلہ حق بجانب صحیح

---

[1] دوسرے مذاہب کو جمع کرنا۔ [2] برے اور خواب

Marfat.com

وَاحِدٌ ۔ ہے تو دو اجر ملیں گے اگر فیصلہ صحیح نہ ہوگا تو ایک اجر ملے گا ۔ (بخاری مسلم) (بخاری مسلم)

دوسرے معنیٰ کے اعتبار سے اوّل حق نہیں کہا جاتا ہے ۔ بلکہ اس وقت اَلْحَقُّ دَائِرٌ بَیْنَھُمْ کہا جاتا ہے ۔ خیال کیجئے اگر چار شخص کسی مقام میں قبلہ نہ معلوم ہونے کی وجہ سے تحری کر کے یعنی قبلہ کی سمت کو غور و خوض کے بعد کسی سمت کو متعین کر کے چار سمت نماز پڑھتے ہوں تو یوں کہہ سکتے ہیں کہ چاروں حق پر ہیں ۔ یعنی چاروں کی نماز درست ہوتی ہے اور ثواب کے مستحق ہیں ۔ حالانکہ حقیقت کے اعتبار سے ایک ہی شخص قبلہ کی طرف نماز پڑھتا ہوگا ۔ لیکن انہوں نے اپنی جانوں میں اطمینان قلب کر کے ایک ایک سمت اپنے لئے مقرر کر لی تو وہ حق ہے اس اعتبار سے یوں کہیں گے کہ اَلْحَقُّ دَائِرٌ بینھم اور جس قسم کا اختلاف مسائل اجتہادیہ میں اماموں میں ہے ۔ اس قسم کا اختلاف صحابہؓ میں بھی تھا ۔ حالانکہ یہ بات مسلم ہے کہ کل صحابہؓ حق پر تھے جیسا کہ ارشادِ نبی صلی اللہ علیہ وسلم ہے ۔

اَصْحَابِی کَالنُّجُوْمِ بِاَیِّھِمْ اِقْتَدَیْتُمْ اِھْتَدَیْتُمْ ۔ میرے صحابہ مانند ستاروں کے ہیں جو بھی ان میں سے کسی کی اتباع اقتداء کریگا وہ ہدایت یافتہ ہوگا ۔ (مشکوٰۃ)

پس جو جواب صحابہؓ کے اختلاف کا معترض پیش کرے گا تو وہ ہی جواب ہماری جانب سے بھی ہے ۔

(۲۲) سوال ۔ غیر مقلد حضرات ایک امام کی تقلید کو باطل اور شرک کہتے ہیں کیا ان کا یہ کہنا درست ہے یا غلط ہے ؟

جواب : پہلے آپ یہ سمجھ لیں کہ تقلید کس کو کہتے ہیں اور کونسی تقلید جائز ہے اور کونسی ناجائز ۔

تقلید اس کو کہتے ہیں کہ کسی کے قول کو بلا چوں و چرا بغیر کسی دلیل کے اُس کی بات کو قبول کر لے اس کے بتائے ہوئے مسئلے کو تسلیم کر کے اپنا معمول بنالے ۔

تقلید کی دو قسمیں ہیں اوّل یہ ہے کہ مقلد کے قول پر کوئی دلیل کوئی حجّت شرعیہ ہو ۔ بلکہ اللہ اور اس کے رسولؐ کے خلاف ہو اور اس کو بغیر سوچے سمجھے قبول کر لیوے باوجود خدا اور رسول کے مخالف ہونے کے جیسے جاہلیت کے زمانہ میں مشرکین عرب اپنے باپ دادا کی رسومات اور ان کے قول پر جمے ہوئے تھے ۔ جب کوئی ان کو حق بات بتاتا اور سمجھاتا وہ اس کے جواب میں یہ کہتے ہم نے اپنے باپ دادا کو ایسے کرتے ہوئے پایا ۔ ھٰذَا مَا وَجَدْنَا عَلَیْہِ اٰبَاءَنَا کے علاوہ اور کوئی دلیل نہ رکھتے ہوئے بھی اس کو ضروری لازمی قرار دیتے تھے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے منع کرنے کے باوجود

Marfat.com

اپنے آبائی رسوم کو ضروری ادا کرتے تھے تو ایسی تقلید بالاتفاق تمام علماء امت کے ناجائز اور شرک ہے۔

دوسری تقلید یہ ہے کہ ناواقف مسلمان جس نے علمِ دین باقاعدہ کسی عالم سے نہیں پڑھا اس کو کسی شرعی مسئلہ کے معلوم کرنے کی ضرورت پیش آتی ہے وہ کسی معتبر عالم سے پوچھے اور وہ عالم اس کا جواب خواہ صریح نص سے یعنی قرآن وحدیث کی کسی آیت سے دے یا کسی حدیث وآیت سے استنباط واجتہاد آئمہ مجتہدین کے قول سے دے اور اس مسئلہ کی دلیل سائل کو نہ بتائے اور وہ سائل بدون دلیل کے سمجھے اور دیکھے اس کو قبول کرلے اور اس پر عامل ہو جائے تو ایسا عامل مشرک نہیں ہر سمجھدار انسان اس کو جانتا اور سمجھتا ہے اور ہر عالم پر یہ بات واضح اور روشن ہے کہ ایک شخص نے جو مسئلہ کسی عالم معتبر سے پوچھا ہے اور اس کو بالکل یقین واعتماد ہے کہ یہ عالم جو مسئلہ بتائے گا وہ اللہ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کے مطابق ہوگا اور یہ عالم قرآن وحدیث کا ماہر اور واقف ہے اور یہ ہرگز قرآن وحدیث کے خلاف نہ بتائے گا تو ایسے شخص کو بلا دلیل کے دیکھے اور سمجھے عمل کرنا جائز ہے اگر سائل کو یہ معلوم ہو جائے کہ عالم خلاف شرع مسئلہ بتاتا ہے اور قرآن وحدیث کا پوری طرح عالم نہیں ہے تو وہ سائل ہرگز ایسے عالم سے نہ مسئلہ پوچھیگا اور نہ اس کے جواب کو تسلیم کرے گا جیسا کہ عوام کے حال کا مشاہدہ ہے۔ جن علماء کو دُنیادار صاحبِ غرض متبع خواہشات جانتے ہیں ان سے ہرگز مسئلہ نہیں پوچھتے اور ان کے حق اور صحیح مسئلہ کا بھی اعتبار نہیں کرتے اکثر سائل جن کی غرض صرف اللہ ورسول کے حکم کے دریافت کرنے کی ہے وہ ایسے عالم سے دریافت کرتے ہیں جو حق پرست دیندار قرآن وحدیث کو جانتا اور سمجھتا ہو تو ایسے سائل کی تقلید بالکل حق اور درست ہے اور زمانہ صحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین سے لے کر آج تک مسلمان واہل علم وایمان ایسی تقلید کرتے رہے ہیں اور یہ نوع تقلید بحکم پروردگار وسنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرض ہے جس کا حکم قرآن شریف میں موجود ہے جس کو پروردگار عالم نے اس طرح ارشاد فرمایا۔ فَاسْئَلُوْا اَهْلَ الذِّكْرِ اِنْ كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ۔ اس آیت میں فاسئلوا صیغہ عام ہے عام افراد امت کو حکم فرمایا ہے (ترجمہ) "تم کو جو بات معلوم نہیں ہے وہ جاننے والوں سے پوچھ لو" اور اہل علم سے سوال کرلو یہ حکم بصیغہ امر ہے جو فریضہ کا ثبوت ہے اور لفظ اَهْلَ الذِّكْرِ اسم جنس ہے جس کا واحد اور جمع پر اطلاق ہوتا ہے اور یہ حکم سب کو ہے کہ جس اہل الذکر یعنی اہل علم

[1] پارہ ۱۷ رکوع ۱

Marfat.com

سے چاہے پوچھ لو. چاہے کسی واحد شخص سے ہر ہر مسئلہ پوچھ لے یا کوئی مسئلہ کسی عالم سے اور کوئی کسی دوسرے عالم سے پوچھ لے ۔ پہلی صورت کو تقلیدِ شخصی کہتے ہیں کہ اپنی ہر مشکلات دینی کو ایک شخص پر منحصر نہیں کیا بلکہ جس سے چاہا پوچھ لیا ۔ یہ دونوں شخص تقلید میں داخل ہیں . جو آیت مذکور فَاسْئَلُوْا الخ سے فرض ہوئی اس آیت کے حکم مطلق میں سب افراد فرضیت میں برابر ہوتے ہیں۔ جس کسی فرد پر عمل کرے دوسرے فرد پر عمل کرنا واجب نہیں رہتا۔ غرض آیت نے مطلق تقلید کو فرض کیا ہے اور تقلید دونوں طرح ہیں خواہ تمام مسائل دینی کو ایک عالم سے معلوم کر کے عمل کرے یا متعدد علماء سے معلوم کر کے عمل کرے کوئی عقلمند سمجھدار انسان جس کو اللہ نے ادنیٰ فہم بھی عطا فرمایا ہے وہ ایک عالم معتبر کے بتائے ہوئے دینی مسائل پر عمل کرنے والے کو بدعتی و مشرک نہیں کہہ سکتا اور نہ اس کو حرام کہے گا اور جو ایسا کہے وہ مجنون لا یعقل ہی ہو سکتا ہے کیونکہ شرک ۔ فرض کی ضد ہے پھر فرض کے تحت شرک کس طرح ہو سکتا ہے یہ محال ہے عقلاً و نقلاً کہ اللہ کا حکم اہل علم سے معلوم کر کے عمل کرنے کا ہو اور وہ شرک بھی ہو یہ کیسے ہو سکتا ہے ۔

بعض بے علم ناسمجھ جو یہ کہتے ہیں کہ اہلِ ذکر سے مراد اہل کتاب ہیں یہ قول اُن کا غلط اور محض جہالت ہے ۔ وہ لوگ اصول قرآن اور قاعدہ دین سے ناواقف ہیں اصول قرآن باتفاق تمام امّت کے اعتبار عموم الفاظ کا ہوتا ہے نہ کہ خصوص واقعہ کا ۔ یاد رکھئے تقلید شخصی فقہ میں نہایت ضروری ہے کیونکہ مختلف الحدیث میں عمل کرنے کے لئے یہ ضروری ہے کہ ان مختلف روایات میں سے کسی روایت کو ترجیح دیکر عمل کیا جائے اگر تطبیق یعنی باہم مطابقت ہو جائے تو بہتر ہے اگر مطابقت ممکن نہ ہو تو پھر اس میں ایک روایت کو ترجیح دے کر عمل کیا جائے بشرطیکہ روایت میں علاقہ نسخ کا نہ ہو۔

الحاصل جس روایت پر بھی عمل کریں گے تو اس کو قابل عمل قرار دینا ہر ایک عالم کا کام نہیں بلکہ ان علماء ربانیین کے لئے مخصوص ہے جو قرآن و سنت کے علوم پر کامل مہارت رکھتے ہوئے کمال تدین[1] کے وصف سے متصف بھی ہوں اور عقل و فہم زہد و تقویٰ میں درجۂ بلند رکھتے ہوں اور مقاصد شریعت تک اُن کا ذہن پہونچ سکتا ہو اور احکام و علل کا باہمی صحیح رابطہ بھی قائم کر سکتے ہوں ۔ یہ سب اوصاف ہر عالم میں نہیں ملتے اور ائمہ اربعہ میں یہ صفات امام ابوحنیفہ رح میں کامل درجہ کی پائی جاتی ہیں اور ائمہ ثلاثہ میں بھی اکثر صفات مذکورہ موجود تھیں اس لئے ائمہ اربعہ میں سے کسی ایک امام معین کی تقلید ضروری ہے ۔ کیونکہ ان میں یہ شرائط مذکورہ بدرجہ اتم موجود ہیں ۔

بعض لوگ یہ کہتے ہیں کہ ہم تقلید کے تو منکر نہیں مگر تقلید شخصی کو حق نہیں سمجھتے

---

[1] بہت دیندار کا وصف

Marfat.com

یہ اُن کی غلطی ہے۔ ان کے دلائل کا تحقیقی جواب یہ ہے کہ مسئلہ تقلید کو تسلیم کرنے کے بعد شخصی سے گریز نہیں کرسکتے۔ کیونکہ اگر اجتہاد کے شوقین حضرات اور اتباع بزرگانِ دین کے مقابلہ میں آزادی ضمیر کو برقرار رکھنے والے حضرات اگر اپنے اختراع اور ایجاد سے ایک مسئلہ میں ایک امام کی تقلید کریں گے اور دوسرے مسئلہ میں کسی دوسرے امام کی تقلید کریں گے تو قطع نظر اس بات کے کہ ایسا کرنا تلفیق بین المذہب ہے اور حقیقت میں یہ اتباع حق نہیں ہے بلکہ اتباع خواہشات نفسانی ہے کیونکہ جو مسئلہ کسی امام کا بھی طبیعت کے موافق ہوگا اسی کو اختیار کیا جائے گا جس کا لازمی نتیجہ یہ ہوگا کہ خواہشاتِ نفسانی کے مطابق جو جو مسائل نظر آئیں گے تو ان کو ہی اختیار کیا جائے گا۔ دورِ حاضرہ کے مجتہدین اس کو اپنا مذہب بنالیں گے جس سے یہ اندیشہ ہے کہ یہ اتباع مذہب حق نہوگا بلکہ خواہشات کی پیروی ہوگی۔ حق تعالیٰ شانہٗ نے قرآن کریم میں ارشاد فرمایا ہے وَلَا تَتَّبِعِ الْهَوٰى فَيُضِلَّكَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ۔ اپنی خواہشات کی اتباع نہ کرو (خواہشات کی اتباع) تم کو اللہ کے راستہ سے ہٹادے گی۔

دوسری جگہ ارشاد ہے وَاتَّبَعَ هَوَاهُ فَتَرْدٰى اور اپنی خواہشِ نفسانی پر چلتا ہے کہیں تم (اس بے فکری کی وجہ سے) تباہ نہ ہوجاؤ۔

لیکن ان تمام باتوں کے باوجود پھر بھی تقلید شخصی باقی رہتی ہے کیونکہ ہر مسئلہ میں جملہ ائمہ کی تقلید کرنا اور مختلف اقوال کو ماننا خلافِ عقل اور ناممکن ہے۔ لہٰذا ہر مسئلہ میں ایک ہی امام کی تقلید کی جائے گی۔ اور ایک ہی امام کے قول پر عمل کیا جائے گا تو اسی اجتہاد سے تقلید شخصی سے گریز نہیں ہوسکتا۔ فرق صرف اتنا ہوا کہ چند امام ماننے پڑے اور تقلید متعدد کی کرنی پڑی لیکن ہر مسئلہ میں تقلید شخصی ہی قائم رہی اس لئے کہ کبھی کسی مسئلہ میں کسی امام کی فقہ پر عمل کیا اور کبھی کسی مسئلہ میں کسی امام کی فقہ پر عمل کیا یہ بھی تقلید شخصی ہی ہوئی لیکن یاد رہے کہ یہ مطلق العنانی ہے اور عوام میں اکثر لوگ آئمہ اربعہ کے مسائل میں سے ایسے مسئلوں کا انتخاب کریں گے جن پر عمل کرنے کو ان کی طبیعت چاہے گی۔ ان کی خواہشات کے مطابق وہ مسئلہ ہوگا اور وہ تقلید کے پردہ میں خواہشاتِ نفسانی کی پیروی کرتے رہیں جو خطرناک ہے۔

تقلید شخصی کے ثبوت پر اگر اسلامی روایات کی روشنی میں غور کیا جائے تو قرآنِ کریم سے بھی اس کا ثبوت ملتا ہے۔ پروردگار عالم کا ارشاد ہے وَاتَّبِعْ سَبِيْلَ مَنْ اَنَابَ اِلَيَّ اور اس شخص کی پیروی کرو جو میرے حکم کی جانب متوجہ ہو۔

آپ غور کریں کہ حق تعالیٰ نے اس آیت کریمہ میں ہر مسلمان کو یہ حکم فرمایا ہے کہ تم دین کے معاملہ میں ایسے شخص کی ضرور پیروی کرنا جو میری طرف رجوع ہو۔ تو جو شخص بھی

Marfat.com

سلف صالحین میں سے انابت الی اللہ کی طرف یعنی اللہ کی طرف متوجہ ہو اس کا اتباع عام مسلمانوں پر واجب ہے۔ اس آیت سے صاف طور سے تقلید شخصی کا وجوب ثابت ہوتا ہے اور یہ بات سمجھ میں آتی ہے کہ اسلام میں شاہ راہ ہدایت یہی ہے کہ عام مسلمان علماء مجتہدین کو اپنا رہنما سمجھیں اور ان کے بتائے ہوئے مسائل کو اپنی نجات کا ذریعہ بنائیں۔ دین محمدیؐ میں اسی وجہ سے تقلید شخصی کا رواج عام ہے۔ اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا اَصْحَابِیْ کَالنُّجُوْمِ بِاَیِّهِمْ اِقْتَدَیْتُمْ اِهْتَدَیْتُمْ میرے صحابہ ہدایت کے روشن ستارے ہیں جس کی بھی تم پیروی کرو گے ہدایت پالو گے۔

اس حدیث شریف میں واضح طور پر اس کا اعلان فرما دیا کہ مسائل دین میں تم صحابہ میں سے کسی ایک صحابی کی تقلید کیا کرو۔ اور ان میں جس کی بھی تقلید کرو گے ہدایت پاؤ گے اور ان میں سے کسی کی تقلید کرنے میں یہ وہم نہ کرو کہ ہم غلطی و گمراہی میں مبتلا نہ ہو جائیں اس لئے آپ نے فرمایا کہ ان اوہام کو قلب سے نکال دو اور اس بات کا یقین کر لو کہ جس صحابی کی پیروی کرو گے تمہارے لئے ہدایت کا ذریعہ بن جاوے گی۔

اس حدیث کے سلسلہ میں ابو الحسنات مولانا عبد الحی صاحب لکھنوی نے تحفۃ الاخبار میں نقل فرمایا ہے:

وَقَدْ رَوَاهُ الْبَیْهَقِیُّ بِاَسَانِیْدَ مُتَنَوِّعَةٍ یَرْتَقِیْ بِهَا اِلٰی دَرَجَةِ الْحَسَنِ فَالْحَدِیْثُ حَسَنٌ.

اس حدیث کو امام بیہقی نے مختلف اسناد سے نقل فرمایا ہے جس کی وجہ سے یہ روایت درجہ حسن تک پہنچ جاتی ہے۔ لہٰذا یہ حدیث حسن ہے

نیز تحفۃ الاخیار میں عساکر اور حاکم سے نقل کیا ہے کہ نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام سے یہ حدیث صحیح مرفوعاً منقول ہے۔

سَاَلْتُ رَبِّیْ عَنِ اخْتِلَافِ اَصْحَابِیْ مِنْ بَعْدِیْ فَاَوْحَی اللّٰهُ اِلَیَّ یَا مُحَمَّدُ اَنَّ اَصْحَابَكَ عِنْدِیْ كَالنُّجُوْمِ فِی السَّمَآءِ بَعْضُهَا اَقْوٰی مِنْ بَعْضٍ وَبِكُلٍّ نُوْرٌ فَمَنْ اَخَذَ بِشَیْءٍ مِمَّا هُمْ عَلَیْهِ مِنْ اِخْتِلَافِهِمْ فَهُوَ عِنْدِیْ عَلٰی هُدًی. وَالْاِقْتِدَاءُ بِهِمْ اِهْتِدَآءٌ وَالْمُقْتَدِیْ بِهِمْ اَهْلُ السُّنَّةِ فَهُمْ مُهْتَدُوْنَ وَمَذْهَبُهُمْ حق

میں نے اپنے پروردگار سے سوال کیا کہ میرے صحابہؓ کا اختلاف جو میرے بعد پیش آئے گا اس کا کیا انجام ہوگا۔ اللہ تعالیٰ نے بذریعہ وحی کے آپ تک یہ پیغام پہنچایا کہ اے محمدؐ تمہارے صحابہ میرے نزدیک ستاروں کے مانند ہیں بعض بعض سے بڑھے ہوتے ہیں اور ہر ایک میں نور ہے۔ جو کوئی ان کے مختلف اقوال میں سے کسی چیز کو لے لیگا وہ میرے نزدیک ہدایت پر ہوگا اور ان کی پیروی کرنا ہدایت پر رہنا ہے

Marfat.com

وَمَذَاهِبُ سَائِرِ الْفِرَقِ بَاطِلَةٌ (انتهى)

اور ان کی پیروی کرنے والوں کا لقب اہل السنتہ ہے پس وہ ہدایت پر ہیں اور ان کا مذہب برحق ہے اور تمام فرقوں کے مذاہب باطل ہیں۔

نیز مولانا عبدالحی صاحبؒ نے یہ بھی نقل فرمایا ہے کہ حدیث صحیح اَلنُّجُوْمُ اَمَنَةُ السماءِ حدیث اَصْحَابِیْ کَالنُّجُوْمِ کی مؤید ہے۔ نیز مولانا عبدالحیؒ صاحب تحیۃ الانظار سے تحفۃ الاخیار کے صـ۱۷۹ کے حاشیہ پر نقل فرماتے ہیں۔ حدیث اصحابی کالنجوم کو علامہ صنعانی نے حسن قرار دیا ہے۔ اسی طریقہ پر علامہ طیبیؒ شارح مشکوٰۃ نے حسن قرار دیا ہے۔ اور عبدالوہاب شعرانی سے نقل فرمایا ہے۔

هٰذَا الْحَدِيْثُ وَاِنْ كَانَ فِيْهِ يُقَالُ عِنْدَ الْمُحَدِّثِيْنَ فَهُوَ صَحِيْحٌ عِنْدَ اَهْلِ الْكَشْفِ۔

محدثین کے نزدیک یہ حدیث بالکل صحیح اور درست ہے۔ اور اہل الکشف کے نزدیک بھی۔

اس تفصیل سے یہ بات ثابت ہوگئی کہ حدیث اصحابی کالنجوم سند کے لحاظ سے قابلِ استدلال ہے اور چونکہ متعدد اسناد سے یہ روایت منقول ہے۔ لہٰذا سند کے ضعف کو کثرۃ طرق دُور کر دیتا ہے۔ اور یہ حدیث مضمون کے لحاظ سے حدیث صحیح سے مؤید ہے۔ لہٰذا قابلِ استدلال ہے۔ حضرت گنگوہیؒ نے بھی اس حدیث کو سبیل الرشاد میں کثرت طرق کی بناء پر حسن قرار دیا ہے۔

حقیقت یہ ہے کہ تقلید شخصی کے بغیر تقلید مطلق سے دین کا اتباع عام مسلمانوں کیلئے سخت دشواری ہے اور علماء کے لئے بھی یہ جائز نہیں کہ کسی مسئلے میں کسی امام کی فقہ کو ترجیح دے لی اور کسی مسئلے میں امام ابو حنیفہؒ کے مسئلے کو ترجیح دے کر عمل کر لیا۔ کسی مسئلہ کو فقہ شافعی سے اخذ کر لیں اور کسی کو فقہ حنبلی سے استنباط کر لیں اور بعض کو کسی دوسرے امام کے مذہب سے۔ کیونکہ یہ تلفیق بین المذہب ہے اور یہ ناجائز ہے اور اس سلسلہ میں ہزاروں قسم کے مفاسد دینی پیش آنے کا اندیشہ ہے کیونکہ قرون ثلٰثہ یعنی دورِ صحابہ دورِ تابعین و دورِ تبع تابعین کے بعد مجموعی اعتبار سے خیر کا وجود مذہبی نہیں رہا شر و خواہشات کا غلبہ اہلِ اسلام پر ہونے لگا۔ اسی بناء پر سلف صالحین نے اعلان فرما دیا کہ علماءِ دین کو بھی مسائلِ دین میں اجتہاد کی ضرورت نہیں ہے ہاں البتہ ائمہ اربعہ کے مذاہب دلائل کے ساتھ سمجھ کر سمجھانے اور عمل کرنے کی ضرورت ہے اس کی اور تفصیل انشاء اللہ آئینہ تقلید میں پیش کروں گا۔ [1]

(۲۳) سوال: رفعیدین نہ کرنے کی کیا دلیل ہے؟

[1] اور تفصیل مقدمہ آئینہ صداقت میں ملاحظہ فرمائیں۔

Marfat.com

جواب۔ مسلم و ابوداؤد و نسائی و ترمذی میں یہ حدیث موجود ہے ملاحظہ ہو:۔

حَدَّثَنَا اَبُوْبَكْرِ بْنَ اَبِیْ شَيْبَةَ وَاَبُوْكُرَيْبٍ قَالَا اَخْبَرَنَا اَبُوْمُعٰوِيَةَ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنِ الْمُسَيَّبِ بْنِ رَافِعٍ عَنْ تَمِيْمِ بْنِ طَرَفَةَ عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ خَرَجَ عَلَيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ مَالِیْ اَرَاكُمْ رَافِعِیْ اَيْدِيْكُمْ كَاَنَّهَا اَذْنَابُ خَيْلٍ شُمْسٍ اُسْكُنُوْا فِی الصَّلٰوةِ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَاَبُوْدَاؤُدَ عَنْ زُهَيْرٍ عَنِ الْاَعْمَشِ وَالنَّسَائِیُّ مِنْ طَرِيْقِ عَبْثَرَ عَنِ الْاَعْمَشِ)

ابوبکر بن ابی شیبہ اور ابوکریب نے ہم سے حدیث بیان کی اور ان دونوں نے کہا کہ ہم سے ابومعٰویہ نے حدیث بیان کی کہ وہ اعمش سے اور وہ مسیب بن رافع سے اور وہ تمیم بن طرفہ اور وہ جابر بن سمرہ سے نقل کرنے والے تھے۔ جابر بن سمرہ نے فرمایا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے (اور ہمیں رفعیدین کرتے ہوئے پاکر) فرمایا کہ مجھے کیا ہوگیا کہ میں تمہیں اس طرح رفعیدین کرتے ہوئے پاتا ہوں جیسے گھوڑے کی دُمیں ہلتی ہوں۔ تم نماز میں سکون کرو۔ (رفع یدین نہ کیا کرو)۔

(مسلم ابوداؤد)

(۲۴) سوال:۔ اس حدیث کو بعض غیر مقلدین یہ کہتے ہیں کہ یہ حدیث سلام کے وقت ہاتھ اُٹھانے کی ممانعت میں ہے اور اس حدیث کی تشریح میں حسبِ ذیل حدیثیں پیش کرتے ہیں۔

صَلَّيْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَكُنَّا اِذَا سَلَّمْنَا قُلْنَا بِاَيْدِيْنَا اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ فَنَظَرَ اِلَيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ مَا شَاْنُكُمْ تُشِيْرُوْنَ بِاَيْدِيْكُمْ كَاَنَّهَا اَذْنَابُ خَيْلٍ شُمْسٍ اِذَا سَلَّمَ اَحَدُكُمْ فَلْيَلْتَفِتْ اِلٰى صَاحِبِهٖ وَلَا يُوْمِیْ بِيَدِهٖ۔

میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نماز پڑھی ہم ایسا کیا کرتے تھے کہ جب سلام پھیرتے تو اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ کہتے وقت ہاتھوں سے اشارہ کرتے تھے پس ہماری طرف رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دیکھا اور فرمایا کہ تمہیں کیا ہوگیا ہے کہ تم ہاتھوں سے اشارہ کرتے ہو جیسے سرکش گھوڑوں کی دمیں ہل رہی ہوں دیکھو جب تم میں سے کوئی شخص سلام پھیرے تو اپنے برابر والے کی طرف رُخ کرے۔ اور ہاتھ سے ہرگز اشارہ نہ کرے۔

Marfat.com

عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ الْقِبْطِيَةِ عَنْ جَابِرِ بْنِ سُمْرَةَ قَالَ كُنَّا اِذَا صَلَّيْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قُلْنَا السَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَاَشَارَ بِيَدِهٖ اِلَى الْجَانِبَيْنِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَامَ تُؤْمُوْنَ بِاَيْدِيْكُمْ كَاَنَّهَا اَذْنَابُ خَيْلٍ شُمْسٍ اِنَّمَا يَكْفِيْ اَحَدَكُمْ اَنْ يَّضَعَ يَدَهٗ عَلٰى فَخِذِهٖ ثُمَّ يُسَلِّمُ عَلٰى اَخِيْهِ مَنْ عَلٰى يَمِيْنِهٖ وَشِمَالِهٖ۔

حضرت عبیداللہ بن قبطیہ جابر بن سمرہ کہتے ہیں کہ جب ہم حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نماز پڑھ رہے تھے اور ہم اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ ورحمۃ اللہ کہتے ہوئے دونوں جانب ہاتھ سے اشارہ کرتے تھے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیوں اشارہ کرتے ہو ہاتھوں سے جیسے سرکش گھوڑے دموں کو ہلاتے ہیں یہ بات کافی ہے ہر ایک کے لئے کہ اپنے دونوں ہاتھ رانوں پر رکھے پھر سلام پھیرے دائیں ہاتھ والے بھائی کی طرف اور بائیں ہاتھ والے کی طرف۔

جواب: غیر مقلدین کا ہماری نقل کردہ حدیث کے متعلق یہ کہنا کہ یہ حدیث سلام کے وقت ہاتھ اٹھانے کی ممانعت میں ہے اور اس کی تشریح میں جو حدیثیں نقل کی ہیں وہ ہماری حدیث کی تشریح میں نہیں ہیں۔ ان کا خیال غلط ہے ہم نے جو حدیث رفعیدین نہ کرنے کی دلیل میں نقل کی ہے وہ دوبارہ نقل کرتے ہیں اور اس کی تشریح میں جو حدیثیں ہیں وہ بھی اس کے ذیل میں تحریر کرتے ہیں ملاحظہ ہوں۔

(۱) قَالَ خَرَجَ عَلَيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ مَالِيْ اَرَاكُمْ رَافِعِيْ اَيْدِيْكُمْ كَاَنَّهَا اَذْنَابُ خَيْلٍ شُمْسٍ اُسْكُنُوْا فِي الصَّلٰوةِ۔

(مسلم۔ ابوداؤد۔ نسائی۔ ترمذی)

فرمایا کہ حضورؐ تشریف لائے (اور ہمیں رفعیدین کرتے ہوئے پاکر) فرمایا کہ مجھے کیا ہوگیا کہ میں اس طرح رفعیدین کرتے ہوئے پاتا ہوں جیسے گھوڑے کی دمیں ہلتی ہوں۔ تم نماز میں سکون کرو (رفعیدین نہ کیا کرو)

اور اس حدیث کی تشریح میں حسب ذیل احادیث ہیں:۔

(۲) عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ

حضرت جابر بن سمرہ فرماتے ہیں کہ حضور

لہ عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ دَخَلْتُ اَنَا وَاَبِيْ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَصَلّٰى بِنَا فَلَمَّا سَلَّمَ اَوْمَاءَ النَّاسُ بِاَيْدِيْهِمْ يَمِيْنًا وَشِمَالًا فَاَبْصَرَهُمْ فَقَالَ مَا شَاْنُكُمْ تُقَلِّبُوْنَ بِاَيْدِيْكُمْ كَاَنَّهَا اَذْنَابُ الْخَيْلِ الشُّمْسِ اِذَا سَلَّمَ اَحَدُكُمْ فَلْيُسَلِّمْ عَلٰى مَنْ يَمِيْنِهٖ وَعَلٰى مَنْ يَسَارِهٖ فَلَمَّا صَلَّوْا مَعَهٗ لَمْ يَفْعَلُوْا ذَالِكَ۔

Marfat.com

خَرَجَ عَلَيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَحْنُ رَافِعُوْا اَيْدِيْنَا فِي الصَّلٰوةِ فَقَالَ مَا بَالُهُمْ رَافِعِيْنَ اَيْدِيَهُمْ فِي الصَّلٰوةِ كَاَنَّهَا اَذْنَابُ خَيْلٍ شُمْسٍ اُسْكُنُوْا فِي الصَّلٰوةِ۔ (نسائی۔ ابوداؤد و مسلم)

صلی اللہ علیہ وسلم ہم پر تشریف لائے کہ ہم نماز میں رفعیدین کر رہے تھے آپ نے فرمایا کیا ہوگیا ان کو کہ نماز میں رفع یدین کرتے ہیں جیسے گھوڑے کی دُمیں ہلتی ہوں۔ تم نماز میں سکون کرو۔ (رفع یدین نہ کرو۔ (نسائی۔ ابوداؤد و مسلم)

اور نہایہ میں یہ حدیث موجود ہے:۔

(۳) وَحِيْنَ رَاَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَاسًا يَرْفَعُوْنَ اَيْدِيَهُمْ فِي الصَّلٰوةِ عِنْدَ الرُّكُوْعِ وَعِنْدَ رَفْعِ الرَّاْسِ مِنَ الرُّكُوْعِ فَقَالَ مَالِيْ اَرَاكُمْ رَافِعِيْ اَيْدِيْكُمْ كَاَنَّهَا اَذْنَابُ خَيْلٍ شُمْسٍ اُسْكُنُوْا فِي الصَّلٰوةِ وَفِيْ رِوَايَةٍ كُفُّوْا فِي الصَّلٰوةِ۔ (فِي نهايه)

جب دیکھا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ رفع یدین کرتے تھے نماز میں رکوع کے وقت اور رکوع سے سر اٹھاتے وقت تو فرمایا کیا ہوگیا کہ میں تمہیں اس طرح رفعیدین کرتے ہوئے پاتا ہوں جیسے سرکش گھوڑوں کی دُمیں ہلتی ہیں۔ تم نماز میں سکون کرو (رفع یدین نہ کیا کرو۔) اور دوسری روایت میں ہے اپنے ہاتھوں کو روکے رہو۔

ہماری پیش کردہ حدیثیں بالکل واضح ہیں اور وہ خود اپنی تفسیر آپ کر رہی ہیں۔ ہمیں اور تشریح کی ضرورت نہیں۔ لیکن پھر بھی ہم اس کی مزید تفسیر کرتے ہیں تاکہ ہر انصاف پسند اور حق پسند کی سمجھ میں آجائے اور غیر مقلدین جو عوام کو یہ بتاتے ہیں کہ حدیث سلام کے وقت ہاتھ سے اشارہ کرنے کی ممانعت میں وارد ہے۔ اور رفع یدین کی ممانعت میں نہیں ہے۔ یہ بالکل غلط تاویلیں ہیں۔ حق اور حقیقت یہ ہے کہ حضور صلعم نے رفع یدین کی ممانعت فرمائی ہے۔

ہماری حدیثوں کو غور سے پڑھئے اور سمجھئے۔

غیر مقلدین والی جو حدیث صفحہ ۳۴ پر نقل کی ہے اس میں ہے صَلَّيْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نماز پڑھی۔

ہماری حدیث میں ہے۔ "خَرَجَ عَلَيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَحْنُ رَافِعُوْا اَيْدِيْنَا فِي الصَّلٰوةِ"۔ ہم نماز میں رفع یدین کر رہے تھے کہ حضور تشریف لائے۔ (یعنی ہم علیحدہ علیحدہ نمازیں پڑھ رہے تھے۔ اور اس نماز میں رفع یدین کر رہے تھے کہ حضور باہر سے تشریف لائے)

Marfat.com

آگے غیر مقلدین والی حدیث میں ہے۔ "کُنَّا اِذَا سَلَّمْنَا قُلْنَا بِاَیْدِیْنَا اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ" (ہم ایسا کیا کرتے تھے کہ جب سلام پھیرتے تو اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ کہتے وقت ہاتھ سے (اشارہ) کرتے تھے)۔

اور ہماری حدیث میں ہے: "فَقَالَ مَا بَالُهُمْ رَافِعِیْنَ اَیْدِیَهُمْ فِی الصَّلٰوةِ کَاَنَّهَا اَذْنَابُ خَیْلٍ شُمْسٍ"۔ (باہر سے حضور تشریف لائے) اور فرمایا کیا ہو گیا اُن کو کہ وہ نماز میں رفع یدین کرتے ہیں جیسے سرکش گھوڑوں کی دُمیں ہل رہی ہوں۔

اور غیر مقلدین والی حدیث میں ہے۔ فَنَظَرَ اِلَیْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ مَا شَاْنُکُمْ تُشِیْرُوْنَ بِاَیْدِیْکُمْ کَاَنَّهَا اَذْنَابُ خَیْلٍ شُمْسٍ"۔ (یعنی ہم حضور کے ساتھ نماز پڑھ رہے تھے سلام کے وقت) حضور نے ہماری طرف دیکھا اور فرمایا کہ تمہیں کیا ہو گیا۔ تُشِیْرُوْنَ بِاَیْدِیْکُمْ (کہ ہاتھوں سے اشارہ کرتے ہو جیسے سرکش گھوڑوں کی دُمیں ہل رہی ہوں)۔

ہماری حدیث میں ہے "اُسْکُنُوْا فِی الصَّلٰوةِ"۔ نماز میں تم سکون کرو یعنی رفع یدین نہ کرو۔

اور غیر مقلدین والی حدیث میں ہے "اِذَا سَلَّمَ اَحَدُکُمْ فَلْیَلْتَفِتْ اِلٰی صَاحِبِهٖ وَلَا یُوْمِیْ بِیَدِهٖ"۔ (یعنی جب تم میں سے کوئی سلام پھیرے تو اپنے برابر والے کی طرف رُخ کرے اور ہاتھ سے ہرگز اشارہ نہ کرے)۔

اب دونوں حدیثوں کو خوب غور سے پڑھئے اور سوچئے کہ کیا غیر مقلدین والی حدیث کی تفسیر ہے۔ کیا دونوں حدیثیں ایک ہی حکم رکھتی ہیں؟ ہرگز نہیں رکھتی بلکہ دونوں حدیثیں علیحدہ علیحدہ حکم رکھتی ہیں۔ اور علیحدہ علیحدہ موقع اور وقت پر پیش آئیں۔

اللہ تعالیٰ نے آپ کو آنکھیں اور دماغ عنایت فرمایا آنکھوں میں روشنی اور دماغ میں عقل عطا فرمائی ہے۔ خوب دیکھ سکتے ہیں اور سمجھ سکتے ہیں کہ حق کیا ہے۔

غیر مقلدین نے دوسری حدیث جو نقل کی اس میں ہے کہ تم میں ہر ایک کے لئے یہ بات کافی ہے کہ اپنے دونوں ہاتھ رانوں پر رکھے پھر سلام پھیرے دائیں ہاتھ والے بھائی کی طرف اور اپنے بائیں ہاتھ والے کی طرف (اس کی عربی عبارت صفحہ ۳۵ پر ہے) سلام کے وقت اشارہ کرنے والی حدیثوں میں "اُسْکُنُوْا فِی الصَّلٰوةِ" نہیں فرمایا ان حدیثوں سے بالکل واضح ہے کہ دونوں حدیثوں میں علیحدہ علیحدہ حکم ہیں۔ اور دونوں مختلف واقعوں سے متعلق ہیں اور مختلف مراد رکھتی ہیں ورنہ اس قدر شدید اختلاف حدیثوں کے مضمون میں نہ ہوتا۔

Marfat.com

غیر مقلدین کی جو دوسری حدیث صفحہ ۳۵ کے حاشیہ میں ہے اسے دیکھئے

اس میں ہے :-

کہ حضورؐ نے ہمیں نماز پڑھائی جب آپ نے سلام پھیرا تو لوگوں نے داہنے بائیں ہاتھوں سے اشارہ کیا اسے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے دیکھ لیا تب آپ نے لوگوں سے کہا فَقَالَ مَا شَأْنُكُمْ تُقَلِّبُوْنَ بِأَيْدِيْكُمْ (ترجمہ) کہا کیا حال ہے تمہارا کہ ہاتھوں کو اُلٹ پُلٹ تے ہو جیسے سرکش گھوڑے۔ بلکہ جب ایک تم میں سے سلام پھیرے ۔۔۔ئیں بائیں پر سلام کرے۔ اس کے بعد جب لوگوں نے نماز پڑھی تو ایسا نہیں کیا"

ہماری حدیثیں رفع یدین نہ کرنے کے دلائل میں ہیں اور غیر مقلدین کی حدیثیں سلام کے وقت اشارہ نہ کرنے کے دلائل میں ہیں۔ دونوں حدیثیں الگ الگ وقت میں واقع ہوئی ہیں اور علیحدہ علیحدہ حکم رکھتی ہیں۔

غیر مقلدین کا ہماری پیش کردہ حدیثوں کے متعلق یہ کہنا کہ وہ سلام کے وقت کے لئے ہیں یہ غلط تاویلات ہیں اور اصل حقیقت کو پوشیدہ کر کے اپنے مسلک کی تائید اور غلط حمایت کرتے ہیں۔

جو حدیثیں سلام کے وقت اشارہ کرنے کے بارے میں ہیں ان میں سلام کے وقت اشارہ کرنے کے یعنی ان میں عربی کے الفاظ یہ ہیں :-

قُلْنَا بِأَيْدِيْنَا اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ (ہم سلام کرتے وقت اپنے ہاتھوں سے اشارہ کرتے تھے)۔

تُشِيْرُوْنَ بِأَيْدِيْكُمْ فَلَمَّا سَلَّمَ اَوْمَاءَ النَّاسُ بِأَيْدِيْهِمْ (جب آپ نے سلام پھیرا تو لوگ اپنے دائیں بائیں ہاتھوں سے اشارہ کرتے) تُقَلِّبُوْنَ بِأَيْدِيْكُمْ (تم اپنے ہاتھوں کو اُلٹ پُلٹ کرتے ہو)۔

اور ہماری حدیثوں میں بالکل واضح اور صریح الفاظ میں رفع یدین کا ذکر ہے۔ دیکھئے عربی کے الفاظ یہ ہیں :- نَحْنُ رَافِعُوْا اَيْدِيْنَا فِي الصَّلٰوةِ (ہم نماز میں رفع یدین کر رہے تھے) فَقَالَ مَا بَالُهُمْ رَافِعِيْنَ اَيْدِيَهُمْ فِي الصَّلٰوةِ (حضورؐ نے فرمایا کیا ہو گیا ان کو کہ نماز میں رفع یدین کرتے) اور ہماری دوسری حدیث میں ہے مَالِيْ اَرَاكُمْ رَافِعِيْ اَيْدِيْكُمْ (میں تم کو رفع یدین کرتے دیکھتا ہوں) دیگر ہماری حدیثوں میں اُسْكُنُوْا فِي الصَّلٰوةِ (نماز میں سکون کرو رفع یدین نہ کرو۔)

ان حدیثوں میں بالکل واضح ہے کہ وہ لوگ حضورؐ کے ساتھ نماز نہیں پڑھ رہے تھے بلکہ حضورؐ باہر سے تشریف لائے تو ان کو نماز پڑھتے دیکھا کہ وہ بار بار نماز میں رفعدین کرتے ہیں اس پر آپ نے انہیں منع فرمایا کہ اُسْكُنُوْا فِي الصَّلٰوةِ (نماز میں سکون اختیار

Marfat.com

کرو) یعنی رفع یدین نہ کرو۔ اور غیر مقلدین والی حدیثوں میں تصریح ہے کہ ہم آپ کے ہمراہ نماز پڑھ رہے تھے اور سلام کے وقت اشارہ کرتے تھے۔ حضورؐ نے ہمیں اشارہ کرتے ہوئے دیکھ کر فرمایا سلام کے وقت اپنے ہاتھ رانوں پر رکھ کر دائیں بائیں سلام کرو اس میں حضورؐ نے اُسکنوا فی الصَّلٰوۃِ نہیں فرمایا اس لئے کہ فِی الصَّلٰوۃِ اس وقت صادق ہوگا کہ نماز کے ارکان و اجزا باقی ہوں اور ان میں رفع یدین پایا جانے پر اُسکُنُوا فِی الصَّلٰوۃِ فرمانا برمحل ہے اور سلام پھیرتے وقت ہاتھوں سے اشارہ کرنا نماز سے خروج ہے سلام پھیرنے سے خُرُوجِ عَنِ الصَّلٰوۃِ ہوتا ہے یعنی سلام پھیرنا نماز سے خارج ہونا ہے۔ غیر مقلدین کی حدیث میں سکون کا حکم نہیں چونکہ سلام کے بعد نمازی نماز سے خارج اور عام پابندیوں سے آزاد ہو جاتا ہے اس لئے سکون کی ضرورت نہیں۔ اس لئے حنفیوں نے دونوں حدیثوں کو اپنے اپنے محل پر رکھا اور عمل کیا ہے۔ ہماری پیش کردہ حدیثیں رفع یدین نہ کرنے کے بارے میں ہیں اور اوپر غیر مقلدین کی نقل کردہ حدیثیں سلام کے وقت ہاتھوں سے اشارہ کرنے کی ممانعت میں ہیں ترک رفع یدین کی حدیثوں سے سلام کے وقت اشارہ کرنے کی ممانعت والی حدیثیں بالکل علیحدہ ہیں۔ ہاں اگر غیر مقلدین والی حدیثوں میں یہ الفاظ ہوتے نَحْنُ رَافِعُوْا اَیْدِیْنَا عِنْدَ السَّلَامُ عَلَیْکُمْ یَا نَحْنُ رَافِعُوْا اَیْدِیْنَا بالتسلیم۔ اگر سلام کے وقت رفعیدین کرنے کا لفظ ہوتا تو بے شک یہ بات مانی جاتی کہ وہ حدیثیں سلام کے وقت کے رفعیدین کو منع کر رہی ہیں یا یہ ہوتا کہ حضورؐ یہ لفظ فرماتے مَابَالُھُمْ رَافِعِیْنَ اَیْدِیَھُمْ عِنْدَ السَّلَامِ (کیا ہوگیا ان کو کہ سلام کے وقت یا قریب سلام کے رفع یدین کرتے ہیں۔ اُسْکُنُوْا فِی الصَّلٰوۃِ نماز میں سکون کرو۔ رفع یدین نہ کرو۔ ان میں سے ایک بھی لفظ نہیں ہے۔

ہماری حدیثوں میں صحابہ کو سکون کرنے کا حکم اس لئے فرمایا چونکہ صحابہ کرام بروقت رکوع رفع یدین کر رہے تھے اور ان کی نماز باقی تھی۔ یعنی رکوع کے بعد قومہ سجدہ اوّل و سجدہ ثانی اس کے بعد واللہ اعلم دوسری یا تیسری یا چوتھی رکعت باقی ہو اس لئے باقی نماز کے لئے سکون کا حکم فرمایا۔

غیر مقلدین والی حدیث میں حضورؐ نے صحابہ کو رانوں پر ہاتھ رکھنے کا حکم اس لئے فرمایا کہ وہ قعدہ اخیرہ میں بیٹھے ہوئے تھے اور نماز کے اختتام کے وقت سلام ہاتھ کے اشارہ سے کر رہے تھے اس لئے آپ نے ان کو رانوں پر ہی ہاتھ رکھنے کو فرمایا کہ ہاتھ رانوں پر ہی رکھے ہوئے سلام پھیر دیا کرو۔ رفع یدین کرنے والے صحابہ کو سکون کا حکم فرمایا اور رفع یدین کی ممانعت فرمائی کہ سرکش گھوڑے کی دم کی طرح ہاتھ نہ ہلاؤ اور جو بیٹھے ہوئے تھے ان کو رانوں پر ہاتھ رکھنے کا حکم فرمایا۔ اور ہاتھ سے اشارہ کرنے کو منع کیا۔ اہلِ انصاف دونوں حدیثوں کے تعارض و اختلاف و موقع محل اور جدا جدا احکام

Marfat.com

پر غور فرمائیں۔ ہماری حدیثوں میں حضور صلعم نے رفعیدین کی ممانعت فرمائی ہے جو بالکل واضح ہے۔ غیر مقلدین کی تمام توجیہیں وتاویلیں قطعًا غلط اور بالکل باطل ہیں۔ ہر فہیم انسان اس کو بخوبی سمجھ سکتا ہے۔

(۳۵) سوال۔ بعض غیر مقلدین اعتراض کرتے ہیں کہ جابر والی حدیث میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے کسی رفعیدین کی تخصیص تو کی نہیں تو پھر تکبیر تحریمہ وعیدین کی تکبیرات کے وقت اور قنوت والا رفعیدین کب جائز ہوسکتا ہے۔ اس حدیث سے تو تمام رفعیدین ممنوع ہوئے؟

جواب۔ عیدین وتر کے رفعیدین میں صحابہ کرامؓ وتابعین وتبع تابعین اور علماء جمہور میں کوئی اختلاف نہیں۔ صرف تکبیرات کی تعداد میں تو کچھ اختلاف ہے مگر رفع یدین میں کچھ اختلاف نہیں۔ اور نماز وتر وعیدین میں رکوع میں جاتے وقت اور رکوع سے سر اٹھاتے وقت کوئی حنفی رفعیدین نہیں کرتا۔ اس حدیث میں رکوع میں جاتے وقت اور رکوع سے سر اٹھاتے وقت کے رفعیدین کی ممانعت کا ذکر ہے اور دوسرے حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی حسب ذیل حدیثوں نے وتر اور عیدین کی نمازوں کے رفعیدین کو خاص کر دیا۔

۱ وَحِيْنَ رَأَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَقْوَامًا يَرْفَعُوْنَ اَيْدِيَهُمْ فِي الصَّلٰوةِ عِنْدَ الرُّكُوْعِ وَعِنْدَ رَفْعِ الرَّأْسِ مِنَ الرُّكُوْعِ فَقَالَ مَالِيْ اَرَاكُمْ رَافِعِيْ اَيْدِيْكُمْ كَاَنَّهَا اَذْنَابُ خَيْلٍ شُمْسٍ اُسْكُنُوْا فِي الصَّلٰوةِ وَفِيْ رِوَايَةٍ كُفُّوْا فِي الصَّلٰوةِ۔

"جب دیکھا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ رفع یدین کرتے تھے نماز میں رکوع کے وقت اور رکوع سے سر اٹھانے کے وقت تو فرمایا کیا ہوگیا تمہیں کہ میں اس طرح رفعیدین کرتے ہوئے دیکھتا ہوں جیسے سرکش گھوڑوں کی دمیں ہلتی ہوں۔ سکون کرو نماز میں (رفعیدین نہ کرو) اور دوسری روایت میں ہے۔ روکو ہاتھوں کو نماز میں۔" (نہایہ)

دیکھئے اس حدیث میں رکوع کے وقت اور رکوع سے سر اٹھاتے وقت رفعیدین کرنے کو منع فرمایا ہے۔

طحاوی اور طبرانی وہدایہ وفتح القدیر میں ہے:-

۲ لَا تُرْفَعُ الْاَيْدِيْ اِلَّا فِيْ سَبْعِ مَوَاطِنَ عِنْدَ اِفْتِتَاحِ الصَّلٰوةِ وَقُنُوْتِ الْوِتْرِ وَتَكْبِيْرَةِ الْعِيْدَيْنِ وَالْاَرْبَعَةِ

سات موقعوں کے علاوہ ہاتھ نہ اٹھاؤ نماز کے شروع میں اور وتروں میں قنوت کے وقت اور عیدین کی تکبیروں میں اور چار رکوع کے موقعوں

Marfat.com

فِی الْحَجِّ ۔

صحیح حدیث ابن عباسؓ میں ہے

۳ قَالَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَا تُرْفَعُ الْاَیْدِیْ فِیْ شَیْیءٍ اِلَّا فِیْ سَبْعِ مَوَاطِنَ فِیْ اِفْتِتَاحِ الصَّلٰوۃِ وَفِی الْعِیْدَیْنِ وَفِیْ تَکْبِیْرِ الْقُنُوْتِ فِی الْوِتْرِ وَعِنْدَ اِسْتِلَامِ الْحَجَرِ وَعلی الصَّفَا وَالْمَرْوَۃِ وَعِنْدَ عَرَفَاتٍ وَعِنْدَ رَمْیِ الْجِمَارِ۔

۴ وَرَوَی الطَّحَاوِیُّ وَالطَّبْرَانِیُّ بِاِسْنَادِہٖ اِلَی ابْنِ عُمَرَ وَابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تُرْفَعُ الْاَیْدِیْ اِلَّا فِیْ سَبْعِ مَوَطِنَ فِیْ اِفْتِتَاحِ الصَّلٰوۃِ وَفِیْ تَکْبِیْرَ الْقُنُوْتِ فِی الْوِتْرِ وَفِی الْعِیْدَیْنِ الخ

میں؛ (طحاوی اور طبرانی و فتح القدیر)
حضور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا سات موقعوں کے علاوہ کسی جگہ ہاتھ نہ اُٹھائے جائیں۔ تکبیر تحریمہ یعنی نماز کے شروع میں اور عیدین کی نمازوں میں وتر میں قنوت کی تکبیر کے وقت اور حجرِ اسود کے چومنے کے وقت اور صفا مروہ پر اور عرفات کے قریب اور جمار کے قریب۔

روایت کیا طحاوی اور طبرانی نے اپنی سند سے کہ ابن عمر اور ابن عباسؓ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ہاتھ نہ اٹھائے جائیں گے مگر سات جگہوں میں نماز کے شروع میں اور قنوت کی تکبیر جو وتر میں ہے اور عیدین کی نماز میں الخ

(الانتھی)

ان حدیثوں میں بالکل واضح اور صاف الفاظ ہیں کہ سات موقعوں کے علاوہ ہاتھ نہ اٹھائیں اور ۱ والی حدیث میں جو صفحہ ۶۷ پر ہے رکوع کے وقت اور رکوع سے سر اُٹھاتے وقت کے رفعیدین کو منع فرمایا ہے خوب سمجھ لیجئے دوسرے جمہور علماء اور صحابہ کے درمیان قنوت اور عیدین کے رفعیدین میں کوئی اختلاف نہیں۔

رفعیدین نہ کرنے کے لئے دلائل کی اور حدیثیں ملاحظہ ہوں:۔

عَنْ اِبْنِ عُمَرَ کَانَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَرْفَعُ یَدَیْہِ اِذَا افْتَتَحَ الصَّلٰوۃَ ثُمَّ لَا یَعُوْدُ۔

حضرت عبداللہ بن عمر سے روایت ہے کہ حضور نماز شروع کرتے وقت رفعیدین کرتے تھے۔ پھر نہ کرتے تھے یعنی تکبیرِ تحریمہ کے وقت صرف رفعیدین کرتے تھے اس کے علاوہ پھر رفعیدین نہ کرتے تھے۔

عَنْ مُجَاھِدٍ قَالَ صَلَّیْتُ خَلْفَ ابْنِ عُمَرَ فَلَمْ یَکُنْ یَرْفَعُ یَدَیْہِ اِلَّا فِی التَّکْبِیْرَۃِ الْاُوْلٰی مِنَ الصَّلٰوۃِ۔

(رواہ الطحاوی وابوبکر بن شیبہ)

حضرت مجاہد سے مروی ہے کہ میں نے عبداللہ بن عمرؓ کے پیچھے نماز پڑھی تو ان کو تکبیر اولیٰ کے علاوہ رفعیدین کرتے ہوئے نہیں دیکھا۔ (رواہ الطحاوی وابوبکر بن شیبہ)

اس کے رجال بھی ثقہ ہیں۔ دیکھو شرح بخاری اس کو علامہ عینی نے صحیح کہا ہے۔

(۳) رفعیدین نہ کرنے کے دلائل کی اور حدیث ملاحظہ ہو:۔

عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ قَالَ اَلَا اُصَلِّیْ بِکُمْ صَلٰوۃَ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَصَلّٰی فَلَمْ یَرْفَعْ یَدَیْہِ اِلَّا فِیْ اَوَّلِ مَرَّۃٍ۔ (اَخْرَجَہٗ اَبُوْدَاؤُدَ وَالتِّرْمِذِیُّ وَالنَّسَائِیُّ صَحَّحَہٗ ابْنُ حَزْمٍ وَحَسَّنَہٗ التِّرْمِذِیُّ)

"حضرت عبداللہ بن مسعودؓ سے روایت ہے کہ انہوں نے ارشاد فرمایا کہ کیا میں تمہیں حضورؐ کی نماز پڑھاؤں۔ پھر نماز پڑھائی اور پہلی مرتبہ کے علاوہ رفعیدین نہیں کیا اور روایت میں ہے (ثُمَّ لَا یعود) کہ پہلی مرتبہ رفعیدین کرتے تھے (اس کے بعد) پھر نہ کرتے تھے۔ اس حدیث کو ترمذی اور نسائی نے صحیح فرمایا اور کہا حدیث ابن مسعود کی شیخین کی شرط کے مطابق صحیح ہے۔"

نسائی میں حسب ذیل روایت کرنے والوں میں عبداللہ بن مبارک دوسرے الفاظ میں ترک رفعیدین کی حدیث کو بیان کر رہے ہیں۔ ملاحظہ ہو:۔

اَخْبَرَنَا سُوَیْدُ بْنُ نَصْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰہِ بن مبارک عَنْ سفیان عاصم بن کلیب عن عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْاَسْوَدِ عَنْ علقمۃ عن عبد اللّٰہ بن مسعود قَالَ اَلَا اُخْبِرُکُمْ بِصَلٰوۃِ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقَامَ فَرَفَعَ یَدَیْہِ اَوَّلَ مَرَّۃٍ ثُمَّ لَمْ یَعُدْ۔

خبر دی سوید بن نصر نے کہ ہم سے بیان کیا عبداللہ بن مبارک نے سفیان عاصم بن کلیب اور عبدالرحمن بن اسود نے اور علقمہ حضرت عبداللہ بن مسعود نے کہا کہ کیا میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز کا طریقہ نہ بتاؤں۔ پھر کھڑے ہوئے اور اوّل مرتبہ ہاتھ اٹھائے اس کے بعد پھر نہ اٹھائے۔ (نسائی)

امام ترمذی نسائی وغیرہ نے اس حدیث کو صحیح تحریر فرمایا ہے اور ترک رفع یدین کی اور احادیث ابوداؤد و نسائی ابن ابی شیبہ وغیرہ میں موجود ہیں اور حضرت امام مالکؒ نے مؤطا میں تخریج کی ہے۔

قَالَ مَالِکٌؒ لَا اَعْرِفُ رَفْعَ الْیَدَیْنِ فِیْ شَیْءٍ مِنْ تَکْبِیْرِ الصَّلٰوۃِ لَا فِیْ رَفْعٍ وَلَا فِیْ خَفْضٍ اِلَّا فِیْ اِفْتِتَاحِ الصَّلٰوۃِ قَالَ ابْنُ الْقَاسِمِ وَکَانَ رَفْعُ الْیَدَیْنِ عِنْدَ مَالِکٍ ضَعِیْفًا۔

(یعنی) امام مالکؒ نے فرمایا کہ میں رفعیدین کو نماز میں کسی تکبیر اور کسی رفع وخفض میں بجز تکبیر تحریمہ کے نہیں سمجھتا۔ ابن قاسم کہتے ہیں کہ رفعیدین امام مالکؒ کے نزدیک ضعیف ہے۔

(مدونہ جلد اول صفحہ ۷۱)

Marfat.com

اب اہلِ انصاف غور فرمائیں کہ امام مالکؒ مدینہ شریف کے رہنے والے اور حضورؐ کے شہر میں درس حدیث دینے والے۔ مسجد نبوی میں پنج وقتہ آلِ رسول اور صحابہ کرامؓ اور ان کی اولاد کے ساتھ نمازیں ادا کرنے والے یہ فرمائیں کہ نماز میں بجز تکبیرِ تحریمہ کے اور کسی رکن میں ہاتھ اٹھانے کو میں نہیں مانتا (یعنی میں رفع یدین کرتے کسی کو نہیں دیکھتا) اگر امام مالکؒ آلِ رسول صحابہ اور صحابہ کی اولاد کو رفع یدین کرتے ہوئے دیکھتے تو وہ خود بھی رفع یدین کرتے اور رفع یدین کی حدیث کو ضعیف نہ فرماتے۔ لہٰذا اس حدیث کے رجال سب ثقہ ہیں اور بقول حافظ زیلعی کے شرط مسلم پر اور بقول سندھی شرط بخاری و مسلم پر بالکل صحیح اور درست ہے۔

(۲۶) سوال۔ تراویح کی آٹھ رکعتیں ہیں یا بیس رکعتیں؟ غیر مقلد حضرات آٹھ رکعت کو سنت اور بیس کو بدعت بتاتے ہیں اس میں درست کیا ہے؟

جواب۔ حضرت عائشہؓ کی روایت سے جو لوگ آٹھ رکعات تراویح کے قائل ہیں انہیں حضرت عائشہؓ کی اس روایت سے غلط فہمی ہوئی ہے۔

عَنْ اَبِیْ سَلَمَۃَ ابنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ اَنَّہٗ سَأَلَ عَائِشَۃَؓ کَیْفَ کَانَتْ صَلٰوۃُ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فِیْ رَمَضَانَ فَقَالَتْ مَا کَانَ یَزِیْدُ فِیْ رَمَضَانَ وَلَا فِیْ غَیْرِہٖ عَلٰی اِحْدٰی عَشْرَۃَ رَکْعَۃً الخ (بخاری)

ابو سلمہ ابن عبد الرحمٰن سے مروی ہے کہ آپ نے حضرت عائشہؓ سے آنحضورؐ کی رمضان کی نماز کے متعلق دریافت کیا تو آپ نے فرمایا کہ آپ رمضان ہو یا غیر رمضان گیارہ رکعات سے زیادہ نہیں پڑھتے تھے (بخاری)

اس حدیث سے ظاہر ہے کہ آپ ہمیشہ گیارہ رکعات پڑھتے تھے خواہ ماہِ رمضان ہو یا اور کوئی مہینہ۔ اگر یہ حدیث تراویح کے متعلق ہے تو اس کا مطلب یہ ہے کہ تراویح صرف رمضان میں ہی نہیں بلکہ بارہ مہینہ سنت ہے۔ حالانکہ اس کے خود غیر مقلد بھی قائل نہیں۔ اس سے معلوم ہوا کہ یہ حدیث تراویح کے متعلق نہیں بلکہ تہجد کے متعلق ہے کیونکہ تہجد آپ بارہ مہینے پڑھتے تھے خواہ رمضان ہوں یا نہوں۔

تراویح کی احادیث

تراویح کی احادیث در اصل اور ہی ہیں۔ حضرت ابوذرؓ کی روایت اس سلسلے میں بہت واضح ہے ملاحظہ کیجئے!

عَنْ اَبِیْ ذَرٍّؓ قَالَ صُمْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَلَمْ

حضرت ابوذرؓ سے مروی ہے کہ فرمایا ہم نے آپ کے ساتھ روزے رکھے آپ نے

Marfat.com

يَقُمْ بِنَا شَيْئًا مِنَ الشَّهْرِ حَتّٰى بَقِيَ سَبْعٌ فَقَامَ بِنَا حَتّٰى ذَهَبَ ثُلُثُ اللَّيْلِ فَلَمَّا كَانَتِ السَّادِسَةُ لَمْ يَقُمْ بِنَا فَلَمَّا كَانَتِ الْخَامِسَةُ قَامَ بِنَا حَتّٰى ذَهَبَ شَطْرُ اللَّيْلِ فَقُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ لَوْ نَفَّلْتَنَا قِيَامَ هٰذِهِ اللَّيْلَةِ فَقَالَ اِنَّ الرَّجُلَ اِذَا صَلّٰى مَعَ الْاِمَامِ حَتّٰى يَنْصَرِفَ حُسِبَ لَهٗ قِيَامُ لَيْلَةٍ فَلَمَّا كَانَتِ الرَّابِعَةُ لَمْ يَقُمْ بِنَا حَتّٰى بَقِيَ ثُلُثُ اللَّيْلِ فَلَمَّا كَانَتِ الثَّالِثَةُ جَمَعَ اَهْلَهٗ وَنِسَاءَهٗ وَالنَّاسَ فَقَامَ بِنَا خَشِيْنَا اَنْ يَفُوْتَنَا الْفَلَاحُ قُلْتُ وَمَا الْفَلَاحُ قَالَ السَّحُوْرُ ثُمَّ لَمْ يَقُمْ بِنَا بَقِيَّةَ الشَّهْرِ۔

(ابوداؤدؒ۔ ترمذیؒ۔ نسائیؒ۔ ابنِ ماجہ)

رات کو ہمارے ساتھ نماز تراویح باجماعت پڑھی یہاں تک کہ صرف سات دن رہ گئے تب آپ نے ایک تہائی رات تک ہمارے ساتھ تراویح پڑھی۔ پھر جو بیسویں شب میں نہ پڑھی جب پچیسویں شب آئی تو پھر ہمارے ساتھ آدھی رات تک تراویح پڑھی۔ میں نے عرض کیا یارسول اللہؐ کاش آپ زیادہ رات تک پڑھتے۔ فرمایا جب انسان امام کے ساتھ نماز پڑھتا ہے تو اس کے حق میں رات بھر کی عبادت ہی لکھی جاتی ہے چھبیسویں شب میں پھر نہ پڑھی ستائیسویں شب آئی تو گھر والوں کو مردوں اور عورتوں کو سب کو جمع کر کے پڑھی یہاں تک کہ ہمیں خوف ہوا کہ کہیں فلاح نہ جاتی رہے۔ راوی نے پوچھا فلاح کیا؟ فرمایا سحری۔ پھر باقی راتوں میں بھی تراویح نہ پڑھی۔

اسی طرح حضرت زید بن ثابتؓ کی روایت ہے :-

عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍؓ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اتَّخَذَ حُجْرَةً فِي الْمَسْجِدِ مِنْ حَصِيْرٍ فَصَلّٰى فِيْهَا لَيَالِيَ حَتّٰى اجْتَمَعَ عَلَيْهِ نَاسٌ ثُمَّ فَقَدُوْا صَوْتَهٗ لَيْلَةً وَظَنُّوْا اَنَّهٗ قَدْ نَامَ فَجَعَلَ بَعْضُهُمْ يَتَنَحْنَحُ لِيَخْرُجَ اِلَيْهِمْ فَقَالَ مَا زَالَ بِكُمُ الَّذِيْ رَاَيْتُ مِنْ صَنِيْعِكُمْ حَتّٰى خَشِيْتُ اَنْ يُكْتَبَ عَلَيْكُمْ وَلَوْ كُتِبَ عَلَيْكُمْ مَا اَقَمْتُمْ بِهٖ۔

فَصَلُّوْا اَيُّهَا النَّاسُ فِيْ بُيُوْتِكُمْ فَاِنَّ اَفْضَلَ صَلٰوةِ الْمَرْءِ فِيْ بَيْتِهٖ

زید بن ثابتؓ سے مروی ہے کہ آپ نے مسجد میں ایک حجرہ بوریئے کا بنایا اس میں کئی راتوں تک تراویح پڑھائی اور لوگ خوب جمع ہونے لگے تھے کہ ایک دن حجرے سے آپ کی آواز نہ آئی لوگوں نے سمجھا آپ سو گئے۔ کسی نے آپ کو اٹھانے کے لئے کھانسنا شروع کیا۔ آپ نے آکر فرمایا خدا کرے تم میں تراویح کا ہمیشہ یہی شوق رہے جو میں نے دیکھا۔ میں نے اس ڈر سے یہ سلسلہ بند کیا کہ کہیں تم پر یہ فرض نہ ہو جائے کیونکہ فرض ہو گئی تو تم ادا نہ کر سکو گے۔

لوگو! یہ نماز گھروں میں پڑھا کرو۔ کیونکہ انسان کی بہترین نماز وہی ہے جو گھر میں پڑھی

اِلَّا الصَّلٰوۃُ الْمَکْتُوْبَۃُ (بخاریؒ و مسلمؒ) جائے سوائے فرض نماز کے۔

مندرجہ بالا روایات کو دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ سے تراویح تو منقول ہیں۔ لیکن کوئی قولی حدیث ایسی نہیں جس سے یہ معلوم ہو کہ آپ نے تراویح کی اتنی رکعات مقرر فرمائیں۔ جن احادیث میں رکعات کا ذکر ہے وہ تراویح کے متعلق نہیں بلکہ تہجد کے متعلق ہیں۔ جیسا کہ ہم نے گذشتہ اوراق میں وضاحت کے ساتھ تحریر کیا ہے۔ ایسی صورت میں رکعات کے تعین کا کیا ذریعہ ہو؟ یہ ایک سوال ہے! جو لوگ صرف حدیث کے قائل ہیں انہیں تو رکعات کی تعداد مقرر کرنے کے لئے سوائے اس کے کوئی طریقہ نظر نہ آیا کہ وہ احادیث کا مفہوم توڑ موڑ کر پیش کریں۔ چنانچہ انہوں نے تہجّد کی احادیث کو تراویح کی احادیث قرار دیکر دل بہلالیا۔ اگر تہجّد والی احادیث سے تراویح مراد لیں تو کیا غیر مقلد حضرات سنت کے دعویدار۔ عاملِ حدیث کے مدعی بارہ مہینے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے طریقہ کے مطابق آٹھ تراویح اور تین وتر پڑھتے ہیں؟ ہرگز ہرگز نہیں پڑھتے بلکہ صرف زبانی دعویٰ۔

اہلِ حدیث حامی سنت وعامل حدیث ہے لیکن عمل بالکل خلاف اور برعکس ہے۔ رمضان شریف کے علاوہ گیارہ مہینے ایک وتر عشاء کی نماز کے ساتھ مسجد میں پڑھتے ہیں۔ باقی دس رکعتیں آرام وراحت کی بھینٹ چڑھتی ہیں۔ چارپائی و بستر پر نیند کی نذر ہوتی ہیں۔ البتہ ماہ رمضان میں آٹھ رکعتیں اور تین وتر جماعت کے ساتھ ادا کرتے ہیں باقی گیارہ مہینے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت کے خلاف صرف ایک ہی وتر پر اکتفا اور دس رکعت بالائے طاق رکھتے ہیں۔ اور رمضان المبارک میں آٹھ رکعت تراویح پڑھتے ہیں۔ اس میں آٹھ ہی خلاف ورزیاں حدیث کی رو سے کرتے ہیں۔

خلاف ورزی ۱ :۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے سحری کے وقت نماز پڑھی غیر مقلد عشاء کے بعد پڑھتے ہیں۔

خلاف ورزی ۲ حضور صلی اللہ علیہ وسلم تیئیسویں[۲۳] شب کو نماز پڑھی اور چوبیسویں[۲۴] شب کو ناغہ کی۔ پھر پچیسویں[۲۵] شب کو نماز پڑھی چھبیسویں[۲۶] کو ناغہ کی پھر ستائیسویں[۲۷] کو پڑھی اور راتوں میں ناغہ کی لیکن غیر مقلد درمیان میں ناغہ نہیں کرتے۔

خلاف ورزی ۳ . حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے تیئیسویں شب کو شروع کی لیکن غیر مقلد پہلی شب سے شروع کرتے ہیں۔

خلاف ورزی ۴ حضور صلعم نے تین رات یعنی تیئیسویں[۲۳]۔ پچیسویں[۲۵]۔ ستائیسویں[۲۷] شب میں بروایت حضرت ابوذرؓ کے نماز پڑھی مگر غیر مقلد ایک ماہ تک پڑھتے ہیں۔

خلاف ورزی ۵ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا اے لوگوں! یہ نماز گھروں میں پڑھا کرو کیونکہ انسان کی بہترین نماز وہی ہے جو گھر میں پڑھی جائے سوائے

Marfat.com

فرض نماز کے وہ مسجد میں افضل ہے۔ بروایت حضرت زید بن ثابتؓ کے۔ لیکن غیر مقلد حضرات حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمان کے خلاف، بجائے گھر کے مسجد میں ادا کرتے ہیں۔

خلاف ورزی ۶:۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے منفرد حالت میں نماز پڑھنے کا حکم فرمایا لیکن غیر مقلد جماعت سے پڑھتے ہیں

خلاف ورزی ۷:۔ بروایت حضرت عائشہ صدیقہؓ۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم رمضان غیر رمضان یعنی بارہ مہینے گیارہ رکعت پڑھا کرتے تھے لیکن غیر مقلد صرف رمضان میں ہی پڑھتے ہیں اور گیارہ مہینے اس سنت کو بالائے طاق رکھتے ہیں۔

خلاف ورزی ۸:۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے قرآن باترتیب شروع سے آخر تک تراویح میں نہیں پڑھا۔ لیکن غیر مقلد شروع سے آخیر تک پڑھتے ہیں۔

آٹھ رکعت پڑھتے ہیں اور آٹھ ہی حدیث کی خلاف ورزیاں کرتے ہیں اور پھر عامل بالحدیث کے دعویدار ہیں۔ بروایت حضرت عائشہ صدیقہؓ کے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے رمضان غیر رمضان میں گیارہ رکعت سے زیادہ نہیں پڑھیں۔ اب غور طلب سوال یہ ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم رمضان وغیر رمضان یعنی بارہ مہینے جو گیارہ رکعتیں پڑھتے تھے وہ تہجد کی نماز تھی یا تراویح کی لیکن تحقیق سے معلوم ہوا کہ تہجد کی نماز تھی۔ اس لئے کہ باری تعالیٰ نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو فَتَهَجَّدْ بِهٖ نَافِلَةً لَّكَ یعنی تہجد کی نماز کا حکم فرمایا تھا تراویح کا حکم نہیں فرمایا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اللہ تعالیٰ کے ارشادِ عالیہ کی تعمیل میں تہجد کی نماز پڑھی اور نمازِ تراویح کا سلسلہ باجماعت حضرت عمر فاروقؓ کے دور میں شروع ہوا۔ لیکن ہمارا مسلک یہ ہے کہ ہر مسئلے میں سب سے پہلے قرآن وحدیث سے روشنی حاصل کی جائے۔ چنانچہ قرآن حکیم میں اللہ پاک کا ارشاد ہے:

اَطِیْعُوا اللّٰهَ وَاَطِیْعُوا الرَّسُوْلَ وَاُولِی الْاَمْرِ مِنْكُمْ۔ "میری اطاعت کرو اور میرے رسول کی اور اپنے میں سے جو حاکم ہو اُس کی"

ادھر حدیث شریف میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے:۔

اِقْتَدُوْا بِالَّذِیْ بَعْدِیْ اَبِیْ بَكْرٍ وَّعُمَرَ "ان کی پیروی کرو جو میرے بعد میرے قائم مقام ہوں گے۔ ابوبکر و عمر"

اور یہ بھی فرمان ہے:۔

عَلَیْكُمْ بِسُنَّتِیْ وَسُنَّةِ الْخُلَفَاءِ الرَّاشِدِیْنَ الْمَهْدِیِّیْنَ۔ "میری اور خلفاء الراشدین کی جو ہدایت یافتہ ہیں سنتوں کو اپنے اوپر لازم قرار دے لو"

Marfat.com

عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ ابْنِ عَبْدِ الْقَارِيِّ قَالَ خَرَجْتُ مَعَ عُمَرَ ابْنِ الْخَطَّابِ لَيْلَةً اِلَى الْمَسْجِدِ فَاِذَا النَّاسُ اَوْزَاعٌ مُتَفَرِّقُوْنَ يُصَلِّي الرَّجُلُ لِنَفْسِهٖ وَيُصَلِّي الرَّجُلُ فَيُصَلِّيْ بِصَلٰوتِهِ الرَّهْطَ فَقَالَ عُمَرُ اِنِّيْ لَوْ جَمَعْتُ هٰؤُلَاءِ عَلٰى قَارِئٍ وَاحِدٍ لَكَانَ اَمْثَلَ ثُمَّ عَزَمَ فَجَمَعَهُمْ عَلٰى اُبَيِّ ابْنِ كَعْبٍ قَالَ ثُمَّ خَرَجْتُ مَعَهٗ لَيْلَةً اُخْرٰى وَالنَّاسُ يُصَلُّوْنَ بِصَلٰوةِ قَارِئِهٖ قَالَ عُمَرُ نِعْمَتِ الْبِدْعَةُ هٰذِهٖ (رواہ البخاری)

عبدالرحمٰن بن عبدالقاریؓ کہتے ہیں کہ میں ایک دفعہ رات کو حضرت عمر بن الخطاب کے ساتھ رمضان المبارک میں مسجد میں گیا۔ میں نے دیکھا کہ لوگ علیحدہ علیحدہ اور متفرق (نماز تراویح پڑھ رہے) تھے یعنی ہر شخص اپنی اپنی نماز پڑھ رہا تھا اور بعض اپنے قبیلہ کے ساتھ پڑھ رہے تھے حضرت عمرؓ نے یہ دیکھ کر فرمایا کہ اگر میں ان سب لوگوں کو ایک قاری کی امامت میں جمع کر دوں تو بہتر ہوگا۔ پھر آپ نے اس کا ارادہ کر لیا اور ابی بن کعب کو امام بنا دیا۔ راوی عبدالرحمٰن کہتے ہیں کہ پھر ایک مرتبہ رات کے وقت اسی طرح رمضان میں مجھ کو حضرت عمرؓ کے ساتھ جانے کا اتفاق ہوا اور دیکھا کہ لوگ مسجد میں اپنے قاری کے پیچھے نماز پڑھ رہے ہیں۔ حضرت عمر نے یہ دیکھ کر کہا کہ یہ بدعت بہت اچھی ہے۔

روایات سے ثابت ہے کہ صحابہؓ کی اکثریت اس پر متفق تھی۔ اس لئے متفق تھی کہ حضرت ابنِ عباسؓ کی روایت ہے کہ تعلیق الحسن جلد ۲ صـ۵۶ پر ہے کہ مصنف ابنِ ابی شیبہ میں حضرت ابن عباس سے روایت ہے:۔

عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُصَلِّيْ فِيْ رَمَضَانَ عِشْرِيْنَ رَكْعَةً وَالْوِتْرَ اَخْرَجَ الْكَشْفِيُّ فِيْ سَنَدِهٖ وَالْبَغَوِيُّ فِيْ مُعْجَمِهٖ وَالطَّبَرَانِيُّ فِي الْكَبِيْرِ

حضرت ابنِ عباسؓ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم رمضان میں بیس رکعت (تراویح) اور وتر پڑھتے تھے۔ (رواہ البیہقی)

بڑے بڑے جلیل القدر صحابیؓ تابعیؒ اور علماء و فقہاء اس پر متفق تھے۔ ان سب کے اتفاق کی تفصیل "مخالفین احناف" کے دوسرے حصّے میں ملاحظہ فرمائیں۔

(۲۷) **سوال**۔ صبح کی نماز کے بعد نفل یا صبح کی سنتیں پڑھنا درست ہیں یا نہیں؟

جواب۔ حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ فجر کے بعد کوئی نماز نہیں (نفلیں ہوں یا سنتیں)

Marfat.com

عَنْ اَبِیْ سَعِیْدِ نِ الْخُدْرِیِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَا صَلٰوۃَ بَعْدَ الصُّبْحِ حَتّٰی تَرْتَفِعَ الشَّمْسُ وَ لَا صَلٰوۃَ بَعْدَ الْعَصْرِ حَتّٰی تَغِیْبَ الشَّمْسُ مُتَّفِقٌ عَلَیْہِ.

صحیح بخاری و مسلم میں حضرت ابی سعید خدریؓ سے روایت ہے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ صبح کی نماز کے بعد کوئی نماز نہیں یہاں تک کہ بلند ہو آفتاب اور عصر کی نماز کے بعد بھی کوئی نماز نہیں یہاں تک کہ غروب ہو آفتاب۔

(بخاری و مسلم)

یعنی حکم دیا ہے صبح کے فرضوں کے بعد کوئی نماز نہ پڑھو جب تک آفتاب بلند نہ ہو جائے۔ بعض غیر مقلدین فجر کے فرضوں کے بعد طلوع آفتاب سے قبل سنتیں پڑھتے ہیں اور وہ ایک ضعیف حدیث سے دلیل پکڑتے ہیں وہ ضعیف حدیث یہ ہے:۔

عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِبْرَاھِیْمَ عَنْ قَیْسِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ رَاٰی النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ رَجُلًا یُصَلِّیْ بَعْدَ صَلٰوۃِ الصُّبْحِ رَکْعَتَیْنِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ صَلٰوۃُ الصُّبْحِ رَکْعَتَیْنِ فَقَالَ الرَّجُلُ اِنِّیْ لَمْ اَکُنْ صَلَّیْتُ الرَّکْعَتَیْنِ اللَّتَیْنِ قَبْلَھُمَا فَصَلَّیْتُھُمَا الْاٰنَ فَسَکَتَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ رَوَاہُ اَبُوْ دَاوٗدَ وَرَوَی التِّرْمِذِیُّ نَحْوَہٗ وَقَالَ اِسْنَادُ ھٰذَا الْحَدِیْثِ لَیْسَ بِمُتَّصِلٍ لِاَنَّ مُحَمَّدَ بْنَ اِبْرَاھِیْمَ لَمْ یَسْمَعْ مِنْ قَیْسِ ابْنِ عَمْرٍو

(مشکوٰۃ)

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے دیکھا ایک شخص کو نماز پڑھتا ہے بعد نماز صبح کے دو رکعتیں. پس فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پڑھو نماز صبح کی دو ہی رکعتیں۔ پس کہا اس شخص نے تحقیق میں نے نہ پڑھی تھیں دو رکعتیں۔ (یعنی سنتیں) پس پڑھتا ہوں ان کو اب پس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خاموش رہے. رواہ ترمذی۔ ابوداؤد۔ اور کہا ہے اسناد اس حدیث کی نہیں. متصل اسواسطے کہ محمد بن ابراہیم نے نہیں سنا قیس بن عمرو سے اور واقعہ بیان کیا۔ لیکن بعد تحقیق کے ثابت ہوا کہ راوی نے یہ روایت نہیں سنی۔

(مشکوٰۃ)

جب راوی کا روایت کو نہ سننا ثابت ہوگیا تو روایت بالکل صحیح نہیں اور ضعیف ہے لیکن غیر مقلدین غلط ضعیف روایت پر عمل کر کے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمان کے خلاف فجر کے فرضوں کے بعد قبل طلوع آفتاب سنتیں پڑھ لیتے ہیں۔ فرضوں کے بعد اور طلوع آفتاب سے قبل نماز کی ممانعت ہے مگر غیر مقلدین حضرات کو تو احناف کی مخالفت کرنی ہے حالانکہ فقہ احناف کے احکام حدیث کے مطابق ہیں۔

Marfat.com

دیگر فجر کی سنّتوں کے بارے میں حضرت شاہ ولی اللہ محدّث دہلوی فرماتے ہیں کہ فجر کی نماز کے بعد سنتیں مقرر نہیں کی گئیں۔ (حجۃ اللہ البالغہ صفحہ ۳۲۴) [1]

(۲۸) سوال:۔ حنفی اوّل وقت نماز پڑھنے کے بجائے درمیانے وقت میں نمازیں پڑھتے ہیں۔ ان کے پاس کیا دلیل ہے؟

جواب: حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے نمازوں کے اوقات میں درمیانے وقت میں پڑھنے کا حکم دیا ہے۔ جس ذیل احادیث ملاحظہ ہوں۔

وَعَنْ بُرَيْدَةَ قَالَ اِنَّ رَجُلًا سَأَلَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ وَقْتِ الصَّلٰوةِ فَقَالَ لَهٗ صَلِّ مَعَنَا هٰذَيْنِ يَعْنِي الْيَوْمَيْنِ فَلَمَّا زَالَتِ الشَّمْسُ اَمَرَ بِلَالًا فَاَذَّنَ ثُمَّ اَمَرَهٗ فَاَقَامَ الظُّهْرَ ثُمَّ اَمَرَهٗ فَاَقَامَ الْعَصْرَ وَالشَّمْسُ مُرْتَفِعَةٌ بَيْضَآءُ نَقِيَّةٌ ثُمَّ اَمَرَهٗ فَاَقَامَ الْمَغْرِبَ حِيْنَ غَابَتِ الشَّمْسُ ثُمَّ اَمَرَهٗ فَاَقَامَ الْعِشَاءَ حِيْنَ غَابَ الشَّفَقُ ثُمَّ اَمَرَهٗ فَاَقَامَ الْفَجْرَ حِيْنَ طَلَعَ الْفَجْرُ فَلَمَّا اَنْ كَانَ الْيَوْمُ الثَّانِيْ اَمَرَهٗ فَاَبْرِدْ بِالظُّهْرِ فَاَبْرَدَ بِهَا فَاَنْعَمَ اَنْ يُّبْرِدَ بِهَا وَصَلَّى الْعَصْرَ وَالشَّمْسُ مُرْتَفِعَةٌ اَخَّرَهَا فَوْقَ الَّذِيْ كَانَ وَصَلَّى الْمَغْرِبَ قَبْلَ اَنْ يَّغِيْبَ الشَّفَقُ وَصَلَّى الْعِشَآءَ بَعْدَمَا

حضرت بریدہؓ سے روایت ہے کہ ایک شخص نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے نماز کے اوقات دریافت کیے۔ آپ نے فرمایا ان دنوں میں تو ہمارے ساتھ نماز پڑھ۔ جب سورج ڈھل گیا تو آپؐ نے (حضرت) بلال کو حکم دیا کہ اذان پڑھیں تو انہوں نے اذان کہی۔ پھر ان کو حکم دیا کہ تکبیر پڑھیں انہوں نے تکبیر پڑھی۔ آپ نے (ظہر کی نماز پڑھائی) اس کے بعد پھر آپ نے حکم دیا عصر کی تکبیر کا جبکہ آفتاب بلند اور سفید و صاف تھا۔ اس کے بعد سورج کے غروب ہوتے ہی پھر مغرب کا حکم دیا۔ اس کے بعد جب شفق غائب ہوگئی تو آپ نے حکم دیا عشار کی تکبیر (نماز) کا۔ جب صبح صادق ہوگئی تو آپ نے حکم دیا فجر کی تکبیر نماز کا۔ پھر جب ہوا دوسرا دن تو آپ نے بلال کو حکم دیا ظہر کے وقت ٹھنڈا کرنے کا یعنی خوب ٹھیرنے کا ظہر کی نماز آخر وقت میں پڑھی پھر عصر کے

---

[1] اور حدیث ملاحظہ ہو:۔ عن ابی ھریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من لم یصل رکعتی الفجر فلیصلھما بعد ما تطلع الشمس (ترمذی) ترجمہ: حضرت ابوہریرہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا جس شخص نے فجر کی دو رکعت سنت نہ پڑھی ہو وہ ان دونوں کو بعد آفتاب نکلنے کے پڑھے۔ (رواہ ترمذی) یہ بالکل واضح حکم ہے۔

Marfat.com

ذَهَبَ ثُلُثُ اللَّيْلِ وَصَلَّى الْفَجْرَ فَاسْفَرَ بِهَا ثُمَّ قَالَ اَيْنَ السَّائِلُ عَنْ وَقْتِ الصَّلٰوةِ فَقَالَ الرَّجُلُ اَنَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ وَقْتُ صَلَاتِكُمْ بَيْنَ مَا رَاَيْتُمْ .

(رواہ مسلم)

وقت نماز پڑھی جب آفتاب آخری بلندی پر یعنی بالکل آخر وقت میں نمازِ عصر ادا کی اور مغرب کی نماز شفق کے غائب ہونے سے پہلے تک پڑھی اور عشاء کی نماز تہائی رات گزر جانے پر ادا کی اور فجر کی نماز خوب روشنی ہونے پر پڑھی پھر فرمایا نماز کے اوقات پوچھنے والا کہاں ہے پوچھنے والے شخص نے کہا یا رسول اللہ میں حاضر ہوں۔ آپ نے فرمایا تمہاری نماز کا وقت وہ ہے جو ان دونوں دنوں کے اوقات کے درمیان ہے جو تم نے دیکھا۔ (مسلم)

یعنی حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک دن اوّل وقت میں نمازیں پڑھائیں اور دوسرے روز آخر وقتوں میں نمازیں پڑھا کر نماز کے اوقات کو بتایا کہ ان کے درمیان میں ہے۔ یعنی درمیان میں پڑھنا بہتر ہے اولیٰ ہے

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَّنِيْ جِبْرَئِيْلُ عِنْدَ الْبَيْتِ مَرَّتَيْنِ فَصَلّٰى بِيَ الظُّهْرَ حِيْنَ زَالَتِ الشَّمْسُ وَكَانَتْ قَدْرَ الشِّرَاكِ وَصَلّٰى بِيَ الْعَصْرَ حِيْنَ صَارَ ظِلُّ كُلِّ شَيْءٍ مِّثْلَهٗ وَصَلّٰى بِيَ الْمَغْرِبَ حِيْنَ اَفْطَرَ الصَّائِمُ وَصَلّٰى بِيَ الْعِشَآءَ حِيْنَ غَابَ الشَّفَقُ وَصَلّٰى بِيَ الْفَجْرَ حِيْنَ حَرُمَ الطَّعَامُ وَالشَّرَابُ عَلَى الصَّائِمِ فَلَمَّا كَانَ الْغَدُ صَلّٰى بِيَ الظُّهْرَ حِيْنَ كَانَ ظِلُّهٗ مِثْلَهٗ وَصَلّٰى بِيَ الْعَصْرَ حِيْنَ كَانَ ظِلُّهٗ مِثْلَيْهِ وَصَلّٰى بِيَ الْمَغْرِبَ حِيْنَ اَفْطَرَ الصَّائِمُ وَصَلّٰى بِيَ الْعِشَآءَ اِلٰى ثُلُثِ اللَّيْلِ وَصَلّٰى بِيَ الْفَجْرَ فَاَسْفَرَ ثُمَّ الْتَفَتَ اِلَيَّ فَقَالَ يَا مُحَمَّدُ هٰذَا وَقْتُ الْاَنْبِيَآءِ مِنْ قَبْلِكَ وَالْوَقْتُ مَا بَيْنَ هٰذَيْنِ

حضرت ابن عباسؓ روایت کرتے ہیں کہ فرمایا حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ دو مرتبہ جبرئیلؑ نے خانہ کعبہ کے قریب میری امامت کی یعنی مجھ کو نماز پڑھائی دو دن پس نماز پڑھائی مجھ کو ظہر کی جبکہ آفتاب ڈھل گیا تھا اور سایہ اصلی مانند تسمہ سے اور نماز پڑھائی مجھ کو عصر کی جبکہ ہر چیز کا سایہ اصلی سایہ کو چھوڑ کر اس کے برابر ہو گیا اور نماز پڑھائی مجھ کو مغرب کی جس وقت کہ افطار کرتا ہے روزہ دار اور نماز پڑھائی مجھ کو عشاء کی جبکہ غائب ہو گئی شفق اور نماز پڑھائی مجھ کو فجر کی جب کہ حرام ہو جاتا ہے کھانا پینا روزہ دار پر پھر جب دوسرا دن ہوا تو نماز پڑھائی مجھ کو ظہر کی جبکہ ہر چیز کا سایہ اس کے برابر ہو گیا اور نماز پڑھائی عصر کی جبکہ سایہ دوگنا ہو گیا اور نماز پڑھائی مغرب کی جس وقت افطار کرتا ہے روزہ دار اور نماز پڑھائی فجر کی جب خوب روشنی ہو گئی پھر جبرئیل میری طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا اے محمدؐ یہ

Marfat.com

اَلْوَقْتَیْنِ ۔

(رواہ ابوداؤد الترمذی)

عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رسول اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِذَا اشْتَدَّ الْحَرُّ فَاَبْرِدُوْا بِالصَّلٰوۃِ وَفِیْ رِوَایَۃٍ لِلْبُخَارِیِّ عَنْ اَبِیْ سَعِیْدٍ بِالظُّھْرِ فَاِنَّ شِدَّۃَ الْحَرِّ مِنْ فَیْحِ جَھَنَّمَ وَ اشْتَکَتِ النَّارُ اِلٰی رَبِّھَا فَقَالَتْ رَبِّ اَکَلَ بَعْضِیْ بَعْضًا فَاَذِنَ لَھَا بِنَفَسَیْنِ نَفَسٍ فِی الشِّتَآءِ وَنَفَسٍ فِی الصَّیْفِ اَشَدُّ مَا تَجِدُوْنَ مِنَ الْحَرِّ وَاَشَدُّ مَا تَجِدُوْنَ مِنَ الزَّمْھَرِیْرِ مُتَّفِقٌ عَلَیْہِ ۔

وقت تو ہے تجھ سے پہلے انبیاء کا اور تیری نماز کا وقت ان وقتوں کے درمیان ہے (ابوداؤد، ترمذی) حضرت ابوہریرہؓ روایت کرتے ہیں کہ فرمایا حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جب گرمی کی شدت ہو تو نماز کو ٹھنڈے وقت پڑھا کرو اور بخاری شریف کی ایک روایت میں جو ابوسعیدؓ سے منقول ہے اس میں یہ الفاظ ہیں کہ ظہر کی نماز ٹھنڈے وقت پڑھو اس لئے گرمی کی شدت جہنم کی بھاپ سے ہے اور فرمایا کہ شکایت کی دوزخ نے اپنے رب سے اور عرض کیا کہ میرا بعض حصّہ بعض حصّے کو کھائے جاتا ہے۔ پس خدا نے اس کو دو سانس لینے کی اجازت دیدی ایک سانس جاڑوں میں اور ایک سانس گرمیوں میں پس جب پاؤ گے گرمی اور سردی کی شدّت تو یہ وہی دو سانس ہیں (بخاری و مسلم)

اور بخاری کی ایک روایت میں ہے۔ گرمی میں تم جو شدت پاتے ہو وہ اس کے گرم سانس کی وجہ سے ہے اور سردی میں جو شدت پاتے ہو وہ اس کے سرد سانس کی وجہ سے ہے ۔

وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ کَانَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِذَا کَانَ الْحَرُّ اَبْرَدَ بِالصَّلٰوۃِ وَاِذَا کَانَ الْبَرْدُ عَجَّلَ ۔ (رواہ نسائی)

حضرت انسؓ فرماتے ہیں کہ جب گرمی کا موسم ہوتا تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نماز کو ٹھنڈے وقت پڑھتے اور جب سردی ہوتی تو جلدی ادا کرتے (نسائی)

وَعَنْ رَافِعِ بن خدیج قَالَ قَالَ رسول اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسلم اَسْفِرُوْا بِالْفَجْرِ فَاِنَّہٗ اَعْظَمُ لِلْاَجْرِ ۔ (رواہ ترمذی و ابوداؤد، نسائی)

حضرت رافع بن خدیج نے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے روشنی میں نماز فجر پڑھو اس لئے کہ روشنی میں اس کا پڑھنا بڑا اجر لکھتا ہے۔ (ترمذی، ابوداود، دارمی)

مندرجہ بالا احادیث کے تحت اہل احناف حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کے موافق صحیح وقت پر سنت کے مطابق نمازیں ادا کرتے ہیں۔

(۲۹) سوال۔ کیا حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے چاروں مذاہب میں حنفی مذہب کو ترجیح دی اور پسند فرمایا ہے؟

جواب۔ ہاں بالکل ٹھیک ہے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اور مذاہب پر حنفی مذہب کو

Marfat.com

ترجیح دی ہے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے روضہ مبارک پر حضرت شاہ ولی اللہ صاحبؒ نے بحالت مراقبہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو نور کے لباس میں دیکھا۔ حضرت شاہ صاحبؒ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا کہ مذاہب آئمہ اربعہ (حنفی، مالکی، شافعی، حنبلی) میں آپ کس کو پسند فرماتے ہیں تاکہ میں بھی اس کو اختیار کروں تو اس وقت معلوم ہوا کہ آپ کو پسند ہونے میں سب برابر ہیں۔ (فیوض الحرمین صفحہ ۳۰)

آگے لکھتے ہیں دوبارہ میں نے مراقبہ میں حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا۔ آپ نے مجھے بتایا قرآن و حدیث کی تحقیق کرنے میں سب سے بہتر طریقہ مذہب امام ابو حنیفہ کا ہے جو سنت معروفہ (احادیث) کے مطابق ہے۔ (فیوض الحرمین صفحہ ۴۸)

آگے شاہ صاحبؒ اور تحریر فرماتے ہیں کہ مجھے دکھائی دیا کہ حنفی مذہب میں ایک سِرِّ غامض یعنی پوشیدہ راز ہے۔ اس کے بعد میں ہمیشہ غور کرتا رہا کہ اس میں سرِّ غامض کیا ہے۔ یہاں تک کہ میں نے پھر وہ ہی پایا جو اپر تحریر کر چکا ہوں اور مجھ کو شناخت کرایا گیا یعنی بتایا گیا کہ حنفی مذہب کے واسطے اس زمانہ میں فوقیت برتری ہے۔ حنفی مذہب کو ترجیح ہے۔ (فیوض الحرمین صفحہ ۱۰۵)

تمام اکابرین اہل علم اور اہل اللہ اس کی صداقت کے قائل ہیں کیونکہ سائل حضرت شاہ ولی اللہ محدّث قدس سرہٗ نے خاص حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے براہِ راست دریافت کیا اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشادات اپنی کتاب فیوض الحرمین میں نقل کئے تاکہ عام لوگوں کو حنفی مذہب کی خوبیاں و اوصاف معلوم ہو جائیں اور ان کو پتہ چل جائے کہ حنفی مذہب کو دیگر مذاہب پر ترجیح و برتری ہے اور مذہب حنفی سنت معروفہ کے عین مطابق ہے اور عوام پر حنفی مذہب کی حقیقت واضح طور سے منکشف ہو جائے۔ اسی وجہ سے حضرت شاہ صاحبؒ نے اپنے نام کے ساتھ الحنفی عملاً لکھا کرتے تھے۔ پٹنہ عظیم آباد کے کتب خانہ خدا بخش میں صحیح بخاری شریف کا ایک نسخہ ہے جو حضرت شاہ ولی اللہ محدّث رحمۃ اللہ علیہ کے سامنے پڑھا گیا تھا۔ اس پر شاہ صاحبؒ موصوف نے اپنے قلم سے اجازت درج کی ہے جو اپنے شاگردِ رشید شیخ محمّد بن پیر محمّد بلگرامی الہ آبادی کے لئے لکھا گیا تھا جب انہوں نے حضرت شاہ ولی اللہ صاحبؒ کے سامنے بخاری شریف ختم کی تھی تو اس اجازت نامہ کے آخر میں حضرت شاہ ولی اللہ محدّث قدس سرہٗ نے لکھا:۔

کتبہ بیدہ الفقیر الی رحمۃ اللہ الکریم الودود ولی اللہ احمد بن عبدالرّحیم بن وجیہ الدین بن معظم بن منصور بن احمد بن محمود عفا اللہ عنہ وعنھم والحقہ واباھم باسلافھم الصالحین العمری نسبًا الدھلوی وطنًا الاشعری عقیدۃ الصوفی طریقۃ الحنفی عملا

Marfat.com

الشافعی تدریسًا خادم التفسیر والحدیث والفقه والعربیة والکلام وَلَهٗ فی کل ذالك تصانیف والحمد لله اوّلًا واٰخرًا وظاهرًا وباطنًا ذی الجلال والاکرام۔

اس کے نیچے شاہ رفیع الدین صاحب دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کے دستخط ان الفاظ میں ہیں:۔

لاشك ان هٰذا التحریر بید والدی المحترم
کتبه الفقیر محمّد رفیع الدّین

یعنی والد محترم کی اس تحریر میں کوئی شک نہیں۔ یہ ان کے ہاتھ کی ہی لکھی ہوئی ہے

اس نسخہ پر ایک تحریر اور بھی ہے جس سے ثابت ہوتا ہے کہ سلطان شاہ نے ایک عالم محمد ناصح رحمۃ اللہ علیہ کو حکم کیا کہ اس نسخہ کو اوّل تا آخر مشکل یعنی ہم شکل نقل کردو انہوں نے ایسا ہی کیا۔ (از منقول مقدمۃ الخیر الکثیر صفحہ ۹)

دیگر حضرت شاہ صاحب موصوف لکھتے ہیں کہ "وہ حنفی مذہب جس کا ماخذ حضرت ابن مسعودؓ کے فتوے اور حضرت علیؓ کے فیصلے ہیں"۔

(حجۃ اللہ البالغہ صفحہ ۲۲۱)

اور حضرت شاہ صاحب موصوفؒ اپنے نام کے ساتھ فخریہ الحنفی عملًا لکھتے تھے اور اپنے کو فقہ کا خادم تحریر کرکے اور فرماتے :۔

عرضنی رسول الله صلی الله علیه وَسلّمَ ان فی المذهب الحنفی طریقه ایتقه هی اوفق الطرق بالسنة المعروفة اللتی جمعت ونصیحت فی زمانی وفی السراجیه قال الشافعی رحمهم الله النّاس کلهم عیال ابی حنیفة فی الفقه ولهذا قیل سلم لابی حنیفة سبعة اثمان العلم (انتهی)

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے بتلایا کہ بے شک مذہب حنفی زیادہ خوش گوار بہتر راستہ ہے دوسرے راستوں سے اور موافق سنت کے ہے۔ (فیوض الحرمین)
اور سراجیہ میں ہے کہ امام شافعیؒ فرماتے ہیں کہ سب لوگ فقہ میں امام ابوحنیفہ کے اولاد ہیں اور اسی واسطے یہ کہا علم کے آٹھ حصے ہیں۔ سات ابوحنیفہ کو ملے اور ایک حصہ میں شریک ہیں۔ اور مزید تفصیل مقدمہ آئینہ صداقت میں ملاحظہ فرمائیں۔

(۳۰) سوال۔ بعض غیر مقلد کہتے ہیں کہ امام ابوحنیفہؒ دین میں قیاس کرتے تھے اور شریعت میں قیاس کرنا منع ہے۔ بعض کا قول ہے اول من قاس ابلیس یعنی اوّل جس نے قیاس کیا وہ ابلیس تھا اس لئے دین کی بات میں قیاس کرنا درست نہیں؟

جواب۔ شریعت میں قیاس جائز ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں بھی صحابہ کرام قیاس کرکے عمل کرتے تھے۔ حدیث میں آتا ہے :۔

Marfat.com

عن طارق ان رجلا اجنب فلم یصل فاتی النبی صلی اللہ علیہ وسلم فذکر لہٗ ذالک فقال اصبت واجنب اخر فتیمم وصلی فاتاہ فقال نحوما قال للاخر یعنی اصبت اخرجہ النسائی۔

حضرت طارق سے روایت ہے کہ ایک شخص کو نہانے کی حاجت ہوگئی اس نے نماز نہیں پڑھی پھر وہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور اس قصہ کا ذکر کیا آپ نے ارشاد فرمایا تو نے ٹھیک کیا پھر ایک دوسرے شخص کو اسی طرح نہانے کی حاجت ہوگئی اس نے تیمم کر کے نماز پڑھ لی۔ پھر وہ آپ کی خدمت میں حاضر ہوا اس نے بھی آپ سے ذکر کیا آپ نے اس کو بھی ویسے ہی فرمایا جو پہلے ایک شخص سے فرما چکے تھے یعنی تو نے ٹھیک کیا۔ روایت کیا اس کو نسائی نے۔

اس حدیث سے قیاس اور اجتہاد کا جواز صاف ظاہر ہے کیونکہ اگر ان کو نص کی اطلاع ہوتی تو عمل کرنے کے بعد سوال کرنے کی ضرورت نہ ہوتی اس سے معلوم ہوا کہ دونوں نے اپنے اجتہاد و قیاس پر عمل کر کے اطلاع دیدی اور آپ نے دونوں کی تحسین و تصویب فرمائی اور یہ بالکل واضح بات ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا کسی امر کو سن کر رد و انکار نہ فرمانا اس کی مشروعیت اور جواز کی شرعی دلیل ہے۔ اس سے ثابت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے وقت میں صحابہ نے قیاس کیا اور آپ نے اس کو جائز رکھا اور جواز قیاس میں کوئی شبہ نہ رہا۔ حدیث دوم

عن عمرو بن العاص قال احتلمت فی لیلۃ باردۃ فی غزوۃ ذات السلاسل فاشفقت ان اغتسلت ان اهلك فتیممت ثم صلیت باصحابی الصبح فذکروا ذالك للنبی صلی اللہ علیہ وسلم فقال یا عمرو صلیت باصحابك وانت جنب فاخبرته بالذی منعنی من الاغتسال وقلت انی سمعت اللہ عزوجل یقول وَلَا تقتلوا انفسکم ان اللہ کان بکم رحیما فضحک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ولم یقل شیئا اخرجہ ابوداؤد۔

حضرت عمرو بن عاص رضؓ فرماتے ہیں کہ مجھ کو غزوہ ذات السلاسل کے سفر میں ایک سردی کی رات میں احتلام ہوگیا اور مجھ کو اندیشہ ہوا کہ اگر غسل کروں گا تو شاید ہلاک ہوجاؤں گا میں نے تیمم کر کے اپنے ہمراہیوں کو صبح کی نماز پڑھادی ان لوگوں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے اس قصہ کا ذکر کیا آپ نے فرمایا اے عمرو تم نے جنابت کی حالت میں لوگوں کو نماز پڑھادی اس پر مجھے جو امر مانع تھا اس کی اطلاع دیدی اور عرض کیا کہ میں نے پروردگار کو یہ فرماتے سنا کہ اپنی جانوں کو قتل نہ کرو بیشک حق تعالیٰ تم پر مہربان ہے۔ یہ سن کر حضور صلی اللہ علیہ وسلم ہنس پڑے اور کچھ نہ فرمایا (ابوداؤد)

Marfat.com

یہ حدیث بھی قیاس واجتہاد کے جواز کی دلالت کرتی ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے دریافت کرنے پر حضرت عمرو بن العاصؓ نے جو اپنے قیاس واجتہاد پر استدلال پیش کیا اس کو سن کر آپ نے تبسم فرمایا اور اس کو جائز قرار دیا۔ اگر جائز نہ ہوتا تو آپ ان کو اس قیاس واجتہاد کرنے سے منع فرماتے۔ لیکن ایسا نہ فرمایا۔ حدیث سوم :-

عَنْ اَبِیْ سَعِیْدِ نِ الْخُدْرِیِّ قَالَ خَرَجَ رَجُلَانِ فِیْ سَفَرٍ فَحَضَرَتِ الصَّلٰوۃُ وَلَیْسَ مَعَھُمَا مَاءٌ فَتَیَمَّمَا صَعِیْدًا طَیِّبًا فَصَلَّیَا ثُمَّ وَجَدَا الْمَاءَ فِی الْوَقْتِ فَاَعَادَ اَحَدُھُمَا الصَّلٰوۃَ بِوُضُوْءٍ وَلَمْ یُعِدِ الْاٰخَرُ ثُمَّ اَتَیَا رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَذَکَرَ ذٰلِکَ فَقَالَ لِلَّذِیْ لَمْ یُعِدْ اَصَبْتَ السُّنَّۃَ وَاَجْزَءَتْکَ صَلٰوتُکَ وَقَالَ لِلَّذِیْ تَوَضَّاَ وَاَعَادَ لَکَ الْاَجْرُ مَرَّتَیْنِ۔

(رواہ ابوداؤد والنسائی)

حضرت ابوسعید خدریؓ فرماتے ہیں کہ دو شخص سفر کو روانہ ہوئے نماز کا وقت ہوگیا اور ان کے پاس پانی نہ تھا۔ دونوں نے پاک مٹی پر تیمم کیا اور نماز پڑھ لی پھر وقت کے اندر ہی پانی مل گیا تو ان میں سے ایک شخص نے تو وضو کر کے نماز لوٹائی دوسرے شخص نے نہ لوٹائی پھر دونوں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور واقعہ عرض کیا تو جس نے نماز نہ لوٹائی تھی اس سے آپ نے فرمایا تو نے سنت پر عمل کیا اور تیری نماز کافی ہوگئی۔ اور جس نے وضو کر کے دوبارہ نماز پڑھی تھی اس سے فرمایا تجھ کو دوگنا ثواب ملے گا۔

(ابوداؤد نسائی دارمی)

اس حدیث میں بھی واضح ہے کہ ان دونوں صحابہؓ نے اس واقعہ میں قیاس پر عمل کیا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کسی پر ملامت نہیں فرمائی اور کسی کو یہ نہ فرمایا کہ تو نے قیاس کیوں کیا بس اس حدیث سے بھی قیاس کا جواز ثابت ہے۔

(۳۱) سوال :- بعض غیر مقلد کہتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ کرام وتابعین کے زمانہ میں تقلید نہ تھی اس لئے بدعت ہے؟

جواب۔ ان کا یہ کہنا بالکل غلط ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں بھی تقلید کرتے تھے۔

عن الاسود بن یزید قَالَ اتانا معاذ بالیمن معلما وامیرا فَسَئَلْنَاہُ عَنْ رجل توفی وترک إبنۃً واختافقضی للابنۃِ بالنصف وللاخت النصف ورسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم

اسود بن یزید سے روایت ہے۔ انہوں نے بیان کیا کہ حضرت معاذ رضی اللہ عنہ ہمارے یہاں تعلیم کنندہ احکام دین اور حاکم بن کر آئے۔ ہم نے ان سے دریافت کیا کہ ایک شخص مرگیا اور اُس نے ایک بیٹی اور ایک بہن وارث چھوڑی ہے۔ حضرت معاذؓ نے فرمایا

Marfat.com

حی۔ اخرجه البخاری وهٰذا لفظه و ابوداؤد۔

نصف بیٹی کے لئے اور نصف بہن کے لئے ہے اور اس وقت حضور صلی اللہ علیہ وسلم زندہ تھے۔ روایت کیا اس کو بخاری نے اور ابوداؤد نے۔

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ مبارک میں تقلید جاری تھی تقلید کہتے ہیں کسی کا قول محض اس حسن ظن پر مان لینا کہ یہ دلیل کے موافق بتلائے گا اس سے دلیل کی تحقیق نہ کرنا ہی تقلید ہے اس میں سائل نے دلیل دریافت نہ کی محض ان کے دیندار اور متقی ہونے کے اعتماد پر قبول کر لیا اسی کا نام تقلید ہے۔ اس سے جواز تقلید حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی حیات میں ثابت ہو گیا۔ دوسری حدیث:۔

عن ابی هریرة قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم من افتی بغیر علم کان اثمه علی من افتاه الحدیث۔ (رواه ابوداود)

حضرت ابوہریرہؓ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جس شخص نے بلا تحقیق کوئی فتویٰ دیدیا تو اس کا گناہ اس فتویٰ دینے والے پر ہے۔ (ابوداؤد)

اس حدیث میں تقلید بالکل واضح ہے اگر تقلید جائز نہ ہوتی تو فتویٰ دینے والے کو گناہگار ہونے میں تخصیص نہ ہوتی بلکہ دونوں گنہگار ہوتے اگر دلیل معلوم کرنا ضروری ہوتا تو لیکن عوام کو دلیل معلوم کرنا ضروری نہیں اس لئے غلط بتانے والے کو گنہگار ٹھیرایا ورنہ دلیل معلوم نہ کرنے والے کو بھی گنہگار فرماتے۔ جب حضور علیہ السلام نے سائل کو باوجود دلیل تحقیق نہ کرنے کے عاصی نہیں ٹھیرایا تو جواز تقلید یقیناً ثابت ہو گیا۔ تیسری حدیث:۔

عن سالم قال سئل ابن عمر عن رجل یکون له الدین علیٰ رجل الیٰ اجل فیضع عنه صاحب الحق لیعجل الدین فکره ذالك ونهی عنه اخرجه مالك

حضرت سالمؓ فرماتے ہیں کہ حضرت ابن عمرؓ سے یہ مسئلہ دریافت کیا کہ کسی شخص کا دوسرے شخص پر کچھ دین میعادی واجب ہے اور صاحبِ حق اس قرضہ میں سے ایک شرط پر کچھ کم لینے پر آمادہ ہے کہ اس میعاد یعنی وقت مقررہ سے پہلے اس کا دین ادا کر دے تو آپ نے اس کو پسند نہ فرمایا اور منع کر دیا۔ روایت کیا اس کو مالک نے۔

اس مسئلہ جزئیہ میں کوئی حدیث مرفوع صریح منقول نہیں اس لئے ابن عمرؓ نے اپنے قیاس سے اس کو منع کر دیا اور اس دین میں کمی کرنے کو پسند نہ فرمایا اور سائل نے دلیل معلوم نہ کی اور اس کو قبول کر لیا یہ قبول کرنا ماننا تقلید ہے اور حضرت ابن عمر کا دلیل بیان نہ کرنا خود تقلید کو جائز قرار دیتا ہے ان کے فعل سے قیاس و تقلید دونوں کا جواز ثابت ہو گیا۔

اور حدیث ملاحظہ ہو :۔

عن مالك انه بلغه ان عمر رضی اللہ عنہ، سئل فی رجل اسلف طعاما علی ان یعطیه ایاه فی بلد آخر فکره ذلك عمر وقال فاین کراء الحمل ۔

حضرت امام مالک سے روایت ہے ان کو یہ خبر پہنچی کہ حضرت عمرؓ سے ایک شخص کے مقدمہ میں دریافت کیا کہ اس نے کچھ غلہ اس شرط پر کسی کو قرض دیا ہے کہ وہ شخص اس کو دوسرے شہر میں ادا کرے۔ حضرت عمرؓ نے اس کو ناپسند کیا اور فرمایا کہ کرایہ بار برداری کہاں گیا ۔

اس مسئلہ جزئیہ میں کوئی حدیث مرفوع صریح مروی نہ تھی اس لئے اس کا جواب قیاس سے دیا اور جواب کا ماخذ نہ آپ نے بیان فرمایا اور نہ سائل نے پوچھا اور بدون دلیل معلوم کئے سائل نے قبول کر لیا۔ بس یہ ہی تقلید ہے اور اس سے ہی قیاس و اجتہاد بالکل واضح اور ثابت ہے اور بہت سے دلائل و حدیثیں ہیں مگر اس وقت صرف اس پر ہی اکتفا کرتا ہوں ۔

ضمیمہ

غیر مقلدین کے اعتراضوں کے جوابات

بعض حضرات سوال کرتے ہیں کہ حنفی تکبیر تحریمہ کے وقت کانوں تک ہاتھ اٹھاتے ہیں اس کی کیا دلیل ہے ؟

جواب ملاحظہ ہو۔ یہ حدیث جو مشکوٰۃ شریف کی پہلی جلد صفحہ ۳۳۸ میں ہے ۔

عَنْ مَالِكِ بْنِ الْحُوَيْرِثِ رضؓ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا كَبَّرَ رَفَعَ يَدَيْهِ حَتّٰى يُحَاذِيَ بِهِمَا اُذُنَيْهِ الخ وَفِيْ رِوَايَةٍ حَتّٰى يُحَاذِيَ بِهِمَا فُرُوْعَ اُذُنَيْهِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ ۔

وفی المشکوۃ وفتح القدیر وجامع الاصول وتیسیر الوصول

عَنْ وَائِلِ بْنِ حُجْرٍ اَنَّهٗ اَبْصَرَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِيْنَ قَامَ

مالک ابن جویرثؓ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب تکبیر اولیٰ کہتے تو اپنے دونوں ہاتھوں کو دونوں کانوں کی لو تک اٹھاتے اور ایک روایت میں ہے یہاں تک کہ اپنے دونوں ہاتھوں کو اٹھاتے کہ دونوں کانوں کی لوؤں کے برابر ہو جاتے ۔ (بخاری و مسلم)

اُسی مشکوٰۃ کے صفحہ ۲۵۱ میں اور فتح القدیر اور جامع الاصول اور تیسیر الوصول میں ہے وائل ابن حُجر فرماتے ہیں کہ میں نے دیکھا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو جب کھڑے ہوئے

Marfat.com

اِلَی الصَّلٰوۃِ رَفَعَ یَدَیْہِ حَتّٰی کَانَتَا بِحِبَالِ مِنکَبَیْہِ وَحَاذٰی اِبْہَامَیْہِ اُذُنَیْہِ ثُمَّ کَبَّرَ (رواہ ابوداؤد) وَفِیْ رِوَایَۃٍ لَہٗ یَرْفَعُ اِبْہَامَیْہِ اِلٰی شَحْمَۃِ اُذُنَیْہِ۔

نماز کو اٹھائے اپنے ہاتھ یہاں تک کہ مونڈھوں کے برابر ہوئے اور اپنے انگوٹھوں کو اپنے کانوں کے برابر کیا پھر تکبیر کہی۔ (ابوداؤد) ایک اور روایت میں ہے کہ اٹھاتے تھے اپنے انگوٹھے اپنے کانوں کی لو تک

اور اسی مضمون کی حدیث ہدایہ اور کافی اور تبیین الحقائق اور لمعاۃ التنقیح اور بحر الرائق میں ہے لیکن مضمون میں کچھ اختلاف ہے طوالت کے خوف سے ہر ایک کتاب کی عبارت بالتفصیل نہیں لکھی گئی۔

سوال ۲ حنفی حضرات جو ناف کے نیچے ہاتھ باندھتے ہیں اس پر کیا دلیل ہے؟

جواب :۔ تیسیر الوصول کے صفحہ ۲۱۶ میں حدیث ہے

عَنْ اَبِیْ جُحَیْفَۃَؓ اَنَّ عَلِیًّاؓ قَالَ السُّنَّۃُ وَضْعُ الْکَفِّ فِی الصَّلٰوۃِ وَ یَضَعُہَا تَحْتَ السُّرَّۃِ اخرجہ رزین۔

روایت ہے ابی جحیفہؓ سے کہ حضرت علیؓ نے فرمایا نماز میں ناف کے نیچے ہاتھ باندھنا سنت ہے۔

اور احمد اور ابوداؤد اور دار قطنی اور بیہقی کی روایت میں ہے کہ حضرت علیؓ نے فرمایا۔

اَلسُّنَّۃُ وضع الْکَفِّ عَلَی الْکَفِّ تَحْتَ السُّرَّۃِ

نماز میں ناف کے نیچے ہاتھ پر ہاتھ رکھنا سنت ہے۔

اور ہدایہ اور بحر الرائق اور کفایہ اور عنایہ اور نہایہ اور کافی میں بھی اسی مضمون کی حدیث ہے۔ صرف الفاظ میں اختلاف ہے اور معنیٰ میں اتفاق ہے۔

بحر الرائق میں ہے :۔

عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّہٗ قَالَ ثَلٰثٌ مِنْ سُنَنِ الْمُرْسَلِیْنَ وَذَکَرَ مِنْ جُمْلَتِہَا وَضْعُ الْیُمْنٰی عَلَی الشِّمَالِ تَحْتَ السُّرَّۃِ۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بیشک تین چیزیں پیغمبروں کی سنت میں سے ہیں اور ان میں سے ناف کے نیچے دائیں ہاتھ کا بائیں ہاتھ پر رکھنا بھی ہے۔

سوال ۳ حنفی جو پکار کر نماز میں بسم اللہ نہیں پڑھتے بلکہ آہستہ پڑھتے ہیں اس کی کیا دلیل ہے؟

جواب :۔ مشکوٰۃ شریف صفحہ ۲۶۰ میں حدیث ہے :۔

عَنْ اَنَسٍؓ اَنَ النَّبِیَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَ اَبَا بَکْرٍ وَعُمَرَ کَانُوْا یَفْتَتِحُوْنَ الصَّلٰوۃَ بِاَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۔ اخرجہ مسلم

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت ابوبکرؓ اور حضرت عمرؓ نماز کو الحمد للہ رب العلمین سے شروع فرماتے تھے۔ (روایت کیا اس کو مسلم نے)

اور تیسیر الوصول کے صفحہ ۲۱۸ میں حضرت انس سے روایت ہے۔

عَنْ اَنَسٍؓ قال صَلَّیْتُ مَعَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَاَبِیْ بَکْرٍ وعُمَرَ وَعُثْمَانَ فَلَمْ اَسْمَعْ اَحَدًا مِنْھُمْ یَقْرَءُ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اخرجہ السنۃ

روایت ہے حضرت انسؓ سے کہ میں نے نماز پڑھی نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور ابوبکر اور عمرؓ اور عثمانؓ کے ساتھ اُن میں سے میں نے کسی کو بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھتے نہیں سنا۔

بیان کیا اس کو بخاری اور مسلم اور ترمذی اور ابوداؤد اور مالک اور نسائی نے

اور کافی میں ہے۔

قَوْلُہٗ عَلَیْہِ السَّلَام ثَلٰثٌ یُخْفِیْھِنَّ الْاِمَامُ التَّعَوُّذُ وَالتَّسْمِیَۃُ وَاٰمِیْنَ۔

حضور صلی اللہ علیہ السلام نے فرمایا تین چیزیں ہیں جن کو امام آہستہ کہے گا۔ تعوذ اور تسمیہ اور آمین۔

وَرَوَی اِبْنُ مسعودٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ مَا جَھَرَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صلی اللّٰہُ علیہِ وَسَلَّمَ بِالتَّسْمِیَۃِ فِیْ صَلٰوۃٍ مَکْتُوْبَۃٍ

اور روایت کیا ابن مسعودؓ نے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بسم اللہ کو فرض نماز میں پکار کر نہیں پڑھا۔

اور شرح مختصر الوقایہ میں ملا علی قاری سے روایت ہے:۔

وَفِیْ لَفْظٍ مُسْلِمٍ فَکَانُوْا یَسْتَفْتِحُوْنَ الْقِرَأَۃَ بِالْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ لَا یَذْکُرُوْنَ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ وَفِیْ رِوَایَۃٍ فَلَمْ اَسْمَعْ اَحَدًا مِّنْھُمْ یَجْھَرُ بِبِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ وراہ النسائی ودارقطنی واحمد وابن حبان فکانوا لَا یَجْھَرُوْنَ بِبِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ وَفِیْ آثَارِ الطحاوی ومعجم الطبرانی وحلیۃ ابن نعیم اور

اور مسلم کی عبارت میں ہے اصحاب نبی صلی اللہ علیہ وسلم نماز کو الحمد للہ رب العلمین کے ساتھ شروع کرتے تھے۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم زور سے نہ کہتے تھے اور ایک روایت میں ہے کہ میں نے ان میں سے کسی کو پکار کر بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھتے ہوئے نہیں سنا اور روایت کیا اس کو نسائی اور دار قطنی اور احمد اور ابن حبان نے کہ نہیں پکار کر پڑھی بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اور آثار طحاوی اور معجم طبرانی

Marfat.com

مختصر ابن خزیمۃ فَکَانُوْا یُسِرُّوْنَ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔

اور حلیۃ ابنِ نعیم اور مختصر ابن خزیمہ میں ہے کہ اصحاب نبی صلی اللہ علیہ وسلم بسم اللہ الرحمٰن الرحیم آہستہ کہتے تھے۔

اور لمعاۃ التنقیح اور فتح القدیر میں ہے۔

قد روی الطحاوی عن ابن عباسؓ لَمْ یَجْھَرِ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بِبَسْمَلَۃٍ حَتّٰی مَاتَ۔

روایت کی طحاوی نے ابن عباسؓ سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کو پکار کر نہیں پڑھا یہاں تک کہ وفات پائی۔

سوال: حنفی لوگ جو نماز میں آمین پکار کر نہیں پڑھتے اس کی کیا دلیل ہے؟

جواب: دارقطنی نے اپنی سنن میں اور حاکم نے مستدرک میں جو حدیث کی معتبر اور مشہور کتابیں ہیں لکھا ہے:-

عَنْ وَائِلٍؓ اَنَّہٗ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَمَّا بَلَغَ غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْھِمْ وَلَا الضَّالِّیْنَ قَالَ اٰمِیْنَ وَاَخْفٰی بِھَا صَوْتَہٗ۔ رواہ احمد وابوداؤد

روایت ہے وائلؓ سے کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم جب پہنچے غیر المغضوب علیہم ولا الضالین تک تو آمین کو پوشیدہ کہا اپنی آواز کو پوشیدہ کیا۔

الوقایہ میں مصنف سے عبدالرزاق محدث کے اور بحرالرائق میں ابن ابی شیبہ سے ابراہیم نخعیؒ کی روایت کو لکھا ہے۔

قَالَ اَرْبَعٌ یُخْفِیْھِنَّ الْاِمَامُ اَلتَّعَوُّذُ وَبِسْمِ اللّٰہِ وَاللّٰھُمَّ رَبَّنَا لَکَ الْحَمْدُ وَاٰمِیْنَ۔

فرمایا کہ چار چیزیں ہیں کہ ان کو امام پوشیدہ کہے۔ اعوذ باللہ اور بسم اللہ اور اللّٰھم ربنا لک الحمد اور آمین۔

اور شیخ عبدالحق محدّث دہلویؒ نے مشکوٰۃ شریف کی شرح عربی اور شرح سفر السعادت میں لکھا ہے۔

عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ قَالَ یُخْفِی الْاِمَامُ اَرْبَعَۃَ اَشْیَآءَ اَلتَّعَوُّذُ وَالْبَسْمَلَۃُ وَاٰمِیْنَ وَسُبْحَانَکَ اللّٰھُمَّ وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍؓ مِثْلُہٗ۔

روایت ہے عمر بن الخطابؓ سے تحقیق فرمایا نہوں نے کہ پوشیدہ پڑھے گا امام چار چیزیں اعوذ باللہ وبسم اللہ اور آمین اور سبحانک اللّٰھم۔ اور عبداللہ بن مسعودؓ سے بھی اسی طرح کی روایت ہے

وَفِی الْھِدَایَۃِ لِقَوْلِ ابْنِ مَسْعُوْدٍؓ اَرْبَعٌ یُخْفِیْھِنَّ الْاِمَامُ وَذَکَرَ مِنْھَا التَّعَوُّذَ وَالتَّسْمِیَۃَ۔ (آمین)

ہدایہ میں لکھا ہے عبداللہ بن مسعودؓ کی روایت سے چار چیزیں ہیں کہ پوشیدہ کہے اُن کو امام اور بیان کیا ان میں سے اعوذ باللہ اور بسم اللہ اور آمین۔

Marfat.com

اور تخریج احادیث الہدایہ اور فتح القدیر میں ہے کہ احمد اور ابوداؤد اور طیالسی اور ابویعلی اور طبرانی اور دارقطنی اور حاکم نے روایت کی وائلؓ سے اور اس نے اپنے باپ سے۔

اِنَّهٗ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا بَلَغَ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ قَالَ اٰمِيْنَ وَاَخْفٰى بِهَا صَوْتَهٗ۔

تحقیق حضرت پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم جب پہنچتے غیر المغضوب علیہم ولا الضالین تک فرماتے آمین اور پوشیدہ کرتے اس کے ساتھ اپنی آواز کو۔

عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ وَائِلٍ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَرَاَ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ فَقَالَ آمِيْنَ وَخَفَضَ بِهَا صَوْتَهٗ (ترمذی)

حضرت علقمہ بن وائلؓ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے غیر المغضوب علیہم ولا الضالین پڑھ کر پست آواز سے آمین فرمائی۔ روایت کیا اس کو ترمذی نے۔

قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّكُمْ لَا تَدْعُوْنَ اَصَمَّ وَلَا غَائِبًا الخ

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم کسی بہرے یا غائب کو نہیں پکارتے ہو۔

جو چلّا کر بلند آواز سے پکارو گے تو وہ سنے گا اور آہستہ کو نہیں سنے گا۔ پروردگارِ عالم کا ارشاد ہے:۔

اُدْعُوْا رَبَّكُمْ تَضَرُّعًا وَّخُفْيَةً (پارہ ۷)

اپنے رب کو عاجزی سے اور پوشیدہ پکارو۔

نَحْنُ اَقْرَبُ اِلَيْهِ مِنْ حَبْلِ الْوَرِيْدِ (پارہ ۲۶)

ہم اُن کی شہ رگ سے بھی قریب ہیں۔

وَاِذَا سَاَلَكَ عِبَادِيْ عَنِّيْ فَاِنِّيْ قَرِيْبٌ۔

میرے بندے جب آپ سے میرے متعلق سوال کریں تو اُن سے کہہ دیجئے میں ان کے قریب ہوں۔

سوال:۔ حدیث میں آتا ہے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:۔

قَالَ اِذَا قَالَ الْاِمَامُ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ فَقُوْلُوْا آمِيْنَ فَاِنَّهٗ مَنْ وَّافَقَ قَوْلُهٗ قَوْلَ الْمَلٰٓئِكَةِ غُفِرَ لَهٗ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهٖ۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب امام غیر المغضوب علیہم ولا الضالین کہے تو تم بھی آمین کہو۔ جو شخص فرشتوں کے موافق کہے گا اس کے پہلے تمام گناہ بخش دیئے جائیں گے۔

Marfat.com

جب حدیث سے آمین کہنے کا حکم ملتا ہے تو پھر کیوں نہ کہیں ؟

جواب :۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے آمین بلند آواز سے کہنے کو تو نہیں فرمایا اس میں زور سے بلند آواز سے کہنے کا کہاں حکم ہے اگر فَقُوْلُوْا کا مطلب زور سے کہنے کا لیتے ہیں تو پھر ہر مقتدی اَللّٰھُمَّ رَبَّنَا لَکَ الْحَمْدُ بھی زور سے کہا کرے کیونکہ جو الفاظ حضور اکرم کے آمین کے متعلق ہیں وہ ہی الفاظ اَللّٰھُمَّ رَبَّنَا لَکَ الْحَمْدُ کے لئے ہیں ملاحظہ ہوں۔

عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِذَا قَالَ الْاِمَامُ سَمِعَ اللّٰہُ لِمَنْ حَمِدَہٗ فَقُوْلُوْا اللّٰھُمَّ رَبَّنَا لَکَ الْحَمْدُ فَاِنَّہٗ مَنْ وَّافَقَ قَوْلُہٗ قَوْلَ الْمَلٰئِکَۃِ غُفِرَ لَہٗ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِہٖ

حضرت ابوہریرہؓ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جب امام سمع اللہ لمن حمدہ کہے تو تم اللّٰھم ربنا لک الحمد کہو۔ جس شخص کا کہنا فرشتوں کے کہنے کے مطابق ہوگا اس کے پہلے گناہ سب بخش دیئے جائیں گے۔

(بخاری و مسلم)

دیکھ لیجئے وہ ہی الفاظ جو آمین کے متعلق تھے وہ ہی رَبَّنَا لَکَ الْحَمْدُ کے متعلق بھی ہیں۔ اگر ان الفاظ سے زور سے کہنا مراد ہے تو پھر ہر مقتدی امام کے سَمِعَ اللّٰہُ لِمَنْ حَمِدَہٗ کے کہنے پر اَللّٰھُمَّ رَبَّنَا لَکَ الْحَمْدُ بھی زور سے کہا کرے جبکہ حکم ایک ہے تو پھر طریقے دو کیوں ہیں جس طرح آمین پکار کر کہتے ہیں اسی طرح اَللّٰھُمَّ رَبَّنَا لَکَ الْحَمْدُ بھی بلند آواز سے کہا کرے۔

بعض علاقوں سے معلوم ہوتا رہتا ہے کہ غیر مقلد حضرات اہل احناف کی مسجدوں میں بلند آواز سے آمین کہنا اور شور مچانا اختلافی مسائل میں لعن طعن کرنا شروع کر دیتے ہیں۔ اسرار اور بضد ہونے کی حالت میں آپس میں جھگڑے اور فساد، عدالت اور کچہری مقدمہ بازی شروع ہو جاتی ہے۔ طرفین کا ہزار ہا روپیہ برباد ہو جاتا ہے ایسی باتوں کو سن کر سخت رنج اور افسوس ہوتا۔ طرفین کا آپس میں جھگڑا فساد کرنا سخت نادانی اور حماقت ہے۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے بیت اللہ شریف کو ابراہیمی بنیاد پر قائم کرنے کے ارادہ کو بخوف فتنہ ترک کر دیا تھا۔

حضرت امام حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ امیر معاویہؓ کے حق میں جائز حق خلافت عظمیٰ سے بخوف فتنہ و فساد دست بردار ہو گئے۔ لیکن غیر مقلدین اہل احناف کی مسجد میں بلند آواز سے آمین کہنے کو ترک نہیں کر سکتے۔ ڈاڑھی منڈا کر حضور اکرم صلی اللہ علیہ کی سنت کے خلاف اور حکم عدولی کر سکتے ہیں لیکن احناف کی مسجد میں آمین آہستہ نہیں کہہ سکتے اہل احناف کے بزرگوں کی توہین کرنے اور ان کو لعن طعن کرنے سے باز نہیں رہ سکتے۔

سوال :۔ کیا تقلید کرنا شرک ہے ؟ تقلید کسے کہتے ہیں ؟

جواب :۔ تقلید کا مفہوم اور مطلب کسی کی پیروی کرنا کسی کو متقی پرہیزگار دیندار عالم سمجھ کر اس کا کہا ماننا یا مانتے رہنا۔ تجربہ شاہد ہے کہ تقلید کے بغیر انسان کچھ نہیں کر سکتا۔ انسان اور دوسرے جانوروں میں فرق ہی یہ ہے کہ انسان کو تجربہ سے جو باتیں اچھی ثابت ہو جاتی ہیں وہ ان کی تقلید کرتا ہے جانوروں کی طرح سمجھدار انسان بیباکی نہیں کرتا کہ جس کا جدھر مُنہ اُٹھا چلدیا جو چاہا کھالیا جدھر چاہا مُنہ ماردیا جس کا جو جی چاہا اٹھالیا حق و باطل، جائز ناجائز کی تمیز ہی نہو۔ بلکہ پیدائش کے بعد سے انسان جو کچھ بھی سبق حاصل کرتا ہے وہ اسی تقلید کی بدولت ہی حاصل کرتا ہے۔ دوسروں کو دیکھ کر ہی وہ پہننا۔ اوڑھنا کھانا پینا۔ اُٹھنا۔ بیٹھنا۔ بولنا۔ چالنا۔ غرضیکہ دنیا کا ہر کام دوسروں ہی سے سیکھتا ہے۔ ہم بھی دیکھیں کہ کوئی انسان بھلا تقلید کے بغیر کیسے زندہ رہ سکتا ہے ایک انسان کو جس نے کبھی کسی کو نماز پڑھتے نہ دیکھا ہو اسے نماز پڑھنے کی مکمّل ترکیب پورا طریقہ سکھا دیجئے۔

لیکن وہ کبھی بھی ٹھیک طرح نماز نہ پڑھ سکے گا جب تک کہ کسی دوسرے شخص کو نماز پڑھتے نہ دیکھے اس کی تقلید نہ کرے اس وقت تک پورے ارکان ادا نہ کر سکے گا۔

غرضیکہ دنیا اور دین کا ہر کام تقلید کے بغیر ٹھیک طور پر کیا ہی نہیں جا سکتا۔ ہاں یہ ضروری ہے کہ تقلید اسی شخص کی جائے جس کی تقلید کرنے سے گمراہ ہونے کا امکان نہ ہو۔ خاص طور پر دینی احکام میں اس کی احتیاط اور بھی ضروری ہے۔ جو لوگ اپنے کو غیر مقلد کہتے ہیں وہ بھی تقلید کرتے ہیں۔

غیر مقلد حضرات ہزار دل بہلانے کو کہتے رہیں کہ ہم دینی احکام میں براہ راست احادیث پر عمل کرتے ہیں۔ کسی انسان کی تقلید نہیں کرتے لیکن آپ ذرا غور کیجئے تو صاف معلوم ہو جائیگا کہ اس انکار کے باوجود وہ تقلید کرتے ہیں اور اتنی ہی تقلید کرتے ہیں جتنی کہ مقلد حضرات کرتے ہیں۔

آپ کو معلوم ہے قرآن کریم عربی زبان میں ہے اور احادیث رسول بھی عربی زبان میں ہیں۔ اور عربی زبان کی تعلیم حاصل کئے بغیر احادیث کو سمجھنا ممکن ہی نہیں۔ ایک مولوی نے آپ کو ایک حدیث سنا کر بتایا کہ اس کے یہ معنیٰ ہیں۔ آپ نے تسلیم کر لیا لیکن یہ کیا ضروری ہے کہ اس نے حدیث کا ترجمہ صحیح کیا ہے۔ آپ عربی سے ناواقف ہیں۔ اگر ایک عربی دان آپ سے یہ کہدے (ضرب) کے معنیٰ بھاگنا ہے۔ اور (حَاصِبا) کے معنیٰ تصریح کرنا ہے تو کیا یہ درست ہوگا ہرگز نہیں۔ حالانکہ "ضَرَبَ" کے معنیٰ ہیں اُس نے مارا۔ "حَاصِبا" کے معنیٰ ہیں تیز آندھی جس میں کنکر ہوا کے ساتھ برستے ہوں۔

پھر یہ مان بھی لیجئے کہ ایک غیر مقلد پوری دیانت داری کے ساتھ اپنے علم کے

مطابق آپ کو کسی حدیث کا صحیح ترجمہ ہی بتاتا ہے۔ لیکن یہ کیا ضروری ہے کہ اس نے جو ترجمہ کیا ہو وہی صحیح ہو۔ انسان سے بھول بھی تو ممکن ہے۔

آپ نے مدارس میں دیکھا ہوگا کہ یہ علماء کرام امتحان میں فیل بھی ہوتے ہیں جس سے ثابت ہوتا ہے کہ یہ ضرور مطلب بیان کرنے میں غلطی کرتے ہیں تو اب جو آپ پیروی کر رہے ہیں دراصل حدیث کی نہیں بلکہ اس مولوی کی تقلید کر رہے ہیں جس نے آپ کو ترجمہ کرکے سنایا اور یہ بھی ممکن ہے کہ اس کے ترجمہ میں غلطی ہوتی ہو۔ پھر اگر آپ عربی سے واقف ہیں تو پھر بھی یہ کیا ضروری ہے کہ آپ نے جو کچھ استاد سے پڑھا وہ درست ہی ہے اُس نے جس حدیث کا جو مطلب آپ کے سامنے بیان کیا وہ ہی آپ نے تسلیم کیا خواہ وہ مطلب صحیح تھا یا غلط ایسی صورت میں بھی آپ حدیث پر عمل نہیں کرتے بلکہ استاد کے بتائے ہوئے مفہوم پر عمل کرتے ہیں۔ بالفاظ دیگر استاد کی تقلید کرتے ہیں اور زبان سے آپ تقلید کا انکار کرتے ہیں یہ کتنی بڑی غلط فہمی ہے۔ ایک شخص جو خود کو غیر مقلد کہتا ہے وہ ایک مسئلہ پوچھنے مسجد میں آتا ہے۔ مولانا صاحب نے اسے مسئلہ بتا دیا۔ اب وہ عمل کرتا ہے یہ سمجھ کر کہ میں براہ راست حدیث پر عمل پیرا ہوں۔ میں نے کسی کی تقلید کی ہی نہیں۔ حالانکہ یہ بالکل غلط ہے۔ آپ خود سوچئے کہ یہ کس قدر غلطی اور دھوکا ہے وہ سراسر مولانا کی تقلید کر رہا ہے اور اندھی تقلید کر رہا ہے۔

محدثین حضرات نے احادیث کو صحیح وضعیف بتایا۔ حالانکہ وہ بھی بشر تھے۔ آپ نے محدثین کے فرمان کی تقلید کی اور محدثین بھی مقلد تھے وہ بھی تقلید کرتے تھے۔ امام بخاری امام شافعی کے مقلد تھے۔ اور امام مسلم بھی امام شافعی کی تقلید کرتے تھے اور امام نسائی بھی مقلد تھے۔ ابوداؤد شافعی یا حنبلی تھے۔ کتب طبقات میں واضح ہے۔

پھر آپ نے یہ بھی دیکھا ہوگا کہ خود ایک غیر مقلد مولوی نے ایک مسئلہ کو ایک طرح بتایا لیکن دوسرے غیر مقلد مولوی نے اسی مسئلہ کو کسی اور طرح بتایا۔ ظاہر ہے دونوں میں سے ایک ہی طریقہ درست ہوگا لیکن آپ دونوں میں سے کسی ایک کی بات پر اس لئے عمل شروع کر دیتے ہیں کہ وہ نسبتاً دوسرے سے زیادہ قابل اور تجربہ کار ہے اب آپ ہی سوچئے کہ آپ خود بھی اور یہ دونوں مولوی بھی اپنی اپنی جگہ مقلد ہیں اور تینوں کا یہی دعویٰ ہے کہ ہم کسی کی تقلید نہیں کرتے براہ راست حدیث پر عمل پیرا ہیں حالانکہ آپ تینوں میں سے ہر شخص ہی تقلید کا شکار ہے، آپ نے ان مولوی کا کہا مانا اور ان مولوی نے اپنے استاد کا۔

جس طرح دو مولوی اگر ایک مسئلہ کو دو طرح سے بتائیں تو کسی ایک طریقہ کو آپ اسی لئے اپناتے ہیں کہ ان میں سے ایک مولوی نسبتاً دوسرے سے زیادہ قابل اور تجربہ کار ہے۔ اسی طرح ہم بھی امام اعظمؒ کے طریقہ اور ہدایات پر عمل کرتے کہ وہ خود راوی حدیث تابعی تھے صحابہؓ کے صحبت یافتہ تھے سب سے قابل تجربہ کار ذہین، ہوشیار۔ متقی پرہیزگار اور

Marfat.com

فہیم سمجھدار تھے اور امام ابوحنیفہؒ کی یہ تمام خوبیاں ہم نے ہی نہیں بلکہ ان کے ہی ہم عصروں میں جو جو عالم تھے ان سب نے بالاتفاق تسلیم کیں جس کی تفصیل مخالفین احناف اور مقدمہ آئینہ صداقت وخلف الامام میں ملاحظہ فرمائیں۔

غیر مقلد مولویوں کے آپس کے مسائل میں جو اختلافات ہیں ہیں ان کی مثالیں آپ کے سامنے پیش کرتا کہ ایک غیر مقلد مولوی ایک مسئلہ میں کچھ کہتا ہے اور دوسرا غیر مقلد مولوی اسی مسئلہ کو کچھ بتاتا ہے۔ لیکن اس وقت کتاب کے طویل ہونے کی وجہ سے بیان نہیں کرتا۔ اگر کسی غیر مقلد نے یہ معلوم کیا تو پھر انشاء اللہ تحریر کروں گا۔ خلاصہ یہ کہ غیر مقلد حضرات کی یہ خوش فہمی ہے کہ وہ تقلید نہیں کرتے وہ ہم سے پہلے تقلید کرتے ہیں قدم قدم پر تقلید کرتے ہیں اور اندھی تقلید کرتے ہیں۔

ذیل میں ہم کچھ مثالیں درج کرتے ہیں جن سے آپ پر واضح ہوجائے گا کہ غیر مقلد مولویوں نے کس طرح احادیث کا غلط ترجمہ اپنے مطلب کا گھڑ لیا اور پھر غیر مقلد حضرات آنکھیں بند کرکے تقلید کررہے ہیں اور اسی غلط ترجمہ کو صحیح سمجھ کر عمل کررہے ہیں۔ ملاحظہ فرمایئے۔

حدیث میں ہے

فَقِيْلَ لِاَبِيْ هُرَيْرَةَ اِنَّا نَكُوْنُ وَرَاءَ الْاِمَامِ قَالَ اِقْرَأْ بِهَا فِيْ نَفْسِكَ (رواہ مسلم)

حضرت ابوہریرہؓ سے کہا گیا کہ ہم لوگ امام کے پیچھے ہوتے ہیں ابوہریرہ نے فرمایا اپنی ہی نمازمیں پڑھ (یعنی اپنی علیحدہ نمازمیں پڑھ)

یا زیادہ سے زیادہ اِقْرَأْ بِهَا فِيْ نَفْسِكَ کا ترجمہ یہ ہوسکتا ہے کہ اس کو اپنے دل ہی دل میں پڑھ (یعنی زبان سے نہ پڑھ) لیکن غیر مقلد مولوی (اِقْرَأْ بِهَا فِيْ نَفْسِكَ) کا ترجمہ کرتے ہیں کہ سورۂ فاتحہ آہستہ پڑھ لے یعنی نَفْسِكَ کا ترجمہ آہستہ زبان سے پڑھنے کا کرتے ہیں۔ حالانکہ اس ترجمہ کا کوئی تک ہی نہیں۔ اسی طرح دوسری حدیث میں ہے:۔

وَالْيَقْرَأْ اَحَدُكُمْ بِفَاتِحَةِ الْكِتَابِ فِيْ نَفْسِهٖ۔

تم میں سے ہر ایک سورہ فاتحہ کو اپنی ہی (منفرد) نماز میں پڑھ لے یا یہ کہ دل ہی دل میں پڑھ لے۔

اور غیر مقلد مولوی اس کا ترجمہ کرتے ہیں سورۂ فاتحہ کو آہستہ پڑھو جن احادیث کے یہ جملے نقل کئے ہیں ان کی پوری حدیثیں بھی ملاحظہ فرمائیں۔

عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ صَلّٰى صَلٰوةً لَمْ يَقْرَأْ فِيْهَا بِاُمِّ الْقُرْاٰنِ فَهِيَ خِدَاجٌ ثَلَاثًا غَيْرُ تَمَامٍ فَقِيْلَ لِاَبِيْ هُرَيْرَةَ اِنَّا نَكُوْنُ وَرَاءَ الْاِمَامِ فَقَالَ

حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو کوئی ایسی نماز پڑھے کہ اس میں سورہ فاتحہ نہ پڑھے تو وہ نماز ناقص ہے ناقص ہے ناقص ہے پوری نہیں (اس پر حضرت ابوہریرہ) سے کہا گیا

اِقْرَأْ بِهَا فِیْ نَفْسِكَ ۔ (رواہ مسلم)

کہ ہم لوگ امام کے پیچھے ہوتے ہیں۔ (حضرت ابوہریرہؓ نے) فرمایا کہ تو اپنی ذات ہی نماز میں یعنی منفرد ہونے کی حالت میں پڑھ۔

یا زیادہ سے زیادہ اس کے دوسرے یہ معنیٰ ہو سکتے ہیں کہ اس کو تو اپنے دل میں پڑھ یعنی زبان سے نہ پڑھ دل ہی دل میں پڑھ۔ لفظ فِی نَفْسِكَ کا ترجمہ ہے اپنی ذات ہی = یا اپنے جی میں یعنی دل میں = زبان سے آہستہ پڑھنے کے لئے نَفْسِكَ کا استعمال نہیں ہوتا۔ آپ حسب ذیل روایات اور قرآنی آیات سے اچھی طرح سمجھ لیں گے جو کہ ہمارے ترجمہ کی تائید کرتی ہیں۔

وَاَحِبَّ لِلنَّاسِ مَا تُحِبُّ لِنَفْسِكَ تَكُنْ مُسْلِمًا۔

لوگوں کیلئے بھی وہی پسند کر جو تو اپنی ذات کیلئے پسند کرے تب پورا مسلمان بنے گا۔

دیکھئے نَفْسِكَ کا ترجمہ اپنی ذات کے ہیں۔ (یعنی اپنے ہی آپ یہاں نفسك کا ترجمہ آہستہ زبان کا لگا کر دیکھئے۔ حدیث کا مطلب بالکل غلط ہو جائے گا۔

فَلَعَلَّكَ بَاخِعٌ نَفْسَكَ عَلٰی اٰثَارِهِمْ۔

شاید آپ اُن کے پیچھے اپنی ذات کو ہلاک کر دینے پر مصر ہیں"۔

اس آیت میں نَفْسِكَ کا ترجمہ آہستہ زبان سے لگا کر دیکھئے کہ آیت کا مطلب کیا خفت ہوتا ہے۔

اِقْرَأْ كِتَابَكَ ط كَفٰی بِنَفْسِكَ الْيَوْمَ عَلَيْكَ حَسِيْبًا۔ وَاصْبِرْ نَفْسَكَ مَعَ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ وَمَا اَصَابَكَ مِنْ سَيِّئَةٍ فَمِنْ نَفْسِكَ۔

اپنی کتاب (نامۂ اعمال) پڑھ لے آج تو تو خود ہی اپنا حساب لینے کو کافی ہے"۔ آپ اپنے کو اُنہی کے ساتھ رکھا کیجئے جو اپنے رب کی عبادت کرتے ہیں"۔ "جو کوئی بدحالی (برائی) پیش آوے وہ تیری ہی ذات کی طرف سے ہے"۔

ان آیات میں بھی نَفْسِكَ کا ترجمہ اپنی ہی ذات کا ہے۔

دوسرا ترجمہ نَفْسِكَ کا ہم نے جی میں یعنی دل میں پڑھنے کا کیا ہے اس کی تائید میں حسب ذیل آیات واحادیث ملاحظہ ہوں :-

وَتُخْفِیْ فِیْ نَفْسِكَ مَا اللّٰهُ مُبْدِيْهِ

اور آپ چھپائے ہوئے تھے اپنے دل میں وہ باتیں جنہیں اللہ ظاہر کرنے والا ہے۔

اِذَا جَاكَ فِیْ نَفْسِكَ شَیْءٌ فَدَعْهُ

جس شے کے کرنے سے تیرے دل میں تردد یا شبہ ہو تو اُس کو چھوڑ دے۔

تَعْلَمُ مَا فِیْ نَفْسِیْ وَلَا اَعْلَمُ

تو جانتا ہے جو میرے دل میں ہے اور میں

Marfat.com

مَا فِیْ نَفْسِكَ اِنَّكَ عَلَّامُ الْغُیُوْب۔ نہیں جانتا جو تیرے دل میں ہے بیشک تو چھپے ہوئے بھیدوں کا جاننے والا ہے۔

وَنَعْلَمُ مَا تُوَسْوِسُ بِهٖ نَفْسُهٗ ہم جانتے ہیں اس کے دل میں جو خیالات آتے ہیں۔

اور دوسری حدیث بھی ملاحظہ ہو:۔

عَنْ اَنَسٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ صَلّٰی بِاَصْحَابِهٖ فَلَمَّا قَضٰی صَلٰوتَهٗ اَقْبَلَ عَلَیْهِمْ بِوَجْهِهٖ فَقَالَ اَتَقْرَءُوْنَ فِیْ صَلٰوتِكُمْ وَالْاِمَامُ یَقْرَاءُ فَسَكَتُوْا فَقَالَهَا ثَلَاثَ مَرَّات فَقَالَ قَائِلٌ اَوْ قَائِلُوْنَ اِنَّا لَنَفْعَلُ قَالَ وَلَا تَفْعَلُوْا وَالْیَقْرَاْ اَحَدُكُمْ بِفَاتِحَةِ الْكِتَابِ فِیْ نَفْسِهٖ

حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ کے ساتھ نماز پڑھی۔ جب نماز سے فارغ ہوئے تو آپ صحابہ کی طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا کیا تم لوگ اپنی نماز میں کچھ پڑھتے ہو جبکہ امام بھی پڑھتا ہے صحابہ چپ رہے۔ آپ نے اس بات کو تین مرتبہ فرمایا تو ایک دو آدمیوں نے کہا کہ بیشک ہم لوگ ایسا کرتے ہیں۔ آپ نے فرمایا ایسا نہ کرو۔ اور سورۂ فاتحہ کو اپنی ہی نماز میں پڑھو۔

یا یہ معنیٰ کہ صرف اپنی ہی نماز میں پڑھا کرو = فِیْ نَفْسِهٖ کا ترجمہ یا یہ ہو سکتا ہے کہ اپنے دل میں پڑھو) یا اپنی ہی یعنی تنہا علیحدہ منفرد ہونے کی حالت میں پڑھو کیونکہ ہمارے اس ترجمہ کی تائید میں حسب ذیل روایات ملاحظہ ہوں:

عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَبْدِ الْقَارِیِّ قَالَ خَرَجْتُ مَعَ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ لَیْلَةً اِلَی الْمَسْجِدِ فَاِذَا النَّاسُ اَوْزَاعٌ مُتَفَرِّقُوْنَ یُصَلِّی الرَّجُلُ لِنَفْسِهٖ الخ

عبدالرحمٰن بن عبدالقاری کہتے ہیں کہ میں ایک دفعہ رات کو حضرت عمر بن الخطاب کے ساتھ (رمضان میں) مسجد میں گیا۔ میں نے دیکھا کہ لوگ علیحدہ علیحدہ متفرق نماز پڑھتے یعنی ہر آدمی اپنی ہی نماز پڑھ رہا ہے۔

یُصَلِّی الرَّجُلُ لِنَفْسِهٖ کے معنیٰ ہیں ہر آدمی اپنی ہی نماز پڑھ رہا ہے یعنی اپنی اپنی تنہا تنہا نماز پڑھ رہا ہے۔

وَمَنْ یَّبْخَلْ فَاِنَّمَا یَبْخَلُ عَنْ نَفْسِهٖ۔

جو شخص بخل کرتا ہے وہ اپنی ہی ذات سے بخل کرتا ہے۔

عَنْ نَفْسِهٖ کا ترجمہ اپنی ہی ذات سے۔ ان میں آہستہ کا ترجمہ لگا کر دیکھئے۔

وَمَنْ یَّرْغَبُ عَنْ مِّلَّةِ اِبْرَاهِیْمَ اِلَّا مَنْ سَفِهَ نَفْسَهٗ

اور ملّت ابراہیمی سے تو وہ ہی روگردانی کرے گا جو اپنی ذات ہی سے حماقت کرے۔

Marfat.com

وَمَنْ يَّفْعَلْ ذَالِكَ فَقَدْ ظَلَمَ نَفْسَهٗ۔

اور جو شخص ایسا کرے گا وہ اپنی ذات ہی نقصان کرے گا۔

وَمَا انْتَقَمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِنَفْسِهٖ فِيْ شَيْءٍ قَطُّ اِلَّا اَنْ تُنْتَهَكَ حُرْمَةُ اللّٰهِ فَيَنْتَقِمُ لِلّٰهِ۔

(حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں کہ) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی کسی چیز میں کبھی اپنی ذات کے لئے (کسی سے) بدلہ نہیں لیا مگر جب اللہ پاک کی ممنوعات کی نافرمانی کی جاتی تو آپ محض خدا کے لئے انتقام لیتے۔

(بخاری ومسلم)

لِنَفْسِهٖ کا ترجمہ اپنی ذات کے لئے۔ آہستہ کا لفظ لگا کر دیکھئے۔

وَمَنْ شَكَرَ فَاِنَّمَا يَشْكُرُ لِنَفْسِهٖ۔

جو شخص شکر کرتا ہے وہ اپنے ذات ہی کے نفع کے لئے شکر کرتا ہے۔

مَنْ عَمِلَ صَالِحًا فَلِنَفْسِهٖ

جو کوئی نیک عمل کرتا ہے وہ اپنی ذات ہی کے نفع کے لئے کرتا ہے۔

عَنِ الحَارِثِ بْنِ سُوَيْدٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْعُوْدٍ حَدِيْثَيْنِ اَحَدُهُمَا عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالْاٰخَرُ عَنْ نَفْسِهٖ الخ

حارث بن سویدؓ کہتے ہیں ہم سے عبداللہ بن مسعودؓ نے دو حدیثیں بیان کیں ایک تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اور دوسری (حدیث) اپنی طرف سے۔

(بخاری ومسلم)

اَلْعَلَاءُ الْحَضْرَمِيُّ كَانَ عَامِلَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَكَانَ اِذَا كَتَبَ اِلَيْهِ بَدَاَ بِنَفْسِهٖ

علاء حضرمی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے عامل تھے۔ جب وہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو خط لکھتے تو اپنی جانب سے شروع کرتے۔

(رواہ ابوداؤد)

اُهْبِطَ مِنْهَا وَكَانَ آدَمُ يَعُدُّ نَفْسِهٖ۔ الخ

حضرت آدم علیہ السلام (جنت سے نیچے) اوتار دیئے گئے تو گنتے رہے اپنی (عمر کے سالوں کو)

مسلمان کے چھ حقوق میں ایک یہ حق بھی ہے:۔

وَيَحِبُّ لَهٗ مَا يُحِبُّ لِنَفْسِهٖ۔

اس کے لئے بھی وہ پسند کرے جو اپنے لئے پسند کرتا ہے۔

دوسری حدیث میں اس طرح ارشاد فرمایا:۔

لَا يُؤْمِنُ اَحَدُكُمْ حَتّٰى يُحِبَّ لِاَخِيْهِ مَا يُحِبُّ لِنَفْسِهٖ۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا تم میں سے ایک بھی مؤمن نہیں ہوگا یہاں تک کہ جو اپنے لئے

Marfat.com

پسند کرتا ہے وہ ہی اپنے بھائی کے لئے بھی پسند کرے۔

اب مندرجہ بالا احادیث و آیات میں نفسہٖ کا ترجمہ کرتے ہوئے غیر مقلد مولویوں کی طرح آہستہ کا لفظ ٹھونس کر دیکھئے اور اندازہ کیجئے کہ آیات قرآنی اور احادیث نبوی کا مفہوم کس قدر غلط ہو جائے گا۔ آپ کو اللہ تعالیٰ نے عقل و فہم اور سمجھ عطا فرمائی ہے۔ آپ خود فیصلہ کر سکتے ہیں کہ غیر مقلد حضرات اس خلاف ایمان۔ خلاف اخلاق۔ خلاف شرافت و دیانت حرکت کی کس طرح آنکھیں بند کر کے تقلید کرتے ہیں جبکہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حسب ذیل احادیث میں واضح کر دیا کہ امام کے پیچھے قرأت نہ کرو ملاحظہ ہو۔

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رسول اللّٰہِ صَلی اللہ علیہ وسلم اِنَّمَا جُعِلَ الْاِمَامُ لِیُؤْتَمَّ بِهٖ فَاِذَا کَبَّرَ فَکَبِّرُوْا وَاِذَا قَرَأَ فَاَنْصِتُوْا۔

حضرت ابو ہریرہ نے بیان کیا کہ فرمایا حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے امام اس لئے مقرر کیا گیا ہے کہ تم اس کی پیروی کرو جب وہ اللہ اکبر کہے تو تم بھی اللہ اکبر کہو۔ اور جب وہ قرأت کرے تو خاموش رہو۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

مَنْ کَانَ لَهٗ اِمَامٌ فَقِرَائَةُ الْاِمَامِ لَهٗ قِرَائَةٌ

جس شخص کے لئے (نماز میں) امام ہو تو امام کی قرأت اس کی قرأت ہے۔

مسلم شریف میں ابو موسیٰ اشعری سے روایت ہے:۔

وَعَنْ اَبِیْ موسٰی الْاَشْعَرِیِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِذَا صَلَّیْتُمْ فَاَقِیْمُوْا صُفُوْفَکُمْ ثُمَّ لِیَؤُمَّکُمْ اَحَدُکُمْ فَاِذَا کَبَّرَ فَکَبِّرُوْا وَاِذَا قَالَ غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْهِمْ وَلَا الضَّآلِّیْنَ فَقُوْلُوْا اٰمِیْنَ یُجِبْکُمُ اللّٰہُ فَاِذَا کَبَّرَ وَرَکَعَ فَکَبِّرُوْا وَارْکَعُوْا فَاِنَّ الْاِمَامَ یَرْکَعُ قَبْلَکُمْ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَتِلْکَ بِتِلْکَ قَالَ وَاِذَا قَالَ سَمِعَ اللّٰہُ لِمَنْ حَمِدَهٗ فَقُوْلُوْا اَللّٰھُمَّ رَبَّنَا لَکَ الْحَمْدُ

حضرت ابو موسیٰ اشعری کہتے ہیں کہ فرمایا حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے جب تم نماز پڑھو تو اپنی صفوں کو سیدھا کرو۔ پھر تم میں سے ایک شخص تمہارا امام ہو اور جب وہ اللہ اکبر کہے تو تم بھی اللہ اکبر کہو اور جب امام غیر المغضوب علیہم ولا الضالین کہے تو تم آمین کہو۔ اللہ تمہاری دعا قبول کریگا پھر جب وہ اللہ اکبر کہے اور رکوع کرے تو تم بھی اللہ اکبر کہو اور رکوع کرو اور امام تم سے پہلے رکوع کرتا ہے اور تم سے پہلے سر اٹھاتا ہے۔ پھر فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے امام کا پہلے سر اٹھانا بدلہ

Marfat.com

يَسْمَعَ اللّٰهُ لَكُمْ رَوَاهُ مُسلم وَفِيْ رِوَايَةٍ لَّهُ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ وَقَتَادَةَ وَاِذَا قَرَأَ فَاَنْصِتُوا۔ (رواہ مسلم)

ہے پہلے رکوع کرنے کا اور جب امام سمع اللہ لمن حمدہ کہے تو تم اللھم ربنا لک الحمد کہو اللہ تمہاری تعریف سنتا ہے۔ اور مسلم کی ایک روایت میں حضرت ابوہریرہ اور قتادہ سے جو یہ روایت ہے اس میں یہ الفاظ زیادہ ہیں کہ جب امام قرأۃ کرے تو تم خاموش رہو۔

اس روایت میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے واضح طور سے ارشاد فرمایا ہے کہ جب امام تکبیر کہے تو تم بھی تکبیر کہو اور جب وہ غیر المغضوب علیہم ولا الضالین کہے تو تم آمین کہو۔ اس میں یہ نہیں فرمایا جب تم غیر المغضوب علیہم وَلَا الضّالین کہو تو آمین بھی کہو۔ بلکہ یہ فرمایا کہ جب امام ولا الضالین کہے تو تم آمین کہو جس کو حضرت ابوہریرہ اور حضرت قتادہ نے اس روایت میں یہ بھی نقل کیا ہے کہ حضور نے فرمایا کہ جب امام قرأت کرے تو خاموش رہو۔ اور نمبر ایک والی روایت میں بھی خاموش رہنے کا حکم ہے۔ اور نمبر دو والی روایت میں صاف ہے کہ امام کی قرأت مقتدی کی ہی قرأت ہے۔

ان روایات سے واضح ہے کہ اقراء بھا فی نفسک کے معنیٰ ہیں کہ پڑھ اس کو اپنی ہی نماز میں اسی طرح دوسری روایت میں ہے۔

وَالْيَقْرَأْ اَحَدُكُمْ بِفَاتِحَةِ الْكِتَابِ فِيْ نَفْسِهٖ۔

تم میں سے ہر ایک فاتحہ کو اپنی ہی نماز میں پڑھے۔

یعنی اپنی علیحدہ نماز میں پڑھے۔ تقلید کے مضامین اور ان مثالوں سے معلوم ہوگیا ہوگا کہ غیر مقلد بھی تقلید کرتے ہیں ان کے مولویوں نے جس حدیث کا جو مطلب بتادیا۔ اس پر بلا چون وچرا عمل کرتے ہیں اور ان کی اندھی تقلید کرتے ہیں۔ اور تقلید ہی کو شرک بتاتے ہیں۔ حالانکہ خود اس میں مبتلا ہیں اور تفصیل مخالفین احناف کے پہلے اور دوسرے حصے میں ملاحظہ فرمائیں۔

غیر مقلدین اعتراض کرتے ہیں کہ حنفی حدیث کے بجائے اقوال ائمہ پر عمل کرتے ہیں۔

جواب :- اہل احناف حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیثوں پر عمل کرتے ہیں اور خلفائے راشدین وصحابہ کرام رضی اللہ عنہم خصوصاً وہ صحابہ رضی اللہ عنہم جو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے زیادہ صحبت یافتہ تھے ان کے طریقہ کو اپنا لائحہ عمل بنائے ہوئے ہیں۔ اُس تفسیر وتشریح پر جو حضرت امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ نے بیان کی ہے کیونکہ وہ عام مسلمانوں کے نزدیک درایت (عقل وفہم سمجھ) وفقہ میں اعلیٰ پایہ اور اونچے مرتبہ پر ہیں اس کا انکار کوئی ہوش مند انسان نہیں کرسکتا۔ کیونکہ امام صاحب کا فَقِيْهُ الْاُمَّةِ ہونا تمام امت کو تسلیم ہے اور ان کے علوم اس پر شاہد ہیں اور حضرت امام ابو حنیفہ رضی اللہ عنہ محض واسطہ فی التفہیم ہیں (یعنی حدیث کا صحیح مطلب ومقصد سمجھاتے ہیں)

Marfat.com

اختلاف احادیث میں جو حدیثیں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی آخر عمر میں جو ارشاد کی ہیں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے زیادہ صحبت یافتہ صحابہ کرام نے سمجھا اور ان پر عمل کیا. خصوصًا خلفائے راشدین اور اس زمانہ کے جمہور نے جن حدیثوں پر عمل اختیار کیا اُنہی احادیث کو حضرت امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ نے بھی اپنا لائحہ عمل بنایا اسی واسطے سے اسی طریقہ پر اہل احناف بھی برابر عمل کرتے چلے آرہے ہیں۔ اور جو غیر مقلدین اختلاف احادیث میں بلاواسطہ عمل کرتے اور اختلاف احادیث میں سے کسی حدیث کا اتباع خود رائے اور اپنی سمجھ وفہم کے ذریعہ سے کرتے ہیں وہ تابعین وسلف صالحین کی تحقیق وسمجھ کے برابر نہیں ہوسکتے اور یہ بالکل طے شدہ یقینی بات ہے کہ سلف صالحین کی فہم وعقل۔ ورع۔ تقویٰ۔ پرہیزگاری ودیانت وامانت وخشیت واحتیاط اور پرہیزگاری ہمارے اور آپ سے زیادہ تھی اور وہ حضرات اس قول وفعل کو اختیار کرتے تھے جس میں زیادہ احتیاط وپرہیزگاری ہوتی تھی۔ اہل احناف بھی اسی طریقہ کو اختیار کرتے چلے آرہے ہیں جو کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ کرام تابعین وتبع تابعین حضرات سے مسلسل چلا آرہا ہے۔ اس کو اہل احناف بھی اپنا لائحہ عمل بنائے ہوئے ہیں۔ اس کا فیصلہ اہلِ انصاف خود کرلیں۔ اختلاف احادیث میں جو لوگ اپنی سمجھ اور فہم کے ذریعہ عمل کرتے ہیں وہ درست ہے یا وہ حضرات جو صحابہ کرام تابعین وتبع تابعین سلف صالحین کے ذریعہ سے حدیث پر عمل کرتے چلے آرہے ہیں یہ صحیح اور راہ راست پر ہیں یہ فیصلہ ہر سمجھ دار انسان خود کرسکتا ہے۔

بعض غیر مقلدین کا یہ اعتراض کہ احناف کے سامنے ایک حدیث پیش کی جاتی ہے اس کو وہ نہیں مانتے۔ محض اس وجہ سے نہیں مانتے کہ ان کے امام کا قول اس کے خلاف ہے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ احناف کو حدیث پر عمل کرنا مقصود نہیں بلکہ تقلید امام مقصود ہے۔

اس کا جواب یہ ہے کہ جس مسئلہ میں اختلاف ہوتا ہے اس میں احادیث بھی مختلف ہوتی ہیں جس حدیث کو وہ ہمارے سامنے پیش کرتے ہیں ہمارا عمل اگر اس حدیث پر نہیں تو اس مسئلہ میں دوسری حدیث پر ہمارا عمل ہے اور اس حدیث پر غیر مقلدین کا عمل نہیں ہے اور وہ لوگ اس حدیث کو نہیں مانتے جس پر ہم عمل کرتے ہیں۔ پھر ہمارے ہی اوپر کیا الزام ہے، بلکہ یہ الزام حدیث کے نہ ماننے کا تو ان غیر مقلدین پر بھی ہے کہ وہ بھی اس حدیث کو ترک کررہے ہیں جس حدیث پر ہمارا عمل ہے۔ رہا ان کا یہ کہنا کہ ہماری حدیث راجح ہے اور ان کی مرجوح ہے تو اس کا جواب یہ ہے کہ طریقہ ترجیح کا مدار اپنی اپنی تحقیق معلومات اور ذوق پر ہے ان کے ذوق میں ایک حدیث راجح ہے اور امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کی تحقیق وذوق میں وہ راجح اور صحیح ہے جس پر خلفائے راشدین اور حضورؐ کے زیادہ صحبت یافتہ صحابہؓ تابعین وتبع تابعین کا عمل

رہا جس کو جمہور نے راجح سمجھا ہے اور ہمارے نزدیک امام اعظمؒ کی تحقیق حضور صلی اللہ علیہ وسلم وصحابہ کرامؓ کے زمانۂ قرب کی تحقیق ہے یعنی وہ زمانہ صحابہ۔ تابعین کا تھا. حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اس زمانہ کو خیر کے زمانہ میں بتایا ہے اور لوگوں کی تحقیق حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے سوا دوسو پچیس ۲۲۵ برس بعد کی ہے۔ اور یہ جو غیر مقلدین اپنے کو اہل حدیث کہتے ہیں اس نام کا پہلے کوئی فرقہ نہ تھا یہ اہل حدیث کا فرقہ اب تھوڑے زمانے سے نکلا ہے اور یہ فرقہ امامیہ جس کے عبدالجلیل سامرودی جانشین ہیں یہ فرقہ چودھویں صدی کی پیداوار ہے اس کو تقریباً پچاس سال ہوئے ہوں گے ان کے جماعت کے افراد کی تعداد پانچ سو سے بھی کم ہے اور بعض کے نزدیک تو ان کی تعداد تقریباً چارسو بیس ہے اس سے زیادہ نہیں۔ یہ بھی ممکن ہے کہ کچھ کم وبیش ہو۔ بہر حال ہر سمجھدار اور ہوشمند انسان اس کا فیصلہ خود ہی کرسکتا ہے کہ چودھویں صدی کے اس فرقہ کا ذوق ٹھیک ہوگا یا سلف وصالحین کا ذوق ٹھیک ہوگا اس لئے عام مسلمان امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کی تحقیق اور ذوق کو ان کے ذوق سے زیادہ بہتر اسلم اور راجح سمجھتے ہیں اور حقیقت بھی یہ ہی ہے کہ امام صاحبؒ کی تحقیق کردہ حدیثیں راجح ہیں۔

غیر مقلدین کا اپنے آپ کو عامل بالحدیث کہنا اور مقلدین کو عامل بالحدیث نہ کہنا محض تعصّب، ہٹ دھرمی اور ناانصافی ہے۔ اس کو دوسری طرح سمجھئے کہ اہل حدیث عامل بالحدیث بالحدیث تمام احادیث پر عمل کرنے والے کو کہتے ہیں یا بعض احادیث پر عمل کرنیوالے کو کہتے ہیں اگر وہ یہ کہتے ہیں کہ اہل حدیث اس کو کہتے ہیں جو تمام احادیث پر عمل کرتا ہو تو یہ معنیٰ بالکل غلط ہوجائیں گے کیونکہ ایسا کوئی شخص بھی نہیں جو تمام احادیث پر عمل کرتا ہو اور یہ ممکن بھی نہیں کیونکہ آثار مختلفہ واحادیث متعارضہ میں سب احادیث پر عمل نہیں ہوسکتا یقینا بعض پر عمل ہوگا اور بعض کا ترک ہوگا۔ اگر بعض احادیث پر عمل مراد ہے تو اس معنیٰ میں ہم بھی عامل بالحدیث ہیں۔ پھر غیر مقلدین کا اپنے کو عامل بالحدیث کہنا کہاں تک درست ہے۔ اور اگر سب حدیث پر عمل مراد ہے تو پھر وہ کیسے عامل بالحدیث بنے جبکہ بعض پر عمل ہے اور بعض پر نہیں ہے اور دوسری بات یہ ہے کہ مسائل منصوصہ تو بہت کم ہیں زیادہ مسائل اجتہادیہ ہیں اور ان میں مدعیان اہلحدیث غیر مقلدین بھی احناف کی کتابوں یعنی فقہ حنفی سے فتوے دیتے ہیں اور ان پر عمل کرتے ہیں یا اور کسی امام کے قول کو لیتے ہیں تو زیادہ مسائل میں وہ بھی مقلد ہیں تو پھر یہ کیا بات ہوئی کہ تقلید کرنا تو حرام نہیں لیکن صرف تقلید کا نام لینا حرام ناجائز اور شرک ہے یعنی "گٹھڑی حلال بغچہ حرام"۔ اگر کوئی غیر مقلد یہ دعویٰ کرے کہ وہ تمام مسائل میں احادیث منصوصہ ہی پر عمل کرتا اور فتویٰ دیتا ہے تو وہ ہم کو اجازت دے کہ ہم تمام معاملات عقود و فسوخ و شفعہ و رہن وغیرہ کے چند سوالات ان سے کریں اور وہ ان کا جواب

احادیث منصوصہ صریحہ صحیحہ سے دیں تو قیامت آجائیگی اور وہ احادیث سے کبھی جواب نہ دے سکیں گے یا تو وہ کسی امام کے قول سے جواب دیں گے (اور امام کے قول سے جواب دینا ہی تقلید ہے) یا یہ کہیں گے کہ شریعت میں ان مسائل کا کوئی حکم نہیں تو یہ اَلْیَوْمَ اَکْمَلْتُ لَکُمْ دِیْنَکُمْ کے خلاف ہوگا۔ اور یہیں سے قیاس و استنباط کا جواز بھی معلوم ہوگیا کیونکہ جب اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ دین کو کامل کر دیا گیا تو چاہیئے کہ کوئی صورت ایسی نہ ہو جس کا حکم شریعت میں نہ ہو اور ظاہر ہے کہ احکام منصوصہ بہت کم ہیں تو اب تکمیل دین کی صورت بجز اس کے اور کیا ہے کہ قیاس و استنباط کی اجازت ہو اور انہی مسائل منصوصہ پر غیر منصوصہ کو قیاس کرکے اُن کا حکم معلوم کریں یہاں سے ان غیر مقلدین مدعیان اہل حدیث عمل بالاحادیث کی غلطی بھی ظاہر ہوگئی جو قیاس اور استنباط کو مطلقاً رد کرتے ہیں احادیث و آثار صحابہؓ سے قیاس استنباط و اجتہاد کی اجازت و دلیل موجود ہیں۔ ملاحظہ ہو دلائل اقتداء و آئینہ صداقت صفحہ ۴۸/۵۱ اور غیر مقلدین و مدعیان اہل حدیث کے کتب فتویٰ دیکھئے جنمیں جا بجا فقہ حنفی کے حوالہ جات موجود ہیں۔ صرف عوام کو اپنی طرف رجوع کرنے کیلئے اپنی امامت اور پیشوائی کا الو سیدھا کرنے کیلئے احناف کی مخالفت کرتے ان پر لعن طعن کرتے رہتے ہیں۔ وَالسلام علیٰ من تبع الھدیٰ

سوال: کیا تقلید شخصی کسی حدیث سے ثابت ہے؟

جواب۔ ہاں تقلید شخصی حدیث سے ثابت ہے ملاحظہ ہو:۔

عَنْ حذیفۃَ قَالَ قَالَ رسول اللہِ صلی اللہُ عَلَیْہِ وسلم انی لا ادری ما قدر بقائی فیکم فاقتدوا بالذین من بعدی واشار الی ابی بکرؓ وعمرؓ الحدیث۔

(اخرجہ الترمذی)

حضرت حذیفہؓ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ مجھ کو معلوم نہیں کہ تم لوگوں میں کب تک زندہ رہوں گا سو تم لوگ ان دونوں شخصوں کی اقتدا کیا کرنا جو میرے بعد ہوں گے اور اشارہ سے حضرت ابوبکرؓ اور حضرت عمرؓ کو بتلایا۔ (ترمذی)

من بعدی سے مراد ان صاحبوں کی حالت خلافت مراد ہے کیونکہ بلا خلافت تو دونوں صاحب آپؐ کے روبرو بھی موجود تھے۔ اس کا مطلب یہ ہوا کہ ان کے خلیفہ ہونے کے زمانہ میں ان کی اتباع کی جائے۔ اور ظاہر ہے کہ خلیفہ الگ الگ زمانہ میں ایک ایک ہی ہوں گے یعنی علیحدہ علیحدہ خلیفہ ہوں گے اس سے صاف واضح ہے کہ حضرت ابوبکرؓ کی خلافت میں تو اُن کا اتباع کرنا اور حضرت عمرؓ کی خلافت میں ان کی اتباع کرنا۔ ایک خاص وقت تک ایک معین شخص کی اتباع کا حکم فرمایا اور یہ کہیں نہیں فرمایا کہ ان سے احکام کی دلیل بھی دریافت کرلیا کرنا۔ پس یہ ہی تقلید شخصی ہے اور حقیقت تقلید شخصی یہ ہے کہ ایک شخص کو جو مسلمان

Marfat.com

آوے تو کسی ترجیح کی وجہ سے ایک ہی عالم سے دریافت کرے اور اس سے ہی تحقیق کر کے عمل کیا کرے۔ یہ ہی تقلید شخصی ہے۔

دوسری حدیث :-

عَنِ الْاَسْوَدِ بن یزید قال اتانا معاذ بالیمن معلما و امیرا فسألناہ عَن رجل توفی وترک إبنَةً واختا فقضی لِلإبْنَةِ بالنصف وللاخت النصف ورسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حی۔

اخرجہ البخاری وھذا لفظہ وابوداؤد۔

حضرت اسود بن یزید سے روایت ہے انہوں نے بیان کیا کہ حضرت معاذؓ ہمارے ہاں تعلیم دینے احکام دین بتانے اور حاکم بن کر آئے ہم نے ان سے یہ مسئلہ دریافت کیا کہ ایک شخص مرگیا ہے اور اس نے ایک لڑکی اور ایک بہن وارث چھوڑی ہے حضرت معاذؓ نے نصف حصّہ بیٹی اور نصف حصّہ بہن کے لئے حکم فرمایا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت زندہ تھے۔ روایت کیا اس کو بخاری نے اور ابوداؤد نے۔

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانۂ مبارک سے تقلید شخصی جاری تھی۔ تقلید کہتے ہیں کسی کا قول محض اس حسن ظن پر مان لینا کہ یہ دلیل کے موافق بتلائے گا اور اس سے دلیل معلوم کرنے کی ضرورت اس سے جس طرح تقلید کا سنت ہونا ثابت ہے اسی طرح تقلید شخصی بھی ثابت ہوتی ہے۔ کیونکہ جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت معاذؓ کو تعلیم احکام کے لئے یمن بھیجا تو یقیناً اہل یمن کو اجازت دی کہ ہر مسئلہ میں ان سے رجوع کریں اور یہی تقلید شخصی ہے۔ حدیثِ سوم :-

عَنْ ھُزَیْلِ بْنِ شُرَحْبِیْلَ فِیْ حَدِیْثٍ طَوِیْلٍ مُخْتَصَرُہٗ قَالَ سُئِلَ اَبُوْ مُوْسٰی ثُمَّ سُئِلَ اِبْنِ مَسْعُوْدٍ وَاَخْبَرَ یَقُوْلُ اَبِیْ مُوْسٰی مُخَالِفَہٗ ثُمَّ اَخْبَرَ اَبُوْ مُوْسٰی بِقَوْلِہٖ فَقَالَ لَا تَسْاَلُوْنِیْ مَادَامَ ھٰذَا الْحِبْرُ فِیْکُمْ۔

رواہ البخاری

حدیث طویل کا مختصر خلاصہ یہ ہے کہ ہزیل بن شرحبیل سے روایت ہے کہ حضرت ابوموسیٰؓ سے ایک مسئلہ پوچھا گیا پھر وہ ہی مسئلہ حضرت ابن مسعودؓ سے دریافت کیا گیا اور حضرت ابوموسیٰؓ کے فتوے کا بھی ذکر کیا تو آپ نے اس مسئلہ کو دوسری طرح بیان فرمایا جو ان کے خلاف تھا تو پھر حضرت ابوموسیٰؓ کو حضرت ابن مسعودؓ کے بتائے ہوئے مسئلہ کی اطلاع دی تو حضرت ابوموسیٰؓ نے فرمایا کہ جب تک یہ عالم متبحر تم میں موجود ہیں تم مجھ سے نہ پوچھا کرو۔ روایت کیا اس کو بخاری نے ابوداؤد نے۔

اس حدیث سے بھی تقلید شخصی ثابت ہے اس لئے کہ حضرت ابوموسیٰؓ فرماتے

ہیں کہ ابن مسعودؓ کی موجودگی میں یعنی جب تک وہ آپ لوگوں میں موجود ہیں اس وقت تک ہر مسئلہ ان سے ہی دریافت کیا جائے۔ پس یہ ہی تقلید شخصی ہے۔ کسی ترجیح کی وجہ سے ایک ہی عالم سے رجوع کر کے عمل کیا جانا ہی تقلید شخصی ہے :۔



Marfat.com

میر محمد کتب خانہ کی چند قابل قدر مطبوعات معہ نادر اضافات مفیدہ

الاتقان فی علوم القرآن (اردو) از: علامہ جلال الدین سیوطیؒ
مترجم: مولانا محمد عبدالحلیم چشتی۔

اخلاق وفلسفہ اخلاق۔ از: مولانا محمد حفظ الرحمٰن سیوہارویؒ

ارشاد الطالبین فی احوال المصنفین از: مولانا رفیق احمد رفیق المہروی ثم الفتیوی بن امام العصر بن شیخ الحدیث السید احمدؒ

ازالۃ الخلفاء عن خلافۃ الخلفاء (فارسی۔ اردو) از:۔ شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ۔ ترجمہ:۔ مولانا عبدالشکور فاروقی لکھنویؒ و مولانا اشتیاق احمد۔

اسلام کا اقتصادی نظام۔ مؤلفہ: مولانا محمد حفظ الرحمٰن سیوہارویؒ

اسماء الرجال مشکوٰۃ المصابیح (اردو) ترجمہ مولانا اشتیاق احمدؒ۔

اُسوۂ حسنہ۔ تالیف: شیخ الاسلام امام ابن قیمؒ۔
مترجم: مولانا عبدالرزاق ملیح آبادیؒ

اشرف الصیغہ (فی) تسہیل شرح اردو علم الصیغہ۔
از:۔ مولانا محمد حسن باندویؒ

اشرف المرضی شرح اردو (میبذی) از: مولانا محمد حسن باندویؒ

اشرف الوقایہ (شرح اردو) **شرح وقایہ**
شرح: جناب مولانا عبدالحفیظ صاحبؒ

اصح السیر (اردو) (سیرت رسول کریمؐ) تالیف: مولانا ابوالبرکات دانا پوریؒ

اصحابِ صُفّہ (اردو ترجمہ) تصنیف: امام ابن تیمیہؒ۔
ترجمہ:۔ مولانا عبدالرزاق ملیح آبادیؒ

اِفادات محمود۔ تالیف: شیخ الہند مولانا محمود حسن صاحبؒ۔

الافادات تسہیل۔ المقامات الحریریۃ۔ تالیف: مولانا ظہور احمد انصاریؒ

الرَّوضُ النَّضِیر شرح اردو الفوز الکبیر۔ مصنف: مولانا محمد حنیف گنگوہیؒ

الفت کا دریا۔ مرتبہ۔ محمد شہاب الدین کوثر صاحب

المِلل ونحل (اردو) معہ تعارف۔ شبلی نعمانیؒ۔ مصنف ابومحمد علی بن احمد بن حزم الاندلسی۔ مترجم: مولانا عبداللہ عمادی صاحبؒ۔

الانتباہات المفیدہ۔ تصنیف: مولانا اشرف علی صاحب تھانویؒ۔

امام ابن ماجہؒ اور علم حدیث۔ از: مولانا محمد عبدالرشید نعمانی۔

اہلحدیث کا مذہب۔ مصنف: مولانا ابوالوفا ثناء اللہ صاحبؒ۔

انوار محمودہ ترجمہ وشرح اردو مالابدّ منہ۔ از مولانا محمد نورالاسلام صاحب۔

ایضاح الصرف شرح اردو میزان الصرف: از: مولانا حفیظ الرحمٰن مسرتؔ

ایضاح المسلم شرح اردو مقدمہ صحیح مسلم شریف۔ افادات: شیخ الحدیث مولانا عبدالاحدؒ

ایضاح المطالب (شرح اردو) کافیہ ابن حاجبؒ۔
مؤلفہ: مولانا مولوی محمد مشیت اللہ۔

بدر منیر شرح اردو نحو میر۔ مؤلفہ: مولوی عبدالرب صاحب نیرٹھیؒ

بُستانُ المحدثین (اردو) تالیف: شاہ عبدالعزیز محدث دہلویؒ

بلوغ المرام (مترجم) تالیف: علامہ حافظ ابن حجر عسقلانیؒ
ترجمہ: مولانا امجد العلی فاضل رامپور۔

اختری بہشتی زیور (عکسی) مدلل ومکمل (معہ) اضافات جدیدہ ومفیدہ۔ حکیم الامت مولانا اشرف علی تھانویؒ (امتیازی ایڈیشن)

مکمل بیان القرآن از: مولانا اشرف علی تھانویؒ۔ اس کے شروع میں نادر اضافات کے تقریباً ایک سو سینتالیس ۱۴۷ صفحات کا اضافہ جسمیں نزول قرآن اور علمی تحقیقی معلومات کا بارہ ۱۲ فصلوں پر مشتمل بیش بہا ذخیرہ ہے۔

تنازیانۂ شیطان (اردو) تالیف: مولانا احمد سعید صاحب دہلویؒ

تاریخ القرآن۔ از مولانا محمد اسلم صاحب جیراجپوریؒ

مکمل تاریخ دارالعلوم دیوبند معہ (نادر تاریخی اضافات)
مصنف: سید محبوب رضوی صاحب۔

تجلیاتِ ربانی وجمالِ رحمانی (خواص اسمائے حسنیٰ) تالیف: سید محمد جمال الدین شاہ دہلویؒ

تحفۂ اثنا عشریہ (اردو) تالیف: شاہ عبدالعزیز محدث دہلویؒ
ترجمہ: مولانا محمد عبدالحمید خانؒ۔

میر محمد، کتب خانہ آرام باغ کراچی

Marfat.com

میر محمد کتب خانہ کی چند قابل قدر مطبوعات معہ نادر اضافات مفیدہ

المرقات مع حاشیتھا الجدیدہ المفیدہ التی ھی فی کشف المطالب والادلہ کاسمھاء المرآت۔

مسند الامام اعظم معہ شرح تنسیق النظام (عربی) از: علامہ حسن سنبھلیؒ۔

المطول از: علامہ السعد التفتازانیؒ

المعارف لابن قتیبہ أبی محمد عبداللہ مسلم۔

مفتاح العربیہ (العربی) تصنیف: مولانا احمد بن العسیریؒ۔

المفردات فی غریب القرآن (عربی) تالیف: امام راغب اصفہانیؒ

مقدمہ ابن الصلاح فی علوم الحدیث۔ تصنیف الحافظ أبی عمرو عثمانؒ۔

مقدمۃ التفسیر تالیف العلامۃ ابی القاسم الحسین بن محمد بن المفضل الملقب بالراغب الاصفہانی۔

المنح الفکریۃ شرح المقدمۃ الجزریۃ تالیف: ملا علی بن سلطان محمد القاریؒ

مؤطا امام مالکؒ (معہ اضافہ دو مفید رسالے) حواشی از: علامہ اشفاق الرحمٰن کاندھلویؒ

مؤطا امام محمد (عربی) معہ اضافہ (سیرت امام محمدؒ) حاشیہ: مولانا عبدالحئی لکھنویؒ۔

مجموعہ موضوعات کبیر (معہ) تذکرۃ الموضوعات (عربی)۔ یہ مجموعہ ملا علی قاریؒ۔

میزان الصرف۔ محشیٰ بحواشی مفیدہ وجدیدہ۔

نزہۃ الخواطر (الجزء الثامن) از: السید عبدالحئی الحسنیؒ

نزہۃ النظر۔ فی توضیح النخبۃ الفکر۔ از۔ مولوی محمد عبداللہ الٹونکیؒ

سنن نسائی شریف (مع) اسماء الرجال: تالیف: امام حدیث ابی عبدالرحمٰن احمد بن شعیب بن علی نسائیؒ معہ اضافات

نفحۃ العرب معہ اضافات مفیدہ از: محمد اعزاز علیؒ

نفحۃ الیمن فیما یزول بذکرہ الشجن۔ الشیخ احمد بن محمد الیمنی الشروانیؒ

نوادر الوصول (فارسی) از: مولانا مفتی احمد اللہ صاحبؒ۔

نور الانوار (عربی) معہ سوال جواب۔ حاشیہ: مولانا محمد عبدالحلیم صاحبؒ۔

النور الساری علی صحیح الامام البخاری۔ از: شیخ الہند مولانا محمود الحسنؒ۔

نور الیقین (مع تحقیق) محی الدین جراح۔ تالیف: الشیخ محمد الخضری بکؒ

ہدایۃ الحکمۃ للمیبذی۔ از: مولانا برکت اللہ لکھنویؒ

ہدیۂ رشیدیہ خلاصہ وجمل وتتمہ ومأۃ عامل منظوم مصنف: مولانا رشید احمد (گنگوہیؒ)

ہدیۃ السعیدیہ (مع) تحفۃ العلیۃ (عربی) تالیف: مولوی فضل حق خیرآبادیؒ۔

(۱) **ہدایۃ المستفید** فی احکام التجوید (مع اضافہ) (۲) کتاب **فتح المجید** فی علوم التجوید۔ (۱) تالیف السید الشیخ محمد المحمود (۲) تالیف: الاستاذ الشیخ محمد بن علی بن خلف الحسینی الشہیر **میبذی** محشیٰ درسی حاشیہ مولوی انور علی صاحبؒ۔ حکمت وفلسفہ کی مشہور کتاب ہے۔

تفصیلی فہرست کتب مفت طلب فرمائیں۔

میر محمد، کتب خانہ آرام باغ کراچی

Marfat.com

میر محمد کتب خانہ کی چند قابل قدر مطبوعات معہ نادر اضافات مفیدہ

ابن ماجہ شریف (عربی، محشیٰ) تالیف: علامہ ابن ماجہؒ۔
حواشی: علامہ شیخ عبدالغنیؒ وجلال الدین سیوطیؒ۔

سُنن ابی داؤد (عربی) معہ اضافات۔ مفیدہ

اتمام الوَفاء فی سیرۃ الخلفاء۔ تالیف: شیخ محمد الخضریؒ۔

اَدب المفتی والمستفتی (لابن الصَلاح)

اصول الشاشی (عربی) تصنیف: مولانا محمد نظام الدین الشاشی۔

اصول البزدوی (عربی) تالیف: علی بن البزدوی الحنفیؒ۔

الاشباہ والنظائر علی مذہب أبی حنیفۃ النعمان۔
تالیف: الشیخ زین العابدین بن ابراہیم بن نجیم۔

البَلاغۃ الواضحۃ تالیف: علی الجارم ومصطفیٰ امینؒ۔

الہامیہ (شرح عربی) ہدایۃ النحو۔ "ہدایت النحو"

تاریخ الخلفاء مؤلفہ: الامام جلال الدین عبدالرحمٰن بن ابی بکر السیوطیؒ

تاسیس النظر۔ تالیف: الامام ابوزید الدبوسیؒ۔

تحریر سنبٹ شرح (کافیہ)

جدید تحفہ خطاطین (عربی)

تدریب الراوی فی علوم الحدیث۔ از: جلال الدین عبدالرحمٰن بن ابی بکر السیوطیؒ طلباء وعلماء کرام کے لئے قیمت کم کردی ہے۔

جامع ترمذی شریف (عربی) معہ اردو اضافات۔ تالیف: امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ

التفسیر للبیضاوی (مع الحواشی الفیدۃ للفہامۃ المولیٰ عبدالکریم الگورائیؒ

تلخیص المفتاح (عربی) منسوب: الامام محمد عبدالرحمٰن القزوینیؒ

التوضیح والتلویح (مع اضافات) التوضیح: صدر الشریعۃ۔
التلویح: للعلامۃ التفتازانیؒ

جواہر المضیئۃ فی (طبقات الحنفیہ) تالیف: محی الدین ابومحمد عبدالقادر بن ابی الوفاء حنفی مصریؒ

الجوھرۃ النیرۃ (شرح) مختصر القدوری۔
اسکے حاشیہ پر علامہ میدانی کی اللباب کا اضافہ ہے۔

حاشیۃ الطحطاوی علی مراقی الفلاح۔ شرح نور الایضاح۔
تالیف: العلامۃ الشیخ احمد الطحطاویؒ۔

حرز الامانی وَوَجہ التہانی فی القراءات السبع۔ تالیف: القاسم بن فیرّہ خلف بن احمد الشاطبی الرعینی الاندلسیؒ۔

الحسامی (مع شرح) النظامی شرح: المجیب وحل القریب الی فاضل اللبیب المولوی نظام الدین الکیرانویؒ۔

حمداللہ شرح سلم العلوم۔ بخشیہ: علامہ زمان مولانا الٰہی بخش فیض آبادیؒ

حَیاۃُ الصَحابۃ: علامہ محمد یوسف الکاندھلویؒ۔ رنگین چہری ڈائی

دَلیلُ البَلاغۃِ الواضِحۃ (مع شرح) تالیف: علی الجارم ومصطفیٰ امینؒ۔

دیوان متنبی درسی (عربی)

دیوانِ حماسہ (عربی) حاشیہ: شیخ الادب مولانا اعزاز علیؒ۔

زاد الطالبین (مع حاشیہ) مزاد الراغبین۔ تالیف: مولانا محمد عاشق الٰہیؒ

ریاض الصالحین (عربی، جلی قلم۔ للامام یحییٰ بن شرف الدین النوویؒ۔

ریاض الصالحین (عربی) للامام یحییٰ بن شرف الدین النوویؒ۔

ریاض الصالحین (عربی) از: امام نوویؒ۔ معہ احادیث نمبر

سبق الغایات فی نسق الآیات۔ تالیف: الفاضل اشرف علی تھانویؒ۔

سراجی مع ضیاء السراج۔ تصنیف: علامہ عریف اجل شیخ اجل سراج الملۃ

سراجی فی المیراث۔ حاشیہ: الفاضل اللبیب محمد نظام الدین کیرانویؒ۔

سُلَّمُ العلوم معہ حاشیۃ۔ اصعاد الفہوم۔ مولانا حافظ محمد برکت اللہ لکھنویؒ

سوال جواب نور الانوار۔ از: مولانا محمد عزت اللہ صاحب لکھنویؒ۔

شرح ابن عقیل (عربی) علی اُلفیۃ۔ امام ابی عبداللہ محمد جمال الدین۔

شرح تراجم أبواب صحیح البخاری از: مولانا شاہ ولی اللہ محدث۔

تفصیلی فہرست کتب مفت طلب فرمائیں

میر محمد کتب خانہ آرام باغ کراچی

Marfat.com

Marfat.com

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

غیر مقلّدوں کے سوالات اور انکے اعتراضوں کے جوابات کا تحقیقی مجموعہ

ادلۂ کاملہ

تالیف: شیخ الہند مولانا محمود حسن اسیرِ مالٹا نور اللہ مرقدہٗ

تسہیل :- مولانا سعید احمد پالنپوری محدّث دار العلوم دیوبند

ترتیب :- مولانا محمّد امین پالنپوری استاذ دار العلوم دیوبند

مع اضافہ

سِراجًا مُّنِیرًا

غیر مُقلّدین کے اعتراضوں کے جوابات

از :- مولانا شیخ محمد عطاء الرحمٰن صاحبؒ

میر محمد کتب خانہ آرام باغ کراچی

Marfat.com